ضَربُ المُهنّد

علیٰ

القولِ المُسنّد

مؤلف

حضرت مولانا حافظ

حبیب اللہ ڈیروی صاحب ؒ

مکتبة البشار

ٹوپی، صوابی

0315-9927261

فہرست مضامین

۳

ر ۲۷۹ ۲۷۹) (۳۶۳ ۲۶۳) مفتی عزیز الرحمٰن طبلہ

یا اللہ مدد

مذہب اہل سنت والجماعت زندہ باد

مسلک علمائے دیوبند زندہ باد

عقیدہ حیات النبیؐ زندہ باد

خلافت راشدہ

حق چار یارؓ

مسئلہ حیات النبیؐ کے متعلق

اکابر دیوبند کا مسلک

علمائے دیوبند کا متفقہ اعلان

حضرت اقدس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور سب انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے بارے میں اکابر دیوبند کا مسلک یہ ہے کہ وفات کے بعد اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔ اور ان کے ابدان مقدسہ بعینہٖ محفوظ ہیں۔ اور جسد عنصری کے ساتھ عالم برزخ میں ان کو حیات حاصل ہے اور حیات دنیوی کے مماثل ہے۔

صرف یہ ہے کہ احکام شرعیہ کے وہ مکلف نہیں ہیں۔ لیکن وہ نماز بھی پڑھتے ہیں۔ اور روضہ اقدس میں جو درود پڑھا جائے بلاواسطہ سنتے ہیں۔ اور یہی جمہور محدثین اور متکلمین اہل سنت والجماعت کا مسلک ہے۔ اکابر دیوبند کے مختلف رسائل میں یہ تصریحات موجود ہیں۔ حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ کی تو مستقل تصنیف حیات انبیاءؑ پر آب حیات کے نام سے موجود ہے۔ حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ جو حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ کے ارشد خلفاء میں سے ہیں۔ ان کا رسالہ المہند علی المفند بھی اہل انصاف ..... اور اہل بصیرت کے لئے کافی ہے۔ اب جو اس مسلک کے خلاف دعوے کرے اتنی بات یقینی ہے کہ ان کا اکابر دیوبند کے مسلک سے کوئی واسطہ نہیں۔ واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل۔

۱۔ مولانا محمد یوسف بنوری عفااللہ عنہ، مدرسہ عربیہ اسلامیہ کراچی نمبر ۵

۲۔ مولانا عبدالحق عفی عنہ، مہتمم دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

۳۔ مولانا محمد صادق عفااللہ عنہ، سابق ناظم محکمہ امور مذہبیہ بہاولپور

۴۔ مولانا ظفر احمد عثمانی عفااللہ عنہ، شیخ الحدیث دارالعلوم الاسلامیہ ٹنڈو الٰہ یار سندھ

۵۔ مولانا شمس الحق عفااللہ عنہ، صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان

۶۔ مولانا محمد ادریس کان اللہ لہ، شیخ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور

۷۔ مولانا مفتی محمد حسن مہتمم جامعہ اشرفیہ لاہور

۸۔ مولانا محمد رسول خاں عفااللہ عنہ، جامعہ اشرفیہ نیلا گنبد لاہور

۹۔ مولانا مفتی محمد شفیع عفااللہ عنہ، مہتمم دارالعلوم کراچی ۱۴

۱۰۔ مولانا احمد علی عفی عنہ امیر نظام العلماء و امیر خدام الدین لاہور (تلک عشرۃ کاملۃ)

منجانب:۔ **حیات الانبیاء سوسائٹی گجرات**

پیام مشرق ستمبر ۱۹۶۰ء

مقدمۃ الکتاب

بسم الله الرحمن الرحیم نحمده و نصلی و نسلم علی رسوله الکریم۔

برادران اسلام! دنیا میں دوقسم کے گروہ ابتداء ہی سے چلے آرہے (۱) مخلص اور وفادار (۲) منافق اور غدار۔

یہ منافق گروہ جو اپنا بن کر نقصان پہنچاتا ہے وہ نقصان دشمن بھی نہیں پہنچا سکتا۔ یہ منافق گروہ سب سے زیادہ خطرناک ہوتا ہے اس منافقانہ پالیسی کا مظہر ایک وہ رسالہ بھی ہے جو گزشتہ سال میدان تحریر میں لایا گیا ہے جس کا نام ہے "القول المسند فی رد المھند"۔ مصنف مولوی عبدالکریم المیر انی مدرس مدرسہ قاسم العلوم جبیر پور روڈ، چکوال۔ اس سے قبل مولوی صاحب کے دو رسالے اور بھی نظر سے گزرے ہیں۔ چنانچہ ایک کا نام " أقوال الاسلاف فی عدم سماع الاموات" ہے۔ ملنے کا پتہ: مولوی عبدالکریم حامد المیر انی خادم اشاعت التوحید والسنۃ ساکن دعووالہ تحصیل صادق آباد ضلع رحیم یار خان، مدرس مدرسہ اسلامیہ جامعہ فاروقیہ گجرات۔

دوسرے رسالہ کا نام " ازالة الاوهام فی فهم احادیث خیر الانام"۔ مصنف المیر انی خادم توحید والسنۃ، فاضل علوم دینیہ جامعۃ الصدیقہ گوجرانوالہ (یعنی دورۂ حدیث حضرت مولانا قاضی شمس الدین صاحب سے پڑھا ہے) اور اب حضرت شاہ صاحب کے مدرسہ واقعہ جامع مسجد شاہ فیصل گیٹ، گجرات میں درس نظامی کی ابتدائی کتابیں پڑھاتے ہیں، اور حضرت شاہ صاحب کے نظریات کی پرچار کرتے ہیں۔ مصنف نے " المھند " میں مندرجہ مسائل وعقائد میں سے صرف "مسئلہ حیاۃ النبی ﷺ " کا انتخاب کرتے ہوئے اس کا رد کیا ہے اور اپنے رسالہ کا نام "سورۃ المنافقون" میں مندرجہ ایت

وَاِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ۔ (پ:۲۸)

اور اگر بات کریں منافق تو سنے گا تو اے مخاطب ان کے قول کو گویا کہ وہ لکڑیاں ہیں ٹیک لگائی ہوئیں۔

سے حاصل کیا ہے۔ واقعی یہ رسالہ "القول المسند" (بے کار بات) ہے۔ اور "المھند" کا معنی ہے (ہندی تلوار) تو ہندی تلوار کے مقابلہ میں بے کار بات اور منافقانہ قول کس طرح فائدہ مند ہو سکتا ہے۔

علامہ شبیر احمد عثمانیؒ اس آیت کی تشریح میں لکھتے ہیں:

ف نمبر ۸: ...... خشک اور بیکار لکڑی جو دیوار سے لگا کر کھڑی کر دی جائے محض بے جان اور لایعقل۔ دیکھنے میں کتنی موٹی مگر ایک منٹ بھی بدون سہارے کے کھڑی نہیں رہ سکتی۔ ہاں جب ضرورت پڑے تو جلانے کے کام آسکتی ہے۔ یہی حال ان لوگوں کا ہے ان کے موٹے فربہ جسم اور تن و توش سب ظاہری خول ہیں اندر سے خالی اور بے جان محض اور دوزخ کا ایندھن بننے کے لائق۔

مصنف موصوف نے اپنے دوسرے رسالہ "ازالۃ الاوھام فی فہم احادیث خیر الانام" کے نام رکھنے میں جہالت کا ارتکاب کیا ہے کیونکہ ازالہ کا صلہ "عن" آتا ہے "فی" نہیں آتا جیسا کہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کی کتاب کا نام ہے "ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء"۔ اس مصنف کے رسالہ کا نام یوں ہونا چاہئے تھا: "ازالۃ الاوھام عن فہم احادیث خیر الانام"۔

پھر اس رسالہ کا نام "ازالۃ الاوھام" شاید اس بناء پر رکھا گیا ہے کہ مرزا قادیانی کی کتاب کا نام بھی "ازالۃ الاوھام" تھا۔ اور اس نے بزرگان دین کے خلاف اپنی فہم کو دخل دے کر قرآن و حدیث کی تشریح اپنی مرضی سے کی تھی۔ یہی کچھ مصنف موصوف نے کیا ہے۔ نیز مصنف موصوف نے اپنے آپ کو "فاضل علوم دینیہ جامعۃ الصدیقیہ گوجرانوالہ" لکھا ہے۔ یہ بھی ان کی جہالت کی بین دلیل ہے کیونکہ مدرسہ کا نام "جامعہ صدیقیہ" یا "الجامعۃ الصدیقیۃ" ہوسکتا ہے لیکن "جامعۃ الصدیقیۃ" ترکیبی لحاظ سے غلط ہے کہ صفت تو معرفہ ہو مگر موصوف نکرہ۔ پس جس شخص کی علمی حالت یہ ہو اور اپنے آپ کو مجتہد سمجھ کر اکابر دین کے علم و سمجھ کو ٹھکرا کر نیا راستہ اختیار کرے۔ پس

ایسے شخص کی مثال یوں ہے۔

ہر کس کہ نہ داند و بداند کہ داند　　در جہل مرکب ابد الدہر بماند

برادران اسلام کی خدمت میں مصنف "القول المسند" کا کچھ تعارف کرایا گیا ہے پورا تعارف "ضرب المہند" کے مکمل پڑھنے سے حاصل ہوگا۔اب راقم الحروف یہ بتانا چاہتا ہے کہ "حیات انبیاء علیہم السلام فی القبور" اور " سماع انبیاء علیہم السلام عند القبور" کا مسئلہ کبھی اختلافی نہیں تھا۔اس پر ہمیشہ امت کا اجماع رہا ہے کہ''انبیاء علیہم السلام اپنی اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور عند القبور صلوۃ وسلام کا سماع کر کے اس کا جواب عنایت کرتے ہیں''۔اور جمعیۃ اشاعت التوحید والسنۃ کے اکابرین کا بھی یہی مسلک تھا۔

چنانچہ مولانا سجاد بخاری صاحب لکھتے ہیں:''چنانچہ مولانا غلام اللہ خان صاحب نے محترم قاضی نور محمد صاحب سے مشورہ کر کے فیصلہ کیا کہ اس پر دستخط کر دیئے جائیں کیونکہ سماع صلوٰۃ عند القبر الشریف پر تو تمام اکابر علمائے دیوبند متفق ہیں اس لیے اگر جماعت کی خیر خواہی اور نزاع کو ختم کرنے کے لئے اس پر دستخط کر دیئے جائیں تو اس میں کوئی حرج نہیں۔چنانچہ دونوں حضرات نے دستخط کر دیئے۔یہ دونوں حضرات مولانا قاضی شمس الدین کی طرف سے مطمئن تھے کیونکہ وہ سماع صلوۃ کو اپنے ایک خط میں تسلیم کر چکے تھے جو انہوں نے کسی وقت مولانا محمد علی صاحب جالندھری کو لکھا تھا۔(ماہنامہ تعلیم القرآن،راولپنڈی،ص:۵۴ بابت ماہ اگست ۱۹۶۲ء)

خیانت:

مصنف "القول المسند" نے اپنے رسالہ کے صفحہ ۳۷ میں تعلیم القرآن اگست ۱۹۶۲ء کے صفحہ ۵۳ کا عکس(فوٹو) دیا ہے جس میں بقیہ اظہار حقیقت صفحہ ۵۴ کا ذکر ہے لیکن صفحہ ۵۴ جس میں اظہار حقیقت کے عنوان کے تحت حقیقت کو ظاہر کیا گیا ہے اس کا فوٹو(عکس)نہیں دیا کیونکہ اس میں یہ حوالہ مذکور تھا جس کا راقم نے ابھی حوالہ دیا ہے۔یہ ہے ان لوگوں کی دیانت......!

(لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم)

اختلاف کب پیدا ہوا:

اس اختلاف کے بانی مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب گجراتی ہیں۔ مولانا موصوف کسی مستقل مزاج کے مالک نہیں، اگر تشدد پر اتر آئیں تو اہل السنۃ والجماعۃ کے متفقہ مسائل وعقائد کا انکار بآسانی کر گزرتے ہیں۔ اور اگر تساہل (نرمی) اختیار کرلیں تو پھر بریلوی عقائد اور بدعات کو قبول کر کے اس پر دستخط کر کے بریلویوں کے ساتھ صلح وآشنائی بھی قائم کر لیتے ہیں۔ آج اس راز سے ہم پردہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ حضرت شاہ صاحب موصوف جس زمانہ میں جامع مسجد کالری دروازہ گجرات کے خطیب مقرر ہوئے تو بریلویوں کے حکیم الامت مفتی احمد یار خان گجراتی کا شہر گجرات میں کافی اثر ورسوخ تھا۔ شاہ صاحب موصوف اور مفتی صاحب موصوف کے درمیان چند مسائل پر مناظرہ ہوا، جس میں شاہ صاحب نے مفتی صاحب موصوف کے مسائل کو درست تسلیم کرتے ہوئے اس پر دستخط ثبت فرما دیئے تھے۔ بریلوی اشتہار کے مطابق یہ مناظرہ ۱۴ ذیقعدہ ۱۳۶۱ھ بروز منگل لالہ فضل پگانوالہ کے مکان پر ہوا۔ مفتی احمد یار خان نے کچھ مدت بعد ان مسائل کو شاہ صاحب موصوف کے دستخط کے ساتھ اشتہار کی شکل میں شائع کر دیا تھا۔ اس اشتہار کا عنوان تھا: ''جھگڑے کا خاتمہ''۔ وہ مسائل کون سے تھے جس پر حضرت شاہ صاحب نے دستخط فرمائے تھے،؟ ذرا ان کو ملاحظہ فرمالیں۔

(۱):...... مزارات اولیاء پر گنبد بنانا، پختہ عمارت بنانا شرعا جائز ہے۔ نیت خیر سے ہو تو مستحب ہے۔ گنبد خضراء رسول علیہ الصلوۃ والسلام شرعا جائز اور بہت متبرک ہے۔

(۲):...... عرس اولیاء اللہ تاریخ مقررہ پر کرنا، مجمع کر کے وہاں فاتحہ پڑھنا، وہاں روشنی کرنا اور وہاں حاضری دینا شرعا مستحب ہے۔

(۳):...... جس عرس میں ناچ گانا، باجہ وغیرہ اختلاط مرد وزن وغیرہ محرمات ہوں تو ان امور محرمہ کی وجہ سے نفس عرس حرام نہ ہوگا، بلکہ یہ مذکورہ بالا محرمات چیزیں حرام ہوں گی اور اصل عرس حلال ہوگا۔

(۴):......حقیقت محمدیہ عالم کے ذرہ ذرہ میں موجود ہے۔

(۵):......محفل میلاد شریف تاریخ مقررہ پر کرنا، مجمع کر کے ذکر ولادت پاک کرنا اور نعت خوانی کرنا شرعاً جائز ہے، مستحب ہے۔

(۶):...... جناب سرور دو عالم ﷺ کا وہ جسم اطہر جو کہ قبر انور میں مدفون ہے، وہ ہر وقت ہر جگہ بعینہ موجود نہیں بلکہ قبر انور میں جلوہ گر ہے۔

(۷):...... بعد نماز پنجگانہ بلند آواز سے مل کر نمازیوں کا یہ پڑھنا کہ "صلی اللہ علیك یا رسول اللہ وعلی الك یا حبیب اللہ" جائز بلکہ مستحب ہے۔ مگر خیال رہے کہ اس جہر سے نمازی کی نماز میں حرج نہ ہو، نہ سونے والے کو تکلیف ہو اور نہ قاری کی تلاوت میں خلل واقع ہو۔

کتبہ احوج الناس الی حبیب الرحمٰن احمد یار خان مدرس، مدرسہ خدام الصوفیہ، گجرات ۱۴ر ذیقعدہ یوم سہ شنبہ ۶۱ھ۔ المجیب مصیب عنایت اللہ بخاری، خطیب جامع مسجد کالری دروازہ، گجرات یوم سہ شنبہ ۶۱ھ ۱۴ر ذیقعدہ۔

اس کے جواب میں حضرت شاہ صاحب موصوف نے پندرہ سال کے بعد ایک پمفلٹ آٹھ صفحات کا اپنی قلم سے لکھا جس میں حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں:

''برادران اسلام! آئیے اب آپ کو فریب دہ گمراہ کن اشتہار ''جھگڑے کا خاتمہ'' کا حال بھی عرض کر دیں تا کہ آپ کسی دغا اور فریب میں مبتلا نہ رہیں۔ قریباً پندرہ برس کا طویل عرصہ گزر چکا ہے کہ میں نے اور مفتی احمد یار خان صاحب نے ایک مجلس میں مسائل مندرجہ اشتہار مذکور پر بغیر کسی مناظرہ، مکالمہ اور جرح قدح کے دستخط کر دیئے۔ لیکن اس کے چند ہی دنوں بعد بعض علماء ربانی کی توجہ دلانے سے میں نے ان مسائل کا قرآن کریم، حدیث صحیح اور فقہ اہلسنت کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ کیا۔ میں دیانۃً اس نتیجہ پر پہنچا کہ مجھ سے ان مسائل پر دستخط کرنے میں نادانستہ شدید غلطی کا ارتکاب ہوا ہے اب میرے لئے دو ہی راستے تھے۔

اول:...... یا تو اپنے وقار اور لالچ کے پیش نظر اپنی اس غلطی سے رجوع کرتے ہوئے اعلان حق نہ

کروں۔

دوم:......یا پھر خوف خدا، آخرت کی جزاء وسزا اور مسلمان قوم کے حقوق تبلیغ ہدیٰ کے فریضہ کے پیش نظر ان مسائل میں اپنی غلطی سے رجوع کر کے صاف صاف اعلان حق کر دوں۔ الحمد للہ! محض اللہ تعالی کے فضل وکرم اور اسی کی توفیق سے میں نے مفتی احمد یار خان صاحب کے سابق رہائشی مکان کے قریب گجرات کابلی دروازہ میں جلسہ عام کر کے لاؤڈ سپیکر پر اپنی غلطی سے رجوع کر کے صاف صاف اعلان حق کر دیا''۔ (اعلان حق صفحہ:۴)

نیز حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں:

''برادران اسلام! آپ سب گواہ رہو کہ میں نے پہلے بھی زبانی اپنی غلطی سے رجوع کرتے ہوئے کھلے اجلاس میں حق کا اعلان کر دیا تھا آج پھر بذریعہ اشتہار ہذا صاف صاف اعلان کرتا ہوں کہ فریب دہ، گمراہ کن اشتہار ''جھگڑے کا خاتمہ'' میں تمام مسائل، جن کو جائز لکھا گیا ہے (سوائے گنبد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) بعض نا جائز، بعض حرام، بعض مکروہ اور سب کے سب بدعات سیئہ ہیں۔ میں اس اعلان حق پر اللہ تعالی کو گواہ بناتا ہوں۔ "وکفی باللہ شہیدا"۔ اللہ تعالی تمام مسلمانوں کو شرک وبدعت سے محفوظ رکھے''۔ (اعلان حق ص: ۸)

قارئین کرام! حضرت شاہ صاحب موصوف کا یہ بیان حیران کن ہے کہ ''بغیر کسی مناظرہ، مکالمہ اور جرح قدح کے دستخط کر دیئے''۔ حالانکہ یہ وہ مسائل ہیں جن کو بچہ بچہ جانتا ہے اور دیوبندی عوام بھی جانتے ہیں کہ یہ مسائل ننانوے فی صد بریلویوں کے ہیں۔ کیا حضرت شاہ صاحب کو اتنا علم بھی نہیں تھا؟ پھر حضرت شاہ صاحب موصوف کا یہ بیان کہ ''بعض علمائے ربانی کی توجہ دلانے سے میں نے ان مسائل کا قرآن کریم، حدیث صحیح اور فقہ اہل سنت کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ کیا''۔ یہ اور زیادہ حیران کن ہے۔ کیا حضرت شاہ صاحب موصوف قرآن کریم، حدیث صحیح اور فقہ اہل سنت کے تحقیقی مطالعہ سے بالکل محروم تھے؟ حضرت شاہ صاحب کا یہ بیان مبنی بر صداقت نظر نہیں آتا۔ بہر حال حضرت شاہ صاحب کے پمفلٹ (اعلان حق) کا

پورا عکس ہم قارئین کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں تا کہ وہ ان کی پوری عبارت کو آگے اور پیچھے سے ملاتے ہوئے پڑھ کر اطمینان حاصل کر سکیں

۱۲

اعلانِ حق

﴿جسمیں﴾

بریلوی اشتہار "جھگڑے کا خاتمہ" کا جواب ہے

﴿از قلم﴾

جناب مجاہد ملت، حامی شریعت، حضرت مولٰنا

سیّد عنایت اللہ شاہ صاحب بخاری

﴿پبلشر﴾

مولوی محمد یوسف خطیب مسجد شالبافان گوجرانوالہ

۲

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

برادرانِ اسلام! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ گجرات میں ایک انجمن مسماۃ خدام الصوفیہ ہے جس کے ایک مفتی احمد یار خاں صاحب (فرقہ بریلویہ کے مشہور صوفی ومفتی) ہیں۔ انہوں نے ایک فریب دہ اور گمراہ کن اشتہار "جھگڑے کا خاتمہ" کے عنوان سے شائع کیا ہے۔ برعکس نام نہند زنگی کافور جہاں جہاں بھی یہ اشتہار پہنچا ہے وہاں جھگڑے کا خاتمہ ہونے کی بجائے مسلمانوں میں زیادہ جھگڑا اور فساد برپا ہو گیا ہے۔ کس قدر فریب ہے زہر کا نام تریاق جھوٹ کا نام سچ ہے۔

جنوں کا نام خرد رکھ دیا خرد کا جنوں ۔ جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

ایسے مفتیان اور مفسدی اشتہار شائع کرنے والوں کو خدا ہدایت دے لیکن ہدایت نصیب کیسے ہو جبکہ لالچی پیراوران کے ایجنٹ شکم پرست مفتی وملا کا مقصد ہی اکل اموال الناس بالباطل ہو یہ ذلیل مقصد تو ایسے اشتہارات کے ذریعہ ہی حاصل ہو سکتا ہے جن میں مسلم قوم سے مال لوٹنے کے باطل ذرائع کھانے پینے کے ڈھنگ نذرو منت چڑھاوے، شیرینی اور نذرانہ وصول کرنے کے مسائل شائع کئے جائیں آپ اگر غور فرمائیں گے تو جھگڑے والا اشتہار بھی اسی قسم کا پائیں گے ڈاکٹر اقبال مرحوم نے سچ فرمایا ہے

نشانہ نہیں معلوم ہے پیرانِ حرم کا ۔ ہر خرقۂ سالوس کے اندر ہے مہاجن

خدا کی پناہ، سادہ لوح قوم سے کس قدر دھوکا۔ دغا۔ فریب اور مکر ہو رہا ہے۔ مسلم قوم کی فلاح وبہبود سے انہیں کیا واسطہ انہیں تو اپنے حلوے مانڈے اور تعیش سے غرض، باطل پرست پیراوران کے ایجنٹ، پیشہ ور مفتی وملا نے مسلم عوام کو حضرت خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی عزت و محبت کے جھوٹے دعوے کی آڑ میں جس قدر لوٹنے کا لامتناہی سلسلہ جاری کر رکھا ہے، وہ باخبر حضرات سے پوشیدہ نہیں۔ لیکن جب جناب خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی عزت وحرمت کے لئے چندوں کی آزمائش آجائے تو یہ دعوے عشق ومحبت بیک بینی و دو گوش بذریعہ معافی سرائی ہاکر ڈرامائی انداز سے نعرہ تکبیر اور نعرہ رسالت لگاتے ہوئے قوم کو دوبارہ بیوقوف

۱۵

۴

اللہ تعالیٰ نے علماءِ حقانیین اور حضرات انبیاء کے صفات عزت و حرمت سے ارشاد فرما دیئے ہیں
کہ کس طرح وہ ہر خطرہ سے بے نیاز ہو کر حق کا اعلان کرتے ہیں۔ اور اگر ان سے کوئی لغزش یا غلطی
سرزد ہو جائے تو بعد از علم اس پر اڑے نہیں رہتے اور مخلوق خدا کو کبھی دھوکہ نہیں دیتے رضا
الٰہی ان کا مقصد ہوتا ہے۔ اور کوئی خوف یا طمع ان کو اعلان حق سے باز نہیں رکھتا۔ اللہ تعالیٰ
کی کتاب مقدس کے وہ سچے محافظ اور مخلص خادم ہوتے ہیں غرضیکہ اللہ تعالیٰ نے حقانی اور نفسانی
دونوں قسم کے پیروں اور مولویوں کے حالات وضاحت سے بیان فرما دیئے ہیں تاکہ عوام حق و
باطل میں سچے جھوٹے میں۔ کھرے کھوٹے میں تمیز کر سکیں۔

برادران اسلام! آیئے اب آپ کو فریب دہ گمراہ کن اشتہار جھگڑے کا خاتمہ کا
حال بھی عرض کر دیں۔ جبکہ آپ کسی دغا اور فریب میں مبتلا نہ رہیں قریباً پندرہ برس کا طویل عرصہ
گزر چکا ہے کہ میں نے اور مفتی احمد یار خاں صاحب نے ایک مجلس میں مسائل مندرجہ اشتہار
مذکور بغیر کسی شغفر مطالعہ اور جرح قدح کے دستخط کر دیئے۔ لیکن اس کے چند ہی دنوں بعد
بعض علماء ربانی کی توجہ دلانے سے میں نے ان مسائل کا قرآن کریم حدیث صحیح اور فقہ
اہلسنت کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ کیا۔ میں دیانتہً اس نتیجہ پر پہنچا۔ کہ مجھ سے ان مسائل
پر دستخط کرنے میں نادانستہ شدید غلطی کا ارتکاب ہوا ہے۔ اب میرے لئے دو ہی راستے تھے

اول:- یا تو اپنے وقار اور لالچ کے پیش نظر اپنی اس غلطی سے رجوع کرتے ہوئے اعلان
حق نہ کر دوں۔

دوم:- یا پھر خوف خدا آخرت کی جزا و سزا اور مسلمان قوم کے حقوق تبلیغ صحیح کے
فریضہ کے پیش نظر ان مسائل میں اپنی غلطی سے رجوع کر کے صاف صاف اعلان حق کر دوں
الحمد للہ بفضل اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور اسی کی توفیق سے میں نے مفتی احمد یار خان صاحب
کے سابق رہائشی مکان کے قریب گجرات کابلی دروازہ میں جلسہ عام کر کے لاؤڈ سپیکر پر
اپنی غلطی سے رجوع کر کے صاف صاف اعلان حق کر دیا۔ اور مفتی صاحب سے بھی عرض کر دیا
کہ وہ بھی خدا کے لیئے اپنی غلطی سے رجوع کر لیں اور اگر وہ اسے غلطی نہیں سمجھتے تو میرے
ساتھ جس وقت چاہیں بااطمینان تبادلہ خیالات اور گفتگو فرمالیں۔ لیکن برا ہو ضد اور

۲۶

۵

الی کا ، تو انہوں نے اپنی غلطی سے رجوع کیا اور نہ گفتگو کے لئے ہی تیار ہوئے بلکہ الٹا ضد وعناد کے ساتھ باطل پر اڑے رہے اور انہیں غلط مسائل کا ایک اشتہار "جھگڑے کا خاتمہ" کے عنوان سے شائع کرکے عوام کو خوب دھوکا اور فریب میں مبتلا کرنے کی کوشش کی تاکہ پیٹ کی دکان کا سامان خوب فراہم کرسکیں۔ پھر قدرتی طور پر کہ منع کرتے ہوئے بھی باز نہ آئے تا آنکہ الحاج سردار عطاء محمد خان صاحب لغاری گجرات میں ڈپٹی کمشنر مقرر ہوکر تشریف لے آئے ان کی کوٹھی پر ان کے روبرو اس اشتہار اور اس کے بعض مسائل پر ہم دونو فریق کی گفتگو ہوئی جس کے فیصلے میں ڈپٹی کمشنر صاحب موصوف نے فرمایا کہ یہ تو علم و دیانت اور ایمان کی نشانی ہے۔ کہ اگر کسی عالم سے مسائل دین میں کچھ غلطی ہوجائے تو قرآن و حدیث کی روشنی میں تحقیق کرکے اپنی غلطی سے رجوع کرلے نہ کہ اپنی غلطی پر اڑا رہے۔ غلطی پر اصرار کرنا اور اڑے رہنا تو جہالت اور بددیانتی ہے اور ساتھ ہی ڈپٹی کمشنر صاحب نے فیصلہ فرمایا کہ جب ایک شخص غلطی سے رجوع کرکے حق کا اعلان کرتا ہے تو اس کے متعلق یا اس کے اکابر کے متعلق کسی قسم کا اشتہار شائع کرنا سخت بددیانتی ہے لہٰذا دونو فریق ایک تحریر کردو کہ کوئی بھی کسی فریق یا اس کے اکابر کے متعلق کوئی نیا یا پرانا اشتہار شائع نہ کرے گا۔ کیونکہ اس سے عوام میں فساد اور دھڑے بندی پیدا ہوتی ہے۔ چنانچہ ڈپٹی کمشنر صاحب موصوف کے مطابق ان کے روبرو دونو فریق نے ایک متفقہ تحریر کردی جو اصل دستخطی ہمارے پاس موجود ہے۔

مسلمانو! خدارا انصاف کرو کیا اس فیصلہ اور متفقہ معاہدہ کے بعد بھی وہ فریب دہ گمراہ کن جھگڑے والا اشتہار شائع کرنا جائز تھا؟ کیا یہ صریح عہد شکنی نہیں ہے؟ اس تحریر کے بعد جب تک تو ڈپٹی کمشنر صاحب گجرات میں تشریف فرما رہے تب تک تو اس اشتہار کا نام و نشان نہ دیکھا لیکن جب صاحب موصوف کا تبادلہ ہوگیا۔ تو مفتی صاحب اور ان کے حواریوں نے مسلمانوں کو دھوکا اور فریب دینے کے لئے اشتہار کی مہم پھر تیز کردی اور گرا ہوا پرانا مردہ اکھاڑ لائے۔ کاش مفتی صاحب اپنے عہد پر قائم رہتے بلکہ غلط مسائل سے رجوع کرکے اعلان حق کرکے اپنی عاقبت درست کرتے لیکن قرآن کے فرمان

۱۷

۶

اَوْفُوْا بِالْعَهْدِ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُوْلًا اور وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ۔ کیا شکم پرست مفتیوں اور باطل پرست پیروں کو کیا ضرورت انہیں تو بدعات کے ذریعہ اپنی آمدنی کی غرض ہے غلطی سے رجوع کرلیں تو وہ قابل آمدنی پیدا ہوتی ہے۔ عاقبت کی کیا پرواہ درست ہو یا غلط یہ مفتی احمد یار خان صاحب تو خیر سے وہی حضرت ہیں جنہوں نے ایک نہایت فحش اور سخت بدترین فتوی دیا ہے کہ قرآن و حدیث میں عورت سے اغلام (غیر شرعی راستہ) دبر کی طرف سے کرنے کی کوئی ممانعت نہیں نعوذ باللہ استغفر اللہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ شرم۔ شرم شرم بھاڑے والے اشتہارات کے مسائل پر یقین رکھنے والوں کو ان کے مفتی صاحب کا یہ پاکیزہ فتوی بھی مبارک ہو مفتی صاحب کا دستخطی با مہر یہ گندہ اور بیہودہ فتوی بھی میرے پاس موجود ہے۔ میں نے اس ناپاک فتوی سے رجوع کے متعلق بھی مفتی صاحب کو کئی بار رقعہ کیا۔ لیکن انہوں نے اسی گندے فحش اور صریح غلط فتوے سے رجوع نہ کیا۔ ضد پر اڑے رہے اب تک اڑے ہوئے ہیں یہ ہے ان کی دیانت اور یہ ہے ان کا علم انا للہ وانا الیہ راجعون، چو کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی، بھلا جو مفتی پیراور ملا پیٹ کی خاطر غلطیے پاک کے کلام پاک کے معنے میں عمداً خیانت کرنے سے باز نہ آئیں۔ ان سے کب توقع کی جا سکتی ہے کہ اپنی غلطی سے رجوع کرلیں وزین لهم الشیطان اعمالهم فصدهم عن السبیل فهم لا یهتدون۔ اللہ تعالیٰ قرآن حکیم میں اہل ایمان کا یہ شیوہ بیان فرماتے ہیں ولم یصروا علی ما فعلوا وهم یعلمون مومن اپنی غلطی پر جان کر اڑے نہیں رہتے۔ بلکہ تائب ہو کر حق کی پیروی کرتے ہیں۔ لیکن جنہیں دین و ایمان کی بجائے پیٹ زیادہ پیارا ہو انہیں آگ میں کودنا آسان ہے مگر باطل سے حق کی طرف لوٹنا ہزار مشکل فما اصبرهم علی النار مفتی صاحب بھلا حق کو کیسے قبول کرے اگر ان کو حق کی ضرورت ہوتی تو ڈپٹی کمشنر صاحب موصوف کے روبرو مسئلہ تذر و منت سے متعلق ہم دونوں فریق کی جو فیصلہ کن تحریر لکھی گئی تھی اس کو شائع کر دیتے اس تحریر میں میرے اور مفتی صاحب کے تصدیقی دستخط سے اس بات کا صاف اقرار کیا گیا ہے۔ کہ نذر و منت عبادت ہے۔ لہذا یہ مرقسا

اللہ تعالیٰ کے نام ہونی چاہئے ثواب تمام مومنین صالحین کو بخشا جاتا ہے اور نذر و منت
صدقہ واجبہ ہے یہ صرف فقراء اور مساکین کو دیا جاتا ہے۔ کسی غنی کو اس کا کھانا حرام ہے کاش
کہ مفتی صاحب حق پرست ہوتے تو اپنی اس تحریر کا اعلان کرتے لیکن انہیں معلوم تھا کہ وہ
عوام سے نذر و منت اور گیارھویں کے چڑھاوے سمیٹ لیتے ہیں حالانکہ خدا کے نام کی نذر
و منت مسکینوں اور محتاجوں کا حق ہے جس کو مفتی صاحب غنی ہونے کے باوجود خود ہضم
کر جاتے ہیں۔ آفرین صد آفرین۔ مفتی بن کر پیر اور علیش بن کر سادہ لوح قوم کے مال و
ایمان پر خوب ڈاکہ ڈالو۔ اقبال مرحوم نے سچ کہا ہے ؎

خداوندا یہ تیرے سادہ دل بندے کدھر جائیں ‌ ‌ ‌ کہ درویشی بھی عیاری ہے سلطانی بھی عیاری

پیٹ ہی کی ساری شامت ہے کہ حق کو چھپایا جائے اور باطل کی اشاعت کی جائے قرآن
حکیم نے اسی لئے یہود کے بعض پیروں اور مفتیوں کے متعلق فرمایا ہے۔ وانّ فریقاً
منہم لیکتمون الحق وھم یعلمون۔ جان بوجھ کر حق کو چھپانا اور باطل طریق سے لوگوں
کا مال کھانا کس قدر عیب اور کتنا بڑا ظلم ہے یا اللہ تیری پناہ۔ مفتی صاحب! خدا سے ڈریئے
اپنے جھگڑے والے اشتہار کے مسائل خورد و نوش سے توبہ کیجئے انسان سے آخر غلطی ہو ہی
جاتی ہے۔ اگر آپ ان مسائل کو غلط نہیں سمجھتے تو ان کی سند جواز قرآن و سنت سے پیش کیجئے
فان لم تفعلوا ولن تفعلوا فاتقوا النار التی وقودھا الناس
والحجارۃ۔ مفتی صاحب! کیا آپ کے سامنے سلف صالحین کا اسوۂ حسنہ موجود نہیں کتب
احادیث و سیر، تاریخ و ادب اور کتب فقہ میں صاف صاف لکھا ہوا موجود ہے کہ
حضرت ابوبکر صدیقؓ نے حضرت عمر فاروقؓ نے حضرت عثمان ذی النورین نے حضرت علی
مرتضیٰؓ نے حضرت حسینؓ و دیگر ائمہ مجتہدینؒ نے علماء ربانیین نے اپنے کتنے ہی فیصلوں
اور فتاویٰ سے رجوع فرمایا۔ حضرت امام ابوحنیفہؒ کے متعلق تو تمام اہل علم جانتے
ہیں کہ گھوڑے کی حرمت کے فتویٰ سے اپنی وفات سے چند روز قبل رجوع فرمایا۔
یہ تمام اکابر امت آج کل کے چھوٹے پنڈتوں کی طرح جاہ پرست اور شکم پرست نہیں تھے
بلکہ خدا خوف تھے حق پرست تھے۔ حق کی تحقیق فرماتے تھے۔ حق کی اشاعت کرتے تھے

۱۹

اہل حق کی راہ میں ہر قسم کی قربانی اور ایثار کر گزرتے تھے۔ ان سب پر اللہ تعالیٰ کی لاکھوں بلکہ کروڑوں رحمتیں ہوں ہمارے لئے حق پرستی کے بہترین علمی و عملی نمونے چھوڑ گئے۔ ہمارا فرض راہ حق میں ان کی روش اختیار کرتے ہوئے صاف صاف اعلان حق کرے۔ لہٰذا اے پیران عظام مفتیان فخام علماء کرام اور میرے برادران اسلام آپ سب گواہ رہو کہ میں نے پہلے بھی زبانی اپنی غلطی سے رجوع کرتے ہوئے کھلے اجلاس میں حق کا اعلان کر دیا تھا۔ آج پھر بذریعہ اشتہار ہذا صاف صاف اعلان کرتا ہوں۔ کہ فریب دہ گمراہ کن اشتہار جھگڑے کا خاتمہ میں تمام وہ مسائل جن کو جائز لکھا گیا ہے (سوائے گنبد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) بعض ناجائز۔ بعض حرام بعض مکروہ اور سب کے سب بدعات سیہ ہیں میں اس اعلان حق پر اللہ تعالیٰ کو گواہ بناتا ہوں۔ وکفیٰ باللہ شہیدا۔ اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو شرک و بدعت سے محفوظ رکھے

ضروری نوٹ جھگڑے والا اشتہار شائع کر کے مفتی صاحب نے عہد شکنی کی لہٰذا کئے پر بھی بلا نہیں کئے۔ مجبوراً اس کے جواب میں مجھے یہ اعلان کرنا پڑا۔ اس کے بعد آئندہ پھر اگر ان کی یا ان کے حواریوں کی طرف سے میرے متعلق کوئی اشتہار بازی کی گئی تو اس کے جواب میں مجھے مفتیوں پیروں صاحبزادوں کے تقدس اور پاک اسرار و معتقد کا پردہ چاک کرنا پڑے گا جس کا ثبوت ہمارے پاس ذکورہ ان ات کی اصل تحریروں اور ان کی تصویروں کی شکل میں موجود ہے لہٰذا مؤدبانہ عرض ہے۔ آئندہ ہمارے بارے میں کسی قسم کے غلط مسائل شائع نہ کئے جائیں۔ ورنہ ہم مجبور ہوں گے۔ کہ مخلوق خدا کے سامنے آپ کی شکل و صورت سے نقاب کشائی کریں اور اس قصہ کے ذمہ دار خود آپ ہوں گے۔ اخیر میں برادران اسلام کی خدمت میں نہایت درد مندانہ درخواست ہے کہ خدا کے لئے آپ قرآن حکیم کا ترجمہ اور سیرت النبی ﷺ کا ضرور بالضرور مطالعہ کریں۔ تاکہ حق و باطل میں آپ خود تمیز کر کے شاہراہ علم و عمل اختیار کر سکیں۔

وما علینا الا البلاغ۔

المشتہر

سید عنایت اللہ شاہ بخاری خطیب الجامع گجرات

گھروں کے عام استعمال اور کپڑے صاف کرنے کے لئے ھلال سوپ بہترین ہے۔

حضرت شاہ صاحب کے تشدد اور تساہل کا ایک اور واقعہ:

حضرت مولانا غلام غوث ہزارویؒ لکھتے ہیں: ناصح مشفق مولانا غلام اللہ خان صاحب کے ماہنامہ تعلیم القرآن دسمبر ۱۹۶۵ء کی اشاعت میں مندرجہ ذیل نوٹ لکھا ہے:

ایک غلط بات کا لازمی نتیجہ:

پچھلے دنوں ہفت روزہ ''ترجمان اسلام'' میں حضرت مولانا سید عنایت اللہ صاحب بخاری کی سکھر میں ایک تقریر کا غلط اقتباس شر انگیز تبصرہ شائع ہوا ہے۔ جسے پڑھ کر سکھر کے لوگوں نے غم وغصہ کا اظہار کیا۔ سکھر کے لوگوں کو بہت رنج ہوا کہ حقیقت کو کس قدر مسخ کر کے پیش کیا گیا ہے۔ چنانچہ ''ترجمان اسلام'' کے حلقہ ارادت کا دفتر، جو الگ مسجد کے حجرہ میں قائم تھا، لوگوں نے اٹھوا دیا اور دفتر کا سامان نکال کر باہر پھینک دیا۔ ''ترجمان اسلام'' کی پالیسی ہماری جماعت کے بارہ میں افسوس ناک حد تک متعصبانہ ہے، جس پر نظر ثانی کی ضرورت ہے۔ سکھر میں ''جمعیت علمائے اسلام'' یا ''تحفظ ختم نبوت'' کو جو نقصان پہنچا اس کی تمام تر ذمہ داری ''ترجمان اسلام'' کی غلط روش پر عائد ہے۔ (احقر شہاب الدین خطیب جامع مسجد اللہ والی بندر روڈ سکھر)

اس مضمون کو آپ جتنی بار پڑھیں گے اتنا ہی زیادہ واضح ہوتا جائے گا کہ ''ترجمان اسلام''، ''جمعیت علمائے اسلام'' اور ''تحفظ ختم نبوت'' سے اس ''احقر شہاب الدین'' کو کتنا بغض ہے اور جس اپنی جماعت کا یہ ذکر کر رہے ہیں، اس شر ذمہ قلیلہ کے تمام افراد کو باستثناء معدودے چند، اس بغض وحسد کا شرف حاصل ہے۔ احقر شہاب الدین ناصح مشفق بن کر فرماتے ہیں کہ: ''ترجمان اسلام'' کی پالیسی پر نظر ثانی کی ضرورت ہے اور موجودہ غلط پالیسی سے ''جمعیت'' اور ''تحفظ ختم نبوت'' کو بڑا نقصان پہنچا ہے''۔ آپ کی اس مشفقانہ نصیحت کا شکریہ ہے، مگر معاف کیجئے! کیچڑ اچھال کر نصیحت نہیں کیا کرتے۔ ''ترجمان اسلام'' نے تو اب تک یہ بھی نہیں لکھا کہ ''علمائے دیوبند'' اور ''مرکزیت دیوبند'' اور ''مسلک دیوبند'' کو جتنا نقصان آپ کی جماعت سے پہنچا اور پہنچ رہا ہے، اس کی تلافی مشکل ہے اور نہ ہم اب اس بحث میں پڑنا چاہتے ہیں۔ آپ چند مودودیوں یا

اپنے مریدوں کی بات کو سکھر کے لوگوں کی طرف منسوب کر کے دھوکہ نہ دیں۔

ترجمان اسلام کا قصور:

''ترجمان اسلام'' کا بڑا قصور، جس سے آپ کے شکم مبارک میں مروڑ اٹھا ہے، یہ ہے کہ اس نے یہ سچی بات نقل کر دی کہ مولانا عنایت اللہ شاہ گجراتی نے سکھر میں کہا کہ ''اہل حدیث کذاب ہیں'' ۔کیا یہ بات غلط ہے ۔؟ کیا سکھر میں داعی اور مدعو حضرات کی میٹنگ میں شاہ صاحب موصوف نے نہیں فرمایا تھا کہ ''میں جلسہ میں رفع یدین کی تردید نہیں کروں گا البتہ اہل حدیث کو کذاب کہوں گا''۔؟ کیا پھر جلسہ میں شاہ صاحب نے اہل حدیث کو کذاب نہیں کہا۔؟ کیا ریل میں شاہ صاحب نے سنن بیہقی کا حوالہ دے کر یہ نہیں کہا تھا کہ اہل حدیث کذاب ہیں۔؟ انہوں نے اپنے رسالہ میں لکھا ہے کہ امام بیہقیؒ نے روایت کی ہے کہ ''حضورﷺ کی نماز وفات شریف تک اسی طرح تھی''۔ حالانکہ بیہقی میں یہ روایت نہیں ہے۔اور کیا مولانا غلام اللہ خان نے نہیں فرمایا تھا کہ اہل حدیث کذاب ہیں۔؟ انہوں نے ''غنیۃ الطالبین'' چھاپی اور اس میں آٹھ تراویح کی روایت درج کر دی۔اگر ان حضرات کا کذاب کہنا جرم نہیں ہے تو اس کا نقل کرنا کیوں جرم ہے؟۔ہم نے دیانتداری سے یہ نقل کیا تھا کہ تحت الحدیث اور اجتہادی مسائل میں ایک دوسرے کو کذاب کہنا درست نہیں ہے اور نہ آج کل کے ملی واجتماعی تقاضے اس کی اجازت دیتے ہیں۔اگر شاہ صاحب ہمارے پاس لکھ بھیجیں کہ ''میں نے اہل حدیث کو کذاب نہیں کہا تھا''۔ تو ''ترجمان اسلام'' خوشی سے اس کو شائع کر کے گزشتہ اشاعت کی تردید کر دے گا۔احقر شہاب الدین صاحب جمعیت کو نقصان پہنچنے کا غم نہ کھائیں۔''جمعیت علمائے اسلام'' علمائے حق کی جماعت ہے اور ''ترجمان اسلام'' کا نصب العین دین حق کی خدمت ہے چاہے کوئی راضی ہو یا ناراض۔وہ چند ملحد و گمراہ مودودیوں یا مودودیت گزیدہ افراد کے پیچ وتاب کھانے سے کمزور نہیں ہوتی۔ہم حیات النبیﷺ کے قائل ہیں۔عذاب قبر کے قائل ہیں۔وسیلہ کے قائل ہیں۔حضورﷺ کے درود وسلام سننے اور اس کا جواب دینے کے قائل ہیں۔اکابر علمائے دیوبند کے مسلک

سے وابستہ ہیں۔ جو مسلک اہل سنت کے مطابق ہے اور باوجود اس کے دوسروں کو کذاب نہیں کہتے۔ بلکہ تحفظ اصول دین کے لئے باہمی تعاون کی ضرورت کو تسلیم کرتے ہیں۔ اگر آئندہ ضرورت محسوس ہوئی تو ''ترجمان اسلام'' شہاب الدین کی جماعت کا نام اور اس سے اختلاف کے اسباب پر مفصل بحث کرے گا۔ان شاء اللہ تبارک وتعالی۔ (ترجمان اسلام ص: ۵ ۲۴ر دسمبر ۱۹۶۵ء مطابق ۳۰ر شعبان ۱۳۸۵ھ)

یہ تو حضرت شاہ صاحب موصوف کے تشدد کا بیان ہے،اب ذرا حضرت شاہ صاحب کے تساہل پر بھی غور کر لیں جو اپنی قلم سے حضرت شاہ صاحب نے لکھ کر دیا ہے اور اس کا عکس (فوٹو) غیر مقلد مولانا خالد گھر جاکھی صاحب نے اپنی ماہواری رپورٹ میں شائع کیا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ و سلام علی عبادہ الذین اصطفی۔

حنفی، مالکی، شافعی، حنبلی اور اہل حدیث سب کو باوجود فروعی اختلاف کے مسلمان اہل سنت اہل حق سمجھتا ہوں اور خود حنفی ہوں۔ ائمہ اربعہ حضرت امام ابوحنیفہؒ، حضرت امام مالکؒ، حضرت امام شافعیؒ اور حضرت امام احمد بن حنبلؒ کو برحق جانتا ہوں۔ عنایت اللہ، مسجد جامع گجرات ۲۵ر ذوالقعدہ ۱۳۸۸ھ/۱۳ر فروری ۱۹۶۹ء (اسلام کی امانت سینوں میں ہے ہمارے مع تبلیغی رپورٹ ماہ جولائی ۱۹۸۲ء ص:۲۰)

حضرت شاہ صاحب موصوف نے غیر مقلدین کو حنفیوں کے برابر کا اہل حق شمار کیا ہے جبکہ پہلے ان کو کذاب فرما چکے ہیں۔حضرت شاہ صاحب کی اس نرمی کی بناء پر بعض ''جمعیۃ اشاعت التوحید والسنۃ'' کے خاص ارکان غیر مقلدین کی گود میں چلے گئے ہیں اور اب وہ حنفیوں کو مشرک اور اہل بدعت شمار کر رہے ہیں۔اس کی نشاندہی عنقریب کر دی جائے گی۔ (ان شاء اللہ)

٢٤

خیانت کا الزام ص ٣ — منکرین کا غیر مقلدین بنانا ص ١٥ و ص ١٦

نور الہدیٰ ہے کفر کی حرکت پہ خندہ زن
پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا

اسلام کی امانت

سینوں میں ہے ہمارے

مع تبلیغی رپورٹ
ماہ جولائی ١٩٨٢ء

نگران اعلیٰ
خالد گرجاکھی

ادارہ احیاء السنۃ ۔ گھرجاکھ ۔ گوجرانوالہ

۲۵

پڑی تھی کہ کوئی ایسی بات نہ ...
چنانچہ اس کے بعد انہوں نے مجھ خادم سے وتعلق کا اظہار کر دیا اور میں نے بطیب خاطر اہلحدیث کو قبول کر لیا جس میں سب سے زیادہ مولانا اسماعیل صاحب سلفی مرحوم کے اخلاق کا اثر ہے کیونکہ میں رتی بھائی باتوں کی وجہ سے تیزی کرتا لیکن سلفی صاحب پیار اور اخلاق سے بات بتاتے جس سے متاثر ہوئے بغیر میں نہ رہ سکا خصوصاً جب کہ ان کے بتائے ہوئے اعتراض کا جواب بھی آج تک کسی حنفی سے نہیں مل سکا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں حق کو قبول کرنے اور اس پہ زندگی گزارنے کی توفیق عنایت فرمائے۔

۲۱۔ چوہدری محمد اشرف صاحب: چونکہ ذکر چل نکلا غیر علماء کا اگرچہ وہ اپنے گاؤں کے ایک اہم شخصیت ہوتے ہیں تو جب اللہ تعالیٰ کسی کو سمجھ دے دیتا ہے اور وہ سوچنے کی کوشش کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے ہدایت کے دروازے کھول دیتے ہیں مثلاً چوہدری محمد اشرف صاحب ولد چوہدری غلام رسول صاحب نمبردار سہنسرہ گورایہ ضلع گوجرانوالہ کے نہ صرف اہلحدیث ہی ہوئے بلکہ اب وہ ہمارے تبلیغی مشن کے اہم رکن بن گئے ہیں چنانچہ ماہ جون کے دو جگہ پہ باقاعدہ ان کا پروگرام رکھا گیا ہے۔

۲۲۔ ڈاکٹر مظہر قیوم صاحب: یہ ڈاکٹر صاحب گلوٹیاں خورد کے ہیں جو سیالکوٹ کے ضلع کی تحصیل ڈسکہ میں قیام فرما ہیں الحمدللہ یہ بھی اہلحدیث ہونے کے بعد ہمارے تبلیغی مشن پہ دو پروگراموں میں شرکت کے لیے جا رہے ہیں۔

۲۵ ذوالقعدہ ۱۳۸۹ھ
13 فروری ۱۹۷۰ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الحمد للہ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ

حنفی ۔ مالکی ۔ شافعی ۔ حنبلی اور اہل حدیث سب کو باوجود فروعی اختلاف کے مسلمان اہل سنت اہل حق سمجھتا ہوں اور خود حنفی ہوں ۔ ائمہ اربعہ حضرت امام ابو حنیفہ رح حضرت امام مالک رح حضرت امام شافعی رح حضرت امام احمد حنبل رح رحمہم اللہ تعالیٰ کو برحق جانتا ہوں

محمد عبداللہ عفی عنہ
مہتمم جامعہ گوجرانوالہ

حضرت شاہ صاحب کے تساہل کی ایک اور مثال:

اخبار جنگ راولپنڈی ۴ر ستمبر ۱۹۸۱ء میں ہے:

شیخ الحدیث سید احمد شاہ کی رسم قل میں ممتاز علماء کی شرکت:

گجرات ۳ر ستمبر (نمائندہ جنگ): یہاں مسجد حاجی پیر بخش میں ''شیخ الحدیث الحاج سید احمد شاہ'' کی رسم قل نہایت عقیدت اور احترام کے ساتھ منائی گئی۔ ملک کے نامور علمائے کرام اور مشائخ عظام اور سیاسی و مذہبی حلقوں نے ان کی وفات پر گہرے رنج کا اظہار کیا اور حاجی صاحب کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ''شیخ الحدیث ایک بلند پایہ عالم دین اور روحانی پیشوا تھے ان کی ساری عمر تبلیغ میں گزری''۔ پنجاب بھر کے ہزاروں فرزندان توحید کے علاوہ دیگر مکاتب فکر کے لوگوں نے بھی رسم قل میں شرکت کی اور ان کے لئے دعائے مغفرت کی۔ ان افراد میں مفتی محمد حسین نعیمی لاہور، اسلامی مشاورتی کونسل کے ممبر محمود احمد رضوی، جماعت اہل سنت کے ناظم حاجی فضل کریم، دیوبندی فکر کے ممتاز عالم دین سید عنایت اللہ شاہ بخاری، چوہدری فضل الٰہی سابق صدر پاکستان، علامہ محمد یعقوب اور دیگر افراد شامل ہیں''۔

قارئین حضرات! حضرت شاہ صاحب موصوف نے اس ''بریلوی شیخ الحدیث'' کی رسم قل میں شامل ہو کر سخت غلطی کا ارتکاب کیا ہے۔ اگر حضرت موصوف اس رسم قل میں شریک نہیں ہوئے اور یہ ان پر الزام ہے تو پھر حضرت شاہ صاحب موصوف کو اس خبر کی تردید کرنا لازم تھا۔ لیکن راقم الحروف کو اس خبر کی تردید منجانب حضرت شاہ صاحب موصوف معلوم نہیں ہو سکی۔ اس اخبار کا عکس ہم دوسرے صفحہ پر پیش کر رہے ہیں، ملاحظہ فرمائیں۔

۲۷

شیخ الحدیث سید احمد شاہ کی

رسم قل میں ممتاز علماء کی شرکت

گجرات ۲ ستمبر (نمائندہ جنگ) یہاں مسجد حاجی پیر بخش میں شیخ الحدیث الحاج سید احمد شاہ کی رسم قل نہایت عقیدت اور احترام کے ساتھ منائی گئی۔ ملک کے نامور علماء کرام اور مشائخ عظام اور سیاسی و مذہبی حلقوں نے ان کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا اور حاجی صاحب کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شیخ الحدیث ایک بلند پایہ عالم دین اور روحانی پیشوا تھے ان کی ساری عمر تبلیغ میں گزری۔ چناب بھر کے ہزاروں فرزندان توحید کے علاوہ دیگر مکاتب فکر کے لوگوں نے بھی رسم قل میں شرکت کی اور ان کے لئے دعائے مغفرت کی۔ ان افراد میں مفتی محمد حسین نعیمی لاہور اسلامی مشاورتی کونسل کے ممبر محمود احمد رضوی جماعت اہلسنت کے ناظم حاجی فضل کریم دیوبندی مکتبہ فکر کے ممتاز عالم دین سید عنایت اللہ شاہ بخاری چوہدری فضل الٰہی سابق صدر پاکستان علامہ محمد یعقوب اور دیگر افراد شامل ہیں۔

قتل کی واردات اور ٹریفک کے حادثے میں دو افراد ہلاک

داؤد خیل ۳ ستمبر (نمائندہ جنگ) بھتیجے نے چچا کو پستول سے فائرنگ کر کے ہلاک کر دیا جب کہ ایک شخص ٹرین کے نیچے آکر ہلاک ہو گیا۔ اطلاعات کے مطابق داؤد خیل کے ایک شخص عبدالکریم

حضرت شاہ صاحب کا ایک اور تشدد اور تساہل:

حضرت شاہ صاحب موصوف کا ایک وعظ ماہنامہ ''تعلیم القرآن'' میں شائع ہوا ہے جو سوشلزم اور مودودیت کے خلاف ہے۔ حضرت شاہ صاحب موصوف صحابہ کرامؓ کی شان بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں "وَاعْفُ عَنْهُمْ" اے پیغمبر تو بھی ان کو معاف کردے۔ جب اللہ تعالی نے ان سب کو معاف فرمادیا ہم اور آپ کون ہیں ان پر تنقید کرنے والے۔؟ صحابہ کی شان میں گستاخی، توبہ توبہ، ایماندار آدمی نہیں رہتا۔ (تعلیم القرآن راولپنڈی ص:۴۶ ماہ جون ۱۹۷۰ء)۔

اسی ماہنامہ کے صفحہ ۴۷ میں حضرت شاہ صاحب کے وعظ سے منقول ہے۔ ''او میرے بعد آنے والی امت ڈریو! میرے رفیقوں کے معاملے میں "لَا تَتَّخِذُوْهُمْ غَرَضًا" ۔غلطیاں ان سے ہوئیں، ان سے غلطیوں کا ذکر کرنا جائز، لیکن ان کو ہدف تنقید نہ بنانا، ان پر تنقید نہ کرنا......! جس نے ایک بار بھی مجھے دیکھ لیا یا میری مجلس میں آیا ان کو محبوب بنالینا، ان سے محبت کرنا، طعن نہ کرنا، اصولی اختلاف کے باوجود اگر یہ لوگ قرآن وسنت کے قانون کے لئے آگے بڑھیں گے تو میں ان کا خادم ہوں، یہ اصولی اختلاف ہے فروعی نہیں''۔ (تعلیم القرآن)

حضرت شاہ صاحب نے مودودی صاحب سے اختلاف کو اصولی (یعنی کفر اور اسلام کا اختلاف) قرار دیا ہے اور فرمایا ہے کہ صحابہؓ پر تنقید کرنے والا ایماندار نہیں رہتا (یعنی مرتد ہوجاتا ہے)۔ حضرت شاہ صاحب کا اتنے تشدد کے باوجود یہ فرمانا کہ ''اگر یہ لوگ قرآن وسنت کے قانون کے لئے آگے بڑھیں گے تو میں ان کا خادم ہوں'' نہایت درجہ کا تساہل ہے۔ اگر کوئی حضرت شاہ صاحب سے یہ سوال کرے کہ حضرت شاہ جی! مرزائیوں کے ساتھ بھی آپ کا اختلاف اصولی ہے اگر وہ قرآن وسنت کے قانون کے لئے آگے بڑھیں تو آپ ان کے بھی خادم ہوں گے یا نہیں۔؟ بینوا توجروا۔

نوٹ:

ہمارے اکابر علمائے دیوبندؒ نے مودودی صاحب کو ضال اور مضل تو کہا ہے مگر کافر ہرگز نہیں

کہا۔ یہ حضرت شاہ صاحب موصوف ہی کا کمال ہے، ادھر کفر کا فتوی لگا دیا اور پھر کافروں کے خادم بھی بن گئے۔ (لاحول ولا قوۃ الا باللہ) پھر حضرت شاہ صاحب موصوف مودودی صاحب کے خادم رہے اس میں کوئی شک نہیں۔ اسی بناء پر حضرت شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خان صاحب اور حضرت شاہ صاحب موصوف کے درمیان کئی بار تلخ کلامی اور رنجش بھی ہوئی جس کی بناء پر تعلقات بھی منقطع ہو گئے۔ پھر بعض حضرات کی صلح کی کوشش سے تعلقات بحال ہوئے۔ مولانا کوثر نیازی صاحب لکھتے ہیں:

''مولانا سید عنایت اللہ شاہ بخاری نے بھی مودودی ازم کے خلاف علم جہاد بلند کر دیا۔ اسلام دشمنوں سے مقابلہ کرنے کے لئے ''جمعیۃ فضلائے اسلام'' قائم کر دی گئی۔ مودودی جماعت ایک عرصہ سے ''جمعیۃ اشاعۃ التوحید والسنۃ پاکستان'' کے علماء کو اپنے ساتھ ملانے کی جدو جہد کر رہی تھی، وہ آخر کار ناکامی سے دو چار ہو کر رہی ہے اور گجرات کے مولانا سید عنایت اللہ شاہ بخاری نے بھی مودودی ازم کے خلاف علم جہاد بلند کر دیا ہے۔ ''جمعیۃ اشاعۃ التوحید والسنۃ'' حضرت مولانا غلام اللہ خان آف راولپنڈی اور مولانا سید عنایت اللہ شاہ بخاری آف گجرات کی سربراہی میں سالوں سے قائم ہے اور اپنے مخصوص انداز میں توحید کی تبلیغ کر رہی ہے مگر پچھلے کچھ عرصہ سے مذکورہ راہنماؤں کے درمیان مودودیت کے مسئلہ پر اختلاف پیدا ہو گیا ہے اور مولانا احتشام الحق اس خلیج کو وسیع تر کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ لیکن خطیب پاکستان مولانا ضیاء القاسمی کی کوششوں سے جمعیۃ کے راہنماؤں میں پھر سے اتحاد پیدا ہو گیا ہے اور ہر دو راہنماؤں نے اپنے شاگرد اور عقیدت مندوں پر مشتمل ایک نئی تنظیم ''جمعیۃ فضلائے اسلام'' قائم کی ہے جو دوسرے باطل فرقوں کے ساتھ ساتھ فتنۂ مودودیت کے خلاف بھی جہاد کرے گی۔

''جمعیۃ فضلائے اسلام'' کی یہ کانفرنس ۳، ۴ر جولائی کو راولپنڈی میں منعقد ہوئی۔ اور اس کی صدارت حضرت مولانا غلام اللہ خان نے کی۔ کانفرنس کی آخری نشست سے مولانا عنایت اللہ شاہ بخاری نے بھی خطاب کیا۔ شاہ صاحب نے اپنی تقریر میں مولانا مودودی پر سخت نکتہ چینی کی اور

کہا کہ:'' وہ اپنے گمراہ کن نظریات کے سبب کفر کے دروازے پر پہنچ گئے ہیں''۔ انہوں نے مودودی صاحب پر الزام لگایا کہ انہون نے اپنی کتاب'' خلافت وملوکیت'' میں بعض حوالے نقل کرنے میں دانستہ طور پر خیانت سے کام لیا ہے اور'' صحابہ کرام کو غلط کار اور خائن کہہ کر نبوت محمدی سے انکار کیا ہے''۔ انہوں نے کہا کہ'' مولانا مودودی کا اجتہاد گمراہی پر مبنی ہے اور'' خلافت و ملوکیت'' میرے نزدیک جھوٹ کا پلندہ ہے''۔ شاہ صاحب نے بتایا کہ انہوں نے مفتی سیاح الدین کے ذریعے مولانا مودودی کو دعوت دی تھی کہ وہ'' خلافت وملوکیت'' کے گمراہ کن پہلوؤں پر ان سے گفتگو کریں کیونکہ میرے نزدیک یہ کتاب سراسر غلط، تاریخی بد دیانتی اور صحابہ کرام سے بغض پر مبنی ہے لیکن مودودی صاحب نے بات چیت سے صاف انکار کر دیا۔ اور مفتی صاحب نے مجھ سے کہا کہ'' پانی سر سے گزر چکا ہے اس لئے بات چیت کا کوئی فائدہ نہیں''۔ مولانا سید عنایت اللہ شاہ نے کہا کہ'' مودودی صاحب اسلام کی صداقتوں کو نہیں سمجھتے۔ بلکہ میں کہتا ہوں کہ وہ معیار حق کے معنی تک نہیں سمجھتے، اس لئے ان کی تحریر وتقریر کا اعتبار نہیں کیا جا سکتا''۔

کانفرنس سے شعلہ نوا مقرر مولانا ضیاء القاسمی صاحب نے بھی خطاب کیا اور انہوں نے علماء سے اپیل کی کہ'' وہ مودودیت کے استیصال کے لئے قریہ قریہ پھیل جائیں اور عوام کو مودودی کے گمراہ کن عقائد سے آگاہ کریں''۔ (ہفت روزہ شہاب لاہور ص:۱ وص:۶ جمعرات ۱۶ر جولائی ۱۹۷۰ء / ۱۱ر جمادی الاول ۱۳۹۰ھ)

سوشلزم کے متعلق ۱۱۳ علماء کے فتوی کی حضرت شاہ صاحب توثیق وتصدیق کرتے تھے جب کہ حضرت شیخ القرآن سخت خلاف تھے۔ حضرت شیخ القرآن کا ہمیشہ سے دستور یہ تھا کہ اپنے دورہ تفسیر کے اختتام پر حضرت شاہ صاحب کو دعوت دیتے تھے۔ حضرت شاہ صاحب طلبائے کرام کو خطاب کرتے تھے اور حضرت شیخ القرآن طلباء کو ترغیب دلاتے تھے کہ وہ حضرت شاہ صاحب کے مرید بن جائیں تاکہ اگر کوئی طالب علم کسی بریلوی پیر کا مرید یا معتقد ہو تو اس سے تعلق ٹوٹ جائے۔ یہ بات یاد رہے کہ پیری اور مریدی، یہ عجیب سلسلہ ہے اگر ایک استاد نے دس سال کسی

طالب علم کو دین سکھایا ہو لیکن جب وہ طالب علم کسی شخص کا مرید بن جائے تو اپنے پیر کی قدر استاد سے زیادہ کرے گا۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت شاہ صاحب کی اتھارٹی ''جمعیۃ اشاعۃ التوحید والسنۃ'' کے تمام ارکان سے زیادہ تھی۔ جمعیۃ کے پہلے صدر حضرت مولانا قاضی نور محمد صاحب آف قلعہ دیدار سنگھ ضلع گوجرانوالہ تھے۔ ناظم اعلیٰ حضرت شیخ القرآن تھے۔ حضرت شاہ صاحب اس وقت نائب صدر تھے لیکن صدر و ناظم اعلیٰ اگر کسی فیصلہ پر متفق بھی ہو جاتے تھے تو نائب صدر اس فیصلہ کو نہیں مانتا تھا۔ بہر حال بات چلی تھی سوشلزم کے بارے میں ۱۱۳ علماء کے فتوے کی۔ حضرت شاہ صاحب نے دورہ تفسیر کے اختتام کے موقعہ پر ''دارالعلوم تعلیم القرآن راولپنڈی'' میں طلباء کرام کو خطاب کرتے ہوئے فتوے کی تائید کی اور ان علماء کی حمایت پر زور دیا۔ حضرت شیخ القرآن کے روبرو یہ معاملہ ہو رہا ہے اور حضرت شیخ القرآن سن رہے ہیں، حضرت شیخ القرآن سے رہا نہ گیا۔ حضرت شاہ صاحب کے قریب آ کر لاؤڈ سپیکر ہٹا کر اپنے منہ کے سامنے رکھ کر ۱۱۳ علماء کے فتویٰ کی خوب تردید کی۔ طلبائے کرام چونکہ ابھی تک حضرت شاہ صاحب کے مرید نہ ہوئے تھے اس لئے ان طلباء نے حضرت شاہ صاحب سے نفرت کا اظہار کرتے ہوئے حضرت شیخ القرآن کے فیصلہ کی حمایت کی، بالآخر حضرت شاہ صاحب چند آدمیوں کے ہمراہ پرانا قلعہ میں اپنی قیام گاہ پر تشریف لے گئے۔ ان دونوں حضرات کے درمیان رنجش پیدا ہوگئی۔ بالآخر ۱۹ر جولائی ۱۹۷۰ء کو استاد العلماء سرپرست اشاعۃ التوحید والسنۃ ''حضرت مولانا ولی اللہ صاحب'' نے ان دونوں کو اپنے ہاں بلایا۔ دونوں کے درمیان ایک صلح نامہ لکھا کہ ''حضرت شیخ القرآن اور حضرت شاہ صاحب اپنے سٹیج (جمعیۃ اشاعۃ التوحید والسنۃ) پر کام کریں گے۔ شیخ القرآن ''جمعیۃ علمائے اسلام'' کے سٹیج پر نہیں جائیں گے اور شاہ صاحب ''مودودی'' کے سٹیج پر نہیں جائیں گے اور ایک دوسرے کی موجودگی میں ۱۱۳ علماء کے فتویٰ کی تائید یا تردید نہیں کریں گے''۔

اس معاہدے سے دونوں کی رفاقت پہلے سے زیادہ اخوت اور محبت میں بدل گئی۔ ان دونوں حضرات کے درمیان ناراضگی اور صلح کے واقعہ کو تعلیم القرآن ماہ اگست ۱۹۷۰ء ص: ۵۰ تا ص:

۵۱ میں دیکھا جا سکتا ہے۔لیکن حضرت شاہ صاحب صلح نامہ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ''مودودی'' کے سٹیج پر جا دھمکے۔ بالآخر حضرت شیخ القرآن کو بھی مجبوراً ''جمعیۃ علمائے اسلام'' کے سٹیج پر آنا پڑا۔ اور ۱۹۷۰ء میں حضرت شیخ القرآن نے ''جمعیۃ علمائے اسلام'' کی بھرپور حمایت کی تھی۔(فجزاہ اللہ احسن الجزاء)

حضرت شاہ صاحب نے اپنے ایک انٹرویو میں (جس کو 'ادخال الباغین'' کے نام سے شائع کیا گیا ہے) مودودی صاحب سے اپنے ملاقات کا ذکر یوں فرمایا ہے:''مولانا حافظ اللہ داد اور مولانا عبدالعلیم قاسمی کی معیت میں ایک دفعہ مودودی مرحوم سے لاہور میں ملاقات ہوئی''۔ (ادخال الباغین ص:۱۱)

(۲):.....شاہ جی نے فرمایا:''اسی طرح میں نے ''تفہیم القرآن'' میں غلط عبارات کی بھی نشاندہی کی اور مودودی مرحوم نے ان کی تصحیح کا وعدہ فرمایا۔لیکن افسوس! سات سال تک میں ''ترجمان القرآن'' کا مطالعہ کرتا رہا۔مودودی صاحب نے ''رسائل ومسائل''میں دیئے گئے بیان سے رجوع کیا نہ ''تفہیم القرآن'' کی عبارت کی اصلاح کی۔سوائے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں ایک کے''۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون) (ادخال الباغین ص:۱۱)

(۳):.....اب، کیا ایک خالی الذہن قاری،مودودی صاحب کی یہ تحریر پڑھ کر حضرت امیر معاویہؓ کو خائن، غاصب،ظالم اور مخالف کتاب وسنت نہیں سمجھے گا۔؟ احباب سے رہا نہ گیا حضرت خطیب سے پوچھنے لگے۔حضرت مودودی مرحوم سے آپ کی ملاقات تو پہلے ہو چکی تھی پھر آپ نے ''خلافت وملوکیت''چھپنے کے بعد ان سے رابطہ کیوں نہ فرمایا۔؟ شاہ جی نے فرمایا:''میں نے حضرت مولانا مفتی سیاح الدین کاکاخیل (ممبر اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان) سے درخواست کی تھی کہ مودودی صاحب سے آپ کے مراسم بہت اچھے ہیں۔نیز آپ ان کے جماعت (جماعت اسلامی) کے رکن رکین ہیں آپ ان سے ملاقات کے لئے وقت لے دیں،مگر مودودی مرحوم کی طرف سے کوئی مثبت جواب نہ ملا''۔(ادخال الباغین ص:۲۱ تا ص:۲۲)

حضرت شاہ صاحب کا یہ انٹرویو مودودی صاحب کی وفات کے بعد کا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت شاہ صاحب کی مودودی صاحب سے صرف ایک دفعہ ملاقات ہوئی ہے، دوسری مرتبہ کی خواہش تھی لیکن مودودی صاحب نے حضرت شاہ صاحب کی اس خواہش کو پورا نہ کیا۔ لیکن حضرت شاہ صاحب کا یہ بیان مبنی بر صداقت نظر نہیں آتا کیونکہ آپ کے سوانح نگار ''علامہ عنایت اللہ گجراتی'' خطیب منڈی بہاؤالدین لکھتے ہیں:

(۱):......''حضرت شاہ صاحب نے بیان فرمایا کہ دو مرتبہ میری گفتگو'' مولانا سید ابو الاعلیٰ مودودیؒ'' امیر جماعت اسلامی سے بھی ہوئی ہے، جو بڑے پیار اور محبت بھرے انداز میں اختتام پذیر ہوتی رہی۔ (سوانح عمری حضرت عنایت اللہ شاہ بخاری ص:۱۲۲ شوکت بکڈپو شوکت بازار گجرات)

(۲):......''مولانا مودودی سے پہلی ملاقات'' گجرات میں محترم منظور خان صاحب کے مکان'' پر ہوئی، جہاں انہوں نے مجھے بھی مدعو کیا تھا اور مولانا بھی تشریف لائے ہوئے تھے۔ مسئلہ دور حاضرہ میں ان لوگوں کے پیچھے نماز ہونے نہ ہونے کا چل نکلا جو صراحۃً شرکیہ اعمال واقوال کے مرتکب ہوتے ہیں''۔ (سوانح عمری ص:۱۲۳)

(۳):......دوسری ملاقات'' اچھرہ، لاہور میں موصوف کے دولت خانہ'' پر ہوئی۔ مولانا عبدالکریم اور مولانا قاری عبدالحلیم نیز حافظ اللہ داد صاحب بھی ہمراہ تھے.......... یہاں ''تفہیم القرآن'' کے بعض مقامات پر گفتگو ہوئی۔
(سوانح عمری ص:۱۲۳)

(۴):......حضرت شاہ صاحب فرماتے ہیں: ''اور مولانا مودودی نے فرمایا: ''میں آپ کو حق گو عالم اور راست باز انسان سمجھتا ہوں۔ آپ جب کبھی لاہور تشریف لاویں مجھ سے ضرور ملا کریں''۔ اتنے میں نماز مغرب کا وقت ہو گیا اور نماز کی تیاری ہوئی۔ مولانا نے مجھ سے فرمایا کہ '' نماز پڑھاؤ''۔ میں نے کہا: '' آپ خود ہی پڑھائیں آپ کی

موجودگی میں میری امامت کیسے روا ہے''۔؟ فرمایا: شاہ صاحب! مجھے تو فخر ہوگا کہ آپ کی اقتداء میں ایک نماز پڑھ لوں''۔ چنانچہ میں نے امامت کرائی اور مولانا محترم نے میرے پیچھے نماز ادا کی۔ (سوانح عمری ص:۱۲۴)

حضرت شاہ صاحب کے انٹرویو میں جو یہاں حضرت شاہ صاحب کا ادخال الباغین میں شائع کیا گیا ہے۔ اور حضرت شاہ صاحب کے اس بیان میں جو سوانح نگار کو حضرت شاہ صاحب بتایا ہے، زمین آسمان کا فرق ہے۔

(۱):...... ''ادخال الباغین'' میں صرف ایک ملاقات کا ذکر کیا گیا ہے جس میں ''مشرک کے پیچھے نماز کا پڑھنے کا مسئلہ اور تفہیم القرآن میں اغلاط کی نشاندہی'' کا بیان ہوا ہے جب کہ ''سوانح عمری ''میں دو ملاقات کا ذکر ہے'' گجرات والی ملاقات میں مشرک کے پیچھے نماز پڑھنے کا مسئلہ'' زیر بحث آیا اور'' اچھرہ میں دوسری ملاقات، جو حضرت مودودی کے دولت خانہ شریف پر ہوئی، جس میں تفہیم القرآن کے اغلاط کی نشاندہی'' کی گئی۔

(۲):...... ''ادخال الباغین'' میں ہے کہ'' مودودی صاحب نے دوبارہ ملاقات کے لئے موقعہ نہیں دیا''۔ جبکہ'' سوانح عمری'' میں ہے کہ'' مولانا مودودی نے شاہ صاحب کو کہا کہ آپ جب کبھی لاہور تشریف لاویں مجھ سے ضرور ملا کریں''۔

اب'' یہ دونوں بیان حضرت شاہ صاحب کے اپنے فرمودہ ہیں''۔ خدا تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے کہ ان میں سے کونسا بیان ''مبنی برصداقت'' ہے۔

صادق ہوں اپنے قول میں غالب خدا گواہ کہتا ہوں سچ کہ جھوٹ کی عادت نہیں مجھے

حضرت شاہ صاحب کا ایک اور تساہل:

حضرت شاہ صاحب نے انجمن سادات ضلع گجرات کے زیر اہتمام'' یوم علیؓ ''پر منعقد ہونے والے جلسہ میں شرکت کر کے خطاب فرمایا۔ دیکھئے جنگ اخبار، راولپنڈی ۵؍ستمبر ۱۹۷۵ء۔

یہ یادر ہے کہ ''اس انجمن سادات کا بانی ٹیکسلا کا ایک رافضی ریاض حسین تھا جس کے حکم کے تحت یہ ''یوم علیؓ '' کا جلسہ منعقد کیا جارہا تھا''۔(لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم)

جاہل عوام کی عقیدت اپنے مشرک پیروں کے بارے میں مشہور ہے کہ '' وہ اپنے پیر کی ہر بات پر ایمان رکھتے ہیں چاہے وہ کتنی غلط کیوں نہ ہو''۔لیکن حیرانگی ہے تو اس بات پر ہے کہ'' حضرت شاہ صاحب کے مرید صرف جاہل ہی نہیں بلکہ بعض طلباء کرام وعلمائے عظام بھی حضرت شاہ صاحب کے مرید ہیں۔لیکن یہ حضرات جاہل عوام والی عقیدت میں مبتلا ہیں۔ان حضرات نے کبھی حضرت شاہ صاحب کی غلط باتوں پر اعتراض نہیں کیا اور شیطان اخرس بنے ہوئے ہیں گویا حضرت شاہ صاحب کی ہر بات اور ہر فعل پر ایمان ہے''۔ (لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم) جب کہ یہ ''حضرات نبی اکرم ﷺ کی حیات کے انکار کرنے میں دن رات شور مچانے میں مصروف رہتے ہیں''۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون)

۳۷

(اِنّا لِلّٰہِ وَ اِنّا الیہ راجعون)

آمدم برسر مطلب:

حضرت شاہ صاحب کا عقیدہ "مسئلہ حیاۃ النبی ﷺ" کے بارے میں جو آج ہے وہ پہلے قطعاً نہ تھا۔ حضرت شاہ صاحب "نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات جسمانی کے قائل تھے کہ نبی اکرم ﷺ اپنی قبر مبارک میں جسمانی حیات کے ساتھ زندہ ہیں اور عندالقبر امت کا درود وسلام بھی سنتے ہیں"۔ چنانچہ ۱۹۵۷ء میں "خیر المدارس ملتان" کے سالانہ جلسہ کے موقعہ پر جب اس مسئلہ میں اختلاف رونما ہوا، تو اس سے قبل حضرت شاہ صاحب "مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ" میں خطاب کر کے پھر ملتان تشریف لے گئے تھے۔ آپ نے "مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ" کے جلسہ میں بریلویوں کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ "یہ درود (الصلوة و السلام عليك يا رسول الله الصلوة و السلام عليك يا حبيب الله) روضۂ اطہر پر پڑھا جاتا ہے جہاں نبی اکرم ﷺ اس کا سماع خود فرماتے ہیں"۔ پھر حضرت شاہ صاحب نے اپنے اس عقیدہ کی تائید میں مشہور حدیث پڑھی کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ "جو شخص میری قبر کے قریب درود پڑھتا ہے میں اس کو خود سنتا ہوں"۔

اس بات کے "عینی گواہ مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ کے پرانے کارکنوں میں اب تک موجود ہیں"۔ راقم الحروف نے خود ان کی زبانی یہ بات سنی ہے۔ (۱) جناب حاجی کالے خان (۲) جناب میاں محمد صدیق صاحب (۳) جناب صوفی محمد عالم صاحب سے یہ بات دریافت کی جاسکتی ہے۔

خیر المدارس کے واقعہ کی تفصیل:

"خیر المدارس" کے سالانہ جلسہ پر حضرت شاہ صاحب کو مدعو کیا گیا۔ حضرت شاہ صاحب نے اپنی تقریر میں "حیات دنیویہ کا انکار کیا اور اس کی تردید کی"۔ جس کی بناء پر "مولانا محمد علی جالندھریؒ اور حضرت شاہ صاحب کے درمیان اس مسئلہ پر تلخ کلامی ہوئی حتی کہ حضرت شاہ صاحب نے پوری قوت سے ایک زناٹے دار تھپڑ حضرت مولانا محمد علی جالندھریؒ کے منہ پر رسید کر

دیا۔لیکن حضرت جالندھریؒ نے حضرت شاہ صاحب کو مہمان ہونے کی وجہ سے معاف کر دیا۔ حضرت جالندھریؒ کا یہ بہت بڑا کارنامہ ہے کہ باوجود قدرت انتقام کے معاف کر دیا''۔

دوسری طرف حضرت شاہ صاحب نے اخلاق سے گری ہوئی کارروائی کا مظاہرہ کیا کیونکہ ''مسائل میں بحث کے وقت فریق مخالف کو دلائل سے خاموش کرایا جاتا ہے نہ کہ لڑائی کے ذریعہ سے بلکہ لڑنا شکست خوردہ ہونے کی دلیل وعلامت سمجھا جاتا ہے''۔نیز حضرت شاہ صاحب نے نبی اکرم ﷺ کے صریح حکم کی خلاف ورزی کی ہے۔نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں:

اذا قاتل احدکم اخاہ	کہ جب تم میں سے کوئی ایک اپنے بھائی سے لڑائی کرے تو چہرہ
فلیجتنب الوجہ فان اللہ	پر مارنے سے بچے کیونکہ اللہ تعالی نے حضرت آدم علیہ السلام کا
خلق ادم علی صورتہ۔	چہرہ اسی شخص کے چہرے کے مشابہ بنایا ہے۔

اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ ''حضرت شاہ صاحب جب غصہ میں آتے ہیں تو شرعی آداب کو ملحوظ نہیں رکھتے''۔

بہر حال حضرت شاہ صاحب فرماتے تھے کہ ''میں حیات دنیویہ کا قائل نہیں ہوں'' جب کہ مولانا خیر محمد صاحبؒ اور مولانا محمد علی صاحبؒ فرماتے تھے کہ '' حیات دنیویہ کا عقیدہ رکھنا چاہئے۔کیونکہ بانی دارالعلوم دیوبند حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ کا عقیدہ یہی تھا''۔حضرت شاہ صاحب فرماتے تھے کہ'' حضرت نانوتویؒ کا یہ تفرد ہے اس لئے وہ اس عقیدہ کو ماننے پر کسی کو مجبور نہیں کرتے۔فلہٰذا دوسرے اکابر علمائے دیوبندؒ کا جو عقیدہ حیات النبی ﷺ کے بارے میں ہے، وہ حیات برزخیہ کا ہے اس لئے میں حیات برزخیہ کا قائل ہوں'' (یعنی روضۂ اطہر میں نبی اکرم ﷺ بتعلق روح مع الجسد العنصر ی حیات جسمانی کے ساتھ زندہ ہیں اور امت کا درود وسلام سنتے ہیں)۔

اس وقت حیات برزخیہ کا یہی مطلب لیا جاتا تھا۔چنانچہ اس بات کے کئی دلائل موجود ہیں جن کو ہم اپنے مدعی کے اثبات کے لئے یہاں پیش کر رہے ہیں۔

دلیل نمبر: 1

مولانا عبدالحلیم قاسمی امیر جمعیۃ اشاعت التوحید والسنۃ لاہور (المتوفی ـــــ ھ) فرماتے ہیں:

''ایک دفعہ مولوی (نذیر اللہ خان) صاحب موصوف یہاں مدرسہ میں تشریف لائے تھے تو ان کو عرض کیا گیا کہ "مـابـه النزاع" کیا ہے۔؟ ان کو شاہ صاحب کے خیالات سے باخبر کیا گیا تو کہنے لگے'' ابھی انشراح صدر ہوگیا ہے اب میں مطمئن ہوں''۔ لیکن گجرات پہنچتے ہی مولوی صاحب نے مضمون رسالہ ''دارالعلوم'' کو روانہ کردیا جس میں منکرین حیات کو خطاب تھا''۔

(ماہنامہ تعلیم القرآن، راولپنڈی ص:۱۹ نومبر ۱۹۵۹ء)

نیز مولانا قاسمی صاحب فرماتے ہیں:'' اس رسالہ (پیام مشرق) کا تازہ پرچہ ہمارے سامنے موجود ہے.........مولوی صاحب کے بیان کا خلاصہ درج ذیل ہے۔''عقیدہ حیات النبی ﷺ بزرگان دین کا عقیدہ ہے اور پوری امت احادیث کی بناء پر اس عقیدہ پر قائم ہے۔ تمام انبیاء علیہم السلام خصوصاً خاتم الانبیاء والمرسلین اپنی قبور میں زندہ ہیں اور روح کا اتصال اس سے موجود ہے، یہ اتصال روح بھی برزخی ہے جس کا معنی یہ ہے کہ عالم برزخ میں جسم وروح کا اتصال ہے اور تمام امت کا اتفاق ہے کہ حضور ﷺ قبر مبارک میں اسی طرح برزخی زندگی رکھتے ہیں اور درود وسلام سنتے ہیں''۔ (رسالہ پیام مشرق ص:۳۹، ۴۰ کالم دوم واول بابت ماہ اکتوبر ۱۹۵۹ء بحوالہ ماہنامہ تعلیم القرآن ص:۲۰ ر نومبر ۱۹۵۹ء)

نیز مولانا قاسمی فرماتے ہیں:''مولوی نذیر اللہ صاحب کے مضمون کا خلاصہ ان کے الفاظ میں من وعن نقل کردیا گیا ہے جس سے صاف ظاہر ہے کہ ''حضور ﷺ کی حیات برزخی ہے دنیوی نہیں ہے''۔ اب آپ مولانا غلام اللہ خان صاحب کے رسالہ ''تعلیم القرآن'' کو ملاحظہ کریں جو مسئلہ حیات النبی ﷺ کے بارے میں اپنی قطعی رائے پیش کرتا ہے۔

''مذکورہ بالا تحریر سے ظاہر ہوا کہ ''حیات برزخی'' ہے، دنیوی نہیں اور وہ اعلیٰ وارفع ہے۔ روح کا تعلق باقی ہے البتہ اس تعلق کی کیفیت ہمیں معلوم نہیں ہے۔ اکابر علمائے دیوبند نے اپنی

تحریروں میں اس کی تصریح کی ہے کہ انبیاء علیہم السلام کا سماع بلاشبہ ثابت ہے، خصوصاً سید الانبیاء کا مقام بہت بلند ہے اور آپ کے سماع میں کچھ شبہ نہیں ہے''۔ (رسالہ تعلیم القرآن ص:۱۱ بابت ماہ ستمبر ۱۹۵۹ء)

''الحمدللہ! ہم خوش ہیں کہ مسئلہ حیات النبی ﷺ کے صحیح خدوخال مولوی نذیر اللہ صاحب پیش کرنے پر مجبور ہو گئے۔ اور شروع میں جو کچھ انہوں نے حیات دنیوی مخبوط الحواسی میں کہا اور لکھا اس کی خود تردید کر دی ہے اور مذکورہ بالا مضمون میں جو قارئین کے سامنے نقل کر دیا گیا ہے، انہوں نے واشگاف الفاظ میں حیات برزخی کو تسلیم کر لیا ہے۔ یہی اہل السنت والجماعت کا عقیدہ ہے اور ہمارے اکابر کا عقیدہ ہے اور اسی عقیدے کے اظہار میں ہمارے دوستوں کو مطعون کیا جا رہا ہے''۔ (ماہنامہ تعلیم القرآن ص ۲۱ نومبر ۱۹۵۹ء)

حضرت شاہ صاحب گجراتی کا عقیدہ مولانا نذیر اللہ خان صاحب، مولانا عبدالحلیم قاسمی کی زبانی سن کر مطمئن ہو گئے تھے جس سے واضح ہوتا ہے کہ حضرت شاہ'' حیات برزخیہ'' یعنی ''باتصال روح مع الجسد قبر مبارک میں نبی اکرم ﷺ زندہ ہیں اور درود وسلام سنتے ہیں'' کے قائل تھے اور بقول مولانا عبدالحلیم'' ہمارے اکابر (حضرت شاہ صاحب و مولانا غلام اللہ خان صاحب) کا یہی عقیدہ تھا جس کے اظہار کرنے میں ان کو مطعون کیا جاتا تھا (اور ان کو منکر حیات النبی ﷺ کہا جاتا تھا)''۔ ''جمعیت اشاعت التوحید والسنۃ کے اکابر اس'' حیات برزخیہ'' کے قطعاً منکر نہ تھے اور نہ یہ اس وقت اختلافی مسئلہ تھا''۔ چنانچہ تعلیم القرآن ص:۳۸ نومبر ۱۹۵۹ء میں ایک طویل واقعہ میں یہ عبارت بھی موجود ہے۔'' ہمارے علاقہ میں'' حبس روح'' اور'' اخراج روح'' کے متعلق بہت ہی جھگڑا چل رہا ہے۔ حبس والے کہتے ہیں کہ حضرت مولانا قاسم صاحب نانوتوی رحمۃ اللہ بانی دارالعلوم دیوبند شریف کا مسلک'' حبس روح'' کا تھا اس لئے ہمارا بھی یہی عقیدہ ہے''۔

قارئین کرام نے ان عبارات سے معلوم کر لیا ہوگا کہ اس وقت " مابہ النزاع " کیا تھا۔؟

دلیل نمبر:2

ماہنامہ تعلیم القرآن مارچ ۱۹۵۹ء ص:۲۲ میں ہے۔

استفتاء کی نقل:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسئلہ میں۔اگر کوئی شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات دنیویہ کا قائل نہ ہو مگر حیات اخروی افضل واکمل واعلی مانتا اور سمجھتا ہو تو کیا اس جزئیہ کی وجہ سے وہ دیوبندیت یا حنفیت سے خارج ہو جاتا ہے۔؟ احقر بدیع الزمان از لاوہ بقلم خود

الجواب:

یہ مسئلہ عقائد وقطعیات سے نہیں بلکہ بعض محققین کی گرانقدر تحقیق ہے اگر کوئی شخص اس تحقیق سے متفق نہ ہو تو وہ اہل سنت والجماعت سے خارج نہیں ہے اور دیوبندیت اور حنفیت اہل سنت سے سوا کوئی علیحدہ اور جدید مذہب نہیں ہے۔فقط محمد مجیب الرحمٰن غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح دوسرے مولانا صاحب کا۔"حیات انبیاء علیهم الصلوة و السلام فی قبورهم" کا مسئلہ تقریبا تمام علماء اور فقہاء کے نزدیک متفق علیہا ہے اختلاف حیات میں نہیں ہے،"انفكاك الروح عن البدن و عدم انفكاك" میں ہے۔بعض محققین عدم کے قائل ہیں جس پر انہوں نے دلائل قائم کئے ہیں۔ فقط

سید مہدی حسن غفرلہ

۲۶-۴-۷۸ھ

یہ فتوی ان حضرات نے خود شائع کیا ہے اور اس میں یہ بتایا گیا ہے کہ حضرت نانوتویؒ کے اس نظریہ کو قبول کرنا ضروری نہیں ہے کیونکہ یہ قطعیات اور ضروریات دین میں سے نہیں بلکہ یہ ایک گرانقدر تحقیق ہے،اس سے اختلاف کیا جا سکتا ہے لیکن قبور میں انبیاء علیہم السلام کی حیات پر امت

کا اجماع ہے اس کا منکر کوئی بھی مسلمان دنیا کے کسی خطہ میں موجود نہ تھا۔

نوٹ: چونکہ اس وقت مابہ النزاع ،"انفکاك الروح عن الجسد یا عدم انفکاك الروح" تھا اس لئے بعض علماء کرام فرمادیا کرتے تھے کہ اس مسئلہ میں مت جھگڑو! یہ فرعی مسئلہ ہے۔ جو حضرات، حضرت نانوتویؒ کے نظریہ کو مانتے ہیں وہ بھی دیوبندی ہیں اور اہل السنّت والجماعت، اور جو "خروج روح عن الجسد" کے قائل ہیں اور کہتے ہیں کہ بتعلق روح حیات جسمانی قبور میں انبیاء علیہم السلام کو حاصل ہے اور وہ امت کا درود وسلام عندالقبو رسنتے ہیں، وہ بھی اہل السنّت والجماعت ہیں۔ لیکن اب جبکہ عقیدہ حیات النبی ﷺ کا بالکل انکار کیا جارہا ہے اور یہ عقیدہ بیان کیا جارہا ہے کہ روح کا جسد مبارک سے قبر مبارک میں کوئی تعلق نہیں اور جسد بالکل مردہ ہے۔ (معاذ اللہ) تو یہ عقیدہ فرعیہ نہیں بلکہ عقیدہ اصولیہ کا انکار ہے جس کی تحقیق اپنے مقام پر آرہی ہے۔ (ان شاء الله تعالیٰ)

دلیل نمبر:3

سکھر کا اجتماع:......محترم حاجی محمد ابراہیم، جن کے مولانا محمد علی صاحب جالندھریؒ کے ساتھ دوستانہ مراسم ہیں، انہوں نے مولانا محمد علی صاحبؒ کو بلانے اور مسئلہ پر گفتگو کرانے کا ذمہ لیا بلکہ انہوں نے ہی اس اجتماع کی تحریک کی۔ چنانچہ ان کی دعوت پر مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب بخاری، مولانا غلام اللہ خان صاحب اور مولانا محمد علی جالندھری سکھر تشریف لے گئے۔ فریقین کے درمیان خط وکتابت کے ذریعہ موضوع بحث وغیرہ کا تصفیہ ہوا۔ مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب بخاری نے مولانا محمد علی صاحبؒ کی طرف لکھ بھیجا کہ ''سلف سارے'' حیات برزخی'' ہی کے قائل رہے اور بعض حیات دنیوی کے قائل ہو گئے مگر ہم دونوں کو اہل سنت ہی سمجھتے ہیں''۔ الخ (ماہنامہ تعلیم القرآن، راولپنڈی ص:۶ فروری ۱۹۶۱ء)

حضرت شاہ صاحب کی اس تحریر سے معلوم ہوا کہ ''حیات دنیوی کے ماننے والے حضرت شاہ صاحب کے ہاں اہل سنت ہی ہیں''۔ (بہت خوب)

دلیل نمبر:4

مسئلہ ''حیات النبی ﷺ'' بجواب مضمون ''حیات النبی ﷺ'' مولانا نذیر اللہ صاحب بحوالہ ماہنامہ ''پیام مشرق'' ماہ اکتوبر ۱۹۵۹ء (دوسری قسط)

نمبر:1

" نحمده و نصلی علی رسوله الکریم ! اس سلسلے میں ماہنامہ ''تعلیم القرآن'' ماہ ستمبر میں ۱۹۵۹ء میں پہلی قسط قارئین کی خدمت میں پیش ہو چکی ہے، اس میں ہم اپنا مسلک پورا واضح کر چکے ہیں۔ جس کی آپ کی یہ پیش کردہ عبارت بھی واضح دلیل ہے اور صلوۃ و سلام عند القبر کے متعلق حضرت گنگوہیؒ مرحوم اور شیخ ابن ہمامؒ کے حوالہ سے فتویٰ بھی شائع کر چکے ہیں''۔ (ماہنامہ تعلیم القرآن ص:۹ دسمبر ۱۹۵۹ء)

نمبر:2

''البتہ ہم واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ ہم ''حیات النبی ﷺ '' کے منکر نہیں۔ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بعد الممات حیات برزخیہ کے معتقد، قائل ہیں اور یہی عقیدہ ہے تمام سلف صالحین کا''۔ (تعلیم القرآن ص:۹ ایضاً)

نمبر:3

''باقی روح کا مستقر آسمان ہونا اور جسد اطہر کے ساتھ اس کا تعلق ہونا یہ تو ہمارا مسلک ہے۔ آپ اپنے موقف کی دلیل دیں اور خلط مبحث میں نہ فرمادیں''۔ (تعلیم القرآن ص:۱۱)

نمبر:4

مگر عقیدہ اہل السنۃ والجماعۃ تو یہ ہے کہ ''قبر میں عالم برزخ میں جسد اطہر کو روح کے اتصال برزخی سے حیات برزخیہ حاصل ہے''۔ (مولانا بھی انصاف کریں اور ناظرین

کرام بھی غور سے ملاحظہ فرمائیں کہ وہ یہ ہے جو ہم حیات برزخیہ کے قائل کہتے ہیں یا وہ ہے جو مولانا موصوف کا حیات دنیویہ کا عقیدہ ہے)۔ (تعلیم القرآن ص:۱۴ ایضاً)

نمبر:5

(اس چادر میں نبی ﷺ کی روح مبارک بدن سے نکالی گئی)۔ پھر اس کے بعد روح اطہر کا عالم بالا میں ہوتے ہوئے جسد اطہر سے جو قبر مبارک میں بحالہ محفوظ ہے، تعلق ہے۔ جس کی وضاحت حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلویؒ کی کلام سے مذکور ہو چکی ہے۔ اس تعلق کا نام ہے ''حیات''۔ اور یہی حیات برزخیہ ہے جس کی بناء پر قبر مبارک کے پاس صلوۃ وسلام پڑھا جائے تو آنحضرت ﷺ سنتے ہیں۔ بتلایئے یہ عقیدہ ہے سلف صالحین کا یا نہیں۔؟ (تعلیم القرآن ص:۱۶)

حیات برزخیہ کا مفہوم اس وقت کسی کے ہاں یہ نہ تھا کہ صرف روح زندہ ہے اور روح کا جسم سے کوئی تعلق نہیں اور جسم معاذ اللہ مردہ و بے حس و بے حرکت ہے۔ (معاذ اللہ)

دلیل نمبر:5

ایک طویل فتوی جس کا فوٹو ''قہر حق بر صاحب ندائے حق'' حصہ اول ص:۲۲۱ تا ص:۲۲۳ میں لگا دیا گیا ہے اس کے نمبر ۵ کے تحت یوں تحریر ہے۔ ''کئی اکابر علماء دیوبند نے اپنی تحریروں میں تصریح کی ہے کہ عند القبر انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کا سماع بلا شبہ ثابت ہے خصوصاً سید الانبیاء علیہ الصلوۃ والسلام کا مقام بہت بلند ہے اور آپ ﷺ کے سماع میں تو کچھ شبہ ہی نہیں''۔ اللھم صل وسلم علیہ الصلوۃ وسلاما دائمین (ھذا واللہ تعالی اعلم وعلمہ اتم)

عبدالرشید مفتی دارالعلوم تعلیم القرآن راولپنڈی ۲۷ صفر ۱۳۷۹ھ

الجواب صحیح لاشی غلام اللہ خان مہر دارالافتاء

(ماہنامہ تعلیم القرآن ص:۱۱ ستمبر ۱۹۵۹ء)

حضرت مفتی عبدالرشید صاحب دام مجدہ اور حضرت شیخ القرآن مرحوم کے ہاں ''انبیاء علیہم

السلام کے سماع عند القبور میں مؤمن شک نہیں کرتا البتہ منافق شک کرے تو اس کا اعتبار نہیں ہے''۔

دلیل نمبر:6

''سہ روزہ ترجمان اسلام لاہور'' جو حضرت مولانا احمد علی صاحب کی سرپرستی میں شائع ہوتا ہے، کی ۲۵-۲۹ / اکتوبر ۱۹۵۹ء کی اشاعت میں پہلے صفحہ پر یہ خبر شائع ہوئی ہے۔ ''وفاق المدارس العربیہ'' کے پہلے تاریخی اجلاس کے موقعہ پر ملتان میں وقفہ کے ایک گھنٹہ میں اکابر علماء نے بیٹھ کر اس صورت حال پر غور کیا جو مولانا غلام اللہ خان صاحب اور ان کے مدرسہ کے طالب علموں کی سختی، تیزی اور اکابر علماء کی مخالفت سے پیدا ہو رہی ہے۔ اس کے بعد کچھ علماء کے نام گنائے ہیں اور اس کے بعد یہ الفاظ مرقوم ہیں۔ ''سب علماء حق (علماء دیوبند) نے اس مسلک اہل السنۃ والجماعۃ کے مطابق سختی سے اعتقاد رکھنے کی تاکید فرمائی کہ '' آنحضرت ﷺ روضۂ اطہر میں جسد مبارک کے ساتھ حیات ہیں، آپ درود و سلام سنتے ہیں اور اس کا جواب دیتے ہیں''۔ بہت افسوس کی بات ہے کہ اگر ذمہ دار لوگ بھی اس قسم کے غیر ذمہ دارانہ باتیں کرنے لگیں تو عوام پر پھر کیا افسوس ہے......! قطع نظر اس سے کہ مولانا غلام اللہ خان صاحب اور ان کے شاگرد سختی کر رہے ہیں یا نہیں، اور ایسی صورت حال جس کا خبر میں ذکر کیا گیا ہے، پیدا کرنے کی ذمہ داری کس پر ہے، سوال صرف یہ ہے کہ کیا مولانا غلام اللہ خان صاحب اور ان کے دوسرے ساتھی حیات النبی ﷺ کے منکر ہیں۔؟ حالانکہ مولانا موصوف تقریر و تحریر کے ذریعے اپنا عقیدہ واضح طور پر بیان کر چکے ہیں کہ '' حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پاک رفیق اعلیٰ میں ہے اور آپ کو حیات برزخی حاصل ہے جو اس دنیوی حیات سے اعلیٰ اور ارفع ہے''۔ چنانچہ ماہنامہ ''تعلیم القرآن'' بابت ماہ ستمبر ۱۹۵۹ء میں انہوں نے تصریح کی ہے کہ '' حیات برزخی ہے، نہ دنیوی اور وہ اعلیٰ اور ارفع ہے، روح کا تعلق باقی ہے اور تنعم وغیرہ میں اجساد کو بھی شمولیت ہے اور وہ اسی تعلق پر مبنی ہے البتہ اس تعلق کی کیفیت ہمیں معلوم نہیں ہے''۔ اس کے بعد تحریر فرماتے ہیں۔ '' کئی اکابر علماء دیوبندؒ

نے اپنی تحریروں میں تصریح کی ہے کہ ''عند القبر انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کا سماع بلا شبہ ثابت ہے'' خصوصا سید الانبیاء علیہ الصلوۃ والسلام کا مقام بہت بلند ہے اور آپ ﷺ کے سماع میں تو کچھ شبہ ہی نہیں''۔اتنے صاف اعلان کے بعد بھی اگر کوئی شخص ضد پر اڑا رہے اور ان کے خلاف نفرت پھیلانے میں مصروف رہے تو پھر ہم اس کا مقصد کیا سمجھیں گے۔''ترجمان'' کی مسطورہ بالا تصریحات سے یہ تأثر بھی پیدا ہوتا ہے کہ''تمام علماء کرام حیات دنیوی کے قائل ہیں''اور مولانا غلام اللہ خان صاحب کے ہمنوا صرف ان کے مدرسہ کے طالب علم ہی ہیں اور علماء میں سے کوئی بھی ان کے ساتھ نہیں۔چنانچہ''شیخ الحدیث حضرت مولانا نصیر الدین صاحب غورغشتی والوں کو یہ سن کر غصہ آ گیا کہ صرف مولوی غلام اللہ خان ہی کا اس مسئلہ میں نام لیا جاتا ہے حالانکہ میں بھی حیات برزخی ہی کا قائل ہوں جو اس دنیوی حیات سے کہیں دور اعلیٰ اور ارفع ہے''۔حضرت شیخ الحدیث مدظلہ العالی کے سوا ہندو پاکستان کے متعدد علمائے کرام اور شیوخ عظام بھی''صرف حیات برزخی کے عقیدہ میں''مولانا غلام اللہ خان صاحب کے ساتھ ہیں۔جن میں سے کچھ حضرات کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب سابق شیخ الحدیث مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور، شیخ التفسیر حضرت مولانا عبدالشکور صاحب سابق شیخ التفسیر مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور، شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد طاہر صاحب پنج پیر (صوابی)، حضرت مولانا عبدالہادی صاحب شاہ منصور (صوابی)، شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد غفران صاحب مردان، شیخ الحدیث حضرت مولانا قاضی شمس الدین صاحب سابق مدرس دارالعلوم دیوبند، شیخ التفسیر حضرت مولانا نور محمد صاحب، حضرت مولانا سید فیض علی شاہ صاحب بخاری سابق مدرس دارالعلوم دیوبند، شیخ طریقت حضرت مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب بخاری اور حضرت مولانا غلام مصطفیٰ صاحب کیمبل پور دامت برکاتہم۔ (ماہنامہ تعلیم القرآن ص:۳۱ تا ۳۲ بابت ماہ جنوری ۱۹۶۰ء)

اس تحریر بالا سے معلوم ہوا کہ حضرت مولانا غلام اللہ خان حیات برزخیہ کے عقیدہ میں اکیلے نہیں ہیں بلکہ یہ سب حضرات سید عنایت اللہ شاہ صاحب گجراتی سمیت حیات برزخیہ کے عقیدہ

میں حضرت شیخ القرآن صاحب کے ساتھ متفق ہیں ۔اور حیات برزخیہ کا عقیدہ کیا ہے اور مولانا غلام اللہ خان صاحب کا عقیدہ کیا تھا۔؟ یہ تحریر بالا میں واضح طور پر بیان ہو چکا ہے اس تحریر کو دوبارہ پڑھ کر ایمان تازہ کرلیں۔

حضرت مولانا نصیر الدین غورغشتویؒ:

حضرت مولانا نصیر الدین غورغشتویؒ کا عقیدہ واقعی حیات برزخی کا تھا وہ حیات برزخی کیا ہے۔؟ ذرا ملاحظہ کریں۔

میں (غورغشتوی) اور مولانا غلام اللہ خان صاحب عقائد میں متفق ہیں، میں بھی نبی علیہ السلام کی وفات کے بعد برزخی حیات کا قائل ہوں اور وہ بھی برزخی حیات کے قائل ہیں۔ میں بھی یہ کہتا ہوں کہ روضہ پاک کے قرب میں جب درود جہراً پڑھا جائے تو نبی علیہ السلام سنتے ہیں اور جواب دیتے ہیں اور جناب مولانا غلام اللہ خان صاحب نے بھی اپنے ماہنامہ ''تعلیم القرآن'' میں یہ لکھا ہے''۔ (ماہنامہ تعلیم القرآن ص:۲۵ ماہ ستمبر ۱۹۶۰ء)

حضرت مولانا نصیر الدین غورغشتویؒ نے ''مشکوۃ شریف'' کا حاشیہ تحریر کیا ہے جو لاہور سے طبع کیا گیا ہے باہتمام مولانا فخر الدین ومولانا محمد ابراہیم صاحبزادگان نصیر الدینؒ ساکن غورغشتی۔'' اس میں وہ عام اموات کے لئے بھی حیات جسمانی اور عند القبور کلام وسلام کے سماع کا کھلے لفظوں میں اقرار کرتے ہیں''۔ چنانچہ تحریر فرماتے ہیں:

ذکر السیوطی فی کتاب" شرح الصدور فی احوال القبور" بالاخبار الصحیحة والآثار الصریحة ان سائر الاموات ایضاً یسمعون السلام والکلام وتعرض علیهم اعمال اقاربهم فی بعض الایام الا ان الانبیاء علیهم	امام سیوطیؒ نے اپنی کتاب'' شرح الصدور''میں صحیح اورصریح حدیثوں سے ثابت کیا ہے کہ تمام مردے بھی سلام وکلام سنتے ہیں اور ان کے رشتہ داروں کے اعمال بعض دنوں میں ان

پر پیش کئے جاتے ہیں مگر انبیاء علیہم السلام کی حیات بہت کامل درجہ کی ہے السلام تکون حیاتھم علی الوجه الاکمل۔ (حاشیہ مشکوۃ ج: ۱، ص: ۱۳۲)

☆......نیز عذاب قبر کے سلسلہ میں فرماتے ہیں کہ ''یہ عذاب روح اور جسد عنصری دونوں کو ہوتا ہے''۔دیکھئے حاشیہ مشکوۃ ج:۱ ص:۲۵ (نیز دیکھئے راقم الحروف کی لاجواب کتاب قہر حق بر صاحب ندائے حق حصہ اول ص:۲۷۵) نیز دیکھئے حاشیہ مشکوۃ ج:۱ ص:۱۵۶۔

☆......حدیث "من صلی علی عند قبری سمعته" (جو میری قبر کے پاس درود پڑھے اس کو میں خود سنتا ہوں) اس کے بین السطور لکھتے ہیں: "ای سمعًا حقیقیًا بلا واسطة" (یعنی سننا حقیقۃً بغیر کسی واسطہ کے) دیکھئے مشکوۃ محشی: مولانا نصیر الدین غورغشتویؒ ص:۹۳۔

☆......نیز فرماتے ہیں: "وصح خبر الانبیاء احیاء فی قبورهم یصلون" (حاشیہ مشکوۃ ج:۱ ص:۱۳۲)۔ ''انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں نماز پڑھتے ہیں یہ حدیث صحیح ہے''۔

یہ تھے مولانا نصیر الدین غورغشتویؒ، جو ''جمعیت اشاعت التوحید والسنۃ کے سرپرست اعلیٰ'' تھے۔دیکھئے (تعلیم القرآن، راولپنڈی ص:۴۲ جنوری ۱۹۵۸ء) اور حضرت مولانا حسین علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ اعظم تھے۔

حضرت شیخ القرآن کی موافقت کرنے والے حضرات میں سے جو ''حیات برزخی'' میں ان سے موافقت کرتے تھے، ان میں حضرت مولانا عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ کا نام بھی لیا گیا ہے۔

حضرت مولانا عبدالرحمٰن کا عقیدہ:

حضرت مولانا عبد الرحمٰن بہبودیؒ فرماتے ہیں: ''میرے نزدیک مولانا محمد منظور نعمانی صاحب کا مضمون جو مختلف رسائل میں طبع وشائع ہو چکا ہے اس باب میں بہترین مضمون ہے'' ملاحظہ فرمایا جائے۔(تعلیم القرآن ص:۸۸ جولائی واگست ۱۹۶۰ء)

مولانا محمد منظور نعمانیؒ لکھتے ہیں: ''بہرحال'' حیات انبیاء'' علیہ السلام کا یہ مطلب کسی کے نزدیک بھی نہیں کہ ان پر موت قطعاً طاری ہی نہیں ہوتی بلکہ اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ وفات

کے بعد ان حضرات کو پھر حیات (مع الجسد) بخش دی جاتی ہے اور وہ صحیح وسالم قبروں میں محفوظ رہتے ہیں جیسا کہ احادیث میں وارد ہے"۔ هذاالجواب ويتوب الله على من تاب

محمد منظور نعمانی عفا اللہ عنہ

(تعلیم القرآن ص:۳۲ مئی ۱۹۵۹ء)

نیز ملا علی قاریؒ کے حوالہ سے لکھتے ہیں:

"زیارت قبر اقدس کے بڑے فائدوں میں سے ایک یہ ہے کہ زائر جب آپ کی قبر شریف کے پاس صلوۃ وسلام پڑھتا ہے تو آپ خود جواب عطاء فرماتے ہیں بخلاف اس شخص کے، جو دور سے درود وسلام پڑھتا ہے، وہ آپ کو نہیں پہنچتا مگر بذریعہ فرشتوں کے بوجہ اس کی کہ عمدہ سند سے منقول ہے کہ جو شخص میری قبر کے پاس درود شریف پڑھتا ہے میں اس کو سنتا ہوں اور جو شخص دور سے پڑھتا ہے اس کی مجھے اطلاع دی جاتی ہے"۔ (تعلیم القرآن ص:۳۱ تا ۳۲ مئی ۱۹۵۹ء)

مولانا منظور نعمانی مدظلہ کی یہ تحریر اور یہ عقیدہ مولانا عبد الرحمٰن بہبودیؒ کے ہاں پسندیدہ اور قابل عمل ہے۔ حضرت مولانا عبد الرحمٰن بہبودی " بھی" جمعیت اشاعت التوحید والسنۃ" کے سرپرست تھے۔ دیکھئے (تعلیم القرآن ص:۵۳ نومبر ۱۹۶۲ء)

حضرت قاضی شمس الدین صاحب تحریر کرتے ہیں:

"جس طرف نصیر الدین جیسے فرشتہ سیرت انسان اور مولانا عبد الرحمٰن صاحب جیسے جید عالم، جن کی عمریں قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھاتے گزر گئیں وہاں حق کی فتح تو یقینی ہے" الخ (مسالک العلماء طبع اول ص:۱۷۳)

حضرت قاضی صاحب کے نزدیک ان حضرات کا عقیدہ سچا اور مبنی برحق تھا اور ان حضرات کے خلاف عقیدہ رکھنے والا باطل پرست شمار ہوگا۔

ع مدعی لاکھ پہ بھاری ہے گواہی تیری

حضرت مولانا قاضی شمس الدین صاحب بھی برزخی حیات میں حضرت شیخ القرآن سے متفق تھے۔

حضرت مولانا قاضی شمس الدین کا عقیدہ:

''حضرت قاضی صاحب سماع صلوۃ وسلام عندالقبر الشریف کے قائل تھے۔ کیونکہ وہ سماع صلوۃ کو اپنے ایک خط میں تسلیم کر چکے تھے جو انہوں نے کسی وقت مولانا محمد علی جالندھری کو لکھا تھا''۔ (تعلیم القرآن ص:۵۴ اگست ۱۹۶۲ء)

بلکہ حضرت قاری محمد طیب صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے جس عبارت پر فریقین سے دستخط کرائے تھے، دراصل وہ حضرت قاضی صاحب کا ہی عقیدہ تھا۔ چنانچہ حضرت قاری صاحبؒ مہتمم دارالعلوم فرماتے ہیں: ''اور اس میں میں نے کوئی زائد بات نہیں لکھی یہ تحریر مولانا قاضی شمس الدین صاحب ہی کی ایک تحریر کا خلاصہ ہے جو مولانا محمد علی صاحبؒ کے پاس موجود ہے۔ (تعلیم القرآن ص: ۵۴ اگست ۱۹۶۲ء) فریقین کے درمیان معاہدہ کی اصل تحریر عنقریب ذکر ہونے والی ہے۔(ان شاء الله تعالی)

حضرت مولانا غلام مصطفیٰ صاحب کیمبل پوریؒ بھی ''برزخی حیات'' میں حضرت شیخ القرآن مرحوم سے متفق تھے۔

حضرت مولانا غلام مصطفیٰ صاحب کا عقیدہ:

مولانا کا تعلق ہمیشہ ''اشاعۃ التوحید والسنہ'' سے رہا۔ دیکھئے وصیت نامہ حضرت مولانا قاضی غلام مصطفیٰ صاحب کا ابتدائیہ ص:۱۰ از مولانا عبدالرحیم بن مولانا غلام مصطفیٰ صاحب ناشر: مکتبہ مدنیہ، جامع مسجد مدنی پنڈی روڈ، تلہ گنگ، ضلع چکوال فون نمبر ۴۰۔ مولانا موصوف کا انتقال ۲۹ر جنوری ۱۹۷۷ء میں ہوا۔ مرحوم کے سب سے قریبی رفیق حضرت شیخ القرآنؒ نے نماز جنازہ پڑھائی۔ ابتدائیہ وصیت نامہ ص:۱۴۔ مرحوم کا عقیدہ ملاحظہ ہو۔

''ہاں صلوۃ وسلام خطاب کے صیغہ سے عند قبر النبی ﷺ ضرور پڑھے اس میں برکات

ہیں اور احقر سماع صلوۃ و سلام عند قبر النبی ﷺ کا قائل ہے۔ (حاشیہ وصیت نامہ ص ۱۱۶:)

مولانا ضیاء اللہ شاہ گجراتی اس عبارت پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ''کتاب کے حاشیہ پر مسئلہ سماع صلوۃ وسلام کا ذکر بالکل اسی انداز میں ہے، اور یہ اس زمانہ کی بات ہے جب اس مسئلہ پر جماعت کا متفقہ فیصلہ نہیں ہوا تھا۔ اب تو الحمدللہ عدم سماع پر جماعت کا اتفاق ہو چکا ہے''۔
(ماہنامہ صراط مستقیم گجرات ربیع الاخر ۱۴۰۸ھ/دسمبر ۱۹۸۷ء ص:۴۴)

ان شاء اللہ اس کا بیان آگے آرہا ہے کہ وہ کون تھے جنہوں نے گمراہی کا ارتکاب کرتے ہوئے عدم سماع پر دستخط کئے ہیں۔

حضرت مولانا قاضی نور محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ بھی واضح اور دوٹوک تھا جس کا بیان ہورہا ہے ملاحظہ کریں۔

دلیل نمبر:7

حضرت قاری (محمد طیب) صاحب دامت برکاتہم نے اس سلسلے کا جو سب سے پہلا خط مولانا غلام اللہ خان صاحب کو لکھا تھا اس میں حضرت موصوف نے اس نزاع کو ختم کرنے کے لئے مسئلہ حیات النبی ﷺ کے لئے حسب ذیل مشترکہ عنوان تجویز فرمایا۔ ''نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جسمانی طور پر برزخ میں حیات ہے''۔ مولانا غلام اللہ خان صاحب نے اس عنوان کو رد کئے بغیر ایک اور عنوان تجویز کر کے محترم قاری صاحب کی خدمت میں ارسال کیا مگر حضرت قاری صاحب نے اس کے جواب میں اس عنوان پر اپنی تجویز فرمودہ عنوان کو راجح خیال فرمایا اور قطع نزاع کے لئے اسی پر فریقین کے متفق ہو جانے کو ضروری سمجھا، چنانچہ مولانا غلام اللہ خان صاحب اور ان کی جماعت کے باقی تینوں مذکور الصدر حضرات نے باہمی مشورہ کر کے حضرت قاری صاحب مدظلہ کے عنوان سے کلی اتفاق کیا اور چاروں حضرات نے اس پر دستخط کر کے محترم قاری صاحب کی خدمت میں پیش کر دیا۔ (تعلیم القرآن ص ۹، اگست ۱۹۶۲ء)

اور باقی تینوں مذکور الصدر سے مراد حضرت قاضی نور محمد صاحب، مولانا قاضی شمس الدین صاحب اور مولانا عنایت اللہ شاہ گجراتی ہیں۔ جیسا کہ اسی ماہنامہ کے ص: ۱۷ میں ان کا نام صراحۃ موجود ہے۔ اس سے ثابت ہوا کہ یہ حضرات نبی اکرم ﷺ کی حیات جسمانی کے کھلے طور پر قائل تھے جن میں حضرت شاہ صاحب گجراتی بھی شامل ہیں۔ اور یہی جسمانی حیات ان حضرات کے ہاں برزخی کہلاتی تھی۔

دلیل نمبر:8

محترم قاری صاحب نے فرمایا کہ ''میں چاہتا ہوں کہ صلح کے لئے ایک ایسی مشترکہ عبارت تجویز کی جائے جو تمام علمائے دیوبند کا متفقہ مسلک ہو اور جس پر علمائے دیوبند کے یہ دونوں فریق متفق ہو جائیں اور جو عبارت میں نے تجویز کی ہے وہ فریقین میں قدر مشترک ہے اور اس میں میں نے کوئی زائد بات نہیں لکھی۔ یہ تحریر مولانا قاضی شمس الدین صاحب ہی کی ایک تحریر کا خلاصہ ہے جو مولانا محمد علی صاحب کے پاس موجود ہے۔ اس لئے مجھے امید ہے کہ اس عبارت پر فریقین کے دستخط ہو جانے سے نزاع کا خاتمہ ہو جائیگا۔ چنانچہ مولانا غلام اللہ خان صاحب نے محترم قاضی نور محمد صاحب سے مشورہ کر کے فیصلہ کیا کہ اس پر دستخط کر دیئے جائیں۔ کیونکہ "سماع صلوۃ عند القبر الشریف" پر تو تمام اکابر علمائے دیوبند متفق ہیں۔ اس لئے اگر جماعت کی خیر خواہی اور نزاع کو ختم کرنے کے لئے اس پر دستخط کئے جائیں تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ چنانچہ دونوں حضرات نے دستخط کر دیئے۔ یہ دونوں حضرات مولانا قاضی شمس الدین صاحب کی طرف سے مطمئن تھے کیونکہ وہ سماع صلوۃ کو ایک خط میں تسلیم کر چکے تھے جو انہوں نے کسی وقت مولانا محمد علی جالندھری کو لکھا تھا۔ (تعلیم القرآن ص: ۵۴ اگست ۱۹۶۲ء)

دلیل نمبر:9

آخر نتیجہ یہ نکلا کہ دونوں حلقوں نے احقر (قاری محمد طیب صاحب) کی پیش کردہ قدر مشترک کے عنوان کو قبول کر لیا اور اس قدر مشترک کی تحریر یادداشت پر، جو احقر نے اپنے دستخط

سے پیش کی، فریقین نے دستخط فرما دیئے۔ اس تحریر یادداشت کا متن بلفظہ حسب ذیل ہے:
''عامہ مسلمین کو فتنہ نزاع وجدال سے بچانے کے لئے مناسب ہوگا کہ مسئلہ حیات النبی علیہ کے سلسلہ کے ہر دو فریق کے ذمہ دار حضرات عبارت ذیل پر دستخط فرمائیں۔ یہ عنوان مسئلہ کا قدر مشترک ہوگا، ضرورت پڑنے پر اسی کو عوام کے سامنے پیش کر دیا جائے۔ عبارت حسب ذیل ہے
''وفات کے بعد نبی کریم علیہ کے جسد اطہر کو برزخ (قبر شریف) میں یہ تعلق روح حیات حاصل ہے اور اس حیات کی وجہ سے روضۂ اقدس پر حاضر ہونے والوں کا آپ علیہ السلام صلوۃ وسلام سنتے ہیں''۔ احقر محمد طیب حال وارد راولپنڈی ۲۲ر جون ۱۹۶۲ء۔ (مولانا قاضی) نور محمد خطیب جامع مسجد قلعہ دیدار سنگھ، لاشی (مولانا) غلام اللہ خان، (مولانا) محمد علی جالندھری عفی اللہ عنہ۔

اس مختصر عبارت کی کافی تفصیل چونکہ مولانا قاضی شمس الدین صاحب (برادر خورد مولانا قاضی نور محمد صاحب) اپنے مکتوب میں لکھ کر مولانا محمد علی صاحب جالندھری کے پاس بھیج چکے تھے، اس لئے یہ عبارت بالا ان کی مسلمہ ہے، بناء بریں اس عبارت پر ان کے دستخط کرانے کی ضرورت نہیں سمجھی گئی۔ عبارت بالا کو ان کا مسلمہ سمجھا جائے۔ چونکہ اس موقع پر سید عنایت اللہ شاہ صاحب بخاری بوجہ علالت راولپنڈی تشریف نہ لا سکے، اس لئے احقر (قاری محمد طیب) کے عرض کرنے پر اور مسودہ پیش کرنے پر حضرت مولانا قاضی نور محمد صاحب اور مولانا غلام اللہ خان صاحب نے ان کے بارے میں حسب ذیل تحریر پر دستخط کر کے بندہ کو عنایت فرمائی جس کا متن بلفظہ حسب ذیل ہے۔''ہم (مولانا قاضی نور محمد صاحب اور مولانا غلام اللہ خان صاحب) اس کی پوری کوشش کریں گے کہ سید عنایت اللہ شاہ صاحب سے بھی اس تحریر (مندرجہ بالا) پر دستخط کرائیں جس پر ہم نے دستخط کئے ہیں۔ اگر ممدوح اس پر دستخط نہ کریں گے تو ہم مسئلہ حیات النبی علیہ میں اس تحریر کی حد تک ان سے براءت کا اعلان کر دیں گے۔ نیز اپنے جلسوں میں ان سے مسئلہ حیات پر تقریر نہ کرائیں گے اور اگر اس مسئلہ میں وہ کوئی مناظرہ وغیرہ کریں گے تو ہم اس بارے میں ان کو مدد نہ دیں گے۔ نور محمد خطیب قلعہ دیدار سنگھ۔ لاشی غلام اللہ خان (۲۲ جون ۱۹۶۲ء) (تعلیم

القرآن ص ۔۔ تا ۲۵ اگست ۱۹۶۲ء)

اتحاد کی خوشی:

مولانا سجاد بخاری صاحب لکھتے ہیں: ''اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے علمائے دیوبند کی جماعت کا اتحاد و اتفاق دوبارہ بحال فرمادیا ہے۔ اللہ تعالیٰ فریقین کو اس نعمت مترقبہ کی قدر دانی کرنے اور اس اتحاد کو قائم اور برقرار رکھنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ امین

حضرت مہتمم (دارالعلوم دیوبند) صاحب دامت برکاتہم ہمارے دلی شکریہ اور مبارکباد کے مستحق ہیں جن کے نیک ارادوں اور جن کی بے لوث کوششوں سے یہ صلح معرض وجود میں آئی ''۔الخ (سجاد بخاری ۱۰ر جولائی ۶۲ء تعلیم القرآن اگست ۶۲ ص:۲۰)

مولانا سجاد بخاری کی اس تحریر سے معلوم ہوا کہ مولانا موصوف اس انکار حیات وسماع کی بدعت سے کوسوں دور تھے جب کہ آج اس بدعت قبیحہ میں سرتا پا غرق ہیں۔ (نعوذ باللہ من ذلك)

قرارداد

مسئلہ حیات النبی ﷺ کا فیصلہ:

''جمعیت اشاعت التوحید والسنہ'' کا یہ نمائندہ اجتماع اس بات کا فیصلہ کرتا ہے اور اپنی تمام جماعت سے اس کی پابندی کرنے کی درخواست کرتا ہے کہ حضرت مولانا علامہ قاری محمد طیب صاحب دامت برکاتہم مہتمم دارالعلوم دیوبند کی تجویز کردہ عبارت پر فریقین کے درمیان جو صلح ہوئی ہے، قائم رکھا جائے اور اسے ہرگز نہ توڑا جائے۔ (مگر یہ کہ فریق ثانی صلح کے خلاف کسی قسم کا اقدام کرے) ہماری جماعت جس طرح پہلے متحد ہو کر اشاعت توحید وسنت کا کام کرتی رہی ہے ،اسی طرح آئندہ بھی کرتی رہے۔ (تعلیم القرآن ص:۵۳ اگست ۱۹۶۲ء)

معلوم ہوا کہ تمام ''جمعیت اشاعت التوحید والسنہ'' کا یہی عقیدہ تھا اس وقت قرآن مجید و

حدیث شریف کے خلاف یہ عقیدہ نہ تھا کیونکہ ''جمعیت اشاعت التوحید والسنہ'' کا عقیدہ یہی تھا۔ اب یہ عقیدہ قرآن مجید وحدیث شریف کے خلاف نظر آتا ہے کیونکہ اب یہ عقیدہ ''جمعیت اشاعت التوحید والسنہ'' کا نہیں رہا گویا قرآن مجید و حدیث شریف ان کے ذہنی فکر کے تابع ہے۔ (معاذاللہ)

دلیل نمبر:10

مولانا سجاد بخاری صاحب لکھتے ہیں: ''باقی رہا آنحضرت ﷺ کی قبر مبارک کے پاس صلوۃ وسلام کے سماع کا مسئلہ، تو اس میں فریقین کے درمیان قطعاً کوئی اختلاف نہیں تھا جیسا کہ آج سے تقریباً تین سال پہلے ماہنامہ تعلیم القرآن شمارہ ماہ ستمبر ۱۹۵۹ء اور پھر اس کے بعد شمارہ ماہ ستمبر ۱۹۶۲ء میں دوسرے فریق (جمعیت اشاعت التوحید والسنہ) کے اس بارے میں مسلک کی صراحت موجود ہے۔ البتہ اس فریق کے بعض حضرات، جن میں حضرت مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب بخاری خصوصیت سے قابل ذکر ہیں، عند القبر سماع صلوۃ و سلام کے دوام اور ہمہ وقتی ہونے کے قائل نہیں ہیں الا خرق العادۃ''۔ (تعلیم القرآن ص:۱۸ تا ۱۹ اگست ۱۹۶۲ء)۔

خلاصہ یہ نکلا یہ عقیدہ سماع صلوۃ وسلام کا امت میں اختلافی نہیں تھا اور نہ جمعیت اشاعت التوحید والسنہ کا اس عقیدہ میں کوئی اختلاف تھا۔ ہاں! شاہ صاحب گجراتی بھی سماع کے قائل تھے لیکن ہر وقت سننے کے قائل نہ تھے۔ ہر وقت سننے کے لئے وہ خرق عادت کی قید لگاتے تھے۔ البتہ بعض وقت سماع ان کے نزدیک بغیر خرق عادت کے بھی ثابت تھا کیونکہ حضرت شاہ صاحب حیات جسمانی کے بھی قائل تھے۔ لیکن سجاد صاحب کا حضرت شاہ صاحب گجراتی کی نسبت یہ تحریر کرنا کہ عند القبر سماع صلوۃ و سلام کے دوام اور ہمہ وقتی ہونے کے قائل نہیں ہیں الا خرق العادۃ، راقم الحروف کے نزدیک درست نہیں۔ کیونکہ حضرت شاہ صاحب نے اس معاہدے کا انکار نہیں کیا جو حضرت قاری محمد طیب صاحبؒ نے ایک عبارت پر فریقین سے دستخط لئے تھے بلکہ

یہ معاہدہ واتحاد حضرت شاہ صاحب کی مرضی اور تحریک کے باعث ہوا ہے اور حضرت شاہ صاحب کی اجازت اور رضاء سے یہ عقیدہ حیات وسماع تعلیم القرآن میں شائع کیا گیا ہے۔

ثبوت ملاحظہ ہو:

حضرت قاری محمد طیب صاحبؒ لکھتے ہیں: ''حسن اتفاق سے ۲۶ راپریل ۱۹۶۲ء کو احقر کو پاکستان حاضر ہونے کا اتفاق ہوا۔ اور اسی ماہ میں بزمانہ قیام لاہور جناب مولانا غلام اللہ خان صاحب اور محترم مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب بخاری احقر سے ملاقات کے لئے قیام گاہ پر تشریف لائے۔ دوران ملاقات میں احقر نے اس نزاع وجدال کا شکوہ کرتے ہوئے اس صورت حال کے مضر اثرات کی طرف توجہ دلائی اور عرض کیا کہ یہ صورت بہر نہج ختم ہونی چاہئے۔ جب کہ یہ مسئلہ کوئی ایسا اساسی مسئلہ نہیں ہے کہ اسے مستقل موضوع کی حیثیت سے اسٹیج پر لایا جائے، اور اس کی وجہ سے تفریق وتفرق اور تخرب کے ان مضر اثرات کو نظر انداز کیا جاتا رہے۔ کیا ہی اچھا ہو کہ یہ مسئلہ یا تو اسٹیج پر آئے ہی نہیں اور اگر اتفاقاً آجائے تو اس کا عنوان نزاعی نہ رہے۔ اس پر ان دونوں بزرگوں نے نہایت مخلصانہ اور دردانگیز لہجہ میں کہا کہ ''ہم خود بھی اس صورت حال سے دل گرفتہ ہیں اور دلی تنگی محسوس کرتے ہیں کاش! آپ (احقر) ہی درمیان میں پڑ کر اس نزاع کو ختم کرا دیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ آپ کے سوا یہ قصہ کسی دوسرے کے بس کا ہے بھی نہیں۔ اس بارہ میں آپ کی تحریرات نہایت معتدل انداز سے سامنے آئی ہیں جن کو دونوں فریق نے احترام کی نگاہ سے دیکھا ہے۔ اب بھی اس بارے میں آپ کی مساعی احترام وقبول کی نگاہ سے دیکھی جائے گی''۔ احقر کو ان مخلصانہ جملوں سے نزاع کے ختم ہونے کی کافی توقع پیدا ہوگئی، اور ارادہ کر لیا گیا کہ فریقین کے ذمہ دار افراد سے مل کو کوئی مفاہمت کی صورت پیدا کی جائے''۔ (تعلیم القرآن ص: ۲۳ اگست ۱۹۶۲ء)۔

حضرت قاری محمد طیب صاحبؒ فرماتے ہیں کہ: ''۷ رجولائی ۱۹۶۲ء کو لاہور سے یہ بیان (یعنی صلح ومعاہدہ والی تحریر) رسالہ خدام الدین لاہور اور رسالہ تعلیم القرآن راولپنڈی کو اشاعت

کے لئے بھیج دیا گیا۔ میں ابھی لاہور ہی تھا اور واپسی وطن کے لئے پا برکاب اور تیاریٔ سفر میں مصروف، کہ مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب، مولانا غلام اللہ خان صاحب اور مولانا قاضی شمس الدین صاحب احقر کے قیام گاہ تشریف لائے۔ سید صاحب کو شکوہ یہ تھا کہ ان کے بارے میں جو خصوصی تحریر لکھی گئی ہے، جس میں ان پر کچھ پابندیاں عائد کی گئی ہیں، اس میں یک طرفہ ہونے کی شان ہے، جس کا حاصل یہ نکلتا ہے کہ ایک شخص پابند اور دوسرے آزاد۔ اس میں توازن پیدا کرنے کی صورت یہ ہے کہ جو پابندیاں بھی ہوں فریقین پر عائد ہوں۔ بات معقول تھی، گو اس کا تعلق حقیقتاً مجھ سے نہ تھا کیونکہ ان پر یہ پابندیاں عائد کرنے کا ذمہ مولانا غلام اللہ خان صاحب اور مولانا قاضی نور محمد صاحب مرحوم نے لیا تھا، گو احقر کی تحریک پر لیا مگر یہ سمجھتے ہوئے کہ مقصد اصلی مصالحت باہمی اور ایک کو دوسرے سے قریب لانا ہے نہ کہ قانونی حجتیں تمام کر کے اپنا پیچھا چھڑانا۔ اس لئے احقر نے اسی مجلس میں جس میں یہ نامبردہ حضرات اور حضرت مولانا خیر محمد صاحب دام مجدہ نیز فریقین کے اور بھی بزرگ تشریف فرما تھے، گفتگو اور مشورہ کے بعد یہ طے ہوا کہ چونکہ یہ عملی پابندیوں والی تحریر یک طرفہ اور مخدوش سمجھی جارہی ہے۔ اس لئے مناسب ہو کہ جس طرح مسئلہ ''حیات النبی ﷺ'' کے بارہ میں اصولی رنگ کی ایک عبارت قدر مشترک کے طور پر آئی ہے، جسے فریقین نے بخوش دلی منظور کیا ہے، ایسے ہی عملی پابندیوں کے بارہ میں بھی اصولی ہی رنگ میں فریقین کی مفاہمت سے کوئی صورت طے ہو جائے۔ میں اس کام کو قلت وقت کے سبب انجام نہیں دے سکتا تھا۔ سفر شروع ہونے میں صرف چند گھنٹے ہی باقی تھے۔ اس لئے حضرت مولانا خیر محمد صاحب سے عرض کیا کہ ''اس علمی مفاہمت کو وہ اپنی سرکردگی میں طے کرادیں'' مولانا نے وعدہ فرمایا کہ ''میں ملتان پہنچ کر ایک مقررہ تاریخ پر فریقین کو بلاؤں گا اور عملی انداز کی مفاہمت کرانے کی سعی کروں گا''۔ جس کو مولانا غلام اللہ خان صاحب کی جماعت نے بھی بخوش دلی تسلیم فرمالیا ہے، اس پر احقر نے اسی مجلس میں ایک تحریر حضرت مولانا خیر محمد صاحب کے نام لکھی، جس کا حاصل یہ تھا کہ ''جناب! فریقین میں علمی حدود کی تشخیص بموجودگی فریقین کرادیں اور اس صورت

میں مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب والی تحریر (بوجوہ مذکورہ بالا) کالعدم سمجھی جائے''۔

ادھر سید عنایت اللہ شاہ صاحب سے یہ عرض کیا کہ''ملتان اجتماع سے پہلے کوئی عملی قدم نہ اٹھایا جائے۔اس طرح مسئلہ حیات کا معاہدہ تو اپنی جگہ بدستور قائم تھا ہی،عملاً سید عنایت اللہ شاہ صاحب والی تحریر کا معاہدہ بھی بدستور قائم رہا اور اسی طرح میں''مسئلہ حیات کی مفاہمت اور معاملہ سید صاحب'' کی مذکورہ صورت حال دونوں طرف سے مطمئن ہوکر دیوبند کے لئے روانہ ہوگیا ۔فریقین کے بزرگوں نے اپنے حسن اخلاق سے اسٹیشن لاہور پر اس ناکارہ کوالوداع کہا اور میں ۹ جولائی ۱۹۶۲ء کو دیوبند پہنچ گیا۔یہاں کے بزرگوں سے اس مفاہمت کے بارہ میں حالات بیان کئے جو سارے اکابر کے لئے موجب فرح وسرور ثابت ہوئے۔اس سلسلہ میں احقر جو تفصیلی بیان لاہور میں اشاعت کے لئے دے آیا تھا،اس کی تمہید میں دعوی کیا گیا تھا کہ'' حیات انبیاء کے سلسلہ میں تمام علمائے دیوبند کا اس پہ اجماع ہے کہ یہ حیات،حیات دنیوی ہے''۔لیکن بعد میں کچھ خلجان پیدا ہوا کہ بعض حضرات کی عبارتیں اس بارہ میں کچھ مبہم اور مجمل بھی ہیں،ممکن ہے کہ ان کی وجہ سے اس دعوی اجماع پر قدح کیا جائے ،یہ کھٹک ہو ہی رہی تھی کہ اچانک مولانا غلام اللہ خان صاحب اور مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب کا دستخطی والا نامہ پہنچا کہ'' آپ کا مفصل بیان پہنچ گیا اور اسے ہم رسالہ تعلیم القرآن میں شائع کررہے ہیں لیکن یہ اجماع علماء دیوبند کا دعوی ہمارے نزدیک محل کلام ہے جبکہ متعدد علمائے دیوبند کی عبارتیں اس بارہ میں اس اجماع کو برقرار نہیں رکھ سکتیں،آپ کو اس بیان میں کوئی استثنائی کلمہ ضرور رکھ دینا چاہئے تھا،اس لئے ہم آپ کا بیان پورا شائع کررہے ہیں مگر اس دعوی اجماع پر تنقیدی نوٹ بھی لکھ رہے ہیں،آپ برا نہ مانیں''۔ظاہر ہے کہ میرے لئے برا ماننے کا سوال یوں نہیں پیدا ہوتا تھا کہ مجھے خود اس بارہ میں کھٹک محسوس ہورہی تھی اس لئے میں نے اپنا یہی بیان جب رسالہ دارالعلوم دیوبند کو شائع کرنے کے لئے دیا تو اس میں ایک استثنائی نوٹ کا اضافہ کیا اور مولانا غلام اللہ خان صاحب کو وہ استثنائی عبارت لکھ بھیجی جس کا حاصل یہ تھا کہ'' جمہور علمائے دیوبند کا مسلک یہی ہے کہ برزخ میں حیات انبیاء حیات

دنیوی ہے''۔(تعلیم القرآن ص:۴۳تا۴۴ ستمبر ۱۹۶۲ء)۔

چنانچہ حضرت شیخ القرآن مرحوم اور حضرت شاہ صاحب گجراتی نے جو حضرت قاری محمد طیب صاحب کے مضمون مسئلہ حیات النبی ﷺ کے سلسلہ میں شائع کرنے کا وعدہ کیا تھا وہ وعدہ ان حضرات نے پورا کرتے ہوئے ماہنامہ''تعلیم القرآن''اگست ۱۹۶۲ء ص:۲۲ تا ۲۶ میں شائع کر دیا۔جس کی تمہید میں یوں تحریر ہے کہ''برزخ میں انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی حیات کا مسئلہ مشہور و معروف اور جمہور علمائے دیو بند کا اجماعی مسئلہ ہے۔علمائے دیو بند حسب عقیدہ اہل السنت والجماعت برزخ میں انبیاء کرام کی حیات کے اس تفصیل سے قائل ہیں کہ''نبی کریم ﷺ اور تمام انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام اپنی اپنی قبروں میں حیات جسمانی کے ساتھ زندہ ہیں اور ان کے اجسام کے ساتھ ارواح مبارکہ کا ویسا ہی تعلق قائم ہے جیسا کہ دنیوی زندگی میں تھا،وہ عبادت میں مشغول ہیں،نمازیں پڑھتے ہیں،انہیں رزق دیا جاتا ہے اور وہ قبور مبارکہ پر حاضر ہونے والوں کا صلوۃ وسلام بھی سنتے ہیں وغیرہ۔علمائے دیو بند نے یہ عقیدہ کتاب وسنت سے وراثۃً پایا ہے۔اور اس کے بارے میں ان کے سوچنے کا طرز بھی متوارث ہی رہا ہے''۔ (تعلیم القرآن ص:۲۲ اگست ۱۹۶۲ء)۔

راقم الحروف نے تعلیم القرآن ماہ ستمبر ۱۹۶۲ء کا حوالہ نہایت تفصیل سے درج کر دیا ہے کیونکہ بعض رذیل یہ جھوٹ بولتے ہیں کہ مسئلہ''حیات النبی ﷺ''کے بارے میں جو تحریری معاہدہ ہوا تھا وہ لاہور میں حضرت قاری صاحبؒ نے منسوخ کر دیا تھا کیونکہ حضرت سید عنایت اللہ شاہ صاحب نے اس کی مخالفت کی تھی۔

قارئین کرام پر بخوبی واضح ہو چکا ہے کہ حضرت شاہ صاحب نے اس تحریری معاہدہ پر،جس کا تعلق مسئلہ حیات النبی ﷺ سے ہے،کسی قسم کا کوئی اعتراض نہیں کیا تھا۔حضرت شاہ صاحب کو صرف یہ شکایت تھی کہ''دوسری تحریر جو حضرت شاہ صاحب کے متعلق لکھی گئی ہے،یک طرفہ ہے۔مسئلہ بیان نہ کرنے پر اگر پابندی لگائی ہے تو دونوں فریق اس کے پابند ہونے چاہئے''۔حضرت

شاہ صاحب کا یہ معقول اعتراض تھا جیسا کہ خود حضرت قاری صاحبؒ نے فرمایا: ''فلہٰذا حضرت شاہ صاحب کے بارے میں جو خصوصی تحریر تھی اس کو کالعدم قرار دیتے ہوئے فریقین کو مولانا خیر محمد صاحبؒ نے ملتان بلا کر ایک تحریر پر دستخط کرا کر پابند بنا دیا''۔ ملاحظہ ہو۔ اس پر قرار پایا کہ ''مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب، مولانا غلام اللہ خان کے جلسہ اور طلباء کے سامنے کبھی مسئلہ حیات النبی ﷺ پر تقریر نہیں کریں گے۔ اور مولانا غلام اللہ خان صاحب اپنی براءت نہیں کریں گے اور ان کے مناظرہ میں شریک ہو سکیں گے''۔ نیز قرار پایا کہ ''موجودہ تلخی دور کرنے کے لئے مولانا غلام اللہ خان صاحب اور مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب مع اپنی جماعت کے اور مولانا محمد علی جالندھری صاحب اور مولانا لال حسین صاحب مع اپنی جماعت کے کسی سٹیج پر مسئلہ حیات النبی ﷺ کو بیان کریں گے اور نہ کسی مدرسہ کے طلبہ کے مجمع میں اس سلسلہ پر مفصل تیاریاں کرائیں گے''۔ خیر محمد عفا اللہ عنہ بمقام خیر المدارس ملتان ۳۱ جولائی ۱۹۶۲ء ایک فریق کے دستخط: غلام اللہ خان لاشی، عنایت اللہ، احقر شمس الدین، احقر احمد حسین سجاد بخاری، محمد یا عفی عنہ۔ دوسرے فریق کے دستخط: محمد علی جالندھری بقلم خود، بقلم لال حسین اختر، عبدالرحمٰن میانوی، محمد عبد اللہ بقلم خود، منور حسین صدیقی بقلم خود۔ (ضمیمہ تعلیم القرآن ص: ۲ تا ۱۳ اگست ۱۹۶۲ء)۔

صوفیوں نے حضرت شاہ صاحب کی بات مان لی:

حضرت شاہ صاحب نے جلسہ ''خیر المدارس'' کے موقعہ پر ''حیات دنیاوی'' کا انکار کیا تھا جسے حضرت مولانا خیر محمد جالندھریؒ وحضرت مولانا محمد علی صاحبؒ نے برا منایا اور حضرت شاہ صاحب کو کہا کہ ''بانی دار العلوم دیوبند حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتویؒ کا عقیدہ حیات دنیوی کا تھا فلہٰذا آپ نے انکار کر کے دیوبندیت کے خلاف کارروائی کی ہے''۔ حضرت شاہ صاحب فرماتے تھے کہ ''حیات جسمانی کہنی چاہئے، دنیاوی کہنا مناسب نہیں''۔ اس پر جھگڑا شروع ہو گیا پھر کیا ہوا۔ الامان والحفیظ۔

بالاخر حضرت قاری محمد طیب صاحبؒ نے جس تحریر پر فریقین کے دستخط کرائے اس میں حیات دنیاوی کا ذکر نہیں ہے بلکہ جسد اطہر کو برزخ (قبر شریف) میں بتعلق روح حیات حاصل ہے۔(الی آخرہ)

یہ حضرت شاہ صاحب کا عقیدہ تھا جسے صوفی حضرات نے بھی بخوشی قبول کرلیا اور حضرت شاہ صاحب اور حضرت شیخ القرآن مرحوم نے بخوشی اسے ماہنامہ ''تعلیم القرآن'' اگست ۱۹۶۲ء میں شائع کردیا۔ بعض رذیل جو کہتے ہیں کہ جولائی ۱۹۶۲ء لاہور میں حضرت قاری صاحبؒ نے اس معاہدہ کو منسوخ قرار دیا تھا تو ان رذیلوں سے سوال یہ ہے کہ وہ جھوٹ بول کر اپنی عاقبت کیوں خراب کررہے ہیں۔؟ (بشرطیکہ حسن عاقبت باقی بھی ہو) پھر جولائی کے بعد ماہ اگست میں اس تحریری معاہدہ کو ''تعلیم القرآن'' میں شائع کرنے کا مقصد کیا ہوگا۔؟

؎ دروغ گورا تا بخانہ باید رسانید

حضرت شاہ صاحب کی اپنے عقیدہ سے بغاوت اور قلابازیاں:

لیکن حضرت شاہ صاحب اپنے ایک عقیدہ پر قائم نہ رہ سکے۔ قسم قسم کی باتیں اور عقیدہ بدلتے رہے حتی کہ اس عقیدہ کو شرک اور یہودیت سے بھی تعبیر کیا ہے۔(العیاذ باللہ)

ککڑ ہٹہ تحصیل کبیر والا ضلع ملتان (جواب ضلع خانیوال میں ہے) میں ایک مولوی صاحب تھے اللہ بخش ناظم مدرسہ احیاء العلوم عیدگاہ ککڑ ہٹہ (جو اس وقت ملتان میں غیر مقلدین کے شیخ الحدیث ہیں۔ شاہ صاحب کی برکات سے وہ جمعیت اشاعت التوحید والسنہ کو خیر باد کہہ کر غیر مقلد بن گئے ہیں۔) اس نے تین رسالے لکھے تھے۔(۱) اربعین آیات (۲) اربعین احادیث (۳) دعوۃ الرشاد۔ ان تینوں پر حضرت شاہ صاحب کی تائید وتقریظ موجود ہے۔ ''گویا ان تین رسالوں میں سے جو تحریر نقل کی جائے گی وہ حضرت شاہ صاحب کی طرف بھی منسوب کی جاسکتی ہے''۔

مولوی اللہ بخش صاحب لکھتے ہیں:

(۱) یہی سماع اموات توحید کے راستوں میں بہت بڑی رکاوٹ ہے......اسی لئے اللہ تعالیٰ نے مردوں کے سننے کی نفی کر کے شرک کی جڑ کاٹ دی ہے۔نہ جڑ ہوگی نہ پھر شاخیں نکلیں گی۔(اربعین آیات ص:۱۷)

(۲) پس ثابت ہوا کہ انبیاء کرام بھی وفات کے بعد سننے جاننے والے نہیں تھے چاہے قبروں پر یا دور سے پکارے جائیں۔ (اربعین آیات ص:۳۵)

(۳) اس حدیث سے صاف واضح ہے کہ امام الانبیاء ﷺ کے روضہ اطہر پر یا اس کے اردگرد جو کچھ مشرک غیر مشرک کرتے یا کہتے رہیں گے ان سب کے متعلق خاتم النبیین ﷺ فرمائیں گے:"فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ط وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْد"۔جب سید الرسل ﷺ کو وفات کے بعد حالات کا علم نہیں ہوتا تو دوسرا کون ماں کا لال ہے جس کو عالم برزخ میں رہتے ہوئے دنیا والوں کے حالات کا علم ہوگا۔؟ (اربعین آیات ص:۳۶ تا ۳۷)

(۴) مرے ہوئے شخص کو چاہے پیغمبر ہی کیوں نہ ہو بعد موت کے اپنے اوپر وارد ہونے والے حالات کا علم نہیں ہوتا چہ جائیکہ وہ ہمیں دیکھتے ہوں یا ہماری باتوں کو سنتے ہوں۔ (اربعین آیات ص:۴۱)

حضرت شاہ گجراتی کی اس رسالہ کے ص:۲ پر تقریظ و تائید ان الفاظ میں مذکور ہے۔

"بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ و سلام علی عبادہ الذین اصطفی!" اربعین آیات بینات" مسئلہ توحید پر ماشاء اللہ بہترین مضمون ہے،نہایت مدلل اور واضح۔مولانا اللہ بخش صاحب کو ہم سب کی طرف سے اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے آمین۔علماء،طلبہ اور عوام خواندہ طبقہ کے لئے بہت مفید ہے۔فللہ الحمد"۔(عنایت اللہ گجرات)۔

مولوی اللہ بخش صاحب لکھتے ہیں:

(۵):......اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ مردے نہیں سنتے اور اس کا رسول کہے کہ جی سنتے

ہیں کیا رسول اللہ ﷺ خدا تعالی کی تکذیب ومخالفت کر سکتے ہیں۔؟ ہرگز نہیں! تو پھر خود سمجھ لینا جو روایت بھی اس قسم کی ہوگی وہ یا تو موضوع ہوگی یا اس کا مطلب کوئی دوسرا ہوگا۔(اربعین حدیث ص: ۵)

(۶):......اللہ تعالی تو فرمائے اے میرے حبیب! تجھے ان کے کسی عمل کا پتہ نہیں اور یہ کہیں جی نزدیک سنتے ہیں اور جواب دیتے ہیں اور دور سے سب اعمال پیش کئے جاتے ہیں۔یہ سچے ہیں یا اللہ تعالی......؟ خوب غور سے سوچو۔ (اربعین حدیث ص: ۱۱)

(۷):......بعد از موت سماع و رؤیت کا عقیدہ دراصل یہودیوں کی ایجاد ہے۔ (اربعین حدیث ص:۲۸)

(۸):......نبی ﷺ اور صدیقؓ کے فیصلہ سے ثابت ہوا کہ آپ ﷺ کی حیات برزخی جنتی ہے دنیوی، روضہ والی، مدینہ منورہ والی، جسد اطہر والی قطعاً نہیں۔ (اربعین حدیث ص:۴۰ تا ۴۱)

(۹):......اور دوسری روایت "مامن احد یسلم علیَّ الا رد الله روحی علیَّ و أرُدُّ علیه السلام" اس روایت کے الفاظ ہی بتا رہے ہیں کہ یہ کلام رسول اللہ ﷺ کی نہیں۔ (اربعین حدیث ص:۴۳)

(۱۰):......نیز اتنے کروڑ وں مسلمانوں کا درود سننا تکلیف مالایطاق ہے۔پیغمبر علیہ السلام کے لئے تو یہی بات بجائے راحت کے الٹا رنج عظیم کا سبب بنی ہوئی ہوگی۔دنیا کی زندگی میں کافروں نے آرام نہیں کرنے دیا تھا اور موت کے بعد مسلمان چین وراحت سے نہیں رہنے دیتے۔(اربعین حدیث ص: ۴۲)

حضرت شاہ صاحب کی تائید:

''رسالہ ''اربعین'' کا بہت سا حصہ سنا۔بحمد اللہ تعالی کتاب اللہ اور احادیث صحیحہ سے عمدہ

طریق سے استدلال کیا ہے۔مصنف حضرت مولانا اللہ بخش صاحب نے شرک وبدعت کے رد میں مخلصانہ سعی کی ہے۔اللہ تعالی اس کو سعی مشکور بنائے اور خواص وعوام کے لئے باعث ہدایت بنا کر مصنف موصوف کو جزائے خیر عطا فرمائے''۔آمین ثم آمین۔ عنایت اللہ۔

مولانا اللہ بخش لکھتا ہے:

(۱۱):......جیسے دور سے درود کا ثواب آنجناب کو پہنچتا ہے اسی طرح قبر مبارک کے نزدیک درود پڑھنے کا ثواب آنجناب کو پہنچتا ہے۔سننے جواب دینے کا من گھڑت قصہ ہی نہیں۔ (دعوت الرشاد الی سواء الصراط ص: ۸)

(۱۲) :......مولوی اللہ بخش صاحب ،مولانا عبد العزیز شجاع آبادی کو خطاب کرتے ہوئے لکھتے ہیں:''تو میرا مشورہ یہ ہے کہ آئندہ کے لئے تم سابقہ مسلک قرآن وحدیث کو چھوڑ کر مشرکوں کے ساتھ شامل ہونے کا اعلان کردو تا کہ کسی کو آپ کے بارے میں کسی قسم کا شک وشبہ نہ رہے۔آپ کا طبعی میلان بھی بتا رہا ہے کیونکہ پہلے آپ سماع خرق عادت کے قائل تھے اگر چہ یہ مسلک بھی بے دلیل تھا لیکن اب تو حد ہی کردی۔اب تو آپ عند القبر بالجہر کے الفاظ بتا رہے ہیں کہ اب آپ سماع عادی کے قائل ہوگئے ہیں ۔رفتہ رفتہ مزید ڈھلنا شروع کردو تا کہ کمی پوری ہوجائے::۔ (دعوت الرشاد الی سواء الصراط ص:۱۴)

(۱۳):......ہم تو اسلاف سے سننے سمجھنے اور قرآن کو دیکھنے اور سمجھنے سے اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ قرآن مجید صرف اصول سے بحث کرتا ہے فروع کو تو چھیڑتا ہی نہیں اور اس مسئلہ (سماع موتی) پر قرآن مجید نے تقریباً پینسٹھ آیات سے روشنی ڈالی ہے اگر یہ مسئلہ نہ اصولی تھا اور نہ فروعی اور نہ اتنا ضروری کہ جزو ایمان اور مدار نجات ہو تو اللہ تعالی نے قرآن مجید میں اس پر اتنی بحث کیوں کی۔؟ اللہ تعالی نے یہ عبث فعل کیا ہے......!نعوذ بالله من ذلك۔(دعوت الرشاد الی سواء الصراط ص: ۲۱)

حضرت شاہ صاحب کی تائید:

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔الحمد للہ وحدہ والصلوۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ :رسالہ دعوت الرشاد مختلف مقامات سے سنا۔شرک وکفر کے رد میں دلائل کتاب وسنت سے استفادہ کیا گیا۔مصنف کو اللہ تعالی جزائے خیر عطا فرمائے ۔آمین عنایت اللہ ۔(دعوت الرشاد الی سواء الصراط ص:ا)

حضرت شاہ صاحب گجراتی نے ان تینوں رسالوں پر تقریظ لکھ کر اور تائید کر کے یہ ثابت کر دیا کہ یہ نظریات بعینہٖ حضرت شاہ صاحب گجراتی کے عقائد ونظریات ہیں۔ (لاحول ولا قوۃ الا باللہ)۔

حضرت مولانا عبدالعزیز صاحب:

شجاع آباد ضلع ملتان کے رہنے والے ہیں۔کسی زمانے میں ''اشاعت التوحید والسنہ'' شجاع آباد کے صدر تھے۔شجاع آباد میں اپنا دارالعلوم ہے،عزیز العلوم کے نام سے مشہور ہے وہاں ہر سال شعبان اور رمضان میں دورہ تفسیر پڑھاتے تھے ۔اختتام پر اکثر مولانا قاضی شمس الدین صاحب گوجرانوالہ سے تشریف لے جاتے تھے اور چند درس پڑھا کر اختتامی دعا کیا کرتے تھے ۔مولانا عبدالعزیز صاحب جمعیت اشاعت التوحید والسنہ کے مرکزی میٹنگ میں بھی شمولیت کیا کرتے تھے۔مثلاً دیکھئے ماہنامہ تعلیم القرآن جون ۱۹۶۶ء ص:۵۔ لیکن مولانا موصوف کا جب ٹکڑ ہٹہ اینڈ کمپنی سے واسطہ پڑا تو موصوف نے ان سے ایسے خرافات سنے کہ ان کا زیر قلم لانا بھی مناسب نہیں۔بالآخر مولانا موصوف نے تنگ آ کر استعفیٰ دے دیا۔مولانا موصوف فرماتے ہیں:

ناظم اعلی کی خدمت میں میرا استعفیٰ :

میں نے جب یہ دیکھا کہ ہماری بات ،جو اس اختلاف سے پہلے مسئلہ تھی،وہ اب مسخری بن گئی ہے۔تو حضرت مولانا غلام اللہ خان صاحب کی خدمت میں اپنا استعفیٰ بھیج دیا جس کے جواب

میں آپ نے لکھا کہ ''میں آپ کو نہیں چھوڑ سکتا''۔

شجاع آباد میں شاہ صاحب گجراتی کی موجودگی میں تشدد گروپ (گکڑ ہنہ اینڈ کمپنی) کے واعظ محمد سعید (احمد خان) نے کہا تھا: ''وہ گوہ خور ملا جو سماع کا قائل ہے''۔ ان حیا سوز اور شرافت شکن حرکتوں کے باوجود شیخ القرآن مجھے نہیں چھوڑتے۔ مگر میں شاہ صاحب جیسے امیر اور ان کی جماعت کے ساتھ کیسے چل سکتا ہوں جس کے ازیں گونہ واعظ جو منبر تک گونھ نہ چھوڑیں۔ یہ غلاظت نوازی تو اپنے امیر کے سامنے فرمائی، ان کی عدم موجودگی میں کسی شریف انسان کو ایسے زبان دراز واعظ سے کس خیر کی توقع ہوسکتی ہے۔؟ علاقہ بہاولپور گھلواں میں ایک جلسہ میں محترم عنایت اللہ شاہ صاحب مع اپنے مذکور واعظ کے فروکش تھے۔ کرہ مخصوص سے باہر اس علاقہ کے ایک عالم نے امام ابن کثیر کی عبارت پیش کرنا چاہی تو محمد سعید (احمد خان) نے فرمایا کہ ''پہلے اس کا نام صحیح کریں۔ ابن کثیر کوئی اچھا ہوتا ہے (یعنی ولد الحرام)''۔ اس محدث کبیر، مفسر اور امام وقت کا گوشت بھی وہاں کھایا گیا جہاں امیر اشاعۃ التوحید بنفس نفیس موجود تھے۔ (دعوت الانصاف فی حیات جامع الاوصاف ص: ۲۲)

مولانا موصوف نیز لکھتے ہیں: ''جمعیت اشاعت التوحید والسنہ کے اکابرین کی بے زاری بلکہ اظہار نفرت کے باوجود ''تشدد گروپ'' کے تمام کتابچوں کو محترم عنایت اللہ شاہ صاحب کی تائید وتصدیق حاصل ہے۔ ان کو اسکی کوئی پرواہ نہیں کہ جماعت کا شیرازہ بکھرے یا باقی رہے۔ توحید کے نام پر ایک فسادکار انسان کی گود میں امیر جمعیت اور عالم دین کا چلا جانا باعث حیرت واستعجاب ہے''۔ ملاحظہ ہو۔ تصدیق رسالہ دعوت الرشاد ''مختلف مقامات سے سنا۔ شرک وکفر کے رد میں دلائل کتاب وسنت سے استفادہ حاصل کیا گیا ہے۔ مصنف کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے آمین۔ عنایت اللہ''۔

جس کفر اور شرک کی تردید کے لئے دلائل قرآن وحدیث سے مؤلف نے استفادہ کیا وہ عقیدۂ ''سماع صلوۃ وسلام عند القبر للنبی الکریم'' ﷺ ہے۔ جمہور امت کی تکفیر پر

محترم شاہ صاحب نے تحسین بلیغ فرما کر ''تشدد گروپ'' کی حوصلہ افزائی فرمائی ہے۔ کافر ساز کمپنی کے اس فتوے پر محترم شاہ صاحب کی خطابت کا رخ بھی اس طرف پلٹ گیا کہ ''مشرک چار قسم کے ہیں۔ اول: یہود و نصاریٰ ثانی: بت پرست ثالث: غالی رضاخانی رابع: دیوبندی جو سماع کے قائل ہیں''۔ (دعوت الانصاف ص:۲۹ تا ۳۰)

مولانا موصوف لکھتے ہیں:

اخلاقی پستی:

کبیروالا شہر میں ان حضرات کے زیر اہتمام ایک اجتماع سے راقم نے خطاب کیا۔ برسبیل تذکرہ مولانا خیر محمد صاحب جالندھریؒ مہتمم خیر المدارس ملتان اور مولانا عبدالخالق صاحبؒ مہتمم دارالعلوم کبیروالہ کا ذکر آیا چونکہ یہ ہر دونوں حضرات فوت ہو چکے تھے۔ اس لئے میں نے ان کا نام لینے کے بعد رحمۃ اللہ علیہ کا جملہ دعائیہ استعمال کیا۔ تقریر ختم ہوگئی مگر میں اسٹیج سے اترا نہیں تھا کہ ایک صاحب میک سپیکر کے سامنے تشریف لائے اور تردید کر دی، کوئی کسر باقی رہی تھی تو علیحدہ ہونے پر مجھے ملامت کے رنگ میں کہا کہ ''آپ بیجڑے قسم کے موحد ہیں ایسوں کو رحمۃ اللہ علیہ سے دعا دینا شان توحید کے خلاف ہے''۔ نیز ایک مقام پر میری مجلس میں ایک شخص نے مجھ سے سوال کیا ''مردے سنتے ہیں یا نہیں''۔؟ میرا اسے مناسب جواب ہوتا، دیتا مگر ان میں سے ایک صاحب بولے کہ: ''کوئی قبر کھودو، میں اپنے ہاتھ سے اس کی مقعد میں پانی ڈالتا ہوں، اگر مردے سنتے ہیں تو بول اٹھے گا''۔ میں نے یقین کر لیا کہ میرے جیسے آدمی کے لئے اس قسم کے لوگوں کے ساتھ چلنا ابروئے علم اور ناموس علماء کی صریح توہین ہے۔

اپنے رہنماؤں کو نہیں بخشتے:

اس گروپ کے دوسرے صاحب کو، جو حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستیؒ کا مرید کہلاتا تھا، میں نے کہا: ''تمھارے پیر صاحب تو سماع عند القبر الشریف کے قائل ہیں۔ ان کے متعلق کیا رائے ہے۔؟ تو فوراً جواب دیا کہ وہ بھی کافر، تم بھی کافر، جو بھی سماع کا قائل ہو سب

کافر"۔ (دعوت الانصاف ص:۲۱ تا ۲۲)

مولانا موصوف لکھتے ہیں:

گوجرانوالہ میں اشاعت التوحید والسنہ کی میٹنگ:

حضرت مولانا غلام اللہ خان صاحب کی تحریک پر اشاعت التوحید کے علمائے کرام کی ایک میٹنگ بلائی گئی۔ مقصد یہ تھا کہ "جمعیت کی تبلیغی پالیسی کو مضبوط کیا جائے اور بے لگام آدمیوں کو تنبیہ کی جائے کہ وہ اپنے طرز عمل اور کردار سے مسلک میں رخنہ اندازی نہ کریں۔ قائلین سماع صلوۃ وسلام عند القبر کو مشرک و کافر نہ کہا جائے"۔ چنانچہ ایک تحریر لکھی گئی جس کے اوپر واعظ محمد سعید (احمد خان) نے بقول شیخ القرآن (منافقانہ) دستخط کر دیئے، اور شاہ صاحب گجراتی نے دستخط کرنے سے انکار کر دیا اور بقول حضرت خان صاحب یہ فرمایا کہ: میں (قائلین سماع کو کافر کہوں گا) اس پر مجلس برخواست ہوگئی۔ مولانا غلام اللہ خان کا خط، جو میری طرف لکھا تھا، ملاحظہ فرماویں کیونکہ میں اس میٹنگ میں شامل نہیں ہوا تھا۔

"محترم ومکرم مولانا صاحب! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

محمد سعید نے منافقانہ دستخط کر دیئے ہیں کہ سماع والے کافر نہیں ہیں۔ اور شاہ صاحب نے بالکل دستخط سے انکار کر دیا ہے اور کہا "میرا عقیدہ کفر کا ہے اور محمد سعید کا (بھی) یہی ہے"۔ واللہ اعلم۔ کیا غضب الٰہی ہے تمام امت کو کافر کہہ دینا۔؟ لاشی غلام اللہ۔

(دعوت الانصاف ص:۲۶ تا ۲۷)۔

نیز ککڑ ہٹہ اینڈ کمپنی کے خرافات معلوم کرنے کے لئے مولانا موصوف کی کتاب (دعـــوت الانصاف فی حیات جامع الاوصاف) کا ضرور مطالعہ کریں۔

ہمارے استاد محترم شیخ مکرم حضرت مولانا عبدالحمید سواتی دامت برکاتہم العالیہ نے "تحفہ ابراہیمیہ" کا اردو ترجمہ کیا ہے جس کا نام "فیوضات حسینی" رکھا ہے اور اس کا ایک مقدمہ بھی نہایت بسط سے تحریر فرمایا ہے۔

مولانا سجاد بخاری صاحب اس پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:"اس کے بعد محترم دوست جناب صوفی صاحب نے مولانا عنایت اللہ شاہ صاحب پر نظر کرم فرمائی ہے اور شاہ صاحب کی طرف ایسی غلط باتیں منسوب کردی ہیں جو شاہ صاحب کے زاویہ خیال میں بھی کبھی نہ آئی ہوں مثلاً

''شاہ صاحب قائلین سماع کو ابوجہل کے ٹبر تک اپنی تقریروں میں کہنے سے گریز نہیں کرتے''۔ مقدمہ ص: ۴۴۔

نوٹ: محترم صوفی صاحب کا یہ فقرہ ملا رموزی کی اردو کا ایک اچھا نمونہ ہے۔ سجاد بخاری۔
حالانکہ خود سجاد صاحب نے بھی اگلے صفحہ پر یہی لفظ'' ٹبر'' تحریر کیا ہے۔ (حافظ محمد حبیب اللہ ڈیروی)

نیز فرماتے ہیں'' وہ آیات جن کو شاہ صاحب اہل بدعت اور مشرکین دور حاضرہ کے خلاف پیش کرتے تھے، اب وہی آیات عقیدہ حیات النبی ﷺ کو ماننے والوں اور سماع موتی کے قائلین کے خلاف چسپاں کرتے ہیں کیا یہ انتہا پسندی نہیں''۔ ایضاً یہ الزامات سراسر غلط اور بے اصل ہیں۔ شاہ صاحب زندہ موجود ہیں اب بھی ان سے دریافت کیا جاسکتا ہے کہ واقعی وہ سماع موتی کے قائلین کو ابوجہل کا ٹبر اور مشرک سمجھتے ہیں۔؟

راقم الحروف نے بارہا تقریروں میں اور نجی مجلسوں میں شاہ صاحب کو یہ فرماتے سنا ہے اور کئی دوسرے احباب بھی اس کے شاہد ہیں۔ ''میں حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ، مولانا احمد علی لاہوریؒ اور دیگر اکابر علماء حق کو اولیاء اللہ سمجھتا ہوں اور دل و جان سے ان کا احترام کرتا ہوں''۔ آپ کے خیال میں یہ تمام علمائے کرام سماع موتی کے قائل ہیں مگر شاہ صاحب ان کا نہ صرف احترام کرتے ہیں بلکہ اولیاء اللہ سمجھتے ہیں۔ البتہ یہ درست ہے کہ شاہ صاحب سماع موتی کے ساتھ موتی کو حاجات میں پکارنے والوں کو ابوجہل کا ٹبر اور مشرک کہتے ہیں اور قرآن کی محولہ آیات بھی انہی پر چسپاں کرتے ہیں۔ صوفی صاحب نے شاہ صاحب پر یہ الزام عائد فرمایا ہے کہ ان

کا اختلاف نفسانیت اور ضد پر مبنی ہے اور انہوں نے اس مسئلہ کو ایمان اور کفر کا مدار بنا دیا ہے۔ (مقدمہ ص:۴۵)

صوفی صاحب نے نفسانیت اور ضد کی یہ دلیل بیان کی ہے کہ "شاہ صاحب نے اس مسئلہ کو ایمان اور کفر کا مدار بنا کر سٹیج پر پیش کیا ہے"۔ حالانکہ یہ صریح غلط ہے۔ شاہ صاحب اس کو ہرگز ایمان اور کفر کا مدار نہیں سمجھتے ان کے نزدیک دونوں فریق مسلمان ہیں۔ (ماہنامہ تعلیم القرآن راولپنڈی ستمبر ۱۹۶۸ء ص:۳۵ تا ۳۶)

محترم سجاد صاحب......! حضرت صوفی صاحب آپ کے دوست اور رفیق ہیں اور ہمارے شیخ مکرم ہیں، وہ غلط الزام کسی پر نہیں لگاتے۔ وہ بڑی تحقیق اور احتیاط کے بعد ہی کوئی فیصلہ صادر فرماتے ہیں۔ البتہ حضرت شاہ صاحب گجراتی جیسا غیر محتاط انسان اور کچے عقیدے والا آج تک ہم نے نہیں دیکھا۔

۱)......کبھی بریلویوں کے عقائد کو درست کہتے ہیں۔ (کمامر)

۲)......کبھی حیات دنیاوی والوں کو اہل سنت ہی شمار کرتے ہیں۔ (کمامر)

۳)......کبھی حیات جسمانی پر دستخط کر دیتے ہیں۔ (کمامر)

۴)......کبھی سماع صلوۃ وسلام عند القبر الشریف کے عقیدہ کی اشاعت مولانا غلام اللہ خان صاحب کے ساتھ مل کر ماہنامہ "تعلیم القرآن" کے ذریعے سے کرتے ہیں۔ (کمامر)

۵)......کبھی مسئلہ حیات وسماع صلوۃ وسلام کے معاہدہ کو مان کر اس مسئلہ کی اشاعت اسٹیج پر نہ کرنے کا وعدہ کرتے ہوئے اس پر دستخط کر دیتے ہیں۔ (کمامر)

۶)......کبھی اس مسئلہ کو اسٹیج کی زینت بنا کر خوب کھل کر بیان کرتے ہیں۔

۷)......کبھی سماع موتی کے مسئلہ کو اصولی کہہ کر تکفیر کرنے والوں کی تائید وتصدیق فرماتے ہیں۔ (کمامر)

۸)......کبھی سماع موتی کے قائلین کو اولیاء اللہ کہتے ہیں۔

ہر فرقہ اپنے عقیدے پر پختہ ہے بار بار وہ اپنا عقیدہ نہیں بدلتے۔ آخر حضرت شاہ صاحب گرگٹ کی طرح اتنے رنگ کیوں بدلتے ہیں۔

بدلتا ہے آسمان رنگ کیسے کیسے

کیا قرآن وحدیث سے ان کو واضح عقیدہ حاصل نہیں ہوسکا۔؟ محترم سجاد بخاری صاحب...... ! حضرت شاہ صاحب کا بیان ملاحظہ کریں۔ ''مردوں کے سننے کے مسئلے کی بنیاد یہودیت نے رکھی، ان کی نقل روافض نے کی۔ بریلویت بھی اس مسئلے میں ان کے نقش قدم پر چل پڑی ہے اور اب تو خیر سے دیوبندیت کے ٹھیکیدار بھی اسی راہ پر چل رہے ہیں''۔ (ماہنامہ نغمۂ توحید گجرات ص:۲۰ ۱۴۱۱ھ)۔

شاہ صاحب کے نزدیک یہ چاروں فریق گویا برابر کے مشرک وکافر ہیں یہ حضرت شاہ صاحب کی اسٹیج والی تقریر کی اشاعت کی گئی ہے۔ نیز حضرت شاہ صاحب فرماتے ہیں: اس کے باوجود کوئی کہے کہ قبروں میں دفن (فوت شدہ) انبیاء واولیاء ہماری پکاریں سنتے ہیں۔ تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ایسے بے ایمانوں کے نزدیک انبیاء واولیاء روز قیامت جھوٹی قسمیں کھائیں گے کہ ہمیں ان کی عبادت کی خبر نہیں۔ (نغمۂ توحید ص:۲۴)

نیز حضرت شاہ صاحب فرماتے ہیں: ''میں بوڑھا ہو چکا ہوں، زندگی کا کوئی پتہ نہیں۔ معلوم نہیں آئندہ آپ سے ملاقات نصیب ہوتی ہے یا نہیں۔ جماعت کے اجلاس میں مسئلہ واضح کردینا چاہتا ہوں کہ ''اگر کوئی آدمی یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ اللہ تعالی جب چاہے خرق عادت کے طور پر یعنی معجزے کے طور پر مردوں کو سنا دیتا ہے اسے ہم کافر نہیں کہتے بلکہ وہ ہماری جماعت اشاعت التوحید والسنہ کا ممبر بن سکتا ہے۔ کیونکہ اللہ تعالی ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے، وہ چاہے تو درختوں کو سنا دے۔ پہاڑوں کو سنا دے۔ پتھروں کو سنا دے، وہ مردوں کو بھی سنا سکتا ہے۔ لیکن اگر کوئی آدمی یہ کہتا ہے کہ مردے ضابطے کے طور پر سنتے ہیں اور سفارش کرتے ہیں ایسا عقیدہ رکھنے والا ہمارے نزدیک پکا کافر ہے''۔ حضرت شاہ جی نے اجلاس کے شرکاء کو مخاطب کر کے فرمایا: ''میں

نے تو اپنا عقیدہ آپ پر واضح کر دیا ہے آپ کا بھی یہی عقیدہ ہے۔؟ تمام حاضرین نے ہاتھ اٹھا کر کہا: ہم بھی یہی عقیدہ رکھتے ہیں''۔ حضرت شاہ جی نے فرمایا: ''جب آپ یہ تسلیم کرتے ہیں کہ آپ کا بھی یہی عقیدہ ہے تو میں آپ سے گزارش کرتا ہوں کہ اپنی مسجدوں اور مدرسوں میں ان لوگوں کو نہ بلائیں جو اس کے خلاف عقیدہ رکھتے ہیں اور قرآن وسنت سنانے والوں کو کوستے رہتے ہیں ان لوگوں کو بلانے کی آپ کو کیا ضرورت ہے''۔؟ (سلسلہ مطبوعات الصراط المستقیم شمارہ ۲۴ گجرات ص: ۴۳)

لدعوۃ الحق

سلسلہ مطبوعات

الصراط المستقیم

۲۴

قیمت ۶ روپے

خط وکتابت کے لیے

۲۳۵/۱۲ مرکز اشاعۃ التوحید والسنۃ لالہ موسیٰ

ذی قعدہ، ذوالحجہ ۱۴۰۹ھ

ترسیل زر کے لیے

قاری محمد گل شیر اعوان۔ جامع مسجد شاہ فیصل گیٹ گجرات

مقام اشاعت

دفتر الصراط المستقیم جامع مسجد شاہ فیصل گیٹ گجرات، فون ۳۰۴۷۹

۸۱ ۴۲

حضرت مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب بخاری مدظلہ

چار بجے سہ پہر اجلاس کی دوسری نشست کا آغاز ہوا۔ حضرت خطیب اسلام نے عورت کی سربراہی کے بارے میں مجلس متفقہ کا فیصلہ پڑھ کر سنایا اور اسکی وضاحت فرمائی۔ نیز حضرت شاہ صاحب نے فرمایا:

امام المحدثین حضرت مولانا علامہ سید انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ ہندی کے یہ دو شعر اکثر گنگنایا کرتے تھے:

؎ ننگلے نا چندری گندھالے نا ہیس — تو کیا کیا کرے گی اری دن کے دن
کیا جانے رتیاں، پیا کب بلالے — کھڑی منہ تکے گی اری دن کے دن

یعنی اے لڑکی! شادی کے لیے تو نے جو تیاری کرنی ہے۔ ابھی کر لے کیا معلوم کس وقت ڈولی میں بیٹھنا پڑ جائے۔ یہ تشبیہ ہے۔ مراد یہ ہے کہ اے انسان آخرت کی تیاری کر لے، زاد راہ ساتھ لے لے، جتنی نیکیاں کمانی ہیں کما لے، کیا معلوم کس وقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے بلاوا آجائے۔ شاہ جی نے سورۃ الجمعہ کی آیت:

قُلْ إِنَّ الْمَوْتَ الَّذِي تَفِرُّونَ مِنْهُ فَإِنَّهُ مُلَاقِيكُمْ ....الخ

ترجمہ: "اے نبیؐ! فرما دیجئے، بلاشبہ جس موت سے تم بھاگتے ہو تمہیں مل کے رہے گی۔"

کے حوالے سے فرمایا: ہم زندگی کی گاڑی دوڑا رہے ہیں اور پیچھے موت کی گاڑی بھی آرہی ہے کوئی آدمی زندگی کی گاڑی کتنی ہی برق رفتاری سے چلائے، پیچھے آنے والی یعنی موت کی گاڑی زندگی کی گاڑی سے ٹکرا کے رہے گی، موت کا جام ہر ایک کو پینا ہے اس سے کسی کو مفر نہیں۔

أَيْنَمَا تَكُونُوا يُدْرِكُكُمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِي بُرُوجٍ مُشَيَّدَةٍ ..... الخ (النساء، آیت ۷۸)

ترجمہ: "تم جہاں کہیں بھی ہو موت تمہیں پالے گی اگرچہ تم مضبوط قلعوں میں پناہ لے لو۔"

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے تھے:

كُلُّ امْرِئٍ مُصَبَّحٌ فِي أَهْلِهِ — وَالْمَوْتُ أَدْنَىٰ مِنْ شِرَاكِ نَعْلِهِ

۸۲

۴۳

"یعنی انسان اپنے اہل وعیال میں خوش ہے اور موت اسکے جوتے کے تسمے سے زیادہ قریب ہے۔"

مَیں بوڑھا ہوچکا ہوں۔ زندگی کا کوئی پتہ نہیں معلوم نہیں آئندہ آپ سے ملاقات بھی نصیب ہوتی ہے یا نہیں، جماعت کے اجلاس میں مسئلہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ:

"اگر کوئی آدمی یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ اللہ تعالیٰ جب چاہے خرقِ عادت کے طور پر یعنی معجزے کے طور پر مُردوں کو سُنا دیتا ہے، اُسے ہم کافر نہیں کہتے، بلکہ وہ ہماری جماعت اشاعۃ التوحید والسنۃ* کا ممبر بن سکتا ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔ وہ چاہے تو درختوں کو سُنا دے، پہاڑوں کو سُنا دے، پتھروں کو سُنا دے، وہ مُردوں کو بھی سُنا سکتا ہے۔ لیکن اگر کوئی آدمی یہ کہتا ہے کہ مُردے ضابطے کے طور پر سُنتے ہیں اور سفارشیں کرتے ہیں ایسا عقیدہ رکھنے والا ہمارے نزدیک پکّا کافر ہے۔"

حضرت شاہ جی نے اجلاس کے شرکاء کو مخاطب کرکے فرمایا:

"میں نے تو اپنا عقیدہ آپ پر واضح کر دیا ہے۔ کیا آپ کا بھی یہی عقیدہ ہے؟"

تمام حاضرین نے ہاتھ اُٹھا کر کہا:

"ہم بھی یہی عقیدہ رکھتے ہیں۔"

حضرت شاہ جی نے فرمایا: جب آپ تسلیم کرتے ہیں کہ آپ کا بھی یہی عقیدہ ہے تو مَیں آپ سے گزارش کرتا ہوں کہ اپنی مسجدوں اور مدرسوں میں اُن لوگوں کو نہ بُلائیں جو اس کے خلاف عقیدہ رکھتے ہیں اور قرآن وسُنّت سُنانے والوں کو کوستے رہتے ہیں، ان لوگوں کو بلانے کی آپ کو کیا ضرورت ہے اللہ کے فضل ورحمت سے ہماری جماعت میں علماء، وکلاء، شعراء، پروفیسرز اور سکالرز موجود ہیں۔ قرآن کریم اور سُنّتِ صحیحہ کو سینے سے لگائیے اور قرآن وسنت کے مخالفین سے کنارہ کش رہیئے۔

---

* اشاعۃ التوحید والسنۃ پاکستان کے مدارسِ دینیہ کی تنظیم کے لیے طے پایا کہ تمام اراکین شوریٰ اپنے اپنے علاقے کے جماعتی مدارس کے مفصل کوائف جلد از جلد مولانا محمد ضیاء الحق صاحب مدیر جامعہ عربیہ ضیاء العلوم" ۸ار بلاک سرگودھا کے پتے پر ارسال کریں۔

باقی ص۴۶ پر

۸۳ ۱۴

مجلسِ مقننہ اشاعۃ التوحید والسنۃ پاکستان کا

فیصلہ

سماعِ موتیٰ، کا عقیدہ قرآنِ کریم کے خلاف ہے
قرآنِ کریم میں سماعِ موتیٰ ثابت نہیں ہے
جو لوگ
بِمَشِیَّۃِ اللّٰہِ خَرْقًا لِّلْعَادَۃِ عِنْدَ الْقَبْر
سماع کے قائل ہیں وہ کافر نہیں ہیں
اور جو لوگ
سماعِ موتیٰ ہر وقت دور و نزدیک کے قائل
ہیں وہ
ہمارے نزدیک دائرہ اسلام سے خارج ہیں

۸۴

امام المحدثین علامہ انور شاہ کا

مجلس مفتیان اشاعۃ التوحید والسنۃ پاکستان

کا

فیصلہ

سماعِ موتیٰ کا عقیدہ قرآن کریم کے خلاف ہے۔ قرآنِ کریم میں سماعِ موتیٰ ثابت نہیں ہے۔ جو لوگ بمشیۃ اللہ خرقاً للعادۃ عند القبر سماع کے قائل ہیں وہ کافر نہیں ہیں اور جو لوگ سماعِ موتیٰ ہر وقت دور و نزدیک کے قائل ہیں وہ ہمارے نزدیک دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔

احمد سعید عفی عنہ

عبد الرزاق

ضیاء العلوم

احقر خان بادشاہ عفی عنہ

محترم سجاد صاحب! آپ حضرات اپنی مساجد یا مدارس میں بریلویوں کو نہیں بلاتے تو ظاہر ہے کہ اس سے مراد وہ مقررین حضرات ہیں جو دیوبندی مسلک سے تعلق رکھتے ہیں اور حیات النبی ﷺ اور صلوۃ وسلام کے سماع کے قائل ہیں اور وہ اس کے بھی قائل ہیں (جیسا کہ ان کے اکابر علمائے دیوبند رحمہم اللہ تعالی اور فقہائے احناف قائل ہیں) کہ ’’حضرات شیخین حضرت ابو بکر صدیق ؓ وحضرت عمر فاروق ؓ پر سلام پیش کیا جائے اور ان سے درخواست کی جائے کہ وہ نبی کریم ﷺ سے ہمارے حق میں سفارش کریں کہ حضرت نبی کریم ﷺ ہمارے لئے دعا فرمادیں کہ ہم آپ کی سنت وشریعت پر قائم رہتے ہوئے خاتمہ بالا یمان پر فوت ہوں‘‘۔

محترم سجاد صاحب! آپ اب خود ہی بتائیں کہ حضرت صوفی صاحب نے درست فرمایا تھا یا نہیں۔؟ ؎ قلندر ہر چہ گوید دیدہ گوید

محترم سجاد صاحب! اب آپ اپنے ایمان کی خیر منائیں کیونکہ آپ سماع موتی کے قائلین کو مسلمان جانتے ہیں، حضرت شاہ صاحب پکا کافر کہتے ہیں، تو جو آدمی پکے کافر کو کافر نہ کہے وہ خود کافر ہو جاتا ہے۔ فلہٰذا آپ حضرت شاہ صاحب کے فتوے کے مطابق کون ہوئے۔؟

؎ میں الزام ان کو دیتا تھا قصور اپنا نکل آیا۔

اسی طرح پکے کافروں کو جب حضرت شاہ جی اولیاء اللہ کہتے ہیں تو خود کون ہوئے۔؟ جانور جب دیوانہ ہوتا ہے تو پہلے گھر کے آدمیوں کو کاٹتا ہے، جن کو کاٹتا ہے وہ بھی دیوانہ ہو کر یہی کام کرتے ہیں۔ ان کو اپنے خیر خواہ اور محسن بھی اوپر سے نظر آتے ہیں۔ (نعوذ باللہ من ذلك)

شیخ القرآن حضرت مولانا غلام اللہ خان صاحب مرحوم کے خصوصی شاگرد خطیب پاکستان حضرت مولانا محمد ضیاء القاسمی صاحب مدظلہ فرماتے ہیں: ’’اسی طرح یہ حقیقت بیان کرنے میں بھی مجھے کوئی حجاب نہیں ہے کہ شیخ القرآن کی وفات کے بعد حضرت شاہ صاحب نے اپنی تمام تر صلاحتیں علمائے دیوبند کی تردید میں صرف کردی ہیں۔ پوری عمر جو مسئلہ توحید وسنت کے احیاء اور شرک وبدعت کے استحصال کے لئے محنت کی تھی اب اس محنت کا رخ بدل کر خطابت کا پورا زور اہل

حق کی تردید و ملامت میں صرف ہوتا ہے۔ جو قرآنی آیات مشرکین مکہ اور مشرکین ہند کے خلاف ان کی قوت استدلال ہوتی تھی، اب انہی آیات کا مصداق انہیں علمائے دیوبند نظر آتے ہیں"۔
(میرے شیخ القرآن ص: ۵۲تا۵۳)

چنانچہ نغمۂ توحید گجرات ماہ صفر ۱۴۱۱ھ کے ص: ۱۴ تا ۲۴ میں حضرت شاہ صاحب کی ایک تقریر کو پڑھ کر اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ واقعی حضرت صوفی صاحب اور مولانا قاسمی صاحب بالکل صحیح فرماتے ہیں۔

حضرت شاہ صاحب کے فیض یافتہ فنکار کا فتوی:

مسائل واحکام (باب الفتاوی) از علامہ احمد سعید خان ایک شخص کسی مرد صالح یا پیغمبر کریم ﷺ کی قبر پر کھڑا ہو کر ہدیۂ سلام پیش کر کے عرض کرتا ہے کہ "اے اللہ کے ولی یا نبی ﷺ! میرے لئے اللہ کے حضور دعا فرمائیں اور سفارش کریں کہ میری فلاں حاجت پوری ہو جائے یا فلاں مصیبت دور ہو جائے"۔ علمائے شریعت کے نزدیک قرآن وحدیث کی روشنی میں ایسے شخص کا کیا حکم ہے۔؟ بینوا توجروا عند الله ـ

سائل امین حسن و دیگر احباب از پشاور

الجواب وهو الموفق للطريق الصواب

کسی شخص کا موت کے بعد کسی اللہ کے نیک بندے یا پیغمبر کی قبر پر کھڑے ہو کر ہدیۂ سلام و درخواست پیش کرنے کی چند صورتیں ہیں۔ جو گداگراں غیر اللہ اور شیدایان قبور کے ہاں روز اول سے چل رہی ہیں............ چوتھی صورت: اس لئے پکارتا ہے کہ تاکہ مجھ پر اللہ کی برکتیں اور سلامتیاں نازل ہوں گی کیونکہ جب کہوں گا اے اللہ کے نبی! آپ پر سلام ہوں تو آنحضرت ﷺ فرمائیں گے۔ وعليك السلام يا ولدی ! اے میرے بیٹے تجھ پر اتنی اللہ کی سلامتی ہو، جتنی مرتبہ کہوں گا، اتنی مرتبہ ہی سن کر دعا دیں گے۔ جب اللہ کا محبوب مجھے سلامتی کی دعا دے تو پھر تو خود بخود میرے تمام اغراض ومطالب پورے ہوتے جائیں گے۔ اللہ کا فضل شامل حال ہو جائے گا

یعنی صرف میت کی دعا لینے کے لئے پکارتا ہے اور کہتا ہے حضرت کی دعائیں شامل حال ہیں ....ان تمام صورتوں میں سے ہر ایک صورت قرآن وحدیث کی نصوص قاطعہ کے خلاف ہے ہر ایک صورت کفر وشرک بنتی ہے اور مجموعی طور پر تمام صورتوں میں دو چیزیں تو برابر کی قدر مشترک کے طور پر پائی جاتی ہیں، جو بجائے خود صریح کفر وشرک بنتی ہیں۔ایک پکار کہ مافوق الاسباب ہونا۔دوسرا اللہ کی رحمت سے مایوس ہو کر میت کی طرف رجوع کرنا اور اس کو پکارنا عالم اسباب سے بالاتر ہو کر کسی کا کوئی کام کرنا یا عالم اسباب سے مافوق ہو کر کسی کو نداء کرنا، یہ سوائے اللہ کی ذات کے اور کسی کا حق نہیں ہے اور مذکورہ تمام صورتوں میں میت کو نداء کرنا یا پکارنا یہ مافوق الاسباب ہے کیونکہ میت کے سننے کے، پھر جواب دینے کے، پھر سفارش کرنے کے، اسباب موت کے بعد قطعاً ختم ہو گئے۔انقطاع تعلق روح عن الجسم ہوا تو انقطاع عمل وارادت بھی ہو گیا۔انقطاع اسباب جو ہو گیا، خواہ میت پیغمبر ہو یا کوئی اور۔لہذا ایک چیز تو یہ ہوئی، جو صریح کفر وشرک بنتی ہے۔ دوسری چیز یہ کہ اپنے مالک کی رحمت سے مایوس ہو کر ہی غیر کی طرف راغب وطامع ہوا............ چوتھی صورت پکار مافوق الاسباب بھی ہے، اللہ سے مایوسی بھی ہے، اللہ پر افتراء وکذب بھی ہے"۔ (الحیوۃ نمبر:۲ ص:۲۹ تا ۳۱ مصنف حضرت مولانا علامہ احمد سعید خان المدیر جامعہ احیاء السنہ نزد سول ہسپتال کبیر والا (خانیوال)۔

نیز علامہ موصوف لکھتے ہیں:

"ان لوگوں کا اعتقاد ہے کہ بھیجا ہوا سلام آپ ﷺ سن لیتے ہیں جب کہا جائے السلام علیك یا رسول الله! یہ فلاں کی طرف سے ہے اور وہ آپ کو سفارشی بنانا چاہتا ہے تیرے رب کی طرف، پس سفارش فرماؤ تمام مسلمین کی، بلکہ ان کا اعتقاد ہے کہ زائر کو چاہیے کہ وہ شیخین سے عرض کریں کہ "ہم آپ کے ذریعے رسول اللہ ﷺ کو سفارشی بنانا چاہتے ہیں کہ ہمارے لئے اللہ سے مانگیں کہ وہ ہماری کوششوں کو قبول فرمائے اور ہمیں حالت اسلام پر زندہ رکھے اور ہمارا حشر ہی آپ ﷺ کی امت کے زمرہ میں ہو" لیکن باوجود اس کفر صریح کے (کیونکہ پہلے یہ کہنا کہ آپ ﷺ

اور تمام انبیاء اپنی قبور میں زندہ ہیں، جانتے ہیں، ادراک اور سمع صلوۃ واذان واقامت وغیرہ بجالاتے ہیں، پھر ہمارے وسیلے بھی ہیں، پھر تجاوز کر کے اس سے یوں کہا کہ شیخین کے وسیلہ سے ،وسیلہ نبی علیہ السلام کی طرف، پھر اللہ کی طرف) الزام دیتا ہے علمائے اشاعت التوحید والسنہ والوں پر، کہ وہ اہل سنت کے خلاف ہیں وہ خود یہ نہیں سمجھتا کہ اس کا اپنا عقیدہ دراصل پہلے مشرکین والا عقیدہ ہے۔ سفارش کی طلب کرنا یا فریادرسی کروانا اور حاجات وکربات میں پکارنا اور طعام ودنانیر کی طلب کرنا اوران سے توسل کرنا وغیرہ جس طرح ان کے ''تسکین الصدور'' اوران کے بڑوں کی تصانیف (یعنی علمائے دیوبند وفقہائے احناف) اور خدام کی تصانیف (یعنی علمائے دیوبند کے عقیدت مند حضرات کی تصانیف) میں لکھا ہوا ہے، سب کا سب شرک ہے اور ہم تو ایسے عقیدہ رکھنے والے کو قطعاً کافر ومشرک سمجھتے ہیں۔ کیونکہ قرآن وحدیث کا کھلا انکار ہے۔ صحابہ، تابعین اور مجتہدین کے اجماع کے بھی صریح خلاف ہے''۔ (الحیوۃ ص:۴۹ تا ۵۰)

نیز علامہ مذکور ہی لکھتے ہیں:

''جس شخص کا عقیدہ ہو کہ میت خواہ پیغمبر کی ہو یا کسی امتی کی، موت کے بعد قیامت سے پہلے اس میں روح واپس لوٹائی جاتی ہے۔ اس کی وجہ سے وہ میت دیکھتا سنتا بھی ہے، سلام والتجاء کا جواب بھی دیتا ہے دراں حال کہ وہ قبر میں مدفون بھی رہتا ہے یا اوپر سے میت اور اندر سے بالکل زندہ رہتا ہے تو ایسے عقیدے کا حامل شخص ایسی برائی کا مرتکب ہو رہا ہے کہ جس سے کفر لازم آتا ہے۔ اگر اس عقیدے پر اتمام حجت کے باوجود یا شبہ دور ہو جانے کے باوجود ڈٹا رہے اس کے کافر ہونے میں کوئی شک نہیں۔ کیونکہ اس کے اس عقیدہ سے قرآن مقدس کی نص قطعی اور احادیث رسول ﷺ کی تکذیب لازم آئے گی۔

(علمائے پاکستان کے نام کھلا خط منجانب: العارض احمد سعید خادم توحید وسنت کبیر والا ضلع ملتان ص:۸)

۹۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلسلہ مطبوعات

نمبر ۲

الحیوۃ

• سورۃ فاتحہ کی مکمل و مدلل تفسیر
• خالص تعلیمات احادیث کی روشنی میں
• شرک و بدعت پر علماء عرب کے فتوے

مصنف
حضرت مولانا علامہ احمد سعید خان

مدیر جامعہ احیاء السنۃ نزد سول ہسپتال کبیر والا (خانیوال)

جمعیت اشاعت التوحید والسنۃ پاکستان.

مسائل و احکام

از علامہ احمد سعید خان

بابُ الفتاویٰ

ایک شخص کسی مرد صالح یا پیغمبر کریمؐ کی قبر پر کھڑا ہو کر ہدیۂ سلام پیش کر کے عرض کرتا ہے کہ اے اللہ کے ولی یا نبیؐ میرے لیئے اللہ کے حضور دعا فرما دیں اور سفارش کریں کہ میری فلاں حاجت پوری ہو جائے یا فلاں مصیبت دور ہو جائے۔ علماء شریعت کے نزدیک قرآن و حدیث کی روشنی میں ایسے شخص کا کیا حکم ہے۔ بیّنوا و توجروا عند اللہ۔ (سائل ابن حسن دیگوہاٹ پونچھ)

الجواب وھو الموفق للطریق الصواب { حمداً لہ تعالیٰ و مصلیاً لرسولہ کماھو } کسی شخص کا موت کے بعد کسی اللہ کے نیک بندے یا پیغمبر کی قبر پر کھڑے ہو کر ہدیۂ سلام و درخواست پیش کرنے کی چند صورتیں ہیں جو کہ اگر ان غیر اللہ اور شیدایان قبور کے ہاں روزِ اوّل سے چلی آ رہی ہیں

پہلی صورت: قبر پر صلوٰۃ و سلام پیش کر کے پھر میت کو صرف اسلیئے پکارتا ہے کہ وہ خوش ہو۔ اس کے نام کا وظیفہ ہی پڑھے جا رہا ہے۔ تعریف ہی تعریف کر رہا ہے جسطرح کوئی اللہ کا بندہ اپنے اللہ کا صرف ذکر ہی کرتا ہے کوئی سوال یا حاجت پیش نہیں کر رہا۔ صرف اسلیئے کہ مالک خوش ہو جائے

دوسری صورت: صرف ذکر کرنا مقصود نہیں اسکا بلکہ بڑی التجا کیساتھ ندا کرتا ہے۔ اور دل میں میت مردود کا اتنا رعب یا رغبت ہے کہ ملتا بھی نہیں کہ جو کچھ اس بزرگ کے توسط سے مجھے ملنے والا ہے اس سے کہیں محروم نہ ہو جاؤں۔ پورے خشوع و خضوع رغبت و خوف کیساتھ ندا کرتا ہے۔

تیسری صورت: اسلیئے پکارتا ہے کہ میت اللہ کا مقرب اور وجیہہ ہے۔ اسکی اتنی وجاہت ہے کہ بغیر اجازت مانگے بھی اللہ سے منوا لیتا ہے۔ لہٰذا اللہ کی اجازت نہ بھی ہو تب بھی اللہ کو کہہ کر کام کروا دیں گے۔

چوتھی صورت: اس لیئے پکارتا ہے کہ تاکہ مجھ پر اللہ کی برکتیں اور سلامتیاں نازل

ہونگی۔ کیونکہ جب کہونگا اے اللہ کے نبی آپ پر سلام ہوں تو آنحضرتؐ جواب میں فرمائیں گے وعلیک السلام یا ولدی۔ اے میرے بیٹے تجھ پر اتنی اللہ کی سلامتی ہو جتنی مرتبہ کہونگا۔ اتنی مرتبہ ہی سنکر دعا دینگے۔ جب اللہ کا محبوبؐ مجھے سلامتی کی دعا دے تو پھر خود بخود میرے تمام مطالب واغراض پورے ہوتے جائینگے۔ اللہ کا فضل شامل حال ہوجائے گا۔ یعنی صرف میت کی دعا لینے کیلئے پکارتا ہے اور کہتا ہے حضرت کی دعائیں شامل حال ہیں۔

پانچویں صورت: اسلئے پکارتا ہے کہ یہ بزرگ پیغمبر اللہ کا محبوب ہے ان کے ذریعے میری درخواست جلدی قبول ہوجاویگی ورنہ براہ راست میری درخواست اللہ کے دربار میں پہونچ ہی نہیں سکتی۔ یا رد کردی جائیگی۔ یا دیر سے سنی جائیگی اور اپنے محبوبوں کی بات وہ ٹالتا نہیں۔ لہٰذا میت سے درخواست کرتا ہے کہ آپ میری سفارش فرمادیں میری درخواست وہاں تک آپ پہونچادیں۔

چھٹی صورت: پکارتا ہے اور کہتا ہے کہ آپ میرے فریادرس ہیں۔ غوث ہیں۔ آپ میری فریادرسی فرمادیں اور مشکل سے نکالیں۔ ورنہ میں تباہ ہوجاؤنگا۔

ساتویں صورت: پکارتا ہے کہ اللہ نے انہیں اجازت دے رکھی ہے۔ کہ جب بھی کوئی سائل درخواست ملے کرآئے ہیں تمھیں سنوادیا کروں گا۔ اسکی مشکلات میرے دربار میں پیش کردیا کرو۔ ان تمام صورتوں میں سے ہرایک صورت قرآن وحدیث کی نصوص قاطعہ کے خلاف ہے۔ ہرایک صورت کفر وشرک بنتی ہے اور مجموعی طور پر تمام صورتوں میں دو چیزیں تو برابر کی قدر مشترک کے طور پر پائی جاتی ہیں۔ جو بجائے خود صریح کفر وشرک بنتی ہیں۔ ایک پکارکر مافوق الاسباب ہونا دوسرا اللہ کی رحمت سے مایوس ہوکر میت کی طرف رجوع کرنا اور اسکو پکارنا۔ عالم اسباب سے بالاتر ہوکر کسی کا کوئی کام کرنا یا عالم اسباب سے مافوق ہوکر کسی کو نداء کرنا یہ سوائے اللہ کی ذات کے اور کسی کا حق نہیں ہے۔ اور مذکورہ تمام صورتوں میں میت کو نداء کرنا یا پکارنا یہ مافوق الاسباب ہے۔

۹۳

۳

کیونکہ میت سے سننے کے ۔ بجز جواب دینے کے ۔ بجز استفاد کرنیکے اسباب موت کے بعد قطعاً ختم ہوگئے ۔ انقطاع تعلق روح عن الجسم ہوا تو انقطاع عمل وارادت بھی ہوگیا ۔ انقطاع اسباب جو ہوگیا خواہ میت پیغمبر ہو یا کوئی اور ۔ لہٰذا ایک چیز تو یہ ہوئی جو صریح کفر و شرک بنتی ہے ۔ دوسری چیز یہ کہ اپنے مالک کی رحمت سے مایوس ہو کر ہی غیر کی طرف راغب و طامع ہوا ۔ ورنہ زندہ خدا کو سکو چھوڑ کر ۔ رب العالمین ۔ الرحمٰن الرحیم ۔ جو داد و منات خدا کو چھوڑ کر مردہ بے بس بے جان کیطرف اپنا سرور پکار کی باگیں یا اپنے دل کی نیاز مندیاں ، التجائیں کبھی نہ موڑتا ۔

انہ لا ییأس من روح اللہ الا القوم الکافرون کے پیش نظر یہ بھی صریح کفر و شرک بنتا ہے
پہلی صورت کو غور سے پڑھ لیں کسطرح مافوق الاسباب بھی ہے اور شرک فی الذکر بھی ہے ۔
شرک فی شکل العبادت بھی ہے ۔

دوسری صورت ، مافوق الاسباب بھی ہے اور یدعوننا رغبا و رھبا ۔ فادعوہ خوفا وطمعا
کانوا لنا خاشعین والی رملت فارغب کے خلاف ہو کر شرک فی العبادت بھی ہے ،
اور کفر باٹس بھی ہے ۔

تیسری صورت ، مافوق الاسباب بھی ہے ۔ شفیع قہری کا شرک بھی ہے ۔ اللہ سے مایوسی کا کفر بھی ہے
چوتھی صورت ، پکار مافوق الاسباب بھی ہے ۔ اللہ سے مایوسی بھی ہے ۔ اللہ پر افتراء وکذب بھی ،
پانچویں صورت ، مافوق الاسباب بھی ہے ۔ شرک فی الاستجابۃ واجابۃ بھی ہے ۔ اللہ سے مایوسی بھی ہے ۔
چھٹی صورت ، صریح کفر و شرک ہے ۔ تمام صورتوں کے ساتھ ۔

ساتویں صورت ، مافوق الاسباب بھی ہے ۔ مایوسی اپنے مالک سے بھی ہے اور پھر و من اظلم ممن افترٰی علی اللہ الکذب کے پیش نظر اپنے اللہ پر صریح بہتان بھی ہے ۔
اسلئے ہر ایک صورت اپنی جگہ پر کفر اور شرک کو اپنے اندر لئے ہوئے ہے ۔ اور ان میں سے کسی بھی صورت کا اعتقاد جازم رکھکر کوئی شخص کسی بھی میت سے خواہ میت پیغمبر ہو یا غیر پیغمبر

من فلان بن فلان يستشفع
بك الى ربك فاشفع له
ولجميع المسلمين بل اعتقادهم
ينبغي للزائر ان يقولوا للشيخين
جئناكما نتوسل بكما الى رسول
الله يشفع لنا ويسئل الله ربنا
ان يتقبل سعينا ويحيينا على
ملته ويميتنا عليها ويحشرنا
في زمرته ملكن مع هذا
الكفر الصريح زبانه قال اولا
بحيوة الانبياء عليهم السلام في
هذه القبور المحسوسة ثم
بالعلم والشعور والادراك
والسماع والصلوة والاذان
والاقامة ثم بجواز التوسل بهم
ثم تجاوز وقال بجواز التوسل
بالشيخين الى النبي ثم الى
الله تعالى) يلزم على اشاعة
التوحيد والسنة بانهم
خالفوا اهل السنة والجماعة
ولا يدري ان ما قاله هذا

یہ فلاں کیطرف سے ہے اور وہ آپؐ کو
سفارشی بنانا چاہتا ہے تیرے رب کیطرف
پس سفارش فرماؤ تمام مسلمین کی
بلکہ ان کا اعتقاد ہے کہ زائر کو چاہیئے کہ
وہ شیخینؓ سے عرض کرے کہ ہم آپ کے
ذریعہ رسول اللہ صلعم کو سفارشی بنانا
چاہتے ہیں کہ آپ ہمارے لیے اللہ سے مانگیں
کہ وہ ہماری کوششوں کو قبول فرمائے
اور ہمیں حالت اسلام پر زندہ رکھے اور
ہمارا حشر بھی آپؐ کی امت کے زمرہ
میں ہو لیکن باوجود اس کفر صریح کے۔
(کیونکہ پہلے یہ کہنا کہ آپؐ اور تمام انبیا
اپنی قبوروں میں زندہ ہیں جانتے ہیں ادراک
اور سمع۔ صلوٰۃ واذان اقامت وغیرہ بجا لاتے
ہیں پھر ہمارے وسیلے بھی ہیں۔ پھر تجاوز
کر کے اس سے یوں کہا کہ شیخین سے وسیلہ
نبیؐ کیطرف پھر اللہ کی طرف)
الزام دیتا ہے مسلما اشاعۃ التوحید والسنۃ
والوں پر کہ وہ اہل سنت کیخلاف ہیں
وہ خود یہ نہیں سمجھا کہ اس کا اپنا
عقیدہ دراصل پہلے مشرکین والا

۹۵

۵

عقیدۃ المشرکین السابقین
الاستشفاع والاستعانۃ و
الاستمداد فی الحاجات والکربات
وطلب الطعام والدنانیر والتوسل
بھم وغیرھا من المسائل
المذکورۃ فی تسکین الصدور
وکتب اتباعھم ومتبوعھم
کلھا من الامور الشرکیۃ
ونسمی من یعتقد ھذہ
الامور مشرکاً کافراً لانہ
انکر عن القرآن والاحادیث
الصحیحۃ واقوال الصحابۃ
والتابعین وجمیع الائمۃ
المجتھدین ص ۱۸۰

عقیدہ ہے۔
سفارش کی طلب کرنا یا فریاد رسی کروانا
اور حاجات و کربات میں پکارنا اور طعام
و دنانیر کی طلب کرنا اور ان سے
توسل کرنا وغیرہ۔
جس طرح ان کی تسکین الصدور اور ان
کے بڑوں کی تصانیف اور خدام
کی تصانیف میں لکھا ہوا ہے۔ سب کا
سب شرک ہے۔ اور ہم تو ایسے عقیدہ
رکھنے والے کو قطعاً کافر و مشرک
سمجھتے ہیں۔ کیونکہ قرآن و حدیث
کا کھلا انکار ہے۔ صحابہ۔ تابعین اور
مجتہدین کے اجماع کے بھی
صریح خلاف ہے۔

(۱۱۱) شیخ الاسلام الشیخ محمد بن عبد الوہاب ؒ

اذا عرفت ھذا عرفت معنی لا الٰہ
الا اللہ وعرفت ان من دعا نبیاً
او ملکاً او ندبہ او استغاث بہ
فقد خرج من الاسلام وھذا
ھو الکفر الذی قاتلھم علیہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

جب تو نے یہ جان لیا تو تجھے لا الٰہ الا اللہ
کا مطلب بھی سمجھ آگیا ہوگا اور تو نے جان
لیا ہوگا کہ جو بھی پکارے نبی کو یا
فرشتہ کو یا اس سے استغاثہ کرائے
تو اسلام سے نکل جائیگا۔ اور یہی کفر ہے
جس پر رسول اللہ صلعم نے تمام کفار سے جہاد کیے تھے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

هَلْ عِنْدَكُمْ مِنْ سُلْطَانٍ

هَلْ عِنْدَكُمْ مِنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا

اِئْتُوْنِيْ بِكِتَابٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَا اَوْ اَثَارَةٍ مِّنْ عِلْمٍ

علمائے پاکستان کے نام کھلا خط

منجانب

خدام توحید و سنۃ کبیر والہ شہر ضلع ملتان

۹۷

۸

النتائج

نمبر۱:۔ جس شخص کا یہ عقیدہ ہو کہ میت خواہ پیغمبر کی ہو۔ یا کسی امتی کی موت کے بعد قیامت سے پہلے اس میں روح واپس لوٹائی جاتی ہے اس کی وجہ سے وہ میت دیکھتا سنتا بھی ہے۔ سلام اور التجا ء کا جواب بھی دیتا ہے دراں حال کہ وہ قبر میں مدفون بھی رہتا ہے یا اوپر سے میت اور اندر سے بالکل زندہ رہتا ہے تو ایسے عقیدے کا حامل شخص ایسی برائی کا مرتکب ہو رہا ہے کہ جس سے کفر لازم آتا ہے اگر اس عقیدے پر اتمام حجت کے باوجود یا شبہ دور ہو جانے کے باوجود ڈٹا رہے اس کے کافر ہونے میں کوئی شک نہیں کیونکہ اس کے اس عقیدہ سے قرآن مقدس کی نص قطعی اور احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب لازم آئی گی

نمبر۲:۔ اس لئے بھی وہ شخص دائرہ اسلام سے خارج ہوگا کہ اس نے حمیت جاہلی یا تقلید جامد یا تعصب گروہی کی آڑ میں نصوص قطعیہ کو سمجھنے کی کوشش تک نہیں کی حالانکہ داعیہ موجود تھا۔

نمبر۳: کفر کی تیسری وجہ یہ ہے کہ اس شخص نے دین و اسلام کے اصول اساسیہ اور قواعد کلیہ جن پر عالم اسباب کے نظام کا دارومدار ہے جیسے اذامات الانسان انقطع عملہ وسقط عنہ کلمۃ [illegible] ع واجری علیہ احکام عدمیتہ وغیرہ قواعد کو عمداً چھوڑ کر قول غیر معصوم غیر مجتہد یا قدرت خدا کا سہارا لیے دلیل یا غیر اللہ کی اطاعت عبادت کی حد تک کو اپنی زندگی کا مقصود بنا لیا

نمبر۴:۔ اس عقیدے کا حامل مشرک بھی ہوگا کیونکہ اسباب نہ ہونے کے باوجود مافوق الاسباب طور پر غیر اللہ یعنی میت کے سماع اور استشفاع کا بلا التزام قائل ہے حالانکہ مافوق الاسباب سننا یا زندہ رہنا یہ خاصہ خداوندی ہے

دوغلی پالیسی:

ملتان میں ۲ ربیع الاول ۱۴۰۲ھ کو جمعیت اشاعت التوحید کے علماء کا اجلاس ہوا جس میں یہ فیصلہ کیا گیا "ہمارے شیخ حضرت علامہ مولانا حسین علی رحمہ اللہ تعالیٰ اور ان سے تعلق رکھنے والے جمعیت اشاعۃ التوحید والسنہ کے تمام علماء و مشائخ کا کتاب وسنت، ارشادات سلف اور اقوال ائمہ متقدمین حنفیہؒ کی روشنی میں اپنا مسلک تو یہ ہے کہ سماع صلوۃ وسلام عند قبر النبی ﷺ ثابت نہیں، لیکن جو لوگ قبر شریف کے پاس یعنی عند قبر النبی ﷺ صرف صلوۃ وسلام کے سماع کے قائل ہیں، ہم ان کو کافر نہیں کہتے بلکہ ہم ان کو اہل سنت و جماعت سے خارج بھی قرار نہیں دیتے۔ جو شخص ایسا عقیدہ رکھنے والے کو کافر سمجھے، ہماری جماعت جمعیت اشاعت التوحید والسنہ کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں۔ اسی طرح جو لوگ سماع اموات عند القبور کے قائل ہیں ان کا بھی ہماری جماعت سے کوئی تعلق نہیں"۔

اس فیصلہ پر ۲۱ علماء کے دستخط ہیں۔ نمبر ا پر عنایت اللہ نمبر ۶ پر عصمت اللہ (جو ہر ایک کو کہا کرتے ہیں کہ: "اباجی مولانا نور محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ بھی سماع صلوٰۃ وسلام عند قبر النبی ﷺ کے قائل تھے میں بھی قائل ہوں"۔ جب انہیں کہا جائے کہ اگر آپ کا عقیدہ یہی ہے تو لکھ کر دے دو، تو لکھنے سے انکار کر جاتے ہیں مگر اس فیصلہ پر جو اباجی اور اپنے عقیدے کے خلاف نظریہ ہے، دستخط کر دیئے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان لوگوں کا قرآن و حدیث پر ایمان نہیں، شاہ جی کے فیصلہ پر ایمان ہے۔) نمبر ۱۳ پر احمد سعید خان کے دستخط ہیں۔ حضرت شاہ صاحب اور احمد سعید صاحب کا عقیدہ اور فیصلہ بدلتا رہتا ہے۔ قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ تو نہیں بدلے ان کے فیصلے کیوں بدلتے رہتے ہیں۔؟

؎ جو جل اٹھتا ہے یہ پہلو تو یہ پہلو بدلتے ہیں

۹۹

ماہنامہ تعلیم القرآن راولپنڈی

مدیر: سید ابو احمد سجاد بخاری

جلد : ۲۲
شمارہ : ۱۰

محرم الحرام ۱۴۰۵ھ
مطابق
اکتوبر ۱۹۸۴ء

مدیر سے خط و کتابت کے لیے: سید ابو احمد سجاد بخاری، بکلی محلہ، مانو آباد

زر سالانہ: ۲۰/۰۰ روپے ۔ فی شمارہ ۲/۰۰ روپے

۱۰۰ تعلیم القرآن راولپنڈی ۱۷ اکتوبر ۱۹۸۳ء

سماع اور قائلین سماع

کے بارے میں

ہمارا جماعتی موقف

۲۰ ربیع الاول ۱۴۰۳ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وحدہ والصلوٰۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ

اما بعد،

ہمارے شیخ حضرت علامہ مولانا حسین علی رحمہ اللہ تعالیٰ اور ان سے تعلق رکھنے والے جمعیت اشاعت التوحید والسنۃ کے تمام علماء و مشائخ کا کتاب و سنت، ارشادات سلف اور اقوال ائمہ متقدمین حنفیہؒ کی روشنی میں اپنا مسلک تو یہ ہے کہ سماع صلوٰۃ وسلام عند قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثابت نہیں لیکن جو لوگ قبر شریف کے پاس یعنی عند قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم صرف صلوٰۃ وسلام کے سماع کے قائل ہیں ہم ان کو کافر نہیں کہتے بلکہ ہم ان کو اہل سنت والجماعت سے خارج بھی نہیں قرار دیتے۔ جو شخص ایسا عقیدہ رکھنے والے کو کافر سمجھے ہماری جماعت جمعیت اشاعت التوحید والسنۃ کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں۔

اسی طرح جو لوگ سماع اموات عند القبور کے قائل ہیں ان کا بھی ہماری جماعت سے کوئی تعلق نہیں۔

۱۔ عنایت اللہ ۲۔ شمس الدین

۳۔ عبدالغنی ۴۔ احقر الوریٰ سجاد بخاری

۱۰۱ تعلیم القرآن راولپنڈی	۱۰	اکتوبر ۱۹۸۳ء

۵۔ عبدالرزاق ابن مولانا حسین علی رحمہ اللہ علیہ
۶۔ عصمت اللہ
۷۔ حکیم نور احمد یزدانی
۸۔ احسان الحق عفی عنہ
۹۔ ضیاء اللہ جامع مسجد شاہ فیصل گیٹ گوجرانوالہ
۱۰۔ محمد حسین غفرلہٗ مدرس ضیاء العلوم سرگودھا
۱۱۔ خلیل احمد
۱۲۔ عبدالحکیم عفا اللہ عنہ
۱۳ احمد سعید عفی عنہ
۱۴۔ مشتاق احمد عفا اللہ عنہ
۱۵۔ اختر محمد حسین ہزاروی
۱۶۔ عبدالستار توحیدی خطیب جامع مسجد نیا محلہ راولپنڈی
۱۷۔ محمد ضیاء القادری
۱۸۔ قاضی محمد امیر میانوالی
۱۹۔ خلیل احمد خطیب جامع مسجد ماچھیاں بھیراں
۲۰۔ نور محمد عفی عنہ۔ ملتان
۲۱۔ خلیل الرحمٰن جامع مسجد ماڈل ٹاؤن۔ لاہور

(بقیہ از صفحہ نمبر ۳۸)

ایضاً عندی من شامی رحمہ
اللہ فقہ و کذا شیخ
مشائخنا رشید احمد
الگنگوہی قدس سرہ افقہ
عندی من الشامی[1]۔

یہ شامی سے زیادہ
فقیہ ہیں اور اسی طرح ہمارے شیخ
المشائخ رشید احمد گنگوہی قدس سرہ
میرے نزدیک شامی سے بڑھ کر
فقیہ ہیں۔

---

[1] ملاحظہ ہو فیض الباری علی صحیح البخاری، مطبعہ حجازی، قاہرہ ج ۲ ص ۱۰۰، ج ۱ ص ۲۰

حوالے کے لئے دیکھئے: (ماہنامہ تعلیم القرآن راولپنڈی اکتوبر ۱۹۷۴ء ص: ۱۷ تا ۱۸ ونومبر ۱۹۷۵ء ص: ۳۹)

ایک اور فیصلہ بھی اس جمعیت کا ملاحظہ کریں۔شب ۲۱ رمحرم الحرام ۱۴۰۶ء/ ۱۶ اکتوبر ۱۹۷۵ء۔

"بسم الله الرحمن الرحيم ـ الحمدلله وحده والصلوة والسلام على من لا نبى بعده ـ اما بعد!

مجلس مقننہ جماعت اشاعت التوحید والسنہ پاکستان کا فیصلہ:

(۱):......ملتان میں جماعت کی مجلس شوریٰ منعقدہ ۲ ربیع الاول ۱۴۰۲ھ میں طے شدہ متفقہ فیصلہ کی توثیق کرتے ہوئے مندرجہ امور کی وضاحت کی گئی۔

(۲)......الف: جماعت اشاعت التوحید والسنہ کا مسلک عدم سماع موتی ہے۔

ب:......سماع موتی عندالقبور کے قائلین کو ہم کافر نہیں کہتے۔

ج:......سماع موتی عندالقبور کے قائلین میں سے کوئی بھی ہماری جماعت کا رکن نہیں بن سکتا

د:......سماع موتی عندالقبور کے قائلین کو کافر کہنے والا بھی ہماری جماعت کا رکن نہیں رہ سکتا۔

استشفاع:

ہماری جماعت کے نزدیک کسی پیغمبر یا ولی کے مزار پر جاکر یہ کہنا کہ میرے لئے دعا کریں، بدعت قبیحہ مستحدثہ اور ذریعہ شرک ہے۔مجلس مقننہ اشاعت التوحید والسنہ کا متفقہ فیصلہ نام کے متعلق حضرت الامیر مولانا محمد طاہر صاحب کی تجویز پر فیصلہ کیا گیا کہ ہماری جماعت کا نام صرف اشاعت التوحید والسنہ پاکستان ہوگا۔جس کے دو شعبے ہوں گے ایک شعبہ کا نام ''جمعیت اشاعت التوحید والسنہ'' ہوگا دوسرے شعبہ کا نام ''جماعت اشاعت التوحید والسنہ'' ہوگا۔

عنایت اللہ، احقر محمد طاہر عفی اللہ عنہ، سجاد بخاری، عارف طاہری، احقر عبداللہ غفرلہ، بدیع الزمان، فضل حق، میر سمیع الحق، احسان الحق عفی اللہ، ضیاء الحق، محمد حسین غفرلہ، عصمت اللہ۔

(ماہنامہ تعلیم القرآن راولپنڈی نومبر ۱۹۷۵ء ص:۴۰)

عاشقان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے خوشخبری:

علامہ نیلوی صاحب لکھتے ہیں:

خاص کر جب فرشتے پوچھتے ہیں: "ماتقول فی حق ھذا الرجل" تو عالم برزخ میں نبی اکرم ﷺ کے معصوم چہرۂ انور کی طرف دیکھتے ہی اہل ایمان عاشق رسول بے ہوش ہو جاتے ہیں اور پھر دیدار الٰہی ہونے کے بعد اور بھی بے خود ہو جاتے ہیں۔ (ندائے حق جلد ثانی ص:۳۷۲)

۱۰۴

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ماہنامہ تعلیم القرآن راولپنڈی

مدیر: سید ابو احمد سجاد بخاری

جلد: ۲۳

شمارہ: ۱۰

صفر المظفر ۱۴۰۶ھ نومبر ۱۹۸۵ء

مدیر سے خط و کتابت کے لیے: سید ابو احمد سجاد بخاری

زر سالانہ: ۲۰/۰۰ روپے — فی شمارہ: ۲/۰۰ روپے

۱۰۵ تعلیم القرآن راولپنڈی ۲۹ نومبر ۱۹۸۱ء

۲ ربیع الاوّل ۱۴۰۲ھ

ملتان کے اجلاس کا فیصلہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وحدہ والصلوٰۃ والسلام علی من لا نبی بعدی

اما بعد ہمارے شیخ حضرت علامہ مولانا حسین علی رحمہ اللہ تعالیٰ اور ان سے تعلق رکھنے والے جمعیۃ اشاعۃ التوحید والسنۃ کے تمام علماء و مشایخ کا کتاب و سنت ارشادات سلف اور اقوال ائمہ متقدمین حنفیہ کی روشنی میں اپنا مسلک تو یہ ہے کہ سماع صلوٰۃ و سلام عند قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثابت نہیں لیکن جو لوگ قبر شریف کے پاس یعنی عند قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم صرف صلوٰۃ و سلام کے سماع کے قائل ہیں ہم ان کو کافر نہیں کہتے بلکہ ہم ان کو اہل سنت و جماعت سے خارج بھی نہیں قرار دیتے۔ جو شخص ایسا عقیدہ رکھنے والے کو کافر سمجھے ہماری جماعت جمعیۃ اشاعۃ التوحید والسنۃ کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں۔

اسی طرح جو لوگ سماع اموات عند القبور کے قائل ہیں ان کا بھی ہماری جماعت سے کوئی تعلق نہیں۔

عنایت اللہ	شمس الدین	عبد الغنی
احقر الوری سجاد بخاری	عبد الرزاق ابن حضرت مولانا حسین علیؒ	حکیم نور احمد یزدانی
احسان الحق عفی عنہ	محمد حسین غفرلہٗ مدرس ضیاء العلوم سرگودھا	خلیل احمد
احمد سعید عفی عنہ	ضیاء اللہ شاہ جامع مسجد شاہ فیصل گیٹ گجرات	عبد الحکیم عفی اللہ عنہ
احقر محمد حسین ہزاروی	قاضی محمد امیر میانوالی	عبد الستار عفی عنہ [illegible] راولپنڈی
محمد ضیاء القادری	مشتاق احمد عفی عنہ	خلیل الرحمٰن جامع مسجد ماڈل ٹاؤن
خلیل احمد خطیب جامع صابریہ وال بچھراں	محمد محمد عفی عنہ ملتان	لاہور

۱۰۷ تعلیم القرآن راولپنڈی ۴۰ نومبر ۱۹۸۵ء

شب ۱۲ محرم الحرام ۱۴۰۶ھ ۶ ماکتوبر ۱۹۸۵ء

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الحمد للہ وحدہ والصلوٰۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ اما بعد

مجلس مقننہ جماعت اشاعۃ التوحید والسنۃ پاکستان کا فیصلہ

۱ ملتان میں جماعت کی مجلس شوریٰ منعقدہ ۲۰ ربیع الاول ۱۴۰۲ھ میں طے شدہ متفقہ فیصلہ کی تشریح کرتے ہوئے مندرجہ امور کی وضاحت کی گئی۔

۲ الف۔ جماعت اشاعۃ التوحید والسنۃ کا مسلک عدم سماع موتیٰ ہے۔

ب۔ سماع موتیٰ عند القبور کے قائلین کو ہم کافر نہیں کہتے

ج۔ سماع موتیٰ عند القبور کے قائلین میں سے کوئی بھی ہماری جماعت کا رکن نہیں بن سکتا۔

د۔ سماع موتیٰ عند القبور کے قائلین کو کافر کہنے والا بھی ہماری جماعت کا رکن نہیں رہ سکتا۔

استشفاع

ہماری جماعت کے نزدیک کسی پیغمبر یا ولی کے مزار پر جا کر یہ کہنا کہ میرے لیے دعا کریں بدعت قبیحہ متحدثہ اور ذریعۂ شرک ہے۔ مجلس مقننہ اشاعۃ التوحید والسنۃ پاکستان کا متفقہ فیصلہ نام کے متعلق حضرت الامیر مولانا محمد طاہر صاحب کی تجویز پر فیصلہ کیا گیا کہ ہماری جماعت کا نام صرف اشاعۃ التوحید والسنۃ پاکستان ہوگا۔

جس کے دو شعبے ہوں گے ایک شعبہ کا نام جمعیۃ اشاعۃ التوحید والسنۃ ہوگا دوسرے شعبہ کا نام جماعۃ اشاعۃ التوحید والسنۃ ہوگا۔

عنایت اللہ۔ احقر محمد طاہر عفی اللہ عنہ۔ سجاد بخاری۔ عارف طاہری۔ احقر عبید اللہ غفرلہ۔ بدیع الزمان۔ فضل حق میر سمیع الحق۔ احسان الحق عفی اللہ۔ ضیاء الحق۔ محمد حسین غفرلہ عصمۃ اللہ

ان دونوں متفقہ فیصلہ سے ثابت ہوا کہ سماع موتی کے قائلین مسلمان ہیں اور ظاہر بات ہے کہ بحکم حدیث شریف مسلمان کو کافر کہنے والا خود کافر بن جاتا ہے اور بے شمار مسلمانوں کو کافر کہنے والا تو یقیناً کافر ہوگا۔ اس لئے ایسا شخص ''جمعیت اشاعتِ التوحید والسنہ'' کا رکن نہیں بن سکتا۔ لیکن سوال یہ ہے کہ اگر ''جمعیت اشاعت التوحید والسنہ'' کے راہنما خود ہی سماع موتی کے قائلین کو کافر قرار دیں اور اپنے فیصلہ کے مطابق خود ہی گمراہ ہو جائیں تو کیا پھر بھی وہ اشاعت التوحید والسنہ کے سربراہ اور راہنما رہیں گے یا نہیں۔؟ یہ عجیب معاملہ ہے کہ جب یہ جماعت حیات النبی ﷺ جسمانی اور سماع صلوۃ وسلام عند القبر الشریف کے قائل تھی، اس وقت بھی وہ جمعیت اشاعت التوحید والسنہ تھی اور اس کے ساتھ تعلق رکھنے والے افراد دیوبندی مسلک سے اپنے آپ کو منسلک کرتے تھے۔ جب اس جماعت نے حیات النبی ﷺ کے جسمانی ہونے اور سماع صلوۃ وسلام عند القبر الشریف کا انکار کیا لیکن اس عقیدہ کے حاملین کو اہل سنت والجماعت کہا اس وقت بھی اس کا نام وہی جمعیت اشاعت التوحید والسنہ ہے، اس سے تعلق رکھنے والے افراد پھر بھی اپنے آپ کو دیوبندی کہتے ہیں۔ اسی طرح جب اس جماعت کے راہنماؤں نے سماع موتی کے قائلین کو کافر کہا تب بھی اس جماعت کا نام جمعیت اشاعت التوحید والسنہ ہے، پھر بھی یہ ظالم اپنے آپ کو دیوبندی کہتے ہیں حالانکہ فیصلہ میں خود کہا ہے کہ ایسا شخص جماعت کا رکن نہیں بن سکتا۔ جب رکن نہیں بن سکتا تو جو بنے ہوئے ہیں وہ کون ہوں گے۔؟ اس کی مثال یوں سمجھنی چاہئے کہ ایک شخص پہلے مؤحد متبع اسلام تھا اس نے ایک جماعت ''جمعیت اشاعت التوحید والسنہ'' کے نام بنائی۔ اس وقت وہ اپنے آپ کو سنی مسلمان کہلاتا تھا پھر اس نے عقائد اہل بدعت قبول کر لئے تب بھی وہ اپنے آپ کو سنی مسلمان کہلاتا ہے، اور اپنی جماعت کو ''جمعیت اہل سنت'' کہلاتا ہے، کیا ایسے دھوکے باز، فتنہ پرور، کافر اور مرتد شخص کو مسلمان سنی مسلمان کہہ سکتے ہیں۔؟ ہرگز نہیں۔ اسی طرح ان حضرات کو بھی چاہئے کہ جمعیت اشاعت التوحید والسنہ کے نام بجائے ''جمعیت اشاعت التوہین والفتنہ'' اپنی جماعت کا نام رکھیں کیونکہ اب یہ ''جمعیت اشاعت التوحید والسنہ'' نہیں رہی، کیونکہ ایک جماعت کا

عقیدہ بار بار نہیں بدلا کرتا۔ فلہٰذا اپنے آپ کو دیوبندی کہلا کر مسلمانوں کو دھوکہ میں نہ ڈالیں اور اکابر علماء دیوبندؒ کا نام لے کر اپنی تقریروں اور تحریروں میں رحمۃ اللہ علیہ نہ کہیں اور نہ لکھیں ورنہ آپ خود کافر ہو جائیں گے۔ کیونکہ ان کے عقائد آپ کے نزدیک کفریہ ہیں۔ ان "اشاعت التوہین و الفتنہ" والوں کو اپنا ایمان ثابت کرنا بھی محال ہو جائے گا۔

ایک بہت بڑا فراڈ:

مماتی گروہ کا ایک بہت بڑا فریب یہ ہے کہ یہ اپنے آپ کو خالص دیوبندی کہلاتے ہیں اور ہمیں بناسپتی دیوبندی کہتے ہیں۔ چنانچہ ابن الہدی صاحب لکھتے ہیں: ''جہاں تک مولانا ضیاء القاسمی اور ان کے احباب کا تعلق ہے انہیں علمائے دیوبند سے نسبت ہی کیا ہے''۔؟ (ماہنامہ نغمہ توحید گجرات ص:۳۵ محرم، صفر ۱۴۱۰ھ اگست، ستمبر ۱۹۷۹ء)

اس سے پہلے لکھا: ''رہا اشاعت التوحید والسنہ سے علمائے دیوبند کا اختلاف، تو یہ وضاحت درکار ہے کہ حضرت علامہ انور شاہ کشمیریؒ کو اشاعت التوحید والسنہ کے بانی حضرت مولانا حسین علیؒ سے اختلاف تھا یا مفتی ہند مولانا کفایت اللہ دہلویؒ کو۔ حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ کا مسلک اشاعت التوحید والسنہ کے مسلک سے مختلف تھا یا حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ کا۔؟ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ۔ (نغمہ توحید ص:۳۵ ایضا)

الجواب:

اشاعت التوحید والسنہ کا بانی حضرت مولانا حسین علی صاحبؒ (المتوفی ۱۳۶۳ھ/۱۹۴۴ء) کو قرار دینا، بہت بڑا جھوٹ اور فراڈ ہے۔ بلکہ اس جمعیت اشاعت التوحید والسنہ کے بانی شیخ القرآن حضرت مولانا غلام اللہ خان صاحب ہیں۔ چنانچہ انہوں نے ماہنامہ تعلیم القرآن راولپنڈی کا پہلے اجراء کیا اور پہلا پرچہ ربیع الثانی ۱۳۷۷ھ مطابق نومبر ۱۹۵۷ء کو معرض وجود میں آیا۔ اور اسی ماہ نومبر میں جمعیت کا قیام ہوا ہے۔ چنانچہ ماہنامہ تعلیم القرآن راولپنڈی جنوری ۱۹۵۸ء کے ص:۴۱ میں جلی قلم سے یہ عنوان تحریر ہے۔ ''جمعیت اشاعت توحید و سنت پاکستان کا قیام''۔ آگے

تحریر ہے:

(راولپنڈی ۲۹ نومبر ۱۹۵۷ء) آج یہاں شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خان مہتمم دارالعلوم تعلیم القرآن کی دعوت پر پاکستان کے مختلف علاقوں کے علمائے کرام کا اجلاس روز جمعرات آٹھ بجے رات زیر صدارت حضرت مولانا محمد صادق صاحب سجادہ نشین واں بھچراں میانوالی منعقد ہوا شریک ہونے والے علماء کرام کے نام حسب ذیل ہیں۔

۴۵ علمائے کرام کے نام تحریر ہیں۔ نمبر ۱۳ پر حضرت مولانا قاضی نور محمد صاحب گوجرانوالہ ،نمبر ۲۹ پر مولانا محمد طاہر صاحب مردان، نمبر ۳۲ پر حضرت مولانا محمد مسکین صاحب راولپنڈی (جو اب راولپنڈی میں غیر مقلد ہوکر ان کے شیخ الحدیث بنے ہوئے ہیں) نمبر ۳۵ حضرت مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب بخاری گجرات، نمبر ۳۷ پر حضرت مولانا نذیر اللہ صاحب گجرات، نمبر ۴۲ پر حضرت مولانا قاضی شمس الدین صاحب گوجرانوالہ، نمبر ۴۴ پر ابو الزاہد مولانا محمد سرفراز خان صاحب گوجرانوالہ۔

یہ جمعیت اشاعت توحید وسنت پاکستان ۱۹۵۷ء میں بن رہی ہے جبکہ حضرت مولانا حسین علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ ۱۳ سال پہلے فوت ہو چکے تھے۔ اور اسی ماہنامہ کے ص: ۴۲ میں تحریر ہے:

''اس اجتماع میں توحید وسنت کی ہمہ گیر اشاعت کے لئے باقاعدہ ایک تنظیم کا قیام عمل میں آیا جس کا نام اتفاق رائے سے ''جمعیت اشاعت توحید وسنت'' رکھا گیا (جو بعد میں خود بخود جمعیت اشاعت التوحید والسنہ کے نام سے مشہور ہوگیا) اس کے چار اجلاس ہوئے جن میں درج ذیل کارروائی عمل میں لائی گئی۔ سات علماء کرام پر مشتمل ایک سب کمیٹی جمعیت کے اغراض ومقاصد مرتب کرنے کے لئے مقرر کی گئی جن کے نام حسب ذیل ہیں۔

(۱) حضرت مولانا غلام اللہ خان صاحب (۲) قاضی شمس الدین صاحب (۳) قاضی نور محمد صاحب (۴) مولانا محمد طاہر صاحب (۵) مولانا محمد سرفراز خان صاحب (۶) مولانا عبد الستار صاحب (۷) نور احمد صاحب۔

اس کمیٹی نے جمعیت کے دوسرے اجلاس میں جماعت کے اغراض ومقاصد مرتب کر کے پیش کر دیئے۔ کمیٹی نے جمعیت کا دستور مرتب کیا۔ ۱۳۶ افراد پر مشتمل ایک مرکزی مجلس شوری مقرر کی گئی جن کے نام یہ ہیں الخ

ان حضرات میں حضرت مولانا نذیر اللہ خان صاحبؒ گجرات اور حضرت شیخ معظم استاذ مکرم مولانا سرفراز خان صاحب صفدر دامت برکاتہم العالیہ کا اسم گرامی بھی شامل ہے۔ آگے تحریر ہے:

اجلاس میں جماعت کے چار سرپرست مقرر کئے گئے جن کے نام یہ ہیں۔

(۱) شیخ الحدیث حضرت مولانا نصیر الدین صاحب غورغشتوی

(۲) حضرت مولانا محمد صادق صاحب سجادہ نشین واں بھچراں میانوالی

(۳) حضرت مولانا محمد ولی اللہ صاحب انہی والے تحصیل پھالیہ ضلع گجرات

(۴) حضرت مولانا شیخ الحدیث سلطان محمود صاحب سابق صدر مدرس فتح پوری دہلی حال کوٹھیالہ شیخاں گجرات۔

حسب ذیل عہدیداران پر مشتمل مجلس عاملہ منتخب کی گئی۔

(۱) قاضی نور محمد صاحب گوجرانوالہ امیر اعلی جمعیت اشاعت توحید وسنت پاکستان

(۲) حضرت مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب بخاری۔ مرکزی نائب امیر اعلی جمعیت

(۳) حضرت شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خان صاحب راولپنڈی مرکزی ناظم اعلی

اور پھر اسی ماہنامہ میں دستور کے تحت ص: ۴۴ میں تحریر ہے: ''اہل سنت والجماعت کے مسائل کو حق سمجھتے ہوئے فقہی مسائل میں حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی پیروی کرنا اور ان کی ترویج دینا۔ حتی الامکان سلف صالحین کے مسلک پر عوام کو چلنے کی دعوت دینا۔ ان کے ادب واحترام کی تلقین کرنا''۔ (یہ ہے جمعیت اشاعت التوحید والسنہ کی کہانی خود ان کی زبانی)

مگر شرم تم کو نہیں آتی۔

حضرت شاہ صاحب گجراتی نے اپنی خصوصی توجہ سے جمعیت اشاعت التوحید والسنہ کو موت

کے گھاٹ اتار کر اس کو دفن کر دیا ہے۔اب اس جماعت کو جمیعت اشاعت التوحید والسنہ کہنا ایسا ہے جیسے رات کو دن کہا جائے۔

؎ نہند نام زنگی کافور

حضرت شیخ القرآن کی وصیت:

حضرت شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خان مرحوم ،شاہ صاحب گجراتی اور چند نوجوان چھوکروں کے تشدد سے سخت پریشان تھے۔اس لئے بڑے درد بھرے لہجہ میں فرمایا کرتے تھے کہ" اپنے اکابر علمائے دیوبند کے نظریہ وتحقیق پر قائم رہنا،اگر ان کی تحقیق کے خلاف کسی کا نظریہ ہو تو اس کو چھوڑ دینا،اگر تمھیں غلام اللہ اور عنایت اللہ بھی چھوڑنا پڑے،بالکل چھوڑ دینا،مگر اپنے اکابر علماء دیوبند کے نظریات کو قطعاً نہ چھوڑنا۔کیونکہ ان حضرات کی دیانت ، شرافت،امانت، شجاعت،تقوی،اخلاص اور علمی تحقیق کا مقابلہ بعد میں آنے والے نہیں کر سکتے"۔

پھر ان نوجوان چھوکروں کے متعلق فرمایا کرتے تھے" کیا کریں ہم نے مشرک لوگوں کے خلاف ان نوجوانوں میں پھونک زیادہ بھر دی ہے۔ہمیں یہ وہم وخیال ہی نہیں تھا کہ یہ اکابر علمائے دیوبند کے بھی بے ادب اور گستاخ بن جائیں گے۔اب ان کی اور ہماری مثال یوں ہے کہ یہ نوجوان مکان کی چھت پر چڑھے ہوئے ہیں،اور ہم زمین پر کھڑے ہیں،ہم ان کو کہتے ہیں کہ نیچے اتر آؤ،یہ نوجوان کہتے ہیں کہ حضرت آپ نے ہمارے اندر پھونک زیادہ بھر دی ہے،ہم مجبور ہیں،نیچے اترنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا البتہ اس سے بھی زیادہ اوپر کو چڑھ سکتے ہیں"۔

حضرت مولانا قاضی نور محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی وصیت:

حضرت قاضی صاحب رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:"سلف صالحین پر تنقید کا جو سلسلہ چل نکلا ہے اس سے پرہیز کرنا چاہئے۔اس میں فائدہ کے بجائے نقصان کا زیادہ خطرہ ہے۔قرآن مقدس اور حدیث مقدس کو سمجھنے کے لئے سلف کو مشعل راہ بنایا جائے نہ کہ" ھم رجال ونحن رجال " کہہ کر جو مرضی میں آئے،سمجھ لیا جائے اور اس پر عمل کر ڈالا جائے۔دین میں سمجھ پیدا کرنا ہر

مسلمان کے لئے ضروری ہے، جو لوگوں کی رہنمائی کرے اس کے لئے تو اور زیادہ ضروری ہے۔ لیکن یہ نہیں کہ اپنی سمجھ کو سلف پر ترجیح دے۔ سلف کی تحقیقات کے لئے نئے دلائل قرآن وحدیث سے تلاش کرنا تو بہتر خدمت ہے لیکن احادیث اور قرآن سے مسائل محققہ کے خلاف دلائل تلاش کرنا اور ان کے خلاف چل نکلنا موجب خسران ہے"۔

والسلام قاضی نور محمد عفی عنہ (اقامۃ البرہان ص:۱۱۶ بحوالہ ماہنامہ تعلیم القرآن راولپنڈی ص:۵۴ نومبر ۱۹۶۲ء وصیت حضرت قاضی صاحبؒ)

حضرت مولانا حسین علیؒ کا عقیدہ:

حضرت مولانا حسین علیؒ "حیات انبیاء علیهم السلام و سماع صلوة وسلام عند قبور الانبیاء علیهم السلام" کے قائل تھے۔ انہوں نے اس مسئلہ میں کبھی اختلاف نہیں کیا تھا۔ چنانچہ آپ کے خلیفہ اعظم حضرت مولانا نصیر الدین غورغشتویؒ فرماتے ہیں: "میں نے مولانا حسین علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے اس مسئلے کا کبھی اختلاف نہیں سنا اور نہ ہی میں نے کبھی ان سے یہ پوچھا تھا۔ یہ تو ایک اہل السنہ والجماعۃ کا متفقہ حق مسئلہ ہے"۔ مسکین نصیر الدین غورغشتوی (مقام حیات ص:۲۷۰ مطبوعہ: ۱۳۸۰ھ)

حضرت مولانا غورغشتویؒ کے عقیدہ کا بیان گزشتہ اوراق میں مفصل طور پر گزر چکا ہے حضرت غورغشتویؒ، حضرت مولانا حسین علیؒ کے خلیفہ اعظم تھے۔ اور جمعیت اشاعت التوحید والسنہ کے بھی سرپرست تھے۔

(۲):......حضرت مولانا حسین علیؒ فرماتے ہیں: "صلی الله تعالی علی صاحب الشريعة بعددما فی علم الله صلوة دائمة بدوام ملك الله وعلى اله واصحابه اجمعين من صلى على النبی صلى الله عليه واله وسلم صلى الله عليه عشر مرات"۔

جو شخص درود بکثرت پڑھے اور عقیدہ شرکی رکھے اور امیدوار اس امر کا ہوتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے جواب میں اس پر درود بھیجتے ہیں، غلط ہے مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالْمُؤْمِنِينَ (صحیح

وَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا ہے۔ڈیروی) " اَنۡ یَّسۡتَغۡفِرُوۡا لِلۡمُشۡرِکِیۡنَ وَلَوۡ کَانُوۡۤا اُولِیۡ قُرۡبٰی " ان امور کے لئے شرک نہ کرنا شرط ہے۔ (بلغۃ الحیر ان ص:۵۱)

حضرتؒ کے فرمان سے معلوم ہوا کہ مشرک کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نہ تو درود کا جواب دیتے ہیں اور نہ اس کے لئے مغفرت کی دعا کرتے ہیں البتہ مؤمن کے لئے درود کا جواب بھی مرحمت کرتے ہیں اور مغفرت کی دعا بھی کرتے ہیں۔

(۳):......حضرت شیخؒ نے اپنی آخری تصنیف ''تحریرات حدیث'' کے صفحہ: ۲۱۰ تا ۲۱۱ میں حیات انبیاء علیہم السلام وسماع سے متعلق چند احادیث نبویہ تحریر کی ہیں، جن میں حدیث "من صلی علیّ عند قبری سمعتہ " (جو شخص میری قبر کے نزدیک درود پڑھے اس کو میں سنتا ہوں) بھی مذکور ہے اور بغیر کسی جرح وقدح کے آپ نے ان حدیثوں کو روایت کیا ہے۔

(۴):......نیز تحریر فرماتے ہیں:

وروی البیھقی وابن ابی شیبۃ ان بلال بن الحارثؓ جاء الی قبر النبی ﷺ وقال یا رسول اللہ ! استسق لامتك فانھم ھلکوا فاتاہ رسول اللہ ﷺ فی المنام واخبرہ انھم یسقون۔

اور امام بیہقیؒ اور ابن ابی شیبہؒ نے روایت کیا ہے کہ حضرت بلال بن حارثؓ نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک کے پاس آئے اور عرض کیا یارسول اللہ! اپنی امت کے لئے بارش طلب کریں پس بے شک وہ ہلاک ہو چکی ہے پس آنحضرت ﷺ خواب میں ان سے ملے اور خبر دی کہ بارش ان پر برسائی جائے گی۔

(تحریرات حدیث ص:۲۵۵)

(۵):......نیز لکھتے ہیں:

قال العلامۃ ابن حجر فی الجوھر المنظم روی بعض الحفاظ عن ابی سعید السمعانی انہ روی

علامہ ابن حجرؒ نے الجوہر المنظم میں فرمایا: کہ بعض محدثین کرامؒ نے ابو سعید سمعانیؒ سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے حضرت علیؓ سے روایت کیا کہ

عن علی رضی اللہ عنہ انهم بعد دفن رسول الله صلى الله عليه وسلم جاء اعرابی فقال یا رسول الله ! جئتك تستغفر لی الی ربی فنودی من القبر قد غفر لك واتت صفية عمة النبی صلى الله عليه وسلم بعد وفاته الايا رسول الله ! انت رجائنا و كنت بنا برا ولم تك جانيا وسمع الصحابة رضی الله تعالى عنهم ولم ينكرها احد ۔ (تحریرات حدیث ص:۲۵۶)

صحابہ کرام نے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دفن کیا تو اس کے بعد ایک اعرابی آیا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ! میں آپ کے پاس آیا ہوں تا کہ آپ میرے لئے مغفرت کی دعا کریں تو قبر مبارک سے آواز آئی کہ تمھاری مغفرت کردی گئی ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی صفیہؓ آپ کی وفات کے بعد آئی اور کہا کہ آپ یا رسول اللہ! ہماری امید تھے ہمارے ساتھ احسان کرنے والے تھے اور سختی کرنے والے نہ تھے۔ صحابہ کرامؓ نے یہ بات سنی اور کسی نے انکار نہ کیا۔

حضرت مولانا حسین علی صاحبؒ نے یہ واقعات نقل کر کے کسی قسم کا اعتراض نہیں کیا بلکہ صحابہ کرامؓ کا اس پر اجماع نقل کیا ہے۔ جزاه الله احسن الجزاء

نوٹ: یہ کتاب ''تحریرات حدیث'' حضرت مرحوم کی آخری تصنیف ہے۔ اس کے ٹائٹل پر ۱۳۶۲ھ ۹ رشعبان المعظم/۱۲راگست ۱۹۴۳ء لکھا ہوا ہے۔ ملنے کا پتہ: الحاج مولانا حسین علی صاحب ڈاکخانہ واں بھچراں ضلع میانوالی۔ یعنی یہ کتاب حضرت مرحوم خود تقسیم کرتے رہے اور اس کتاب کے چھپ جانے کے بعد حضرت مرحوم کی وفات ہوئی یعنی تقریباً گیارہ ماہ بعد رجب ۱۳۶۳ھ۔ دیکھئے تعلیم القرآن راولپنڈی نومبر ۱۹۶۵ء۔

اس کتاب ''تحریرات حدیث'' سے پہلے کی کسی تصنیف میں حضرت مرحوم نے ان روایتوں پر کوئی جرح کی ہو، تو قابل قبول نہ ہوگی کیونکہ دارومدار آخری قول و عمل پر ہوتا ہے۔

عام اموات کے بارے میں حضرت شیخ مرحوم کا نظریہ:

ونؤمن بان الميت يعرف من يزوره

اور ہم ایمان لاتے ہیں اس بات پر کہ میت بے

اذا اتاه و آكده يوم الجمعة بعد طلوع الفجر قبل طلوع الشمس۔ (تحریرات حدیث ص: ۲۵۷)	شک جانتا ہے اس شخص کو جو اس کی قبر کی زیارت کرتا ہے بالخصوص جمعہ کے دن صبح صادق کے بعد اور سورج کے طلوع ہونے سے پہلے۔

(۲):......

وقعدت عند مزار الامام الربانی فقال لی فی المکاشفة :"بیان مسئلة التوحید اعلی درجة عن السلوک۔ (بلغة الحیران مبشرات ص:۸)	اور میں شیخ مجدد الف ثانیؒ کی قبر مبارک کے پاس بیٹھا ہوا تھا تو انہوں نے مجھے کشف کی حالت میں فرمایا کہ "توحید کا مسئلہ بیان کرنا تصوف سے زیادہ درجہ رکھتا ہے۔

بہر حال حضرت شیخ مرحومؒ کے متعلق یہ دعوی کرنا کہ وہ سماع عند قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قائل نہ تھے یا حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم بجسد عنصری کے قائل نہ تھے، محض جھوٹ اور ان پر افتراء ہے۔

(سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْم)

اسی طرح حضرت شیخ کے متوسلین میں سے بھی کسی شخص کا عقیدہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم وسماع النبی صلی اللہ علیہ وسلم عند القبر الشریف کے متعلق انکار کا ہرگز نہ تھا۔ اگر بعد میں کسی ایرے غیرے نتھو خیرے نے اس عقیدہ کا انکار کیا ہے اور بدعت کا ارتکاب کرتے ہوئے بدعت پر ایمان لے آیا ہے تو اس کا کیسا اعتبار ہے۔؟ خصوصاً جب کہ وہ یہ جھوٹ بھی بولے کہ ہمارے شیخ مولانا حسین علی صاحبؒ اور ان سے تعلق رکھنے والے جمعیت اشاعت التوحید والسنہ کے تمام علماء ومشائخ کا مسلک یہ ہے کہ سماع صلوۃ وسلام عند قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثابت نہیں۔

حضرت شاہ صاحب گجراتی کے دیگر اساتذہ کا عقیدہ ملاحظہ ہو:

علامہ سید محمد انور شاہ صاحب کشمیریؒ فرماتے ہیں:

وعن سعيد بن المسيب عند الدارمی فی مسنده ان يزيد لما احل حرم الله	اور حضرت سعید بن مسیبؒ سے مسند دارمی میں مذکور ہے کہ یزید نے مدینہ منورہ میں جنگ و

المدينة وجعل يسفك فيها دماء المسلمين القيت نفسي في المسجد النبوي كاني مجنون ومابي من جنون ولكن اردت منه الاتقاء عن شر يزيد فكنت اسمع يومئذ صوت الاذان من الروضة المطهرة وعد ذلك من مناقب سعيد وقد مر مني مافي القبور من الاحوال فتذكره۔ (فيض الباري ج:٤ ص:٢٤٥)

قتال حلال قرار دیدیا اور مسلمانوں کا خون بہانا شروع کردیا تو حضرت سعید فرماتے ہیں کہ میں مسجد نبوی میں دیوانہ آدمی کی طرح گرا پڑا رہا حالانکہ میں دیوانہ نہ تھا لیکن یزید کے شر سے بچنے کیلئے میں نے ایسا کیا تو میں اس دن آذان کی آواز روضہ مطہرہ سے خود سنتا تھا۔ یہ حضرت سعیدؒ کے مناقب میں شمار کیا گیا ہے اور قبروں کے حالات کے بارے میں میں نے پہلے ذکر کردیا ہے اس کو ذہن میں رکھو۔

حضرت علامہ محمد انور شاہ صاحبؒ مختلف مقامات پر انبیاء علیہم السلام کی حیات اور سماع کے متعلق وارد ہونی والی حدیثوں کو صحیح قرار دیتے ہیں۔ مثلاً حدیث 'الأنبياء احياء في قبورهم يصلون' (انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں نمازیں پڑھتے ہیں) کے متعلق فرماتے ہیں: "وفي البيهقي عن انسؓ وصححه ووافقه الحافظ في المجلد السادس" ۔(فیض الباری ج:۲ ص:۶۴) اور بیہقی میں حضرت انسؓ سے روایت ہے جس کو بیہقی نے صحیح قرار دیا ہے اور حافظ ابن حجرؒ نے فتح الباری جلد:۶ میں بیہقی کی موافقت کرتے ہوئے اس کو صحیح قرار دیا ہے۔

اور حدیث "مامن احد يسلم على الا ردالله الى روحي فارد عليه السلام" (نہیں کوئی شخص جو میرے اوپر سلام کرے مگر اللہ تعالی میرے روح کو لوٹا دیتا ہے پس میں اس کے سلام کا جواب دیتا ہوں) کے متعلق فرماتے ہیں کہ ''رد روح کا یہ معنی نہیں کہ قبر مبارک میں آپ کو بار بار زندہ کیا جاتا ہے بلکہ مطلب یہ ہے کہ رحمت الہی میں جو آپ کی توجہ مستغرق ہوتی ہے ادھر سے جانب جواب سلام کی طرف متوجہ کیا جاتا ہے پھر آپ سلام کا جواب دیتے ہیں''۔(فیض الباری ج:۲ ص:۶۵ وج:۲ ص:۱۴۵) اور اس حدیث کی سند کے بارے میں فرماتے ہیں "ورواته

ثقات" (اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں) (تحیۃ الاسلام ص:۵۲)

اور اس حدیث "ان اللہ عزو جل حرم علی الارض ان تاکل اجساد الانبیاء" (بے شک اللہ تعالی نے زمین پر حرام کردیا ہے کہ وہ انبیاء علیہم السلام کے جسم مبارک کو کھا سکے) کے متعلق فرماتے ہیں: "فانه صح عنه صلی الله علیه و سلم" (پس بے شک یہ حدیث نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے صحیح اور ثابت ہے"۔ (خزائن الاسرار ص:۱۹ (بحوالہ تسکین الصدور طبع دوم ص:۳۰۲)

اور حدیث'' کہ عیسی علیہ السلام نازل ہوں گے......اور میری قبر مبارک کے پاس آئیں گے اور یہاں تک کہ میرے اوپر سلام کریں گے اور میں ان کے سلام کا جواب دوں گا''۔ اس حدیث کو حضرت شاہ صاحبؒ نے اپنی کتاب "التصریح بما تواتر فی نزول المسیح" کے بالکل آخر میں بلا جرح وقدح کے ذکر فرمایا ہے۔

بہر حال انبیاء علیہم السلام کا مقام تو بہت بلند ہے ان کی حیات وسماع میں تو کوئی مسلمان شک ہی نہیں کرسکتا۔

حضرت شاہ صاحب (کشمیریؒ) کا عام اموات کے بارے میں نظریہ:

حضرت شاہ صاحبؒ فرماتے ہیں:

أقول والاحادیث فی سمع الاموات قد بلغت مبلغ التواتر وفی حدیث صححه ابو عمرو ان احدا اذا سلم علی المیت فانه یرد علیه ویعرفه ان کان یعرفه فی الدنیا۔ (فیض الباری : ج:٢ ص: ٤٦٧)

میں (علامہ محمد انور شاہؒ) کہتا ہوں کہ احادیث نبویہ مردوں کے سننے کے بارے میں تواتر کے درجہ کو پہنچ چکی ہیں اور ایک حدیث جس کو ابو عمرو ابن عبدالبر مالکیؒ نے صحیح قرار دیا ہے کہ جب کوئی ایک شخص مردہ پر سلام کرتا ہے تو مردہ اس کے سلام کا جواب دیتا ہے اور اس کو پہچان جاتا ہے اگر دنیا میں اس کو پہچانتا تھا۔

نیز حضرت شاہ صاحبؒ فرماتے ہیں:

قولہ السلام علیکم الخ ظاہر حدیث الباب وغیرہ من کثیر من الاحادیث یدل علی سماع الموتی و اشتہر علی السنة الناس ان الموتی لیس لہم سماع عند ابی حنیفةؒ و صنف ملا علی القاریؒ رسالة و ذکر فیہا ان المشہور لیس له اصل من الائمة اصلاً بل اخذ ہذا من مسئلة فی باب الایمان انہ اذا حلف انه لا یتکلم مع فلان فمات الرجل فتکلم معه علی قبرہ میتا لایحنث اقول ان وجه عدم الحنث ان مبنی الایمان علی العرف واہل العرف لا یعلمون ان الموتی تسمع والمحقق ان ابا حنیفةؒ لا ینکر سمع الاموات وان خالف ابن الہمام وقال ان الموتی لا تسمع وان ذخیرة الحدیث تدل علی سمع الموتی وقال الشیخ

حدیث شریف میں جو سلام وارد ہوا ہے بظاہر یہ حدیث اور دیگر بہت سی احادیث سماع موتی ثابت کرتی ہیں اور لوگوں کی زبان پر مشہور ہوگیا ہے کہ مردے نہیں سنتے امام ابوحنیفہؒ کے مذہب میں۔ اور ملا علی قاریؒ نے ایک رسالہ لکھا ہے جس میں انہوں نے ذکر کیا ہے کہ اس قول مشہور کا ہمارے ائمہ حنفیہؒ سے کوئی اصل ثابت نہیں (یہ مشہور جھوٹی بات) دراصل مسئلہ ایمان سے ماخوذ ہے کہ کسی شخص نے قسم اٹھائی کہ وہ فلاں آدمی سے کلام نہیں کرے گا وہ آدمی مر گیا پس اس نے اس کی قبر پر جا کر کلام کی تو حانث نہ ہوگا اس کی وجہ یہ ہے کہ قسموں کا دارومدار عرف پر ہے اور عرف والے نہیں جانتے کہ مردے سنتے ہیں تحقیقی اور سچی بات یہ ہے کہ امام ابوحنیفہؒ مردوں کے سماع کے منکر نہیں ہیں اگرچہ ابن ہمامؒ نے مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مردے نہیں سنتے حالانکہ حدیث شریف کا ذخیرہ سماع موتی کو ثابت کرتا ہے اور شیخ ابن ہمامؒ بھی سماع موتی کا بالکل منکر نہیں بلکہ وہ بعض مقامات کو مستثنی کرتے ہوئے سماع موتی کا اقرار کرتے ہے مثلاً

ان الـمـوتـى لاتسمع ويستثنى منه قرع النعال و السلام عليكم أقول لو قلنا بسمع الموتى لا اشكال فانه ثبت بقدر مشترك تواترا فـي الحديث۔ (العرف الشذي مع الترمذي ج:۱ ص:۲۰۲)	حدیث ''قرع النعال'' یعنی جب مردہ کو دفن کر کے لوگ واپس جاتے ہیں تو ان کی جوتیوں کی آواز قبر میں سنتا ہے۔ (بخاری ومسلم) اور مثلاً ''السلام علیکم'' (یعنی جب زیارت کرنے والا قبر پر سلام کرتا ہے تو مردہ اس کے سلام کو سنتا ہے) میں (علامہ محمد انور شاہ) کہتا ہوں کہ اگر ہم سماع موتی کا قول کریں تو اس میں کوئی اشکال نہیں کیونکہ قدر مشترک کے طور پر یہ متواتر حدیثوں سے ثابت ہے۔

نوٹ:......حضرت حافظ ابن ہمامؒ سماع موتی کے قائل ہیں، چنانچہ فتح القدیر ج:۳ ص:۹۴ تا ۹۷ ملاحظہ کریں۔ اس کی تفصیل راقم الحروف نے قہر حق بر صاحب ندائے حق ج:۱ ص:۲۵۲ تا ص:۲۵۷ میں کردی ہے۔ فراجع الیہ اس لئے نیلوی صاحب نے فتوی لگایا تھا کہ ابن ہمامؒ اس مسئلہ میں مذہب حنفی سے خارج ہوگیا ہے۔ پس اس کی موافقت درست نہیں۔ (شفاء الصدور مترجم: اردو ص:۶۸ و قہر حق ج:۱ ص: ۲۵۸)

حضرت شاہ صاحب گجراتی کے استاد محترم علامہ سید محمد انور شاہ صاحب فرماتے ہیں:

فـان الـعـذاب كـمـا انه متحقق كذلك السـمـاع ايضاً متحقق فلا يغتر بامثال هذه النصوص فان لها وجوها ومعاني (فيض البارى: ج:۳ ص:۳۱۹)	پس تحقیق جس طرح عذاب قبر ثابت ہے اسی طرح سماع موتی بھی ثابت ہے پس قرآنی آیات سے دھوکہ نہ لگے کیونکہ ان آیات کے مطالب اور مقاصد اور ہیں۔

حضرت علامہ سید محمد انور شاہ صاحبؒ نے اس مقام میں تنبیہ کی ہے کہ قرآنی آیات کے ظاہر سے جو نفی سماع کی معلوم ہوتی ہے دراصل یہ دھوکہ لگ جاتا ہے اس سے احتراز کرنا چاہئے کیونکہ آیات قرآنیہ کے مقاصد ومطالب اور ہیں۔ مگر سید عنایت اللہ شاہ صاحب گجراتی اس

دھوکے میں ایسے پڑے کہ ان آیات سے انہوں نے مسلمانوں کی تکفیر شروع کردی جو سماع موتی کے قائل ہیں۔تو مطلب یہ ہوا کہ شاہ گجراتی کے نزدیک ان کے استاد مکرم علامہ سید محمد انور شاہ صاحبؒ بھی غیر مسلم ہوئے (نعوذ باللہ من سوء الفھم) شاہ صاحب گجراتی گویا اپنے زمانے کے دوسرے احمد رضا خان ثابت ہوئے جس نے تمام مسلمانوں کی تکفیر کی ہے۔ (تشابهت قلوبهما)

لطیفہ:......حضرت علامہ محمد انور شاہ صاحبؒ فرماتے ہیں:

وفی فتح القدیر عن ابی حنیفةؒ ان الزائر یستقبل القبر ویستدبر القبلة و یتآمن لیراه المیت سهلا۔ (العرف الشذی مع الترمذی: ج: ۱ ص: ۲۰۲)	اور فتح القدیر میں امام ابو حنیفہؒ سے مروی ہے کہ زیارت کرنے والا قبر کی طرف منہ کرے اور قبلہ کی پشت کرے اور کچھ دائیں جانب (پاؤں کی طرف) ہوجائے تاکہ میت اس کو آسانی کے ساتھ دیکھ سکے۔

حضرت علامہ محمد انور شاہ صاحبؒ کے تقریر ترمذی جو "العرف الشذی" کے نام سے مشہور ہے اس کے مرتب ومؤلف مولانا محمد چراغ المتوفی (۱۴۰۹ھ) تھے۔چنانچہ حضرت شاہ صاحب گجراتی کے زیر سرپرستی جو رسالہ "الصراط المستقیم" شائع ہوا ہے اس کے ص:۴۵ اور ۴۸ میں ہے:

حضرت مولانا محمد چراغ چل بسے:

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد چراغ طویل علالت کے بعد اللہ کو پیارے ہوگئے۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مولانا مرحوم دارالعلوم دیوبند کے فضلاء میں سے تھے اور محقق العصر شیخ الحدیث حضرت مولانا علامہ سید محمد انور شاہ کشمیریؒ کے خصوصی تلامذہ میں شمار ہوتے تھے۔انہوں نے علامہ کشمیریؒ کے دروس ترمذی کو "العرف الشذی" کے نام سے جمع کیا جو علمائے کرام کے لئے بہت بڑا سرمایہ ہے۔مولانا محمد چراغؒ جماعت اسلامی سے وابستہ تھے اس لئے عام علماء کا ان سے رابطہ نہیں تھا، تاہم اہل اللہ (عنایت اللہ گجراتی) انہیں قدر ومنزلت کی نگاہوں سے دیکھتے تھے اور مولانا

مرحوم بھی علمائے حق کے قدر دان تھے۔ مولانا محمد چراغ مرحوم کی نماز خطیب اسلام حضرت مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب بخاری مدظلہ نے پڑھائی۔ دیکھئے الصراط المستقیم شمارہ نمبر ۲۳/ ۱۰ شوال المکرم ۱۴۰۹ء۔

مردہ قبر میں پڑا ہوا پاؤں کی جانب آنے والے کو آسانی سے دیکھ لیتا ہے کیا ایسے عقیدہ رکھنے والا اور اس کو بیان کرنے والا حضرت شاہ صاحب گجراتی کے ہاں کافر ہے یا نہیں۔؟ اگر کافر ہے تو علامہ محمد انور شاہؒ اور مولانا محمد چراغ صاحب بھی کافر ہیں یا نہیں۔؟ اگر کافر ہیں تو کافر کی نماز جنازہ پڑھانے والا خطیب گجرات بھی اپنے فتوی کے لحاظ سے کافر ہوگا یا نہیں۔؟ اور ایسا عقیدہ رکھنے والے شخص کو محقق العصر شیخ الحدیث حضرت مولانا علامہ سید محمد انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ کے القاب دینے والا شخص کافر ہوگا یا نہیں۔؟ اسی طرح حضرت شاہ صاحب گجراتی کا خود یہ کہنا ''امام المحدثین حضرت مولانا علامہ سید محمد انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ'' (الصراط المستقیم شمارہ: ۲۴ ص: ۴۲ کفر ہوگا یا نہیں۔؟

الجھا ہے پاؤں یار کا زلف دراز میں لو آپ اپنے دام میں صیاد آ گیا

حضرت شاہ صاحب کی وصیت:

حضرت علامہ سید محمد انور شاہ صاحبؒ نے مقدمہ بہاولپور کے متعلق اپنے بعض تلامذہ کو وصیت فرمائی تھی کہ اگر میری وفات ہو جائے اور اس مقدمہ میں مرزا اور اس کے متبعین کو کافر تسلیم کر لیا جائے تو فیصلہ کی اطلاع میری روح کی تسکین کی خاطر میری قبر پر آ کر دیا جائے۔ (نقش دوم سوانح علامہ کشمیریؒ از انظر شاہ مسعودی ص: ۱۹۰)

حضرت علامہ سید محمد انور شاہ صاحبؒ، حضرت شاہ صاحب گجراتی کے استاد تھے۔ دیکھئے سوانح عمری حضرت عنایت اللہ شاہ بخاری: مصنف: علامہ عنایت اللہ گجراتی خطیب منڈی بہاؤ الدین شوکت بکڈپو شوکت بازار گجرات، ص: ۲۲ و ۲۴۔

دوسرے استاد حضرت مولانا سید مفتی مہدی حسن صاحبؒ کا عقیدہ:

اسی سوانح مذکورہ کے ص:۲۱ میں ہے: ''حضرت شاہ (گجراتی)......سیدھے سورت پہنچے جہاں مدرسہ محمدیہ راندھیر میں داخلہ لیا......اوردوسرے سال دورۂ حدیث میں شریک ہوئے۔ جہاں نسائی، ابوداؤد، ابن ماجہ اور شمائل ترمذی حضرت مولانا سید مفتی مہدی حسن صاحبؒ سے پڑھیں جودارالعلوم دیوبند کے موجودہ مفتی اعظم ہیں''۔ نیز دیکھئے سوانح مذکورہ ص:۲۴ حضرت مفتی مہدی حسن صاحب ایک استفتاء کے جواب میں لکھتے ہیں:

الجواب:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے مزار مبارک میں بجسدہ موجوداور حیات ہیں آپ کے مزار مبارک کے پاس کھڑے ہوکر جوسلام کرتا اور درود پڑھتا ہے آپ خود سنتے ہیں اور سلام کا جواب دیتے ہیں۔ ہمارے کان نہیں کہ ہم سنیں۔ آپ اپنے مزار میں حیات ہیں۔ مزار مبارک کے ساتھ آپ کا خصوصی تعلق بجسدہ وروحہ ہے جواس کے خلاف کہتا ہے، غلط کہتا ہے وہ بدعتی ہے۔ خراب عقیدے والا ہے۔ اس کے پیچھے نماز مکروہ ہے۔ یہ عقیدہ صحیح نہیں ہے۔...... تین حدیثیں نقل کردی ہیں اس باب میں بکثرت احادیث وارد ہیں جن کا انکار نہیں کیا جاسکتا اور جو انکار کرتا ہے بدعتی اور خارج اہل السنّت والجماعت ہے۔ غرض پڑھنے والے کوثواب پہنچتا ہے اور مزار مبارک کے قریب پڑھنے سے آپ سنتے بھی ہیں اوراپنے مزار مبارک میں بجسدہ موجود ہیں اور حیات ہیں۔

کتبہ

السید مہدی حسن مفتی دارالعلوم دیوبند ۵/۱۳/۷۶

یہ مکمل فتوی ''تسکین الصدور'' طبع دوم ص:۴۱ تا ۴۲ اور مقام حیات ص:۲۶۷ مطبوعہ ۱۳۸۰ھ میں ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔ مولانا محمد رسول خان ''شیخ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور اور مفتی جمیل احمد تھانوی اور مولانا محمد ضیاء الحق مدرس جامعہ اشرفیہ لاہور کی تصدیقات بھی اس پر موجود ہیں۔ (تسکین ص:۴۲)

شاہ صاحب گجراتی کے اس استاد مفتی مہدی حسن ، مفتی اعظم دارالعلوم دیوبند، نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روضہ مطہرہ میں حیات بجسدہ نہ تسلیم کرنے والے اور سماع صلوۃ وسلام عند القبر الشریف کے نہ ماننے والے کو بدعتی ،خراب عقیدہ والا اور اہل السنۃ والجماعۃ سے خارج قرار دیا ہے۔جزاہ اللہ احسن الجزاء۔

شاہ صاحب کے تیسرے استاد حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کا عقیدہ:

سوانح نگار لکھتے ہیں:

''پھر (شاہ صاحب نے) دہلی جا کر کچھ عرصہ فقہ کے امام حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب مرحوم کی خدمت میں گزارا اور آپ سے ترمذی شریف پڑھی۔ (سوانح عمری: ص:۲۰ نیز دیکھئے ص:۲۴)

حضرت مفتی صاحب ایک سوال کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں:

۱)......''انبیاء علیہم السلام کے سوا اور کسی آدمی کی قبر پر سلام کرنا اور یہ سمجھنا کہ وہ سنتے ہیں درست نہیں۔(محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ دہلی) حضرت مفتی صاحب کے اپنے ہاتھ سے لکھا ہوا یہ فتوی احقر (سجاد بخاری) کے پاس موجود ہے۔حضرت مفتی صاحب ایک سوال کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں:

۲)......حنفیہ تو تلقین کے قائل نہیں کیونکہ ان کے نزدیک سماع موتی ثابت نہیں جو لوگ سماع کے قائل ہیں ان کے نزدیک تلقین مفید ہے۔اور اگر کوئی کرے تو اسے روکنا بھی نہیں چاہئے۔معتزلہ کے نزدیک چونکہ مردوں کا زندہ ہونا ہی صحیح نہیں ہے اس لئے وہ بھی تلقین کے قائل نہیں۔حنفیہ باوجود عدم سماع اموات کے قائل ہونے کے تلقین کے فائدے کے قائل ہیں۔خواہ مردہ سنے یا نہ سنے یعنی اسے ذکر کا فائدہ پہنچ سکتا ہے۔(محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ کفایت المفتی :ج:۴ ص: ۶۲)(مضمون مولانا سجاد بخاری کا ہے حضرت شاہ صاحب گجراتی کے رسالہ صراط مستقیم خصوصی نمبر رجب ۱۴۰۸ھ مارچ ۱۹۸۸ء کے ص:۸۰ و ۸۱ سے یہ حوالہ لے پیش کئے گئے ہیں)۔

تبصرہ:

مذکورہ بالا تحریر سے، جس کو مولانا سجاد بخاری نے اپنے مضمون میں تحریر کیا ہے، کئی باتیں ثابت ہوئیں۔

۱)......سجاد بخاری صاحب کے پاس حضرت مفتی صاحبؒ کا فتوی ہے جس میں عام مردوں کے سماع کا انکار کیا گیا ہے۔ لیکن انبیاء علیہم السلام کا استثناء کیا گیا ہے، یہ فتوی حضرت شاہ صاحب گجراتی اور اس کے مریدین کے لئے موت کے پیغام سے کم نہیں کیونکہ یہ لوگ انبیاء علیہم السلام کے سماع کے منکر ہیں، کبھی اس عقیدہ کو یہودیت سے تعبیر کرتے ہیں اور کبھی نرمی کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ہم تو نہیں مانتے۔ لیکن اس عقیدے کا قائل اہل السنہ میں سے ہے۔ حضرت مفتی کفایت اللہ صاحبؒ کا یہ فتوی سجاد بخاری صاحب نے اقامۃ البرہان: ص:۸۹ و ۲۱۳ میں بھی تحریر کیا ہے۔

ص:۲۱۳ میں ہے:

الجواب:

انبیاء علیہم السلام زندہ ہوتے ہیں یعنی ان کو ایک برزخی زندگی حاصل ہوتی ہے۔ ان کی قبر مطہر کے قریب کھڑے ہو کر ان کو سلام عرض کرنا جائز ہے۔ انبیاء علیہم السلام کے سوا اور کسی کی قبر پر سلام کرنا اور یہ سمجھنا کہ وہ سنتے ہیں، درست نہیں ہے۔ حضرت مفتی صاحبؒ کے اس فتوی سے معلوم ہوا کہ انبیاء علیہم السلام کا سماع یقینی اور اجماعی مسئلہ ہے، کوئی سنی مسلمان اس کا منکر نہیں ہے۔

حضرت مفتی صاحبؒ کا مکمل فتوی ''مسالک العلماء'' میں جناب قاضی شمس الدین صاحب نے پیش کیا تھا۔ اس فتوی میں یہ الفاظ بھی موجود ہیں۔ ''قبر پر جا کر اللہ تعالی سے دعا کرنا اور یہ کہنا کہ یا اللہ اس بزرگ کے طفیل سے میرا فلاں کام پورا کر دے، یہ مباح ہے۔ مزید تفصیل کے لئے قہر حق: ج:ا ص:۱۰۳ تا ۱۱۱ کا مطالعہ کریں۔

۲)......مذکورہ بالا تحریر سے یہ بھی معلوم ہوا کہ قبر میں مردوں کی حیات تسلیم نہ کرنا فرقہ خبیثہ معتزلہ

ملعونہ کا مذہب ہے۔اس لئے اس فرقہ کے ہمنواؤں کو معتزلی کہنا مبنی بر حقیقت ہے، یہ کوئی ضد یا سب وشتم کے طور پر نہیں کہا جاتا۔

حضرت نیلوی صاحب نے بھی ندائے حق جلد ثانی ص:۴۰۷ میں معتزلہ کا عقیدہ اپنے استاذ مفتی کفایت اللہ صاحبؒ سے نقل کیا ہے۔

۳)......مذکورہ بالا تحریر سے یہ بھی معلوم ہوا کہ معتزلہ تلقین سے منع کرتے ہیں۔حنفیہ تلقین کے فائدے کے قائل ہیں۔اس لئے اگر کوئی تلقین کرے تو اسے روکنا بھی نہیں چاہئے۔

۴)......قبروں پر جا کر اللہ تعالی سے دعا کرنا اور یہ کہنا کہ یا اللہ ان بزرگوں کے طفیل سے میرا فلاں کام پورا کردے یہ جائز اور مباح ہے۔

کفایت المفتی کا حوالہ:

حضرت مفتی محمد کفایت اللہ صاحبؒ کا فتوی ''کفایت المفتی'' ج:۱ص:۱۵۹ تا ۱۶۰ میں مفصل طور پر موجود ہے۔اس کے آخری حصہ کے کچھ الفاظ اس طرح ہیں:''اور ایک فائدہ یہ ہے کہ جب کوئی آپ پر صلوۃ وسلام پڑھتا ہے تو آپ اس کا جواب دیتے ہیں اور صلوۃ وسلام پڑھنا آپ کے رد جواب کا سبب ہے جیسا کہ حسن سند سے حدیث آئی ہے بلکہ امام نوویؒ وغیرہ نے ''کتاب الاذکار'' میں اس کی تصحیح کی ہے۔ہاں! اس خیال اور اعتقاد سے نداء کرنا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک مجلس مولود میں آتی ہے، اس کا شریعت مقدسہ میں کوئی ثبوت نہیں، اور کئی وجہ سے یہ خیال باطل ہے۔اول یہ کہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم قبر مبارک میں زندہ ہیں۔جیسا کہ اہل سنت والجماعت کا مذہب ہے تو پھر آپ کی روح مبارک کا مجالس میلاد میں آنا بدن سے مفارقت کر کے ہوتا ہے یا کسی اور طریقے سے۔؟ اگر مفارقت کر کے مانا جائے تو آپ کا قبر مطہر میں زندہ ہونا باطل ہوتا ہے یا کم از کم اس زندگی میں فرق آنا ثابت ہوتا ہے، تو یہ صورت علاوہ اس کے بے ثبوت ہے، باعث توہین ہے، نہ موجب تعظیم......الخ

تنبیہ:......حضرت مفتی کفایت اللہ صاحبؒ نے عام [illegible] کے عدم [illegible] کا فتوی عوام کی مصلحت

کی بناء پر دیا ہے ورنہ خود سماع موتی کے قائل معلوم ہوتے ہیں۔ چنانچہ حضرت نیلوی صاحب تحریر کرتے ہیں: ''اور ممکن ہے کہ اللہ تعالی یہ سلام مردوں کو سنا دیتا ہو باقی اور کلام مردے نہیں سنتے''۔ (محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ دہلی، کفایت المفتی ج:۴ ص: ۱۸۲ و ندائے حق جزء ثانی ص: ۱۲۷)

اسی طرح المہند میں بھی حیات انبیاء علیہم السلام کے علاوہ سماع موتی کا اثبات ہے۔اس پر بھی حضرت مفتی صاحبؒ کی تصدیق وتائید موجود ہے۔

اس کے علاوہ ایک مشرک نے رسالہ "التحقیقات لدفع التحریفات" مہند کی رد میں شائع کیا تھا۔اس کا جواب ۱۳۴۳ھ میں حضرت مولانا محمد عبدالغنی خان رحمہ اللہ صدر مدرس مدرسہ عین العلوم شاہ جہان پور (یو۔ پی) نے "الجنة لأهل السنة" کے نام سے دیا تھا۔اس کتاب کی تقریظ وتصدیق حضرت مفتی کفایت اللہ صاحبؒ نے ان الفاظ سے کی تھی: ''میں نے رسالہ "الجنة لأهل السنة" کو دیکھا فاضل مؤلف عزیز محترم مولوی عبدالغنی صاحب سلمہ اللہ تعالی نے ان تمام مسائل کی پوری تحقیق فرما کر، جن کی وجہ سے ہندوستان کے مقدس علماء کی جماعت کو دوسرے لوگ وہابی کے نام سے یاد کرتے اور عامہ مسلمین کو ان کی طرف سے غلط فہمیوں میں مبتلا کر کے نفرت دلاتے تھے، مسلمانان ہندوستان پر احسان عظیم کیا ہے۔اس کتاب کے مطالعہ کے بعد منصف مزاج مسلمان کسی کے دھوکے میں نہیں آئیں گے اور ان کو اتباع سنت کی سعادت نصیب ہوگی اور ابرار امت کی معیت کے مستحق ہوں گے ان شاء اللہ۔ بڑی خوبی یہ ہے کہ مؤلف نے تہذیب ومتانت کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا اور نہایت تحقیق وتدقیق وانصاف سے کام لیا ہے''۔الخ

کتبہ

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ دہلی ربیع الثانی ۱۳۵۵ھ

اب اس کتاب سے چند حوالے ملاحظہ ہوں:

۱)......بیہقی شعب الایمان میں حضرت ابو ہریرۃؓ سے روایت کرتے ہیں: قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من صلی علی عند قبری سمعتہ ومن صلی نائیا ابلغتہ"۔ اور ابن حجر مکی شرح ہمزیہ میں لکھتے ہیں: "اذا صلی وسلم علیہ عبد قبرہ سمعہ سماعا حقیقیا ویرد علیہ من غیر واسطۃ وان صلی وسلم علیہ من بعید لا یسمعہ الا بواسطۃ یدل علیہ احادیث کثیرۃ "انتھی ۔اور شیخ عبدالحق ترجمہ مشکوۃ میں لکھتے ہیں: "سلام زائراں بنفس شریف خود بے واسطہ سماع فرمایند ورد سلام نمایند ودیگراں بوساطت ملائکہ سیاحین بود" انتہی ۔ یعنی حضور علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص میری قبر کے پاس آکر درود وسلام مجھ پر کہتا ہے، میں خود بلا واسطہ حقیقتا سن لیتا ہوں اور جواب دیتا ہوں اور جو دور سے درود وسلام بھیجتا ہے اس کو خود تو نہیں سنتا لیکن فرشتوں کے ذریعے اس کو میرے پاس پہنچا دیا جاتا ہے"۔ (الجنۃ ص:۲۰ و ۹۹)

۲)......اور دوسری روایت جو طبرانی نے معجم کبیر میں روایت کی کہ عثمان بن حنیف نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم (کی وفات) کے بعد بعض کو یہ دعا قضائے حاجت کے لئے بتلائی تھی وہ محدثین کے نزدیک کچھ صحیح نہیں۔ (یہ حدیث بھی صحیح ہے۔ڈیروی) دوسرے مسجد نبوی میں ہی تو مزار مقدس کے قریب اس شخص نے دعا مانگی جہاں حضور سن رہے تھے۔ (الجنۃ ص:۲۱)

۳)......محدث گنگوہیؒ نے "زبدۃ المناسک" میں اور علامہ نانوتویؒ نے مستقل رسالہ "آب حیات" میں اور شیخ الہند نے "حاشیہ ابوداؤد" میں اور مولانا سہارنپوریؒ نے "شرح ابو داؤد" میں اور مولانا تھانویؒ نے "نشر الطیب" میں بھی حضور علیہ السلام کی جسمی حقیقی حیات کو مدلل ثابت فرمایا ہے۔ (الجنۃ ص:۶۷)

یہ چند حوالے تھے اس معتبر کتاب کے جس کی حضرت مفتی محمد کفایت اللہ صاحبؒ نے تقریظ وتصدیق فرمائی ہے۔

نوٹ:

حضرت مفتی صاحبؒ کی عبارت کہ "حنفیہ کے نزدیک سماع موتی ثابت نہیں" سے مراد

بعض حنفیہ ہیں کیونکہ محققین حنفیہ سماع موتی کے قائل ہیں۔مثلاً حافظ ابن ہمامؒ (فتح القدیر)، شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ، ملا علی قاریؒ۔حضرت نیلوی صاحب لکھتے ہیں: ''یہی وجہ ہے کہ ابن تیمیہ ''، ابن قیمؒ، ابن عبدالہادیؒ ہوں یا ابن حجرؒ، سیوطیؒ، نوویؒ، عیاضؒ ہوں یا شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ، ملا علی قاریؒ وغیرہ ہوں۔سب سماع عند قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس لئے قائل ہیں کہ وہ مطلقاً سماع موتی مانتے ہیں۔(ندائے حق جزء ثانی ص:۸۵)

شیخ عبدالحقؒ کا ذکر نیلوی صاحب نے ندائے حق جزء اول طبع اول ص:۸۸ وطبع دوم ص:۱۲۱ میں سماع موتی کے ماننے والوں میں کیا ہے۔اسی طرح ملا علی قاریؒ ومشہور فقیہ حنفی ابن الملکؒ کو سماع موتی کے قائلین میں شمار کیا ہے۔دیکھئے ندائے حق جزء اول طبع اول ص:۱۹۶ و طبع دوم ص:۲۵۴)۔

مؤلف مراقی الفلاح کے شیخ کا عقیدہ:

نیلوی صاحب لکھتے ہیں: ''مراقی الفلاح میں ہے......... یعنی میرے شیخ محمد بن احمد حموی حنفیؒ نے مجھے بتایا کہ جوتوں کی آواز سے مردوں کو دکھ ہوتا ہے''۔(ندائے حق جزء اول ص:۲۱طبع اول وطبع دوم ص:۴۰)

مراقی الفلاح کے محشی علامہ سید طحطاویؒ کا عقیدہ:

''قبرستان میں جوتوں کے ساتھ چلنا ہمارے مذہب حنفی میں مکروہ نہیں، جس کی دلیل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ جب لوگ قبرستان سے واپس گھروں کو جاتے ہیں تو مردہ ان کے جوتوں کی آواز سنتا ہے''۔ (ندائے حق جزء اول طبع اول ص:۲۲ وطبع دوم ص:۴۱)

علامہ بحر العلوم سماع موتی کے قائل تھے۔(ارکان اربعہ ص:۱۵۰ تا ص:۱۵۱ بحوالہ شفاء الصدور مترجم اردو ص:۴۳ نیلوی وقہر حق ج:۱ ص:۲۰۶۸)

امام زاہد صفار استاذ قاضی خان (المتوفی ۵۳۴ھ دیکھئے حدائق حنفیہ ص:۲۴۲) ''تلخیص

الادلـــــہ" میں لکھتے ہیں: ''دفن کرنے کے بعد تلقین کرنا امام اعظمؒ کا مذہب ہے اور تلقین نہ کرنا معتزلہ کا مسلک ہے''۔ (ندائے حق جلد ثانی ص:۲۳۹)

علامہ شامی فتاوی شامی جلد اول ص:۶۶۵ مـطـلـب فی زيارة القبور مطبوعہ کوئٹہ پاکستان بحوالہ قہر حق ج:اص:۲۶۰۔

صاحب الجوہرۃ النیرۃ (شرح القدوری) فرماتے ہیں:"واما تلقين الميت فمشروع عنـد اهـل السنة والجماعة لأن الله تعالى يحييه فى القبر وصورته ان يقال يا فلان بن فـلان او يـا عبـد الـلـه ابن عبدالله! اذكر دينك الذى كنت عليه وقد رضيت بالله ربا وبالاسلام دينا وبمحمد نبيا "۔ (الجوہرۃ النیرۃ ج:ا ص:۱۲۳ مکتبہ امدادیہ ملتان)۔

ترجمہ:''تلقین اہل سنت والجماعت کے ہاں جائز ہے کیونکہ اللہ تعالی قبر میں مردہ کو زندہ کر دیتا ہے۔تلقین کرنے کی صورت یہ ہے کہ اس میت کو کہا جائے اے فلان بن فلان یا عبداللہ بن عبداللہ! اس دین کو یاد کر جس پر تو قائم تھا اور اللہ تعالی کو رب ماننے پر اور اسلام کو دین ماننے پر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی ماننے پر راضی تھا''۔ تلك عشرة كاملة۔

یہ بطور مثال کے ہم نے ذکر کئے ہیں ورنہ جمہور فقہاء احناف ہمارے موقف کے قائل ہیں۔

شاہ صاحب [illegible] پوتے [illegible] حضرت مولانا [illegible]

شاہ صاحب کی سوانح عمری کے ص:۲۴ میں ہے :اور اسی طرح حضرت مولانا احمد علی صاحب مرحوم ومغفور سے ملتان جیل میں مولانا عبید اللہ سندھیؒ کے طرز پر قرآن پاک پڑھا اور اس خصوصی طرز کے امین قرار پائے۔آپ کے اساتذہ کی فہرست تیار کی جائے تو مندرجہ ذیل بزرگ ترین ہستیوں کے نام آئیں گے......

حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ ۔حضرت لاہوریؒ کا عقیدہ ''خدام الدین'' لاہور مخزن العلوم، خانپور مختلف رسائل میں چھپا تھا۔ہم یہاں خدام الدین کا عکس پیش کر رہے ہیں۔دوسرے صفحہ پر ملاحظہ کریں۔

۱۲۵

خدام الدین لاہور ۳

ہفت روزہ

خدام الدین

فون نمبر ... لاہور

جلد ۶ ۱۹ جمادی الثانی ۱۳۸۰ھ مطابق ۹ دسمبر ۱۹۶۰ء شمارہ ۳۱

انبیاء علیہم السلام کی حیات فی البرزخ کے بارے میں

شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی صاحب دامت برکاتہم کا عقیدہ

میرا عقیدہ وہی ہے جو حضرات اکابر دیوبند کا ہے کہ انبیاء علیہم السلام اپنی اپنی قبروں میں اسی جسد عنصری سے زندہ ہیں جو اس دنیا میں تھا۔ وہ حیات باعتبار ابدان دنیوی، دنیوی بھی ہے اور باعتبار عالم برزخ برزخی بھی ہے۔

انبیائے کرام علیہم السلام کا ابدان دنیوی کے ساتھ اپنی اپنی قبروں میں زندہ ہونا اہل سنت والجماعت کا متفقہ اور اجماعی عقیدہ ہے۔ ہمارے اکابر دیوبند نے اس پر مفصل اور مدلل ارشادات ثبت فرمائے ہیں۔

جہاں تک مجھے علم ہے یہ مسئلہ اکابر دیوبند میں کبھی مختلف فیہ نہیں رہا۔ میرے خیال میں کوئی صاحب بصیرت اس عقیدہ حیات النبی کا منکر نہیں ہو سکتا جن کی باطن کی آنکھیں صحیح ہیں ان کے نزدیک تو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی روضہ اطہر کی حیات بدیہیات میں سے ہے۔

(احقر الانام احمد علی عفی عنہ)

یہ تھا حضرت شاہ صاحب گجراتی کے استاذوں کا عقیدہ......!اب یہ کس طرح باور کیا جا سکتا ہے کہ حضرت شاہ صاحب کے اساتذہ بھی خراب عقیدہ والے ہوں، اور ساری اسلامی دنیا کے مسلمان بھی خراب عقیدہ والے ہوں، اور ''جمعیت اشاعت التوحید والسنہ'' کے سرپرست اور بانی (یعنی مولانا غورغشتویؒ، مولانا غلام اللہ خانؒ، قاضی نور محمد صاحبؒ، مولانا غلام مصطفیٰ صاحبؒ اور مولانا عبدالرحمٰن صاحبؒ وغیرہم) بھی خراب عقیدہ والے ہوں، اور خود حضرت شاہ صاحب گجراتی نے پہلی ساری زندگی بھی غلط عقیدہ پر گزاری ہو، اور اب آخری عمر میں صحیح عقیدہ تلاش کرنے میں وہ کامیاب ہو گئے ہوں۔ پس حضرت شاہ صاحب گجراتی اور ان کے چند چیلے چانٹے اور کڑ چھے تو حق پر ہوں اور باقی سب مسلمان خراب عقیدے والے ہوں۔

ایں خیال است ومحال است وجنوں

حضرت شاہ صاحب گجراتی غیر مقلدین حضرات کو بھی ائمہ اربعہ کے مقلدین کی طرح حق پر جانتے ہیں جیسا کہ اس کا حوالہ پہلے گزر چکا ہے اس لئے اب غیر مقلدین حضرات کے علماء ومشائخ کا عقیدہ بیان کیا جاتا ہے۔

ہمارے استاد محترم شیخ مکرم حضرت شیخ الحدیث مولانا سرفراز خان صاحب صفدر دامت برکاتہم العالیہ نے ''تسکین الصدور'' طبع دوم میں بعض حضرات کا عقیدہ ذکر کر دیا ہے۔ اس کے اعادہ کی ضرورت تو نہیں البتہ اختصاراً ان کے نام مع حوالہ ملاحظہ کر لیں۔

۱)......علامہ قاضی شوکانی نیل الاوطار ج:۳ ص:۲۶۴

۲)......شیخ الکل سید نذیر حسین صاحب دہلوی (فتاوی نذیریہ ج:۲ ص:۵۵ ضمیمہ) نیز دیکھئے فتاوی نذیریہ ج:۱ ص:۵۱ تا ۵۲ وفتاوی علمائے حدیث ج:۹ ص:۲۸۲ تا ۲۸۳۔

۳)......مولانا شمس الحق عظیم آبادی (عون المعبود ج:۱ ص:۴۰۶)

۴)......مولانا فضل الرحمٰن ہری پوری (رسالہ درود شریف ص:۱۶)

۵)......محدث مولوی رحیم بخش صاحب (اسلام کی چودہویں کتاب ص:۵۴)

۶)......مولانا محمد اسمٰعیل سلفی گوجرانوالہ (حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم ص:۲۷)

۷)......مولانا محمد عطاء اللہ حنیف (التعلیقات السلفیہ علی سنن النسائی ج:۱ص:۲۳۷)

۸)......محدث امیر یمانی (المتوفی ۱۱۸۲ھ) (مناسک الحج والعمرۃ ص:۸۷ طبع مصر)

۹)......مولانا عبد الغفور غزنوی امرتسری (ترجمہ مشکوۃ ج:۱ص:۴۰۱)۔

یہ سب حضرات حیات انبیاء علیہم السلام فی القبور کے قائل ہیں۔ اور اسی طرح سماع عند القبور کے بھی قائل ہیں۔ دیکھئے تسکین الصدور ص:۲۵۴ تا ۲۶۳)۔

ان کے علاوہ دیگر حضرات کا عقیدہ ملاحظہ ہو۔

غیر مقلد عالم ابو الحسنات مولانا محمد بن عبد اللہ بن نور الدین الفنجابی عون الودود شرح ابو داؤد ج:۱ ص:۱۰۵ میں لکھتے ہیں:

وانہ حی فی قبرہ ان اللہ حرم علی الارض ان تاکل اجساد الانبیاء وقد ذھب جماعۃ من المحققین الی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حی بعد وفاتہ وانہ یسر بطاعات امتہ والانبیاء لا یبلون مع ان مطلق الادراک کالعلم والسماع ثابت لسائر الموتی وورد النص فی کتاب اللہ فی حق الشھداء وانھم احیاء یرزقون وان الحیوۃ فیھم متعلقۃ بالجسد فکیف

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبر مبارک میں زندہ ہیں اللہ تعالیٰ نے زمین پر حرام کر دیا ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے اجسام کو کھا سکے اور محققین کی ایک جماعت کا عقیدہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعد وفات کے زندہ ہیں اور اپنی امت کی نیکیوں سے خوش ہوتے ہیں اور انبیاء علیہم السلام سڑتے گلتے نہیں۔ باوجودیکہ مطلق ادراک، جیسے جاننا اور سننا تمام مردوں کے لئے ثابت ہے اور شہیدوں کے بارے میں قرآن مجید میں موجود ہے کہ وہ زندہ ہیں اور ان کو رزق دیا جاتا ہے اور ان کی حیات جسمانی ہے پس کس طرح انبیاء اور رسولوں کے لئے حیات جسمانی ثابت نہ ہو جن کا مقام بہت بلند

بالانبیاء والمرسلین وعند مسلمؒ عن النبی صلی الله علیه وسلم قال مررت بموسی عند الکثیب الاحمر وهو قائم یصلی فی قبره۔	ہے (یعنی ان کے لئے تو یقیناً ثابت ہے) اور صحیح مسلم میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میں موسیٰ علیہ السلام کے پاس میں سرخ ریت کے ٹیلے کے پاس گزرا تو وہ قبر میں نماز پڑھ رہے تھے۔

غیر مقلد حکیم محمد اشرف صاحب سندھو کا عقیدہ ان کی کتاب سے ہم پیش کرتے ہیں اس کا ص: ۴۲۶ تا ۴۲۷ کا عکس ملاحظہ ہو۔

۱۲۹

جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل کان زهوقا

مقیاسِ حقیقت

بجواب

مقیاسِ حنفیت

مولوی محمد عمر صاحب اچھروی کی تلبیس اور تاریخی غلط بیانیوں کا تجزیہ

مرتبہ

فقیر الی اللہ حکیم محمد اشرف عفا اللہ تعالیٰ عنہ

ملنے کا پتہ

دار الاشاعت اثریہ سنتہ بلوکی ضلع لاہور

بار سوم: تعداد ۲۰۰۰

قیمت: ۳ روپے علاوہ محصول ڈاک۔

۱۴۰

۴۲۹

چنانچہ یہ حقیقت حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بیان سے واضح ہے :۔

"کنت ادخل بیتی الذی فیہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم وانی واضع ثوبی واقول انما ھو زوجی وابی فلما دفن عمر معھم فواللہ ما دخلتہ الا وانا مشدودۃ علی ثیابی حیاء من عمر (مشکوٰۃ. دفن المیت)

ترجمہ : میں جب کبھی اپنے حجرہ کے اس حصہ میں داخل ہوتی جو پردہ کی آڑ سے قبر اطہر از مخصوص کرنے کی غرض سے لگا رکھا تھا۔ تو یہ خیال کرتی ہوئی کہ میرے خاوند محترم اور شفیق ابا جان ہی تو ہیں۔ کپڑے وغیرہ کا تمام حالات سے زیادہ اعتنا نہ کرتی۔ پھر جب حضرت عمرؓ بھی ان کے ساتھ دفن ہو گئے تو خدا کی قسم حضرت عمرؓ کے رعب و دبدبہ اور حیا سے متاثر پورے احتیاط (شدت) سے کپڑا سنبھال، چادر اوڑھ کر داخل ہوتی۔

حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کا بیان اس امر کا ثبوت ہے۔ کہ انہوں نے قبر مطہرہ اور اپنی آرام گاہ کے درمیان پردہ کی حد فاصل لگا رکھی تھی۔

جب تک تو فاروقی مرقد نہ بنا۔ صدیقہ ویسے ہی بلا تکلف پردہ اٹھا کر قبر شریف کے حصے میں داخل ہو جاتی۔ جیسا کہ بلا تکلف اپنے سکونتی حصہ میں ہوتیں۔ مگر جب فاروقی مرقد تیار ہو گیا تو اب قبور مطہرہ کے حصہ میں داخل ہونے کا قصد کرتیں تو پردہ کی آڑ اٹھانے سے پیشتر حضرت عمرؓ کے رعب و دبدبہ سے متاثر پوری احتیاط سے کپڑا لپیٹ کر داخل ہوتی۔

عہد خیر القرون میں زیارت کا عام رواج ہی نہ تھا

صحابہ رضی اللہ عنہم چونکہ براہ راست جمال انور سے مستنیر تھے۔ اس لئے ان تربت اطہر کی زیارت کا کچھ زیادہ خیال نہ ہوا۔ چنانچہ صدیقہ کا بیان اور حضرت

۱۴۱

۴۴۶

قاسم رحمۃ اللہ علیہ کی درخواست کے واضح الفاظ اس کا ثبوت ہیں۔
رہا درود و سلام کا مسئلہ تو اس کے متعلق یہ مقدس ہستیاں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی زبان فیض ترجمان سے خود اپنے کانوں بارہا سن چکی تھیں کہ شرقاً غرباً و شمالاً و جنوباً جس حصۂ ارض (زمین) میں کوئی مسلمان (رہتی دنیا تک کا امتی) درود و سلام عرض کرتا ہے یا کرے گا، اللہ تعالے اسی وقت اس کا درود سلام ہم تک پہنچا دیتے ہیں اور ہم اس درود و سلام کا جواب اسی وقت لوٹا دیتے ہیں۔
نہ صرف یہی بلکہ اللہ تعالے کو درود و سلام کی آواز اس درجہ محبوب ہے کہ اس کی تلاش و سماعت کے لئے فرشتوں کی مخصوص و لاتعداد جماعت مقرر فرما رکھی ہے جو روئے زمین پر ہر آن درود و سلام کی تلاش و جستجو میں رواں دواں چکر کاٹتے پھر رہے ہیں کہ جہاں کہیں کسی امتی کو درود و سلام کی سعادت سے بہرہ ور ہوتے دیکھیں، فوراً قبر اطہر پر عرض کر دیں۔
چنانچہ احادیث کے الفاظ یہ ہیں:۔

۱۔ "ما من احد یسلم علی الا رد اللہ علی روحی حتی ارد علیہ السلام (مشکوٰۃ باب صلوٰۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم)

ترجمہ: جو مسلمان ہم پر درود و سلام عرض کرتا ہے عین اسی وقت اللہ تعالے من و عن ہم تک پہنچا دیتے ہیں اور ہم درود و سلام عرض کرنے والے کو جواب بھی دے دیتے ہیں۔

"ان للہ ملائکۃ سیاحین فی الارض یبلغونی

۱۴۲ ۴۲۸

من امتی السلام منہ حوالہ مذکور)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کی مخصوص تعداد اس پر مامور فرما رکھی ہے کہ وہ دن رات درود و سلام پڑھنے والوں کی تلاش میں رواں دواں رہتی ہے۔ جہاں کوئی درود و سلام پڑھنے والا ان کو مل جاتا ہے۔ اس کا درود و سلام فوراً ہم تک پہنچا دیتے ہیں۔

مولانا محمد اسمٰعیل سلفی اور ان کے شاگرد مولانا محمد سلیمان کیلانی صاحب کا عقیدہ ملاحظہ ہو۔

مترجم و محشی

حضرت استاذ الاساتذہ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد اسمٰعیل صاحب رحمۃ اللہ علیہ

مع فوائد اضافی

مولانا محمد سلیمان صاحب کیلانی

ناشر

جمعیۃ اہل حدیث جامع مسجد اقصیٰ۔ سٹلائٹ ٹاؤن۔ گوجرانوالہ

۱۴۴

۸۶۸ - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ أَحَدٍ يُسَلِّمُ عَلَيَّ إِلَّا رَدَّ اللّٰهُ عَلَيَّ رُوحِي حَتّٰى أَرُدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيرِ۔

۸۶۹ - وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا تَجْعَلُوا بُيُوتَكُمْ قُبُورًا وَلَا تَجْعَلُوا قَبْرِي عِيدًا وَصَلُّوا عَلَيَّ فَإِنَّ صَلَاتَكُمْ تَبْلُغُنِي حَيْثُ كُنْتُمْ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ۔

۸۶۸ - حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں۔ آنحضرتؐ نے فرمایا تم میں سے کوئی بھی مجھ پر سلام کہے۔ تو اللہ تعالیٰ میری روح کو واپس فرماتے ہیں۔ میں اس کے سلام کا جواب دیتا ہوںؐ۔ (ابوداؤد۔ دعوات کبیر بیہقی)

۸۶۹ - ابوہریرہؓ سے مروی ہے۔ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ گھروں کو قبریں مت بناؤ۔ اور میری قبر کو عید مت بنانا (یعنی میلہ یا عرس کی صورت نہ بنانا) اور مجھ پر سلام بھیجو۔ اور تم جہاں بھی ہو۔ تمہاری صلوٰۃ مجھے پہنچ جاتی ہےؐ۔ (نسائی)

لہ روح کی واپسی کا مطلب کیا ہے؟ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی برزخی زندگی بالکل اسی طرح ہے جیسے کوئی آدمی سویا ہوا ہو۔ سونے والا تو کچھ بولتا ہے نہ سنتا ہے مگر جب بیدار ہو جاتا ہے تو سب کچھ کرتا ہے بالکل اسی طرح جب فرشتے درود کی خبریں حضرت کے گوش گذار کرتے ہیں تو آپ اسی طرح بیدار ہو جاتے ہیں جیسے سونے والا بیدار ہو جاتا ہے اور اسی انتباہ کو یہاں روح لوٹانے سے تعبیر کیا ہے ورنہ ایسا نہیں ہے کہ آپ کی روح مبارک کو جسم سے بار بار کھینچا اور بار بار لوٹایا جاتا ہے ۱۲

کہ معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرتؐ ہر جگہ موجود نہیں ہوتے جیسے آجکل عوام اور جہلاء کا خیال ہے بلکہ دور سے ہر جگہ سے تمام امت کے صلوٰۃ اور سلام آپ کو پہنچ جاتے ہیں ۱۲ (اسلم)

سہ آنحضرتؐ تشریف نہیں لاتے بلکہ درود پہنچتا ہے اس کو ابوداؤد نے بھی روایت کیا ہے اور احمد، بزار اور طبرانی نے بھی کبیر میں روایت کیا ہے کہ زید بن خالد جہنی نے کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے گھروں میں نماز پڑھا کرو اور ان کو قبرستان نہ بناؤ اور احمد نے حضرت عائشہؓ سے روایت کیا ہے کہ اپنے گھروں میں نماز پڑھا کرو اور ان کو قبروں کی طرح نہ بنا رکھو اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ تمہارا درود تو مجھے ہر جگہ سے پہنچ جاتا ہے اس خیال سے بے پرواہ ہو جاؤ کہ وہاں جا کر ہی درود سلام پڑھیں گے وہ تو ہر جگہ سے مجھ کو پہنچتا ہے باقی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کی زیارت تو اس نیت سے سفر نہ کرے بلکہ مدینہ منورہ مسجد نبوی کی زیارت کا قصد کرکے جائے اور آنحضرتؐ کی قبر پر حاضر ہو تاکہ لا تشد الرحال والی حدیث کے خلاف نہ ہو جو پہلے گذر چکی ہے ۱۲

صَلَّى عَلَيَّ عِنْدَ قَبْرِي سَمِعْتُهُ وَمَنْ صَلَّى عَلَيَّ نَائِيًا أُبْلِغْتُهُ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ

٨٧٨ - وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ مَنْ صَلَّى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَمَلَائِكَتُهُ سَبْعِينَ صَلَاةً. رَوَاهُ أَحْمَدُ -

٨٧٩ - وَعَنْ رُوَيْفِعٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَلَّى

پر درود پڑھے وہ مجھے پہنچا دیا جاتا ہے۔ (شعب الایمان)

٨٧٨ - عبداللہ بن عمرو فرماتے ہیں۔ جو شخص آنحضرت پر ایک دفعہ درود پڑھے۔ اللہ اور اس کے فرشتے اس پر ستر دفعہ صلوٰت بھیجتے ہیں۔ (احمد)

٨٧٩ - رویفع کہتے ہیں۔ آنحضرت نے فرمایا جو شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے۔ اور دعا کرے۔ کہ اے

لہ درود فرشتے پہنچا دیتے ہیں۔ یہ حدیث ضعیف ہے اس حدیث کو ابوبکر بن ابی شیبہ نے بھی اپنی مصنف میں روایت کیا ہے اور ابن مسعود کی روایت اس کی تائید کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ سیر کرنے والے فرشتے ہیں وہ مجھ کو میری امت کا سلام پہنچاتے ہیں اور یہ حدیث فصل دوم میں پہلے گذر چکی ہے اور اس باب میں حضرت حسن بن علی کی حدیث بھی ہے جو حسن سند سے بیان کی گئی ہے کہ تم جہاں کہیں بھی ہو مجھ پر درود بھیجو تمہارا درود مجھ کو پہنچ جاتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ درود بہرصورت آنحضرت کی بارگاہ میں پہنچ جاتا ہے۔ اگر آنحضرت کی قبر مبارک پر پڑھا جائے تو آپ خود اس کو سن لیتے ہیں اور اگر دور سے پڑھا جائے تو فرشتے پہنچا دیتے ہیں اور سلام کا جواب بہر حال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دیتے ہیں۔ امت کی کیا خوش قسمتی ہے کہ تمام آپ کے سلام سے مستفیض ہوتے ہیں۔ اگر ساری عمر کے سلاموں کا جواب ایک دفعہ بھی مل جائے تو اس پر ساری دنیا قربان کی جا سکتی ہے۔ چہ جائیکہ آپ ہر سلام کا جواب علیحدہ علیحدہ فرمائیں۔ فداہ ابی و امی وصلی اللہ علیہ وسلم۔

لہ ہر نیکی کا اجر کم از کم دس گنا ہے ۱ - اس کی سند کے راوی حسن کے راوی ہیں۔ مطلب یہ ہوا کہ جو مجھ پر ایک بار درود بھیجے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتے ہیں یہ تو اس قاعدہ کے مطابق ہے کہ جو نیکی کرے گا اس کو دس گنا اجر دیا جائے گا یہ کم از کم حساب ہے زیادہ کی کوئی حد نہیں اور اس کے علاوہ فرشتوں کی رحمت کی دعا بھی ہوتی ہے وہ اس حساب سے الگ ہے۔ اور یہ فرشتوں پر ہی کیا موقوف ہے جس پر اللہ تعالیٰ رحمت فرمائیں تو اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق اس کے لیے (باقی بر صفحہ آئندہ)

۱۳۵

۱۲۸۱۔ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلْتَمِسُوا السَّاعَۃَ الَّتِیْ تُرْجٰی فِیْ یَوْمِ الْجُمُعَۃِ بَعْدَ الْعَصْرِ اِلٰی غَیْبُوْبَۃِ الشَّمْسِ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ

۱۲۸۲ وَعَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَفْضَلِ اَیَّامِکُمْ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ فِیْہِ خُلِقَ اٰدَمُ وَفِیْہِ قُبِضَ وَفِیْہِ النَّفْخَۃُ وَفِیْہِ الصَّعْقَۃُ فَاَکْثِرُوْا عَلَیَّ مِنَ الصَّلٰوۃِ فِیْہِ فَاِنَّ صَلٰوتَکُمْ مَعْرُوْضَۃٌ عَلَیَّ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَکَیْفَ تُعْرَضُ صَلٰوتُنَا عَلَیْکَ وَقَدْ اَرِمْتَ قَالَ یَقُوْلُوْنَ بَلِیْتَ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ حَرَّمَ عَلَی الْاَرْضِ اَجْسَادَ الْاَنْبِیَاءِ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیُّ وَالْبَیْہَقِیُّ فِی الدَّعْوَاتِ الْکَبِیْرِ

۱۲۸۱۔ حضرت انسؓ سے مروی ہے۔ کہ حضرت نے فرمایا۔ امیدوں کی گھڑی کو جمعہ کے دن عصر کے بعد غروب آفتاب تک تلاش کرو۔ (ترمذی)

۱۲۸۲ اوس بن اوس فرماتے ہیں۔ آنحضرت نے فرمایا جمعہ تمہارے تمام دنوں سے افضل ہے۔ اسی میں آدم پیدا کئے گئے اسی میں قبض کیے گئے۔ اسی میں صور پھونکا جائے گا اسی میں بیہوشی کا حکم ہوگا۔ اس دن مجھ پر زیادہ صلوۃ پڑھو۔ تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔ صحابہ نے عرض کیا۔ حضرت ہماری صلوۃ کیسے پیش ہوتی ہے آپ تو بوسیدہ ہو چکے ہوں گے آپ نے فرمایا۔ اللہ نے نبیوں کے جسم زمین پر حرام کر دئے ہیں (ابوداؤد۔ نسائی۔ ابن ماجہ۔ دارمی دعوات کبیر بیہقی۔)

ل اس کی سند میں محمد بن ابی حمید ضعیف ہے۔ لیکن ابن ابی شیبہ نے اس کی متابعت کی ہے جس کو طبرانی نے اوسط میں روایت کیا ہے اور اس کا ایک شاہد احمد اور ابن ماجہ میں ابو سعید اور ابو ہریرہ کی حدیث ہے جس کی سند حسن ہے نسائی اور ابوداؤد وغیرہ میں جابر سے اسی مضمون کی روایت کی ہے علامہ ابن حجر نے کہا اس کی سند حسن ہے اور حدیث کا مطلب وہی ہے جو پہلی حدیث میں گذر چکا ہے۔

ے جمعہ کے دن درود کثرت سے پڑھنا:۔ اس کو احمد ابن خزیمہ اور ابن حبان نے بھی روایت کی ہے۔ اس حدیث میں دلالت ہے کہ جمعہ کے روز درود شریف زیادہ پڑھنا چاہئے کیونکہ درود ویسے بھی بڑا بابرکت چیز ہے اور جمعہ کے روز اس کا اجر اور بھی زیادہ ہو جاتا ہے۔ انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کی قبر میں زندگی ثابت ہے لیکن وہ زندگی دنیا کی طرح نہیں بلکہ برزخی زندگی ہے اور برزخی زندگی ہر ایک کو حاصل ہے خواہ کافر ہو یا مسلمان لیکن سب برزخی زندگیوں میں آپس میں بے حد فرق ہے۔ شہید کی زندگی اور دوسرے مسلمانوں کی زندگی سے اعلیٰ وارفع ہے اور شہید کو کچھ باتیں ایسی دی جاتی ہیں جو اوروں کو نہیں ملتیں اور نبیوں کی زندگی شہیدوں سے بھی بدرجہا اعلیٰ وارفع ہے اور ان کو بعض ایسی خصوصیتیں دی جاتی ہیں جو شہیدوں کو بھی نہیں ملتیں۔ انبیاء کے جسم قبر میں محفوظ رہتے ہیں اور روح بھی محفوظ رہتی ہے اور روح کا تعلق جسم سے کامل تر صورت میں ہوتا ہے لیکن بہر حال اس کی [illegible]

علامہ وحید الزمان غیر مقلد لکھتے ہیں:

ف:......یعنی بعد وفات کے تو وہ اپنی قبروں میں زندہ ہیں، کلام اور سلام سنتے ہیں، اعمال امت کی ان پر پیش کئے جاتے ہیں، درود شریف سامنے لایا جاتا ہے، وہ خوش ہوتے ہیں، دعا کرتے ہیں، اگر چہ باقی اہل قبور بھی بر بنائے مذہب صحیح اہل سنت و جماعت سنتے ہیں، مگر یہ سننا ان کا صرف روحانی ہے (یہ علامہ کا اپنا خیال ہے۔ڈیروی) اور انبیاء کی حیات روحانی اور جسمانی دونوں طرح ہے مگر اس میں اور دنیا کی حیات میں ایک فرق دقیق ہے جس کو ہر شخص نہیں سمجھ سکتا نہ اس کے بیان کی یہاں گنجائش ہے۔(سنن ابوداؤد شریف مترجم وفوائد حضرت علامہ وحید الزمانؒ ناشر: اسلامی اکادمی، ۱۷۔اردو بازار لاہور ج:۱ ص:۳۹۹)

نیز لکھتے ہیں:

''اور خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی میری قبر کے پاس آکر درود پڑھتا ہے تو میں سن لیتا ہوں اور جو کوئی دور سے پڑھتا ہے تو فرشتے مجھ کو لا کر پہنچاتے ہیں''۔

(لغات الحدیث ج:۲ ص:۴۰ کتاب الدال)

نیز لکھتے ہیں:

''اہل حدیث کے پیشوا حافظ ابن قیمؒ نے صراحۃً سماع موتی ثابت کیا ہے اور بے شمار حدیثوں سے، جن کو امام سیوطیؒ نے ''شرح الصدور'' میں ذکر کیا ہے، مردوں کا سماع ثابت ہوتا ہے، اور سلف کا اس پر اجماع ہے، صرف حضرت عائشہؓ سے اس کا انکار منقول ہے اور ان کا قول شاذ ہے''۔ (لغات الحدیث ج:۳ ص:۱۶۶ کتاب السین)

نیز لکھتے ہیں:

''اس حدیث میں یہ اشکال ہے کہ دوسری حدیثوں سے ثابت۔ہے کہ انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں، پھر روح پھیر دینے سے کیا مراد ہے۔؟ اس اشکال کو اس طرح رفع کیا گیا کہ گو انبیاء علیہم السلام اپنی اپنی قبروں میں زندہ ہیں مگر ان کی ارواح مقدسہ اپنے پروردگار کی بارگاہ

کی طرف متوجہ ہیں، دنیا کی طرف ان کی توجہ نہیں ہے، جب کوئی ان کو سلام کرتا ہے اس وقت ان کی روح ادھر متوجہ ہوتی ہے تو رَدِّ روح سے اس کا متوجہ کرنا مراد ہے"۔ (لغات الحدیث ج:۲ ص:۶۳ کتاب الراء)

نیز لکھتے ہیں:

"معلوم ہوا کہ مردے اپنی قبور میں ہمارا سلام اور کلام سنتے ہیں لیکن وہ ہم کو اپنا جواب نہیں سنا سکتے۔ اہل حدیث کا قاطبۃً (یعنی سب کا) یہی قول ہے۔ صرف حنفیہ اور معتزلہ نے سماع موتی کا انکار کیا ہے، ان کے انکار سے کیا ہوتا ہے۔؟ اور تعجب ہے ان اہل حدیث پر! جو لوگوں کو تو ابوحنیفہؒ کی تقلید سے منع کرتے ہیں اور خود جب چاہتے ہیں ابوحنیفہؒ کے مقلد بن جاتے ہیں۔ سماع موتی کی نفی میں ان کے قول سے استدلال کرتے ہیں اور احادیث صحیحہ کو بالائے طاق رکھ دیتے ہیں"۔ (لغات الحدیث ج:۳ ص:۱۵۰ کتاب السین)

نیز لکھتے ہیں:

"اِنَّکَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی تو مردوں کو (یعنی کافروں کو) اسلام نہیں قبول کرا سکتا۔ اس آیت سے سماع موتی کی نفی نہیں نکلتی، جیسے حضرت عائشہؓ نے خیال کیا، کیونکہ اسماع سے یہاں "سماع اجابت" مراد ہے جیسے (قرآن مجید میں ہے) وَاسْمَعْ غَیْرَ مُسْمَعٍ میں، اور متعدد احادیث میں سماع موتی ثابت ہے جیسے اوپر ج:۳ ص:۱۵۰ میں گزر چکا۔ اور اہل حدیث کے بڑے بڑے امام جیسے ابن تیمیہؒ اور ابن قیمؒ ہیں، اسی کے قائل ہیں۔ صرف حنفیہ اور معتزلہ نے اس کا انکار کیا ہے۔ مجمع البحار میں ہے اِنَّکَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی کا معنی یہ ہے کہ تو ان جاہلوں کو نہیں سمجھا سکتا جن کو اللہ تعالیٰ نے جاہل بنایا ہے۔ تو یہ آیت اس حدیث کے خلاف نہ ہوگی۔ (لغات الحدیث ج:۳ ص:۱۶۳ مادہ سم)

نواب صدیق حسن خان صاحب فرماتے ہیں:

وجملہ اموات از مؤمنین وکفار در حصول	تمام مردے مؤمن ہوں یا کافر حصول علم، شعور

علم وشعور وادراک وسماع وعرض اعمال و رد جواب برزائر برابراند تخصیص بہ انبیاء و صلحاء نیست۔ (دلیل الطالب ص:۸۴۰)

، ادراک، سماع وعرض اعمال اور زیارت کرنے والے کے سلام کے جواب کو لوٹانے میں برابر و یکساں ہیں، ان امور میں انبیاء علیہم السلام وصلحائے امت کی تخصیص نہیں۔

نیز نواب صاحب ایک سوال کے جواب میں لکھتے ہیں:

درشرع شریف معرفت بغاسل خود وسماع کلام او ثابت است سیوطی در کتاب ''شرح الصدور'' باحوال الموتی فی القبور گفتہ باب معرفة المیت بمن یغسله ویجهزه و سماعه ما یقال فیه ومایقال له الخ (دلیل الطالب ص:۸۲۸)

شرع شریف میں مردہ کا اپنے غسل دینے والے کو پہچاننا اور اس کی کلام سننا ثابت ہے، امام سیوطیؒ نے اپنی کتاب ''شرح الصدور'' میں ایک باب قائم کیا ہے کہ مردہ کا اپنے غسل اور کفن دینے والے کو پہچاننا اور مردہ کا سننا اس بات کو جو اس کے بارے میں کہی جائے یا اس کے حق میں کہی جائے۔

نیز نواب صاحب نے حیات انبیاء وسماع علیہم السلام کی احادیث کو صحیح وثابت تسلیم کیا ہے دیکھئے نزل الابرار بالعلم الماثور من الادعیة والاذکار ص:۱۶۱ تا ۱۶۳۔

فرشتہ درود بھیجنے والے کا نام اور اس کے والد کا نام بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے عرض کرتا ہے۔ نواب صاحب فرماتے ہیں:

أقول مثال ذلك ان الملك يقول مثلاً ان صديق بن حسن يصلي عليك و يسلم وان ولده فلان و فلان يصلون و يسلمون عليك اللهم ارزقنا و تقبل منا وصل

میں (نواب) کہتا ہوں اس کی مثال یوں ہے کہ فرشتہ یوں کہے کہ نواب صدیق بن حسن آپ پر صلوۃ وسلام عرض کر رہا ہے اور اس کا بیٹا فلاں بن فلاں بھی آپ پر درود وسلام بھیج رہے ہیں۔ اے اللہ ہمیں درود وسلام کہنا نصیب فرما اور ہم سے قبول فرما اور

علینا۔ (نزل الابرار ص:۱٦٢) ہم پر رحمت نازل فرما۔

مولانا عبدالستار دہلوی امام غرباء اہل حدیث، حدیث ''جب کہ بندہ کو قبر میں رکھ دیا جاتا ہے اور اس کے ساتھی اس سے پیٹھ پھیر کر جانے لگتے ہیں تو وہ ان کی جوتیوں کی آہٹ سنتا ہے'' کے متعلق فرماتے ہیں: ''اس وقت مردے کی سننے کی وجہ یہ ہے کہ جہاں لوگ اس کو دفن کر کے واپس ہوئے، فوراً ہی دو فرشتے منکر ونکیر آ جاتے ہیں، ان کو جواب دینے کے لئے میت کی روح اس کے بدن میں لوٹا دی جاتی ہے، وہ اس کو اٹھا کر بٹھاتے ہیں اور سوال وجواب شروع کرتے ہیں جیسا کہ سنن کی روایت میں اس کی تشریح موجود ہے''۔ (نصرۃ الباری ترجمہ صحیح بخاری کتاب الجنائز پانچواں پارہ ص:۱۹۳ بحوالہ صحیفہ اہل حدیث پندرہ روزہ کراچی ۱٦۔ ربیع الثانی ۱۳۸۱ھ مطابق ۲۸ ستمبر ۱۹٦۱ء)۔

نیز حدیث ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کہ میت کو (چارپائی پر) رکھ دیا جاتا ہے اور لوگ اپنے کندھوں پر اسے اٹھا لیتے ہیں تو میت اگر نیک ہوتی ہے تو وہ کہتی ہے مجھے آگے لے چلو الخ'' کے متعلق مفتی عبدالستار صاحب لکھتے ہیں: ''معلوم ہوا جب جنازہ اٹھا کر لے جاتے ہیں تو اس وقت بھی اس کی روح واپس آ جاتی ہے اس کی کیفیت ہمیں معلوم نہیں (اور) نہ ہم اس کی آواز سنتے ہیں بس جس طرح اللہ کے رسول صادق ومصدوق صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمادیا آمنا وصدقنا''۔ ۱۲ منہ عفی عنہ (نصرۃ الباری ص:۱۹۷ پارہ:۵)۔

فتاوی ستاریہ ج:۱ ص:۱۵۴ ناشر مکتبہ ایوبیہ حدیث محل اے ایم:۱ کراچی:۱ میں سوال نمبر:۲۴۷ کے جواب میں آخری ٹکڑا یوں ہے: ''صرف اتنا کہنا، کہ اگر آپ کی قبر پر جا کر درود وسلام پڑھا جائے تو آپ سنتے ہیں'' ، بے شک ٹھیک ہے۔

مفتی عبدالقہار صاحب لکھتے ہیں:

(۲)......ہاں فرشتے درود نبی علیہ السلام کو پہنچاتے ہیں۔

(۳)......جو شخص آپ کی قبر پر جا کر سلام کہتا ہے اس کا سلام آپ خود سنتے ہیں یہاں سے نہیں

سنتے۔ کیونکہ فرشتے پہنچانے کے لئے اللہ نے مقرر فرمائے ہیں۔فقط عبد القہار غفرلہ (فتاوی ستاریہ ج:۴ ص:۹۱)

نیز لکھتے ہیں: ''ہاں نبی علیہ السلام کی قبر پر جا کر درود وسلام پڑھا جائے تو آپ سنتے ہیں جیسا کہ احادیث سے ثابت ہے''۔ (فتاوی ستاریہ ج:۷ ص:۱۱۷ ۱۷ ذی الحجہ ۱۳۸۲ھ)

۱۵۱

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ يَدْعُونَ يَبْتَغُونَ إِلَىٰ رَبِّهِمُ الْوَسِيلَةَ
أَيُّهُمْ أَقْرَبُ وَيَرْجُونَ رَحْمَتَهُ وَيَخَافُونَ عَذَابَهُ

الحمد لولیہ والصلوٰۃ علی نبیہ کہ رسالہ ہدایت انتساب
فائدہ بخش خاص و عام مسمّٰی بہ

حقیقۃ التوسل والوسیلۃ

در رسالہ

تحقیق سماع موتیٰ

مع اضافات جدیدہ

از مفسر قرآن و شیخ الحدیث حضرت مولانا الحافظ الحاج ابو محمد عبدالستار
امام جماعت غرباء اہل حدیث

ناشر
ابو عمار عبد القہار مدرس مدرسہ دار السلام
محلہ مسجد بنس روڈ کراچی

قیمت ایک روپیہ
ضیاء پریس کراچی

فصل چوتھی سماع موتیٰ کے بیان میں

سماع موتیٰ یعنی مُردے سُنتے ہیں یا نہیں؟ اس کے متعلق دو مذہب ہیں (۱) یہ کہ سنتے ہیں۔ (۲) یہ کہ نہیں سنتے۔

نمبر اول میں پھر دو فریق ہیں (۱) یہ کہ سنتے ہیں لیکن وہ کسی زندہ آدمی کی اعانت کسی طرح نہیں کرسکتے بلکہ خود زندوں کے محتاج ہیں کہ اگر زندہ آدمی اُن کے لئے دعا مانگے، اُن کی طرف سے صدقہ وخیرات کرے تو اُس کا ثواب اُنکو پہنچتا ہے یعنی مُردوں کو زندوں سے نفع ملتا ہے نہ کہ زندوں کو مُردوں سے۔ اس عقیدہ والوں کے ادلہ قرآن وحدیث میں بہت ہیں اور یہی مذہب اہل حدیث یعنی فرقہ محمدی کا ہے جس کی تفصیل آیندہ آوے گی انشاءاللہ۔

(۲) یہ کہ سنتے ہیں اور اُن سے فیض حاصل ہوتا ہے اسی وجہ سے اُنکی قبروں پر سجدہ کرتے ہیں، قرآن پڑھتے ہیں، پھول چڑھاتے ہیں، نذرونیاز کرتے ہیں، منتیں مانگتے ہیں، طلب حاجات کرتے ہیں، ہاتھ جوڑے کھڑے رہتے ہیں، طواف کرتے ہیں۔ بڑی تعظیم وتکریم سے ان کا نام لیتے ہیں، مجاور بن کر بیٹھتے ہیں، چراغ بتی جلاتے ہیں، قبروں کو پختہ بناتے ہیں، اس کو اپنا قبلہ سمجھتے ہیں، اُن کے نام کی تسبیح رولتے ہیں، اُن کی قبروں کو پیٹھ نہیں دیتے اسباب نہیں رکھنے دیتے، طرح طرح کی خوشبوؤں سے اُس قبر کو

مزین کرتے ہیں، دھونی رماتے ہیں، کئی کئی منزلوں سے پیدل سفر کر کے آتے ہیں، اُس کی بھینٹ چڑھاتے ہیں، غلاف اُڑھاتے ہیں، اُس سے برکت حاصل کرتے ہیں، اُن قبر والوں کو اپنے لئے مشکل کشا سمجھتے ہیں، اللہ کی جناب میں شفیع اور اُن کو حالت قبر میں دعا کرنے والے خیال کرتے ہیں، خدا سے بھی زیادہ رتبے دیتے ہیں، قبروں کو عید گاہ میلے ٹھیلے بناتے ہیں حالانکہ یہ جملہ امور شرک و بدعت ہیں۔ اس قسم کے عقیدہ والوں کے پاس نہ تو کوئی آیۂ کریمہ ہے اور نہ کوئی پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث ہے نہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا کوئی قول وفعل نہ ائمہ مجتہدین کا قول وفعل بلکہ نہ الا الذی نہ الا الذی یعنی نہ تو اہل حدیث ہیں اور نہ پکے حنفی ہیں بلکہ اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ یعنی اس قسم کے لوگ جانوروں کے مانند ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ گمراہ۔ اس لئے کہ جانور مرفوع القلم ہیں بے عقل ہیں، اللہ کی تسبیح کرتے ہیں، اور یہ حضرت انسان باوجود اشرف المخلوقات ہونے کے اور امت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں داخل ہونے کے پھر اس کو اتنی بھی خبر نہیں کہ کیا کام جائز ہیں اور کیا کام حرام ہیں اس لئے فرمایا اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ یعنی پھر لوٹا دیا ہم نے اس انسان کو نیچے سے نیچے والے طبقہ جہنم کے میں کہ جہاں پر کوئی بد سے بد حیوان بھی نہیں جائے گا اسلئے کہ اعمال شرکیہ وکفریہ وبدعیہ کرتا ہے، اللہ و رسول کی شریعت اور احکام کو نہیں

۱۵۴

۸۴

معلوم کرتا۔ اس کے متعلق بھی قدرے تفصیل ڈ نمبر میں آئے گی انشاءاللہ
(۲) اس اعتقاد کے لوگ ہیں جو کہتے ہیں کہ مُردے نہیں سنتے اور
صرف سوال وجواب کے وقت یا یہ کہ پیغمبر صاحبؐ کا معجزہ ہو یہ دونوں
ڈ نمبر کے معتقدین ایک ہی امام کے ماننے والے اور ایک ہی مذہب
کے نام لیوا ہیں اور سماع موتیٰ میں ہر فریق دوسرے کا مخالف اور سخت
دشمن حتیٰ کہ اسلام کے دائرہ سے ایک دوسرے کو نکالنے والا۔ جو
علماء اس امر کے قائل ہیں کہ مُردے مطلقاً نہیں سنتے ان کے پاس
قرآن وحدیث سے کوئی دلیل اس امر کی نہیں ہے کہ مردے نہیں
سنتے اور جہاں کہیں کلام اللہ یا حدیث رسول اللہ میں اس کا ذکر آیا
ہے کہ مردے نہیں سنتے اس سے مراد سماع قبول یا سماع انتفاع
ہے یعنی ایسا سننا کہ جس سے کچھ فائدہ حاصل ہو اس لئے کہ غرغرہ کے
وقت توبہ کا دروازہ بند ہو جاتا ہے لہٰذا غیر مسلم کو اسلام نفع نہیں دیتا
اور مسلم میت بموجب حدیث اِنْقَطَعَ عَنْهُ عَمَلُهُ کے کسی کیلئے باعث
نجات نہیں ہو سکتی، نہ دنیوی کام میں نہ اخروی میں۔ اصل غرض عدم سماع
سے شارع کی یہی ہے کما ھو مصرح فی کتب التفسیر والحدیث چنانچہ
اس بات کا فیصلہ خود علمائے حنفیہ سے اس نمبر کی تفصیل میں مذکور ہوگا
انشاءاللہ۔ البتہ اس قسم کے معتقدین اپنے مذہب کی کتابوں کے ضرور
پابند ہیں، دگر ہیچ۔
تفصیل نمبر ا یعنی یہ کہ مُردے سنتے ہیں لیکن وہ کسی زندہ آدمی کی

۱۵۵

۸۵

کسی قسم کی اعانت نہیں کر سکتے بلکہ خود زندوں کے محتاج ہیں کہ اگر زندہ آدمی اُن کے لئے دعا مانگے، اُنکی طرف سے صدقہ خیرات کرے تو اُس کا ثواب انکو پہنچتا ہے یعنی مردوں کو زندوں سے نفع ملتا ہے۔

(۱) صحیح بخاری مطبوعہ محمدی کے صـ۱۸۳ میں ہے حَدَّثَنِیْ نَافِعٌ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ اَخْبَرَہٗ قَالَ اطَّلَعَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰٓی اَھْلِ الْقَلِیْبِ فَقَالَ ھَلْ وَجَدْتُّمْ مَا وَعَدَ رَبُّکُمْ حَقًّا فَقِیْلَ لَہٗ تَدْعُوْ اَمْوَاتًا قَالَ مَا اَنْتُمْ بِاَسْمَعَ مِنْھُمْ وَلٰکِنْ لَّا یُجِیْبُوْنَ یعنی کہا ابن عمر رضی اللہ عنہ نے جہاں کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اوپر ان کفار کے جو بدر کی لڑائی میں مارے گئے تھے اور گڑھے میں ڈالدیئے گئے تھے، پس فرمایا ان کفار کی طرف متوجہ ہوکر کیا پایا تم نے جو وعدہ کیا تھا تم سے تمہارے رب نے سچا۔ پس کہا گیا آپ کے لئے کلام کرتے ہیں آپ مُردوں سے فرمایا آپ نے نہیں ہو تم زیادہ سننے والے اُن سے (فرق صرف اتنا ہے) کہ وہ جواب دینے کی طاقت نہیں رکھتے۔

فائدہ۔ یہ حدیث بڑی پختہ دلیل ہے اس امر پر کہ مردے سنتے ہیں خواہ نیک ہوں یا بد، لیکن سننا اس امر کو مستلزم نہیں ہے کہ جیسا دنیا میں سنتے تھے ویسا ہی سنتے ہوں بلکہ اپنے اپنے اعتبار سے سماعت ہے لیکن سماعت ضرور ہے جیسے ایک شخص سخت بیمار ہے کہ چارپائی سے اُٹھ نہیں سکتا اُس سے کوئی کہے کہ مجھ کو پانی پلادے تو وہ بیمار کلام تو سُن لیگا مگر اُس کو اُٹھ کر پانی نہیں پلا سکتا اس لئے کہ

۱۵۶

۸۶

خدا نے اس کو سننے کی تو توفیق دے رکھی ہے لیکن اُٹھ کر پانی پلانے کی طاقت نہیں دی۔ یا مرنے والا آدمی مرتے وقت دوسروں کی حرکات وسکنات، کلام وگفتگو کو سنتا اور معلوم کرتا ہے لیکن خود کچھ نہیں بول سکتا اور نہ کہہ سن سکتا ہے۔

قسطلانی شرح بخاری میں ہے وَلٰكِنْ لَا يُجِيبُوْنَ اَے لَا يَقْدِرُوْنَ عَلَى الْجَوَابِ هٰذَا يَدُلُّ عَلٰى وُجُوْدِ حَيٰوةٍ فِي الْقَبْرِ يَصْلُحُ مَعَهَا التَّعْذِيْبُ لِاَنَّهٗ بِمَا ثَبَتَ سِمَاعُ اَهْلِ الْقَلِيْبِ كَلَامَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَوْبِيْخَهٗ لَهُمْ دَلَّ عَلٰى اِدْرَاكِهِمْ بِحَاسَّةِ السَّمْعِ یعنی اہل قبور جواب دینے پر قادر نہیں اور یہ اس امر پر دال ہے کہ قبر میں حیات ہوتی ہے (مِنْ اَيِّ وَجْهٍ كَانَ) اور اہل قبر عذاب کی بھی صلاحیت رکھتا ہے اس لئے کہ جب اہل قلیب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام اور ڈانٹ سنتے تھے تو یہ اس امر پر دال ہے کہ اُن کے حواس میں سننے کا ادراک بھی تھا۔

اور حاشیہ بخاری مطبوعہ محمدی میں حدیث عائشہؓ کی شرح میں ہے، قَالَ الْكِرْمَانِيُّ وَكَانَ حَدِيْثُ مَا اَنْتُمْ بِاَسْمَعَ مِنْهُمْ لَمْ يَثْبُتْ عِنْدَهَا وَمَذْهَبُهَا يَعْلَمُوْنَ مَا سَمِعُوْا قَبْلَ الْمَوْتِ وَلَا يَسْمَعُوْنَ بَعْدَ الْمَوْتِ انتهى قَالَ الْعَيْنِيُّ فِي عُمْدَةِ الْقَارِيْ وَابْنُ حَجَرٍ فِي فَتْحِ الْبَارِيْ هٰذَا مِنْ عَائِشَةَ رَدٌّ عَلٰى رِوَايَةِ ابْنِ عُمَرَ لٰكِنِ الْجُمْهُوْرُ خَالَفُوْهَا وَقَبِلُوْا رِوَايَةَ ابْنِ عُمَرَ لِمُوَافَقَةِ مَنْ رَوَاهُ غَيْرُهٗ وَقَالَ السُّهَيْلِيُّ عَائِشَةُ لَمْ تَحْضُرْ قَوْلَ النَّبِيِّ

۱۵۷

۸۷

صلی اللہ علیہ وسلم وغیرہا ممن حضر احفظ للفظ النبی صلی اللہ علیہ و سلم واما الآیۃ فانہا کقولہ تعالیٰ افانت تسمع الصم او تہدی العمی ای ان اللہ ھو الذی یسمع ویہدی وقال ابن التین لا معارضۃ بین حدیث ابن عمر والآیۃ لان الموتی لا یسمعون بلا شک لکن اذا اراد اللہ اسماع ما لیس من شانہ السماع لم یمتنع کقولہ تعالیٰ انا عرضنا الامانۃ الآیۃ وقولہ قال لہا وللارض ائتیا الآیۃ یعنی حضرت عائشہ صدیقہؓ اس بات کی قائل ہیں کہ مردے نہیں سنتے اور وہ استدلال میں اس آیت کو پیش کرتی ہیں (انک لا تسمع الموتی) وہ اس لئے انکار کرتی ہیں کہ حدیث ما انتم باسمع منہم والی ان کے نزدیک ان ہی کے ساتھ مخصوص ہے اور مذہب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ تھا کہ اہل قبور جانتے ہیں جو قبل موت سن لیا تھا اور مرنے کے بعد نہیں سنتے (کرمانی) اور عینی اور ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ قول عائشہؓ حضرت ابن عمرؓ کی حدیث کے خلاف ہے لیکن جمہور نے حضرت عائشہؓ کی مخالفت کی ہے اور ابن عمرؓ کی روایت کو قبول کیا ہے اسلئے کہ ابن عمرؓ کے غیر سے اسی کے مانند مروی ہے اور سہیلیؒ فرماتے ہیں کہ عائشہ صدیقہؓ اس وقت حاضر نہیں تھیں کہ جب نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ قول فرمایا تھا پس غیر ان عائشہؓ کا جو حاضر تھا وہ زیادہ یادداشت رکھنے والا ہے واسطے روایت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور لیکن آیت (جو خلاف واقع ہوتی ہے حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسکا مطلب یہ ہے) مانند کہنے اللہ تعالیٰ کے کیا پس تو سنا سکے گا بہروں کو

۱۵۸

۸۸

یا راہ دکھا سکے گا اندھوں کو یعنی اللہ ہی ایسا کرسکتا ہے (اسی طرح اہل قبور کو اللہ ہی سناتا ہے، آپ کے بس کا یہ کام نہیں ہے) اور کہا ابن تین نے نہیں معارضہ ہے درمیان آیت اور حدیث کے اس لئے کہ مُردہ میں خود بنفسہ طاقت سننے کی نہیں ہوتی لیکن جب اللہ پاک کسی کے سنانے کا ارادہ کرتا ہے جس کی شان سے سننا نہیں پایا جاتا تو کوئی طاقت اسکو نہیں روک سکتی۔ اور یہی بات صحیح ہے مانند کہنے اللہ تعالیٰ کے کہ ہم نے پیش کیا تھا اس امانت کو (یعنی قرآن کو) اوپر پہاڑوں کے الخ اور مانند کہنے اللہ تعالیٰ کے فرمایا واسطے اس کے اور زمین کے آجاؤ تم الخ۔ نکتۃ کاملا۔ یہ تینوں عالم مذہبی ہیں کہ جن کے مذہب میں سماع موتٰی ثابت نہیں لیکن یہ منصف علماء کا قاعدہ ہوتا ہے کہ وہ حدیث کے آگے اپنے تمام ہتھیار باطلہ ڈال دیتے ہیں اور حق امر کو تسلیم کر لیتے ہیں۔ یہی حال متاخرین میں سے مولوی عبدالحی صاحب لکھنوی کا تھا فعفا اللہ عنہم۔ اور یہی بات بعض متقدمین و متاخرین کتب حنفیہ میں پائی جاتی ہے کہ جو بات مذہب حنفیہ کی خلاف حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہوتی ہے اس کی کسی جگہ کھلے لفظوں میں تردید کر دیتے ہیں کہیں اشارہ کر جاتے ہیں، کہیں تحقیق سے کام لیتے ہیں، کہیں بوجہ مرض تقلید اس کے خلاف بھی کر جاتے ہیں۔ چونکہ یہ مسئلہ خلاف مذہب حنفیہ ہے یعنی ان کے ہاں سماع موتٰی ثابت نہیں اس لئے وہ حضرات اس حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تاویل بیجا کرتے ہیں اور اسی طرح

۱۵۹

۸۹

ہر وہ حدیث کہ جس میں سماع موتٰے ثابت ہو کہیں ضعیف کہکر ٹالدیتے ہیں کہیں معجزہ کی قید لگا دیتے ہیں، کہیں خصوصیت بتا دیتے ہیں کہیں صرف سوال وجواب کے وقت کی قید لگا دیتے ہیں لیکن در حقیقت انصاف اور عدل کی بات یہی ہے کہ یہ سب امور ان کو اس وجہ سے کرنے پڑتے ہیں کہ اُن کے مذہب میں سماع موتٰے جائز نہیں ہے

احادیث کو دیکھیں تو اپنے مطلب میں صاف پاویں کہ سماع موتی ثابت ہے۔ ایک موٹی سی بات ہے کہ اس حدیث ابن عمرؓ میں جو علماء حنفیہ خاصہ کی قید لگاتے ہیں کہ یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا خاصہ تھا اسکی دلیل ہم شرعًا پوچھتے ہیں کیا ہے؟ ہم یقینًا کہتے ہیں کہ اسکی دلیل علماء حنفیہ شرع محمدی سے کچھ نہیں دیسکتے اور جو قول عائشہؓ یا آیت وغیرہ سے استدلال کرکے کہتے ہیں اسکا وہ مطلب نہیں جیساکہ تفصیل نمبر ہیں معلوم ہوگا انشاء اللہ۔

یہ ایک روایت صحیح بخاری کی اس امر میں نقل کی گئی ہے باقی صحیح مسلم و ترمذی وغیرہا کی روایتیں اہل قبور پر سلام کرنے کی آچکی ہیں و نیز اُن اہل قبور کے جواب دینے کی۔ اور خفق نعال کی جو روایات طرق کثیرہ صریحہ صحیحہ سے کتب حدیث میں مروی ہیں۔ ان احادیث کی مخصص کوئی آیت یا حدیث نہیں ہے جیساکہ حنفیہ کرتے ہیں کہ صرف سوال وجواب کے وقت جوتی کی آہٹ معلوم کرتے ہیں پھر نہیں۔ پھر نہیں کے لئے دلیل شرعی چاہیئے اور کوئی آیت یا حدیث سوائے رائے یا قیاس کے اس امر میں نہیں ہے اور وہ کسی محقق کے نزدیک مسلم نہیں۔ اور جو علماء حنفیہ ان سلام والی

۱۶۰

۹۰

روایتوں کا یہ جواب دیتے ہیں کہ اس سلام کا جواب فرشتے دیتے ہیں،
یہ بے ثبوت بات ہے۔ سلام تو کیا جائے اہل قبور کا نام لیکر اور جواب دیں
فرشتے، آخر اس کیلئے کونسی دلیل شرعی ہے سوائے قیاس و رائے کے جو کسی
مسلم کے نزدیک صریح صحیح احادیث کے مقابلہ میں مقبول نہیں ہو سکتے۔
غرض یہ مسئلہ اپنے بارے میں صاف ہے کہ مُردے واہل قبور جتنا خدا
چاہتا ہے سنتے ہیں۔ اور جو اس کے متعلق نہ سننے کے قائل ہیں وہ تا دیلات
بیجا کر کے اصل مطلب بگاڑتے ہیں اور اس کے سمجھنے کے لئے اتنا غور اور درکار
ہے کہ ہر مسلم کے نزدیک ان کا ثواب و عذاب مسلم ہے۔ جب ثواب و عذاب مسلم
ہے تو صرف یہ نزاع رہا کہ آیا روح جسم میں رہتی ہے یا علیحدہ، سو اسمیں
تفریق ہے۔ بعض کہتے ہیں صرف سوال وجواب کے وقت لوٹائی جاتی ہے
پھر مار دیئے جاتے ہیں یعنی روح کا تعلق بالجسم ایسا نہیں رہتا سو یہ کچھ مضر نہیں
روح خواہ علیین میں رہے یا سجین میں جب ثواب و عذاب ہوگا اور بدن کو
وہ تکلیف محسوس ہوگی تو لازمی امر ہے کہ روح و بدن ہر دو کو اسکا احساس
ہوگا اور یہی بات از روئے عقل بھی ہونی چاہئے کہ ثواب روح و بدن
دونوں کو ہو اسی طرح عذاب بھی اس لئے کہ دنیا میں کاسب ہر دو
تھے اور جملہ جَزَآءً بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ بھی اسی کا مؤید ہے۔
پس جب کہ مسلم طور پر ثواب و عذاب کے مستحق وہ ہیں اور قیامت
تک ثواب و عذاب کے تعلقات کا حس انکو معلوم ہوتا ہے تو پھر کونسی چیز
ان کو اس امر سے مانع ہے کہ وہ سلام کا جواب نہ دے سکیں یا سماع موتی

۱۶۱

۹۱

ثابت نہو باوجودیکہ مسلمہ طور پر منکر ونکیر کے سوال کے وقت مانعین اسکو تسلیم کرتے ہیں ۔ بس فیصلہ ہوا بعد تسلیم کونسی حدیث صحیح ایسی آئی ہے کہ جس میں اس بات کا ذکر ہو کہ وہ پھر نہیں سنتا صرف سوال وجواب کے وقت ہی سنتا ہے۔ حالانکہ احادیث صریحہ صحیحہ اس بات پر شاہد ہیں کہ وہ سنتا ہے اور اسی واسطے سلام کرنا آیا ہے اور اُس کے جواب دینے کی بھی حدیث آچکی ہے ۔ اور جو علماء بجائے اہل قبور کے فرشتوں کے جواب دینے کو تسلیم کرتے ہیں وہ بے دلیل بات ہے شریعت کا مسئلہ نہیں، اپنی طرف کا منگھڑت جواب ہے ۔

مولانا محمد صادق صاحب سیالکوٹی کا عقیدہ۔ جمال مصطفیٰ ص: ۲۰۷ کا فوٹو ملاحظہ کریں۔

۲۰۷

خدا کے نزدیک ان کے لئے دس درجے ہیں:

حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اَوْلَى النَّاسِ بِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلٰوةً (ترمذی)

"بہت نزدیک لوگوں کے ساتھ میرے دن قیامت کے اکثر ان کے ہیں مجھ پر درود پڑھنے والے ہیں"

یعنی مجھ پر کثرت سے درود پڑھنے والے قیامت کے دن سب لوگوں سے زیادہ میرے نزدیک ہوں گے۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔

فرشتے درود پہنچاتے ہیں حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے۔ کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔

اِنَّ لِلّٰهِ مَلٰٓئِكَةً سَيَّاحِيْنَ فِي الْاَرْضِ يُبَلِّغُوْنِيْ مِنْ اُمَّتِي السَّلَامَ

"تحقیق اللہ کے کتنے فرشتے ہیں پھرنے والے زمین میں پہنچاتے ہیں مجھ کو میری امت کی طرف سے سلام" (مشکوٰۃ شریف)

معلوم ہوا۔ کہ جو متبع سنت شمع رسالت کا پروانہ بڑی محبت اور خلوص سے حضورؐ پر سلام پیش کرتا ہے۔ فرشتے اس کو لے جا کر حضورؐ کے پاس پہنچا دیتے ہیں۔ اور ایک روایت میں یہ بھی آیا ہے۔ کہ فرشتے اس کا نام بھی بتے ہیں۔ مثال کے طور پہ فرشتے حاضر ہو کر یوں عرض کرتے ہیں۔ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ۔ عاجز مسکین محمد صادق ابن شمس الدین سیالکوٹ سے یقولک السلام۔ خدمت اقدس میں سلام عرض کرتا ہے۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى ؎

حضورؐ ہر جگہ حاضر نہیں فرشتوں کے درود و سلام پہنچانے سے یہ بات بھی ثابت ہوتی۔ کہ حضورؐ حاضر ناظر نہیں ہیں۔ جیسا کہ

۱۵

مولانا حافظ محمد صاحب گوندلوی لکھتے ہیں: اسی طرح قرآن مجید میں ہے "اِنَّكَ لَا تُسۡمِعُ الۡمَوۡتٰی" (تم مردوں کو نہیں سناتے) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اس آیت سے سماع موتی کی نفی کی ہے مگر جس وقت یا جس لفظ کو اللہ تعالی چاہے پہنچا دے، اب تخصیص میں مورد پر اقتصار چاہئے۔ حدیث بخاری میں ہے کہ دفن کے بعد آدمی لوٹتے ہیں تو قبر والا جوتوں کی آواز سنتا ہے، یہ وقتی خصوصیت ہے۔ اسی طرح بعض روایتوں میں ہے "سلام کو صاحب قبر سنتا ہے"۔ اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مروی ہے "اگر آپ کی قبر کے پاس درود پڑھا جائے تو آپ سنتے ہیں"۔ (الاصلاح حصہ اول ص:۹۱ بار اول مطبوعہ: حجازی پریس لاہور ۱۰۔ محرم ۱۳۶۰ھ)

نیز لکھتے ہیں:

"جواب: انبیاء علیہم السلام برزخ میں زندہ ہیں، یہ زندگی برزخی ہے نہ کہ دنیوی۔ انبیاء علیہم السلام برزخ میں زندہ بلکہ سب لوگ زندہ ہیں۔ اسی لئے تنعیم وتعذیب کی صورت ہے۔ حدیث "الانبیاء احیاء فی قبورهم یصلون" حافظ ابن حجرؒ نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔ (فتح الباری) اور علامہ ذہبیؒ نے اس کو منکر قرار دیا ہے۔ اور حضرت موسی علیہ السلام کی نماز پڑھنے کی روایت کا تعلق بھی عالم برزخ سے ہے نہ کہ دنیا سے اور حدیث مسلم میں ہے۔ "نزد قبر کے پاس درود پڑھنے سے آپ سنتے ہیں" اس حدیث کو حافظ ابن حجرؒ نے فتح الباری میں لکھا ہے اس کی سند جید ہے مگر اس میں ایک راوی عبدالرحمن بن اعرج ہے، جو مجہول الحال ہے مگر درود قبر کے پاس سننے میں بحث نہیں۔ (مولانا حافظ گوندلوی الاعتصام جلد:۲ شمارہ:۸ بحوالہ فتاوی علمائے حدیث ج:۹ ص:۱۲۵تا۱۲۶)

مولانا حکیم ایچ صمصام صاحب اپنے نعتیہ کلام میں فرماتے ہیں:۔

کہاں جدا السلام علیکم میں نزدیک روضے دے
سنے خود اپنی کنیں سید الابرار ہو چلئے

کیہا جدا السلام علیک ایہا النبی میں نے
آوازاں میریاں رب نے نبی دے کنیں پادتیاں
(گلدستہ صمصام ص: ۱۰، ۱۱ ناشر: ملک سنز تاجران کتب کارخانہ بازار فیصل آباد)

۱۷۴

بجملہ حقوق بحق زرم ملک سنز محفوظ ہیں

وَمَا أَرْسَلْنٰكَ إِلَّا كَافَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيرًا وَنَذِيرًا

الحمد للہ کہ رسالہ ہدایت مقالہ

در نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

المسمّٰی بہ

گلدستۂ صمصام

* سرکار دا دربار * شمع روئے محمد * پھل جھڑیاں
* رحمت دی بارش * امتاں دا اڑا * گنہگار دا حج
* نال تیلیغاں طلا اٹکدے دربار دا * نام محمد والا کابھے ٹھار دا

مصنفہ حکیم ایچ صمصام صاحب مرحوم و مغفور ستیانہ بنگلہ فیصل آباد

ناشر

ملک سنز تاجران کتب کارخانہ بازار * فیصل آباد

۱۶۵ ۱۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سرشار ہو چلئے

مدینے دی محبت وچ دلا سرشار ہو چلئے
جتھوں لوکی شفا پاون اسیں بیمار ہو چلئے

میں صدقے جس جگہ سردارِ دو عالم رہے پھردے
اوہناں نورانی گلیاں وچ چلو اک وار ہو چلئے

خدا دے گھر دے گرد اگر دپھر پھر کے گناہ جھاڑے
چلو ہُن روضۂ جنت دے بھی حقدار ہو چلئے

نبیؐ پاک دا محراب تے منبر اکھیں تکئے
گناہاں دی تپش اُترے تے ٹھنڈے ٹھار ہو چلئے

گناہاں والی کالک نے کیتا ہے دل تے مُنہ کالا
زیارت روضۂ انور تھیں پُر انوار ہو چلئے

اوہ مسجد ہے کہ بیڑا ہے محمدؐ ہے ملاح جس دا
ہووے قسمت تے بیلے پُور چڑھ کے پار ہو چلئے

مکاں نالوں مکیں دا مرتبہ عالی جہاں جانے
اوتھے آرام فرما ہے میری سرکار ہو چلئے

اوہ جس دے قدم فرشاں نوں چلے تے عرش تک پہنچے
شفاعت دا وسیلہ قبر دا دیدار ہو چلئے

اشارہ جس دی اُنگلی دا قمر نوں کر گیا ٹکڑے
مدینے وچ اوسے سرکار دا دربار ہو چلئے

کہاں جد السلام علیکم میں نزدیک مِنبے دے
سُنے خود اپنی کنّیں سیّد الابرار ہو چلئے

کوئی جاوے نہ جاوے ایہہ تے اپنی اپنی مرضی ہے
اسیں صمصام اپنے پیر دے دربار ہو چلئے

سلام آکھاں

بحمداللہ میں آپے جا کے سرور نوں سلام آکھاں
رُخِ انور دلِ اطہر مطہر نوں سلام آکھاں

ہوا کر دے لیجا ئیگی سنیہا دردمنداں دا
میں حاضر ہو کے خود اپنے پیغمبر نوں سلام آکھاں

سلام آکھاں جنہوں سرکار نے فلکیں بلایا سی
شفیعُ المذنبین دُنیا دے جوہر نوں سلام آکھاں

۱۶۶ ۱۱

سلام آکھاں جو آدمؑ نالوں پہلاں رحمتاں بنیاں ۔ تے آدمؑ دی نسل ساری تھیں بہتر نوں سلام آکھاں
سلام آکھاں جو انگلی نال چندنوں کر گیا ٹکڑے ۔ میں اس خوشبو تے خوشخو نوں تے خوشتر نوں سلام آکھاں
سلام آکھاں جیہدی اُمت زمانے تھیں نرالی اے ۔ اوہ سب نبیاں دے سے افضل نوں تے بہتر نوں سلام آکھاں
جیہدے پنجے تھیں نہراں پنج مولا نے چلائیاں سن ۔ میں اُس رحمت تے برکت نوں تے مہتر نوں سلام آکھاں
جو ماراں کھا کے دشمن تھیں ہدایت دی دعا منگدا ۔ میں اُس اُلفت دے پتلے نوں بہادر نوں سلام آکھاں
کفاراں نے جیہنوں مجبور کر کے کڈھ دتا گھروں ۔ میں اُس مظلوم گھر چھڈ گئے مہاجر نوں سلام آکھاں
فتح مکہ دے دن جس نے معافی کفر نوں بخشی ۔ میں اس دریائے رحمت دے شناور نوں سلام آکھاں
ہو کوئی جاوے کسے پاسے ایہہ اپنی دل پسندی اے ۔ مگر صمصام میں تے اپنے رہبر نوں سلام آکھاں

ٹھنڈاں پا دِتیاں

۲۳ر دسمبر ۱۹۴۷ء کو جہاز انگلستان میں لکھی گئی

مدینے دی زیارت نے کلیجے ٹھنڈاں پا دِتیاں ۔ تمامی دل دیاں مرضاں بحمد اللہ گوا دِتیاں
نظر آیا جداں پہندراں میلاں توں جلوہ مدینے دا ۔ اکھاں سکھیاں نوں دس گنبد نے جھکا ہور لا دِتیاں
میں صدقے آج مزا آیا درود اں دا سلاماں دا ۔ جو سُتیاں دل دیو چہ پُتلیاں نظارے نے جگا دِتیاں
ہوئی جد داخلی مسجد دے وچہ باب مجیدی تھیں ۔ اکھاں ٹھریاں نے زینت نے کلیجے ٹیساں لا دِتیاں
خدا دے اجر ترکاں نوں جنہاں نے خرچ کر کر کے ۔ جنہاں نوں وچہ حرم نبوی سندیاں دھماں مچا دِتیاں
پہلے ہندی سے کچیاں ازاں مندی مسجد تے چھت کھجوراں دی ۔ جیہدے اندر نبی پاکؐ نے عمراں لنگھا دِتیاں
ہووے بارش تے چکڑ وچہ کیتے سرکار نے سجدے ۔ اوہ چکڑ بھریاں پیشانیاں مولا نوں دکھا دِتیاں
تاثر ہور بھی دل پاڑ دا شان غیری تھیں ۔ جیہڑیں سر کا فانی زندگی دیاں گھڑیاں وہا دِتیاں
کیہا جد السلام علیک ایہا النبیؐ میں نے ۔ آوازاں میریاں ربّ نے نبی دے کنیں پا دِتیاں
نبی دے گھر تے منبر دے وچالے کیاری جنت دی ۔ خدا دا شکر جس نے اس دے وچہ گھڑیاں لنگھا دِتیاں
تیری قسمت کا شہرہ ہو گیا صمصام ملکاں تے ۔ کہ ایسے لیے نسو دے بے پردیاں آساں پہنچا دِتیاں

مولانا محمد اعظم صاحب لکھتے ہیں:

''قبر نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مدفن رحمۃ للعلمین: مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں نماز دوگانہ تحیۃ المسجد پڑھ کر پھر قبر مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر انتہائی ادب اور عقیدت سے درود وسلام پڑھے۔ حدیث شریف میں ہے:"مامن احد یسلم علی الا رد اللہ روحی حتی ارد علیہ السلام" جب کوئی شخص مجھ پر سلام کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ میری روح لوٹا دیتا ہے اور میں اس کے سلام کا جواب اسے لوٹا دیتا ہوں''۔(حج مسنون ص:۵۳ تا ۵۴ ناشر: مدرسہ تعلیم القرآن جامع مسجد رحمانیہ اہل حدیث نزد کیمپ نمبر۲ فاروق گنج گوجرانوالہ)

مولانا عبدالعزیز رحیم آبادی (المتوفی ۱۹۱۹ء/ ۱۳۳۸ھ) نے ''حسن البیان'' صفحہ ۲۷ تا ۳۷ میں سماع موتی کے مسئلہ میں حضرت ابن عمرؓ کی روایت سماع موتی والی کو ترجیح دی ہے اور حضرت عائشہؓ کی تردید کی ہے۔

مولانا احمد حسن دہلوی ''تنقیح الرواۃ'' اور ''احسن التفاسیر'' میں بھی سماع موتی کو ترجیح دیتے ہیں۔

ان چند علمائے اہل حدیث کا ذکر راقم الحروف نے کر دیا ہے جو حضرت شاہ صاحب گجراتی کے ہاں اہل حق ہیں۔ نیز غیر مقلدین کی نئی نسل تشدد کی بناء پر تباہی کا راستہ اختیار کر رہی ہے، شاید یہ حوالے ان کی ہدایت کا ذریعہ بن جائیں۔" اِنْ اُرِیْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ط وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہ"۔

مولانا محمد یوسف صاحب سنت پوری غیر مقلد لکھتے ہیں:

''سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں ایک نوجوان عابد زاہد مسجد میں رہتا تھا، کسی عورت کی نیت بد اس کی طرف ہوئی، اور چند روز کی انتھک کوشش سے اس کو اپنے جال میں پھنسا ہی لیا، اس کو کوٹھڑی میں لے جانے کا ارادہ کرتی ہے۔ اس نوجوان کو آیت "اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّھُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ تَذَکَّرُوْا فَاِذَا ھُمْ مُّبْصِرُوْنَ" آتی ہے، اور بے ہوش ہو کر گر

جاتا ہے، بہت دیر کے بعد جب ہوش آتا ہے، تو پھر یہی آیت پڑھ کر اس پر اس قدر خوف طاری ہوتا ہے کہ اس دفعہ بے ہوشی کے عالم میں روح قفس عنصری سے پرواز کر جاتی ہے۔ رات کا وقت تھا، حضرت فاروقؓ کو اطلاع نہ ہوئی۔ لوگوں نے رات ہی سپرد خاک کر دیا۔ صبح سیدنا فاروقؓ کو اطلاع ہوئی، تو اس کے باپ سے تعزیت وتسکین کر کے مجمع کثیر کے ساتھ اس نوجوان کے قبر پر نماز جنازہ پڑھ کر اس نوجوان کو خطاب کر کے آواز دی اور کہا "وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ"۔ فوراً قبر کے اندر سے آواز آئی "مجھے میرے مالک نے وہ دو جنتیں دو دو دفعہ عطا فرما دی ہیں"۔ (خطبات محمدی بحوالہ ابن کثیر وابن عساکر) فضائل الشیخین باحادیث رسول الثقلین ص:۴۷ ج:۲ (فضائل فاروق) پتہ: عاصم اکیڈمی جامع مسجد صدیق اہل حدیث میاں سانسی روڈ محلہ اسلام آباد گوجرانوالہ۔

تفسیر ابن کثیر عربی ص:۲۷۹ ج:۲ میں یہ واقعہ حافظ ابن کثیرؒ نے حافظ ابن عساکرؒ کی تاریخ کے حوالہ سے اسی آیت مذکورہ کے تحت نقل کیا ہے۔ یہ آیت سورۂ اعراف آیت:۲۰۱ پارہ:۹ میں آتی ہے۔

صاحب شمس التواریخ لکھتے ہیں کہ: "حضرت شیر خدا علی المرتضی رضی اللہ عنہ، صدیق اکبرؓ کی بیمار پرسی کو گئے تو صدیقؓ نے فرمایا: "اے علی! تم ہی مجھے غسل دینا اور تم ہی کفن پہنانا، اس سے فارغ ہو کر میرا جنازہ روضہ اطہر کے پاس دروازہ پر لے جانا، اگر دروازہ خود بخود کھل جائے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دفن کرنا، ورنہ مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کر دینا"۔ حضرت جابر بن عبد اللہؓ فرماتے ہیں: "اس ہدایت کے مطابق ہم نے صدیق اکبرؓ کا جنازہ روضہ مطہرہ اقدسہ کے دروازہ پر رکھ دیا اور عرض کی، یا رسول اللہ! آپ کا یار غار ابو بکرؓ آپ کے جوار میں دفن ہونے کا امیدوار ہے، اسی وقت دروازہ خود بخود کھل گیا اور یہ آواز آئی "ادخلوہ وادفنوہ کرامۃ" اس کو داخل کرو اور عزت سے دفن کرو"۔ فضائل الشیخین ص:۱۱۲ ج:۱ (فضائل صدیقؓ)

پس شنیدم گوینده را کہ میگوید داخل کنید محبوب را بسوئے محبوب (واقعہ دفن صدیق اکبر در روضہ مطہرہ) فتاوی عزیزی ص:۶۹ ج:۲)

پس بولنے والے کو میں نے سنا کہ کہہ رہا تھا: ''داخل کرو محبوب کو اپنی محبوب کی طرف''۔ تفسیر کبیر سورۃ کہف میں ہے ''ادخلوا الحبیب الی الحبیب'' (دوست کو دوست کی طرف داخل کرو)۔

حضرت شاہ صاحب گجراتی اوران کے حواریوں کے چند کمالات:

حضرت شاہ صاحب گجراتی کے سرپرستی میں گجرات سے ایک رسالہ جاری کیا گیا جس کا نام ''صراط مستقیم'' رکھا۔ کچھ مدت اسی نام سے شائع ہوتا رہا۔ پھر اچانک اس کا نام ''الصراط المستقیم'' ہو گیا اور اسی نام سے کچھ مدت چلتا رہا ہے، پھر اس کا نام ''نغمہ توحید'' رکھا گیا اور ''صراط مستقیم'' اور ''الصراط المستقیم'' سے منہ موڑ لیا اور گویا صراط مستقیم کو دل سے ناپسند کرتے ہوئے صرف زبانی طور پر نغمے توحید گائے جا رہے ہیں۔ آئندہ کا خدا تعالیٰ کو علم ہے کہ اس کا پھر کیا نام تجویز ہوگا، جس طرح شاہ صاحب گجراتی نے کئی عقیدے بدلے ہیں اور دل کا اطمینان حاصل نہیں ہوا اسی طرح رسالہ کا نام رکھنے پر بھی شاہ صاحب نے کئی قلابازیاں کھائی ہیں۔ ہماری یہ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں صراط مستقیم سے نہ ہٹائے آمین۔ اب آیئے اس رسالہ کا مطالعہ کریں جس کو حضرت شاہ صاحب نے جاری کرایا ہے، اس میں کیا کیا صراط مستقیم کے موافق باتیں لکھی گئی ہیں اور کون سے توحید کے نغمے گائے گئے ہیں۔؟

کمال نمبر:1

مولانا محمد طاہر پنج پیری کے حالات میں محمد افضل صاحب ضیاء لکھتے ہیں: '' آٹھواں مناظرہ'' میانوالی میں عبداللہ چکڑالوی سے ہوا، بفضل اللہ حضرت شیخ القرآنؒ (پنج پیری) جیت گئے۔ (صراط مستقیم ص:۲۳ رجب ۱۴۰۸ھ مطابق مارچ ۱۹۸۸ء) ضیاء صاحب نے پتہ نہیں یہ واقعہ اپنے کس کذاب رہنما سے سنا ہے یا خود ہی فن کذب میں مہارت تامہ رکھتے ہیں۔؟ کیونکہ

عبد اللہ چکڑالوی کی وفات ۱۳۳۴ھ میں ہوئی ہے۔ دیکھئے نزہۃ الخواطر ص:۲۹۱ ج:۸ اور انگریزی سن اور تاریخ کے لحاظ سے ۱۹۱۵ء میں اس کی وفات ہوئی ہے، جب کہ ضیاء صاحب مولانا پنج پیری صاحب کی پیدائش کا تذکرہ یوں کرتے ہیں: ''۱۹۱۳ء یا ۱۹۱۵ء میں اس بستی کے ایک معزز زمیندار گھرانے میں ایک بچہ پیدا ہوا جو بڑا ہو کر شیخ القرآن والحدیث حضرت مولانا محمد طاہر کے نام سے دنیا میں معروف ہوا''۔ (صراط مستقیم ص:۵۹)

اب ۱۹۱۳ء یا ۱۹۱۵ء میں پیدا ہونے والا بچہ کس طرح عبد اللہ چکڑالوی سے مناظرہ کر سکتا ہے جو ۱۹۱۵ء میں فوت ہو گیا تھا۔؟ جب کہ ضیاء صاحب لکھتے ہیں: ''پہلا مناظرہ ۱۹۴۱ء میں تورڈھیر ضلع مردان (موجودہ صوابی) میں ہوا۔ سبب مناظرہ ''نذر کی گائے'' تھی، جسے بابا صاحب کے مجاور فروخت کر رہے تھے، حضرت شیخ القرآنؒ (محمد طاہر) نے خریدار سے فرمایا: ''یہ حرام ہے''۔ مناظرہ ہوا، آپ جیت گئے''۔ (صراط مستقیم ص:۶۳)

ضیاء صاحب کے اس فرمان سے معلوم ہوا کہ'' مولانا محمد طاہر کے مناظرہ کا آغاز ۱۹۴۱ء سے شروع ہو''ا۔ تو عبد اللہ چکڑالوی (المتوفی ۱۹۱۵ء) سے آٹھواں مناظرہ کس طرح ہو گیا تھا۔؟ اس لئے ضیاء صاحب نے اپنے جھوٹ پر پردہ ڈالتے ہوئے آٹھویں مناظرہ کی تاریخ نہیں لکھی جب کہ باقی ساتوں مناظروں کی تاریخ لکھی ہے۔

ے ہیں کواکب کچھ نظر آتے ہیں کچھ دیتے ہیں یہ دھوکہ بازی گر کھلا

کمال نمبر:2

مولوی محمد حسین ہزاروی (ناظم نشر و اشاعت جمعیت اشاعت التوحید والسنہ پنجاب دیکھئے صراط مستقیم شوال ۱۴۰۷ھ ص:۱۰) لکھتے ہیں:

''حضرت قاری (محمد طیب) صاحب نے تمام علماء کرام کو دار العلوم تعلیم القرآن راولپنڈی مدعو کیا اور وہاں حضرت شاہ صاحب (گجراتی) کی نمائندگی حضرت شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خان نے فرمائی، اور فریقین کے مابین معاہدہ پر دستخط ہوئے۔ جب حضرت قاری صاحب، شاہ صاحب

سے ملنے آئے تو حضرت مولانا سید عنایت اللہ شاہ بخاری نے فرمایا: ''قاری صاحب نے میراث تقسیم کردی، میں تو ان دستخطوں کو نہیں مانتا''۔ جب حضرت مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب بخاری نے کھل کر مسئلہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر بحث کی، اور قرآن مجید کی آیات مبارکہ اور احادیث صحیحہ سے دلائل و براہین کے ساتھ مسئلہ بیان فرمایا تو حضرت قاری صاحب فرمانے لگے ''آپ نے تو علمائے دیوبند کے صحیح اور احسن مسلک کو بیان کر دیا، آپ کا ماتھا چوموں کہ پاؤں۔؟ آپ حق پر ہیں''۔ اور دوبارہ تحریر فرمایا کہ: حضرت شاہ صاحب صحیح دارالعلوم دیوبند کے خادم ہیں، جاتے ہوئے شاہ صاحب کی چھڑی تحفۃ لے گئے کہ دیوبند رکھوں گا''۔ (الصراط المستقیم ص:۴۰ یکم رمضان ۱۴۰۹ھ) یہ شخص مولوی محمد حسین بہت بڑا کذاب ہے، اور بہتان باندھنے میں ماہر نظر آتا ہے۔ معاہدہ کے بعد حضرت قاری صاحبؒ چل کر شاہ صاحب گجراتی کے پاس نہیں آئے تھے بلکہ شاہ صاحب گجراتی خود فرماتے ہیں: ''چند دنوں کے بعد قاری محمد طیبؒ لاہور پہنچے تو میں بھی مولانا محمد امیر بندیالویؒ، حضرت مولانا قاضی شمس الدین صاحبؒ اور شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خانؒ کو ساتھ لے کر لاہور پہنچ گیا''۔ (ماہنامہ نغمہ توحید گجرات ربیع الثانی ۱۴۱۰ھ جلد نمبر: ا شمارہ نمبر:۴ ص:۵۲) اب یہ دونوں متعارض باتیں شاہ صاحب گجراتی کے اس رسالے میں شائع ہوئی ہیں جو شاہ صاحب گجراتی کی زیر نگرانی و زیر سرپرستی جاری و ساری ہے۔ اس کے علاوہ بھی اس تحریر میں کئی جھوٹی باتیں موجود ہیں مثلاً:

(۱)......شاہ صاحب گجراتی کا حضرت قاری محمد طیبؒ کے سامنے دلائل بیان کرنا۔

(۲)......پھر قاری صاحبؒ کا شاہ صاحب گجراتی کے نظریہ کو علمائے دیوبند کا صحیح نظریہ قرار دینا۔

(۳)......پھر یہ کہ حضرت قاری محمد طیب صاحبؒ کا شاہ صاحب گجراتی کو یہ فرمانا کہ'' آپ کا ماتھا چوموں یا پاؤں چوموں''۔ حالانکہ چومنے والے پوچھا نہیں کرتے، بلکہ وہ کر ہی گزرتے ہیں۔

(۴)......پھر دوبارہ تحریر کرنا کہ حضرت شاہ صاحب گجراتی صحیح دارالعلوم دیوبند کے خادم ہیں۔

(۵)......پھر شاہ صاحب کی چھڑی تحفۃ لے جانا۔ کیا دیوبند میں چھڑی مکھیاں اڑانے کے لئے

ضرورت تھی۔؟ یہ سب جھوٹی باتیں ہیں۔

جھوٹ کہنے سے جن کو عار نہیں ان کی باتوں کا اعتبار نہیں

شاہ صاحب گجراتی کے عقیدے کی وضاحت اور قاری صاحب کی تحریر پر رضامندی کا ذکر پہلے بہت تفصیل سے گزر چکا ہے۔

کمال نمبر:3

مولوی محمد حسین ہزاروی لکھتے ہیں: ''بقول حضرت مولانا عبید اللہ انورؒ، آخری دنوں میں (حضرت لاہوریؒ) بار بار فرماتے کہ ''شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خان اور حضرت مولانا سید عنایت اللہ شاہ بخاری کے عظیم کارنامے ہیں، لاکھ احمد علیؒ ہوں تو بھی غلام اللہ بھاری ہے''۔ حضرت شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خانؒ نے جیل روڈ پر مسئلہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر تقریر کی۔ حضرت بنفس نفیس سنتے رہے اور بعد میں فرمایا: ''حضرت اس مسئلہ میں میرا آپ کے ساتھ اتفاق ہے مگر اس مسئلہ کو عوام کے سامنے بیان کرنا اچھا نہیں سمجھتا''۔ صرف اس اظہار کے لئے مولانا احمد علیؒ جیل روڈ گئے''۔ (الصراط المستقیم گجرات یکم رمضان ۱۴۰۹ھ ص:۳۹ تا ۴۰)

الجواب:

مولانا عبید اللہ انور رحمۃ اللہ علیہ پر ایک جھوٹی بات کی تہمت لگائی گئی ہے ان کے مرحوم ہو جانے کے بعد، جب کہ حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ واضح تھا جس کا بیان ''خدام الدین'' کے حوالہ سے گزر چکا ہے، جس میں منکرین حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ دل کا اندھا شمار کرتے ہیں۔ اور جون ۱۹۶۰ء میں حضرت مولانا غلام غوث ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت شاہ صاحب گجراتی کو مسئلہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم میں نزاع ختم کرنے کے لئے مبادی طے کرنے کے لئے لاہور میں حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں آنے کی دعوت دی۔ دیکھئے ماہنامہ تعلیم القرآن ماہ جولائی اگست ۱۹۶۰ء ص:۱۰ مگر جب لاہوریؒ کو پتہ چلا کہ مولانا عنایت اللہ شاہ اور ان کے ساتھی ان کی مسجد میں آرہے ہیں تو انہوں نے مولانا

غلام غوث ہزارویؒ کو فرمایا کہ ''یہ لوگ میری مسجد میں نہ آئیں، بلکہ اپنے پاس نظام العلماء کے دفتر میں ان کو دعوت دے کر بٹھا کر گفتگو کرو''۔ جس کی وجہ سے مولانا ہزارویؒ نے ان حضرات کو پھر خط کے ذریعے دفتر نظام العلماء میں آنے کی دعوت دی مگر یہ حضرات حضرت لاہوریؒ کی مسجد میں حاضر ہوئے اور ان سے گزارش کی کہ ''مولانا غلام غوث نے ہمیں یہاں شیرانوالہ کی جامع مسجد میں حاضر ہونے کی دعوت دی تھی اب ہم ان کی دعوت پر حاضر ہو گئے ہیں مگر ان حضرات میں سے کوئی بھی یہاں موجود نہیں''۔ تو حضرت مولانا (لاہوری) مدظلہ نے ان کی درخواست پر آدمی بھیج کر آپ (مولانا ہزاروی) کو بلایا۔ تو مولانا ہزارویؒ جوابا تحریر فرماتے ہیں کہ حضرت (مولانا احمد علی صاحب) نے فرمایا کہ ''آپ کو غلام غوث نے دعوت دی ہے، آپ دفتر میں تشریف لے چلیں مگر آپ تشریف نہ لائے اور مجھے بار بار لکھتے رہے کہ ہم مسجد میں ہیں''۔ دیکھئے تعلیم القرآن ص:۶ ماہ جولائی اگست ۱۹۶۰ء۔ حضرت شاہ صاحب گجراتی، حضرت مولانا احمد علی صاحب لاہوریؒ کے شاگرد ہیں مگر حضرت لاہوریؒ کو کشف کے ذریعے معلوم ہو چکا تھا کہ اس شاگرد میں اصلاح اور ماننے کی صلاحیت نہیں البتہ بگڑنے کی صلاحیت موجود ہے، اس لئے انہوں نے مسجد میں آنے سے ان کو روکا، لیکن جب یہ نہ رکے تو ان کو مولانا غوث صاحبؒ کے پاس جانے کی تلقین کی، لیکن جب اس نے حضرت لاہوریؒ کی اس بات کو بھی نہ مانا تو حضرت لاہوری نے اس سے نفرت کرتے ہوئے خود ہی کہیں چلے گئے۔ چنانچہ تعلیم القرآن کی اسی پرچہ کے صفحہ:۸ میں موجود ہے ''خود مولانا احمد علی صاحب نے اس روز دو تین نمازیں اپنی مسجد سے کہیں باہر ادا کیں''۔ دریں اثناء بیرول جات سے آئے علماء کو یہ پیغام ملا کہ وہ اس مقصد کے لئے سابق مجلس احرار کے دفتر میں تشریف لائیں مگر ان حضرات نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ ہم تو صرف اسی مقام پر گفتگو کرنے کو تیار ہیں جس کے لئے قبل ازیں ہمیں دعوت دی گئی ہے۔ نتیجتاً علماء کی یہ جماعت پورا ایک دن انتظار کرنے کے بعد لاہور سے واپس چلی گئی۔

قارئین کرام نے اندازہ لگایا ہوگا کہ حضرت لاہوریؒ کو، حضرت شاہ صاحب گجراتی سے

کتنی نفرت تھی کہ اپنی مسجد چھوڑ کر کہیں باہر چلے گئے اور ان کو دیکھنا بھی گوارا نہ کیا حالانکہ اس زمانہ میں مسئلہ اتنا شدید نہ تھا۔

اس سے معلوم ہوا کہ مولوی محمد حسین صاحب ہزاروی جھوٹ بولنے میں کافی مشاق اور ماہر ہیں۔ (خدا جھوٹے کا منہ کالا کرے آمین)

کمال نمبر: 4

مولوی شیر محمد صاحب لکھتے ہیں: ''حدیث اور حدیث کی سند کا حال آپ نے دیکھ لیا ہے کہ جس میں الحسین بن صباح جلاء الافہام طبع اول ص: ۲۴ طبع دوم ص: ۱۹ جیسی مجہول العین اور مجہول الحال شخصیت موجود ہے اور اس کی ثقاہت اور عدالت ثابت کرنا کسی کے بس کا روگ نہیں ہے۔ اگر کوئی مرد مجاہد ہے تو میدان میں آئے اور اس کی ثقاہت اور عدالت ثابت کر کے دکھائے۔ (الصراط المستقیم گجرات ص: ۴۵ صفر المظفر ۱۴۰۹ھ)

مولوی شیر محمد مؤلف ''آئینہ تسکین الصدور'' نے حدیث "من صلی علی عند قبری سمعتہ" (جو شخص میری قبر کے قریب درود پڑھتا ہے میں اس کو سنتا ہوں) کی سند کے ایک راوی حسین بن صباح کو مجہول قرار دیا، حالانکہ یہ راوی حسین بن صباح نہیں بلکہ حسن بن الصباح ہے۔ تسکین الصدور طبع دوم ص: ۳۱۸ میں صحیح نقل کیا گیا ہے اور اس کی ثقاہت ص: ۳۱۹ میں ہمارے شیخ مکرم دامت برکاتہم العالیہ نے ذکر کر دی ہے، البتہ مولوی شیر محمد کا یہ وہم، کہ جلاء الافہام کی طبع اول و دوم میں الحسین ہے، مولوی صاحب کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ یہ کاتب کی غلطی ہے اور جلاء الافہام میں کتابت کی اور غلطیاں بھی ہیں مثلاً طبرانی شریف کی سند سے حضرت ابو الدرداءؓ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "لیس من عبد یصلی علی الا بلغنی صوتہ حیث کان" (جلاء الافہام ص: ۶۳) نہیں کوئی بندہ جو میرے اوپر درود بھیجے مگر میں اس کی آواز سن لیتا ہوں وہ جہاں کہیں ہو۔

اس نے بریلوی حضرات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حاضر ناظر و عالم الغیب ہونے پر

استدلال کرتے ہیں۔ حالانکہ لفظ "صوتہ" کتابت کی غلطی کی بناء پر واقع ہوا ہے صحیح "صلوتہ" (یعنی اس کا درود مجھے پہنچ جاتا ہے جہاں کہیں ہو) ہے۔ اور ظاہر بات ہے کہ دور کا درود شریف بذریعہ ملائک کے پہنچتا ہے، چنانچہ علامہ سخاویؒ نے القول البدیع ص: ۱۵۸ میں "بلغتنی صلوتہ" کے الفاظ طبرانی سے نقل کئے ہیں۔ اسی طرح الحسین بھی جلاء الافہام میں غلط منقول ہوا ہے صحیح الحسن ہے۔ مولوی شیر محمد صاحب کے لئے تو اتنی ہی بات سمجھنے کے لئے کافی ہے۔ لیکن اگر انہیں مرد مجاہد دیکھنے اور ان کی قوت مردمی آزمانے کا شوق ہو تو یہ شوق بھی ہم ان کی پوری کر دیتے ہیں۔ علامہ سیوطیؒ "اللآلی المصنوعة" ص: ۲۸۳ ج: ۱ میں اس سند کو اس طرح نقل کرتے ہیں۔ ''اخرجه ابو الشيخ في الثواب حدثنا عبد الرحمن بن احمد الاعرج حدثنا الحسن بن الصباح حدثنا ابو معاوية عن الاعمش به''۔ علامہ ناصر الدین البانی غیر مقلد، علامہ سیوطیؒ سے نقل کرتے ہیں: اخرجه ابو الشيخ في الثواب حدثنا عبد الرحمن بن احمد الاعرج حدثنا الحسن بن الصباح حدثنا ابو معاويه عن الاعمش به .قلت ورجال هذاالسند كلهم ثقات معروفون غير الاعرج هذا. (سلسلة الاحاديث الضعيفة والموضوعة ص: ۲٤٠ ج: ۱) میں (البانی) کہتا ہوں اس سند کے تمام راوی ثقہ (معتبر) مشہور ہیں سوا اعرج کے۔ اس سند کا راوی الحسن مشہور ومعروف وثقہ ثابت ہو گیا۔ (فلله الحمد) حضرت شاہ صاحب گجراتی کے رسالہ میں ایسے غلط اور جھوٹے مضامین شائع ہوتے رہتے ہیں، اور ان کے اتباع واذناب جھوٹ بولنے اور غلط بیانی میں شب وروز مصروف ومشغول رہتے ہیں۔

شیخ کی صلوات پر ہرگز تو اے نادان نہ بھول ۔۔۔ خانۂ قصاب میں بھی شب وروز تکبیر ہے

کمال نمبر: 5

محمد افضل ضیاء صاحب لکھتے ہیں:

''اگست ۱۹۸۷ء کا ذکر ہے کہ خطیب اسلام حضرت مولانا سید عنایت اللہ شاہ بخاری نے

مسجد جامع رحمانیہ ڈنگہ میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا. نماز سے فارغ ہوئے تو احباب نے چائے کا اہتمام کرلیا۔ چائے کی نشست میں مختلف مسائل چھڑ گئے۔ حضرت شاہ جی مدظلہ حسب معمول دنیا ومافیہا سے بے نیاز ''سماع موتی'' کے من گھڑت عقیدہ کے رد میں قرآنی آیات پیش فرما رہے تھے''۔ (ماہنامہ نغمہ توحید ص: ۲۰ شوال، ذی قعدہ ۱۴۱۱ھ)

الجواب:

سماع موتی کے مسئلہ کو من گھڑت کہنا خالص کذب بیانی ہے، کیونکہ صحیح حدیثیں سماع موتی کے مسئلہ میں وارد ہوئی ہیں، اور صحاح ستہ کے مؤلفین نے اپنی کتابوں میں ان حدیثوں کو روایت کیا ہے۔ کیا صحاح ستہ کے مؤلفین جھوٹی روایتوں کے روایت کرنے پر متفق ہوسکتے ہیں۔؟ تفسیر جواہر القرآن ص: ۹۰۲ سورۃ الروم میں ہے: ''جب کہ قائلین سماع بھی صحیح حدیثوں سے استدلال کرتے ہیں''۔

مولانا سجاد بخاری صاحب لکھتے ہیں: ''حضرت گنگوہیؒ ایک استفسار کے جواب میں فرماتے ہیں: ''بندہ کے نزدیک مختلف فیہا مسائل میں فیصلہ نہیں ہوسکتا لیکن احوط اختیار کرتا ہوں''۔ فقط واللہ اعلم رشید احمد گنگوہی عفی عنہ (فتاوی رشیدیہ دہلی ص: ۲۳ ج: ۱)

اور ایک استفسار کے جواب میں یوں ارشاد فرمایا: ''بندہ کے نزدیک مختلف فیہا مسائل میں فیصلہ نہیں ہوسکتا البتہ احوط کو پسند کرتا ہوں''۔ فقط واللہ اعلم (فتاوی رشیدیہ ص: ۹۱ ج: ۱ بحوالہ شاہ صاحب گجراتی کا رسالہ صراط مستقیم رجب ۱۴۰۸ھ ص: ۷۷)

نیز حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں:

''الحاصل راجح مذہب عدم سماع کا ہے حسب قواعد، پس احادیث سماع میں تاویل مناسب ہے ورنہ دوسری جانب بھی مذہب قوی ہے''۔ (لطائف رشیدیہ ص: ۱۵ بحوالہ صراط مستقیم مذکور ص: ۷۸)

حضرت گنگوہیؒ روضہ اطہر کے پاس شیخین کے سماع کے بھی قائل ہیں۔ حضرت گنگوہیؒ سماع

موتی کے مسئلہ کو بھی قوی قرار دے رہے ہیں اور فرماتے ہیں کہ فیصلہ نہیں ہو سکتا۔ یعنی ایک جانب کو حق اور دوسری جانب کو باطل قرار دیا جائے، یہ ناممکن ہے۔ چنانچہ سجاد بخاری فرماتے ہیں: ''نیز فیصلہ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ایک جانب کو حق اور دوسری کو باطل قرار دیا جائے''۔ (صراط مستقیم ص:۷۹)

نیز سجاد بخاری صاحب تحریر فرماتے ہیں: ''حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ کے اس ارشاد کا مطلب صرف اس قدر ہے کہ سماع موتی اور عدم سماع موتی کے درمیان فیصلہ کرنا مشکل ہے کہ نفس الامر میں کونسا مسلک درست اور کونسا غلط ہے''۔ (تعلیم القرآن راولپنڈی بابت ماہ جون ۱۹۶۲ء ص:۴۷)

اب جو شخص یہ فیصلہ دیتا ہے کہ سماع موتی کا مسئلہ من گھڑت ہے، وہ حضرت گنگوہیؒ کے ہاں جھوٹا اور باطل پر کاربند ہے۔ حضرت شاہ صاحب گجراتی کے رسالہ میں جھوٹی باتیں بہت شائع ہو گئی ہیں۔

؎ کتنا طوطے کو پڑھایا پر وہ حیوان ہی رہا آدمیت اور شے ہے علم ہے کچھ اور چیز

کمال نمبر:6

محمد افضل ضیاء صاحب لکھتے ہیں:

''دارالعلوم دیوبند کے مہتمم مولانا قاری محمد طیبؒ نے دیوبندیوں میں محاذ آرائی دیکھی تو اس جھگڑے کو نمٹنے کے لئے بارہا کوششیں کیں لیکن ایک فریق مسلسل حضرت قاری صاحبؒ کی عبارات توڑ موڑ کر پیش کرتا اور سچ پوچھیں تو مولانا سید عنایت اللہ شاہ بخاری کی مخالفت کے نشے میں کئی ترجمان اسلام غیر اسلام کی ترجمانی کرتے رہے''۔ (صراط مستقیم گجرات رجب ۱۴۰۸ھ ص:۵۵)

الجواب:

حضرت قاری محمد طیب صاحبؒ کی عبارات ماہنامہ تعلیم القرآن اگست ۱۹۶۲ء اور ستمبر

۱۹۶۲ء میں موجود ہیں، وہ تمھارے گلے کا کانٹا بن گئی ہیں۔ آپ لوگ ان عبارتوں کو خود توڑ موڑ کر پیش کرتے ہیں مگر جھوٹا الزام دوسروں پر لگاتے ہیں۔

بے حیاء باش ، و ہر آنچہ خواہی ، کن

آپ کی عبارت ''اور سچ پوچھیں تو'' سے بھی اشارہ نکلتا ہے کہ آپ اب تک جھوٹ بولتے رہے اب سچ بولنا چاہتے ہیں مگر آپ کا سچ پہلے جھوٹ سے بھی بدتر ہے، کیونکہ غیر اسلام کی ترجمانی تو کفر کی ترجمانی ہے، مطلب یہ نکلا کہ حضرت نانوتویؒ کے عقیدہ کی اشاعت کرنے والے کافر تھے۔ (معاذ اللہ) تو پھر حضرت نانوتویؒ کو حجۃ الاسلام کہنے والے (جیسا کہ حضرت شاہ کے رسالہ ''الصراط المستقیم'' ۱۰ شوال ۱۴۰۹ھ میں ہے) کافر اور مرتد ہوں گے یا نہ

نہ تم صدمے ہمیں دیتے نہ ہم فریاد یوں کرتے
نہ کھلتے راز سر بستہ نہ یوں رسوائیاں ہوتیں

کمال نمبر: 7

''نغمہ توحید'' ص: ۵۴ ربیع الثانی ۱۴۱۰ھ میں موٹے الفاظ سے تحریر ہے: ''شیخ القرآن حضرت مولانا غلام اللہ خان رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ: حضرت شیخ القرآنؒ کی ایک تاریخی تقریر جو کیسٹ سے نقل کی گئی، آئندہ شمارے میں ملاحظہ کریں۔

الجواب:

یہ اعلان خالص کذب بیانی پر مبنی ہے، آئندہ شمارہ تو کیا کئی شمارے مسلسل آتے رہے مگر کسی میں حضرت شیخؒ کا عقیدہ تحریر نہ کیا گیا۔ وجہ ظاہر ہے کہ لوگ کیسٹ مانگیں گے، ڈھول کا پول کھل جائے گا، اور شرمندگی اٹھانی پڑے گی۔

تفسیر جواہر القرآن کی حقیقت:

یہ مولانا غلام اللہ خان مرحوم کی طرف منسوب تھی۔ حضرت مولانا محمد عمر حیات صاحب

ڈیروی مدرس تعلیم القرآن راولپنڈی لکھتے ہیں:

''اور آپ (مولانا حسین علی صاحبؒ) کے افادات تفسیر یہ کو آپ کے نامور تلمیذ رشید شیخ القرآن حضرت مولانا غلام اللہ خان مرحوم کی ہدایات اور ان کی رہنمائی میں مولانا سید ابو احمد سجاد بخاری نے مرتب کیا جو ''جواہر القرآن'' کے نام سے تین جلدوں میں شائع ہو چکی ہے''۔(ماہنامہ تعلیم القرآن، راولپنڈی ص:۱۵ جنوری ۱۹۸۴ء)

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ دراصل مؤلف و مرتب ''مولانا سجاد بخاری'' ہیں۔مولانا غلام اللہ خان مرحوم کی صرف ہدایات ہیں، جن میں سے بعض پر عمل ہوا اور بعض پر مرتب نے عمل نہیں کیا، یہی وجہ ہے کہ اس میں تعارض و تضاد بھی پایا جاتا ہے۔مثلاً ''تفسیر جواہر القرآن'' کے صفحہ:۱۹ میں ہے کہ ''سماع موتی ضعیف حدیثوں سے ثابت ہے''۔ جب کہ سورۃ الروم صفحہ:۹۰۲ میں ہے کہ:''قائلین سماع بھی صحیح حدیثوں سے استدلال کرتے ہیں''۔

خود مولانا سجاد بخاری صاحب لکھتے ہیں:

ایک ضروری توضیح:......بعض حضرات نے لکھا ہے کہ مسئلہ سماع موتی دور صحابہؓ سے مختلف فیہا چلا آرہا ہے لیکن احقر راقم کو ''تفسیر جواہر القرآن'' (سورۂ روم) اور پھر ''اقامۃ البرہان'' ص:۶۷ میں خود لکھنے کے باوجود ہمیشہ اس میں تأمل رہا۔(ماہنامہ تعلیم القرآن راولپنڈی محرم الحرام ۱۴۰۲ھ ص:۲۷)

اس سے بھی معلوم ہوا کہ یہ سجاد بخاری کی تالیف ہے۔مولوی عبدالکریم میرانی نے اپنے رسالہ ''غضب حق'' ص:۱۰ تا ۱۱ میں بھی اس کو سجاد بخاری کی تالیف قرار دیا ہے۔اور مولانا غلام اللہ خان صاحبؒ کے مؤلف ہونے کا انکار کیا ہے۔خود مولانا غلام اللہ خان صاحب مرحوم بھی ''تفسیر جواہر القرآن'' پر مطمئن نہ تھے۔چنانچہ خود سجاد بخاری صاحب لکھتے ہیں:''حضرت شیخ القرآن رحمہ اللہ نے ''تفسیر جواہر القرآن'' کو از سر نو مرتب کرنے کا پروگرام بنایا تھا، جا بجا کچھ ضروری اضافات کا خیال تھا، چنانچہ انہوں نے سورۃ الم تنزیل السجدہ سے کام کا آغاز فرمایا،

اشارات لکھ کر احقر کے حوالے کر دیتے اور وہ اس کو مناسب انداز میں ان کے مواقع پر ثبت کر دیتا۔تقریباً پانچ پاروں کا کام حضرت شیخ'' کی زندگی میں مکمل ہو گیا تھا، آگے کام جاری ہے، اللہ تعالیٰ تکمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (تعلیم القرآن، راولپنڈی جنوری ۱۹۸۴ء ص:۱۶)

اس لئے حیات شہداء کے ضمن میں جو'' حیات انبیاء علیہم السلام'' کا نظریہ'' تفسیر جواہر القرآن'' میں پیش کیا گیا ہے، حضرت خان صاحب مرحوم اس سے بری الذمہ ہیں، ان کے عقائد و نظریات ماہنامہ'' تعلیم القرآن'' کے حوالے سے درج ہو چکے ہیں۔حضرت شیخ القرآن منافق نہ تھے بلکہ خالص موحد انسان تھے، اس لئے وہ اپنے نظریات کو بار بار بدلنے کی بدرسم کے قائل نہ تھے۔انہوں نے جو معاہدہ قاری محمد طیبؒ سے جون ۱۹۶۲ء میں کیا تھا، وہ اسی پر قائم رہے۔چنانچہ ان کے رسالہ ماہنامہ تعلیم القرآن راولپنڈی ماہ اگست ۱۹۶۶ء ص:۲۹ تا ۳۰ میں ہے "من صلی علی عند قبری سمعته و من صلی من بعید اعلمته"۔ (الدرر المضيئة علامه علی قاری حنفی مکی رحمه الله تعالی) یعنی جو شخص میری قبر کے پاس درود پڑھتا ہے میں اس کو سنتا ہوں اور جو شخص دور سے پڑھتا ہے اس کی اطلاع مجھ کو دی جاتی ہے یعنی فرشتے پہنچاتے ہیں۔ پھر اس کے بعد تعلیم القرآن ص:۴۸ اکتوبر ۱۹۶۷ء میں ہے:'' اس حدیث کی جو سند سدی صغیر پر مشتمل ہے، اس کو بوجہ راوی مذکور کے کمزور کہا جائے گا، اور جس سند میں یہ راوی نہیں ہے وہ کمزور نہیں ہیں، اور حدیث ہذا کی دوسری سند بھی ہے جس کے صحیح ہونے کی تصریح کرتے ہیں، چنانچہ ملا علی القاری الحنفیؒ شرح مشکوۃ میں فرماتے ہیں:

"قال میرك نقلاً عن الشيخ ورواه ابو الشيخ وابن حبان فی كتاب ثواب الاعمال بسند جيد"۔

اس لئے گجراتی راہنما کی پارٹی کو اب جھوٹی کیسٹ کا حوالہ دینا پڑا جس کا کوئی وجود نہیں ہے۔بہرحال یہ تو شاہ صاحب گجراتی کے ارادتمندوں کے چند کمالات ذکر کئے گئے ہیں۔اب خود حضرت شاہ صاحب کے چند کمالات ذکر کئے جاتے ہیں ملاحظہ ہوں۔

کمال نمبر: 1

حضرت شاہ صاحب کی تقریر نشر کی گئی ہے۔ مشرکین کی قسمیں: (ا) اپر کلاس مشرک: کچھ لوگوں نے کہا اللہ تعالی نے خود انبیاء و اولیاء کو اختیارات دے رکھے ہیں، وہ جسے چاہے نفع دیں، جسے چاہیں نقصان دیں، یہ اپر کلاس مشرک ہیں۔ اللہ تعالی نے ان کو قول کی تردید یوں فرمائی: "مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ" (ترجمہ) وہ اختیار نہیں رکھتے۔

لوئر کلاس: دوسرے درجے کے مشرک کہتے ہیں کہ انبیاء و اولیاء حاجت روا اور مشکل کشا نہیں، ہم انہیں حاجت روا اور مشکل کشا سمجھ کر ان کی قبروں پر نہیں جاتے، بلکہ ہم ان سے درخواست کرتے ہیں، وہ ہماری درخواست سن کر اللہ تعالی سے دعا کرتے ہیں۔ یہ لوئر کلاس مشرک ہیں، یہ مشرکین مکہ کی طرح کہتے ہیں: "هٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ" (ترجمہ) وہ اللہ تعالی کے ہاں ہمارے شفارشی ہیں۔ (نغمہ توحید ص: ۱۸ رجب ۱۴۱۱ھ)

الجواب:

حضرت شاہ صاحب گجراتی کے نزدیک جو شخص انبیاء علیہم السلام اور اولیاء کرام کو حاجت روا اور مشکل کشا نہیں مانتا، مگر وہ سماع عند القبور کا قائل ہے کہ وہ حضرات اس کی درخواست سن کر اللہ تعالی سے اس کے لئے دعا مانگیں گے، تو شاہ صاحب کے نزدیک ایسا شخص لوئر کلاس مشرک ہے۔ مثلاً علمائے دیوبند نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ اطہر پر حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرات شیخین ؓ سے درخواست کرتے ہیں کہ "آپ ہمارے لئے اپنے رب سے دعا کریں"۔ یہ بات حضرت گنگوہیؒ نے "زبدۃ المناسک" میں لکھی ہے اور "فتاوی رشیدیہ" میں "عرض شفاعت" کا ذکر کیا ہے۔ علامہ محمد ہاشم سندھیؒ نے "حیات القلوب" میں شفاعت کا ذکر کیا ہے۔ (قہر حق دیکھئے) صاحب نور الایضاح و علامہ طحطاویؒ و صاحب فتح القدیر و صاحبان فتاوی عالمگیریہ وغیرہم فقہائے احنافؒ، جو شفاعت کے قائل ہیں، سب شاہ صاحب گجراتی کے ہاں لوئر مشرک ہیں۔ (معاذ اللہ) اور پھر ان حضرات کو، جن کا نام ذکر کیا گیا ہے، شاہ صاحب گجراتی اولیاء اللہ بھی شمار

کرتے ہیں، گویا گجراتی اصول کے مطابق اولیاءاللہ مشرک ہوتے ہیں۔(لاحول ولا قوۃ الا باللہ) پھر شاہ صاحب گجراتی بڑے عجیب آدمی ہیں کہ فرماتے ہیں:''یہ لوئر کلاس مشرک ہیں، یہ مشرکین مکہ کی طرح کہتے ہیں'' کیا مشرکین مکہ حضرت گجراتی کے ہاں لوئر کلاس مشرک ہیں۔؟ کیا ان کی شفاعت اور مسلمانوں کی شفاعت میں کوئی فرق نہیں۔؟ حالانکہ زمین وآسمان کا فرق ہے۔ مسلمان اولیاءاللہ اور انبیاء علیہم السلام کو نہ حاجت روا مانتے ہیں نہ مشکل کشا مانتے ہیں اور نہ ان کی شفاعت کو''شفاعت قہری'' کی مد میں داخل کرتے ہیں یعنی خدا تعالی چاہے تو ان کی بات مان لے، نہ چاہے تو نہ مانے۔ جب کہ مشرکین مکہ''شفاعت قہری'' کے قائل تھے یعنی خدا تعالی سے زبردستی منوا لیتے ہیں۔خدا تعالی ان کی بات کورد نہیں کرسکتا۔دیکھو! مسلمانوں کو مشرک بنانے کے شوق میں ہوش وحواس بھی معطل ہوگئے۔

حضرت گنگوہیؒ لکھتے ہیں:''دوسرے یہ کہ کہے اے فلاں! خدائے تعالی سے دعا کر، کہ فلاں کام میرا ہوجائے، یہ مبنی اوپر مسئلہ سماع کے ہے، جو سماع موتی کے قائل ہیں ان کے نزدیک درست ہے دوسروں کے نزدیک ناجائز''۔(فتاوی رشیدیہ ص:۱۳۳۰ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی)

حضرت شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کے''فتاوی عزیزی'' مترجم اردو ص:۱۵۰ ج:۱ میں ہے: سوال:

انبیاء، اولیاء اور صلحاء سے بعد وفات کے اس طور سے استمداد درست ہے یا نہیں کہ''اے فلاں بزرگ! حق تعالی سے میری حاجت روائی کے لئے آپ عرض کریں اور میری سفارش کریں اور میرے لئے دعا کریں''۔؟

الجواب:

(الی ان قال) اگر استمداد اس طریقہ پر کیا جائے گا جو سوال میں مذکور ہے، تو ظاہراً جائز ہے اس واسطے کہ اس صورت میں شرک لازم نہیں آتا۔ نیز حضرت شاہ صاحب موصوف لکھتے ہیں:

''اور عوام الناس ایسا ہی اولیاءاللہ سے یہ چاہتے ہیں کہ اللہ تعالی کی درگاہ میں آپ دعا کریں کہ اللہ

تعالیٰ کے حکم سے ہمارا فلاں مطلب حاصل ہو جائے اس طور سے مدد چاہنا شرعاً زندہ اور مردہ سب سے جائز ہے"۔ (فتاوی عزیزی ص: ۱۵۴ ج:۱ مترجم اردو ایچ ایم سعید کمپنی کراچی)

نیز حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں: "تیسرے یہ کہ قبر کے پاس جا کر کہے کہ اے فلاں! تم میرے واسطے دعا کرو کہ حق تعالیٰ میرا کام پورا کر دیوے۔ اس میں اختلاف علماء کا ہے، مجوزین سماع موتی اس کے جواز کے مقر ہیں اور مانعین سماع منع کرتے ہیں۔ سو اس کا فیصلہ کرنا اب محال ہے مگر انبیاء علیہم السلام کے سماع میں کسی کو خلاف نہیں۔ اسی وجہ سے ان کو مستثنیٰ کیا ہے اور دلیل جواز یہ ہے کہ فقہاء نے بعد سلام کے وقت زیارت قبر مبارک کے شفاعت مغفرت کا عرض کرنا لکھا ہے پس یہ جواز کے واسطے کافی ہے"۔ (فتاوی رشیدیہ ص: ۴۲۷)

خدا تعالیٰ حضرت شاہ صاحب گجراتی کو سمجھ عطا فرمائے کہ وہ مسلمانوں کو مشرک بنانے سے باز آ جائیں۔

کیا حضرت شاہ عبد العزیزؒ لوئر کلاس مشرک ہیں۔؟ (معاذ اللہ)

کیا حضرت گنگوہیؒ جو اس کو شرک نہیں کہتے وہ لوئر مشرکوں کی تائید کرنے والے ہیں۔؟

خدا جب عقل لیتا ہے تو حماقت آ ہی جاتی ہے۔

نیز حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں:

"مسئلہ سماع میں حنفیہ باہم مختلف ہیں اور روایات سے ہر دو مذہب کی تائید ہوتی ہے، پس تلقین اسی مذہب کے بناء پر مبنی ہے۔ کیونکہ اول زمانہ قریب دفن کے بہت سی روایات اثبات سماع کرتی ہیں اور حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے اس باب میں کچھ منصوص نہیں، اور روایات جو کچھ امام صاحب سے آئی ہیں، شاذ ہیں"۔ واللہ اعلم (فتاوی رشیدیہ ص: ۵۴۰)

حضرت گنگوہیؒ کے نزدیک تلقین بھی درست ہے، کیونکہ دفن کے بعد بہت سی روایات سے سماع موتی ثابت ہے۔

نیز حضرت گنگوہیؒ لکھتے ہیں:

الجواب:

''قبور سے اس طور دعا کرنا کہ اے صاحب قبر! اس طرح میرا کام کردے تو یہ حرام اور شرک بالاتفاق ہے۔ اور یہ بات کہ تم میرے واسطے دعا کرو، تو اس باب میں اختلاف ہے، منکرین سماع اس کو لغو نا جائز کہتے ہیں اور مجوزین سماع جائز جانتے ہیں۔ اور یہی بندہ نے پہلے بعض سائلین کے جواب میں لکھا ہے۔ بندہ مختلف فیہا مسائل میں فیصلہ نہیں کرتا لیکن احوط کو اختیار کرتا ہوں''۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (فتاوی رشیدیہ ص:۴۰۷)

تضاد بیانی:

حضرت شاہ صاحب گجراتی فرماتے ہیں: ''لوگ کہتے ہیں انبیاء و اولیاء حاجت روا اور مشکل کشا ہیں، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: "وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مَنْ دُوْنِهِ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ" ۔ (ترجمہ) اور اس کے سوا جن (معبودوں) کو تم پکارتے ہو وہ تو کھجور کی گٹھلی کے چھلکے کے برابر بھی اختیار نہیں رکھتے''۔ (نغمہ توحید ص:۲۵ ربیع الاول تا جمادی الثانی ۱۴۱۱ء)

شاہ صاحب کے نزدیک یہ آیت اپر کلاس مشرکین کے بارے میں ہے۔ اس کے آگے " اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ " کو شاہ صاحب نے لوئر کلاس مشرکین پر فٹ کر دیا ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں: ''اللہ کریم نے لوئر کلاس مشرکین کو مخاطب ہو کر فرمایا: "اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ" (ترجمہ) اگر تم انہیں پکارو تو وہ تمہاری پکار نہیں سنتے۔ اس کی تفسیر یوں آئی " اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ط وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ" یعنی قبول تو وہ کریں جو سنتے ہوں اور یہ (اصحاب قبور) تو مردہ ہیں، اللہ تعالیٰ انہیں روز قیامت زندہ کر کے اٹھائے گا۔ پھر سب اسی کی طرف لائے جائیں گے۔ (نغمہ توحید ص:۲۲ رجب ۱۴۱۱ھ)

اب حضرت شاہ صاحب گجراتی سے پوچھئے! کہ " اِنْ تَدْعُوْهُمْ " میں ضمیر " هُمْ " کا مرجع کیا ہے۔؟ اگر وہی معبود باطل مراد ہیں جو کھجور کی گٹھلی کے چھلکے کے مالک نہیں۔ اور یقیناً وہی مراد ہیں تو پھر وہ آیت اپر کلاس مشرکین پر فٹ ہو اور یہ آیت لوئر کلاس مشرکین پر فٹ ہو جائے۔ قرآن

مجید میں اتنی بڑی تحریف کرنا اور اپنی مطلب کی بات کشید کرنا کتنا بڑا ظلم ہے۔ جو آیتیں کفار کے بارے میں نازل ہوئی ہیں، انہیں مسلمانوں پر فٹ کرنا، یہ اس شخص کی کارروائی کا نتیجہ تو ہو سکتا ہے جو مسلمانوں اور ملت اسلامیہ کا غدار ہو، لیکن اسلام کے کسی خیر خواہ سے ایسی کارروائی کی توقع نہیں کی جاسکتی جو امت مسلمہ کو امت مشترکہ قرار دے۔ (انا لله و انا اليه راجعون)

امام بخاریؒ فرماتے ہیں:

و كان ابن عمرؓ يراهم شر خلق الله وقال انهم انطلقوا الى آيات نزلت فی الكفار فجعلوها على المؤمنين (بخاری ج:۲ ص: ١٠٢٤ باب قتال الخوارج)	اور حضرت عبداللہ بن عمرؓ خارجیوں کو خدا تعالیٰ کی مخلوق میں سب سے زیادہ شریر جانتے تھے اور فرماتے تھے ان خبیثوں نے ان آیات کو جو کفار کے بارے میں نازل ہوئی ہیں مسلمانوں پر فٹ کرنا شروع کردیا ہے۔

شاہ صاحب گجراتی کے استاذ محترم علامہ سید انور شاہ کشمیری صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

وهذا كحال المدعين العمل بالحديث فی ديارنا فان كل آيات نزلت فی حق الكفار فانهم يجعلونها فی حق المقلدين سيما الحنفية كثر الله حزبهم۔ (فيض البارى ص:٤٧٣ ج:٤)	کہ یہی حال ہمارے ملک میں رہنے والے غیر مقلدین کا ہے پس تمام وہ آیات جو کفار کی مذمت میں نازل ہوئی ہیں وہ سب مقلدین پر فٹ کردیتے ہیں خصوصاً حنفیوں پر۔ اللہ تعالیٰ حنفیوں کی جماعت کو بڑھائے۔ (آمین)

پھر شاہ صاحب گجراتی نے آیت "اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ" کے ترجمہ میں (اصحاب قبور) کا اضافہ اپنی طرف سے کردیا ہے اور تحریف معنوی کا ارتکاب کیا ہے۔

قریب ہے یارو روز محشر، چھپے گا کشتوں کا خون کیونکر
جو چپ رہے گی زبان خنجر لہو پکارے گا آستین کا

ان آیات کی تشریح اگلے باب میں آرہی ہے وہاں ان شاء اللہ تعالی پوری وضاحت کردی جائے گی۔

کمال نمبر:2

حضرت شاہ صاحب فرماتے ہیں: ''حضرت مولانا قاری محمد طیب'' مہتمم دارالعلوم دیوبند نے راولپنڈی میں شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خان'' کو بہت زیادہ مجبور کر کے ایک عبارت پر دستخط کروالئے جس میں یہ بھی لکھا تھا کہ جمہور کا مسلک یہ ہے کہ''موت کے بعد انبیاء کرام کی حیات دنیوی ہے'' حالانکہ یہ صریح جھوٹ ہے''۔ (ماہنامہ نغمہ توحید ص:۵۱ ربیع الثانی ۱۴۱۰ھ)

الجواب:

حضرت قاری صاحبؒ نے راولپنڈی میں حضرت مولانا غلام اللہ خان صاحبؒ سے اس قسم کی کوئی عبارت مجبور کر کے نہیں لکھوائی تھی جس کو شاہ صاحب گجراتی ''صریح جھوٹ ہے'' کے لفظ سے تعبیر کر رہے ہیں، جو معاہدہ ہوا تھا اس کی اصل عبارت''برزخی حیات'' کی وضاحت میں دلیل نمبر:۹ گزر چکی ہے جس میں نہ تو جمہور کا لفظ ہے اور نہ دنیاوی کا لفظ، البتہ قاری محمد طیبؒ نے ایک تحریر اپنے مضمون ونظریہ کی مختلف رسائل میں شائع کرنے کی خواہش کی تھی، ان رسائل میں ماہنامہ ''تعلیم القرآن'' راولپنڈی بھی شامل تھا، اس میں حضرت قاری صاحبؒ نے حیات دنیوی کو تمام علمائے دیوبند کا مذہب قرار دیا تھا۔ (دیکھئے ماہنامہ تعلیم القرآن اگست ۱۹۶۲ء ص:۲۲ تا ۲۳)

چنانچہ حضرت قاری صاحبؒ تحریر فرماتے ہیں: ''اس سلسلہ میں احقر جو تفصیلی بیان لاہور میں اشاعت کے لئے دے آیا تھا، اس کی تمہید میں دعوی کیا گیا تھا کہ''حیات انبیاء کے سلسلے میں تمام علمائے دیوبند کا اس پر اجماع ہے کہ یہ حیات، حیات دنیوی ہے'' لیکن بعد میں کچھ خلجان یہ پیدا ہوا کہ بعض حضرات کی عبارتیں اس بارہ میں کچھ مبہم اور مجمل بھی ہیں، ممکن ہے کہ ان کی وجہ سے اس دعوی اجماع پر قدح کیا جائے، یہ کھٹک ہو ہی رہی تھی کہ اچانک مولانا غلام اللہ خان اور مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب کا دستخطی والا نامہ پہنچا کہ آپ کا مفصل بیان پہنچ گیا اور اسے ہم رسالہ

""تعلیم القرآن" میں شائع کر رہے ہیں لیکن یہ اجماع علماء دیوبند کا دعویٰ ہمارے نزدیک محل کلام ہے، جب کہ متعدد علماء دیوبند کی عبارتیں اس بارہ میں اس اجماع کو برقرار نہیں رکھ سکتیں۔ آپ کو استثنائی کلمہ ضرور رکھ دینا چاہئے تھا، اس لئے ہم آپ کا بیان پورا شائع کر رہے ہیں مگر اس دعوائے اجماع پر تنقیدی نوٹ بھی لکھ رہے ہیں، آپ برا نہ مانیں۔ (ماہنامہ تعلیم القرآن ستمبر ۱۹۶۲ء ص:۴۴)

چنانچہ حضرت قاری صاحبؒ کے اس مضمون کو حضرت مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب گجراتی اور مولانا غلام اللہ خان صاحبؒ نے جیسے وعدہ کیا تھا پورے کا پورا تعلیم القرآن اگست ۱۹۶۲ء ص:۲۲ تا ۲۶ میں شائع کر دیا تھا اور حیات دنیوی کے بارے میں اجماع علمائے دیوبند پر یہ نوٹ لگایا تھا: "اس عبارت کا فریقین کی صلح سے کوئی تعلق نہیں جس عبارت پر صلح ہوئی ہے وہ آگے ص:۴۲، ۲۵ پر آرہی ہے۔ سجادؔ" (تعلیم القرآن اگست ۱۹۶۲ء ص:۲۲)

حضرت مولانا عنایت اللہ شاہ صاحب گجراتی اور مولانا غلام اللہ خان صاحبؒ کا یہ خط ۱۴ر صفر ۱۳۸۲ھ کو دارالعلوم دیوبند پہنچا تھا، چنانچہ ماہنامہ تعلیم القرآن، راولپنڈی اگست ۱۹۶۲ء ص:۴۷ میں ہے: "مکتوب گرامی حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم بنام حضرت مولانا غلام اللہ خان صاحب! چٹھی نمبر:۳۵۰۔ دفتر دارالعلوم دیوبند، ضلع سہارنپور حضرت المحترم زید مجدکم السامی سلام مسنون نیاز مقرون گرامی نامہ ۱۴۔۲۔۸۲ھ کو شرف صدور لایا جس پر آں محترم اور مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب کے دستخط تھے۔ مشمولات خط سے آگاہی ہوئی"۔

قارئین کرام! مذکورہ بالا تحریر سے معلوم ہوا کہ حضرت شاہ صاحب گجراتی کی تحریر جو نغمہ توحید ص:۵۱ سے کمال نمبر:۲ کے تحت نقل کی گئی ہے، کئی جھوٹ پر مشتمل ہے۔ کیونکہ راولپنڈی میں حضرت مولانا غلام اللہ خان صاحب سے نہ تو مذکورہ بالا عبارت پر دستخط کروائے گئے ہیں نہ ان کو مجبور کیا گیا ہے بلکہ ایک تحریر لاہور سے قاری صاحبؒ نے اپنے مضمون کی بھیجی تھی کہ اس کو ماہنامہ تعلیم القرآن میں شائع کر دیا جائے۔ ان کے مضمون کی اس عبارت پر کہ "تمام علمائے دیوبند کا اس

پر اجماع ہے کہ انبیاء علیہم السلام کی یہ حیات، حیات دنیوی ہے"۔ مولانا عنایت اللہ شاہ گجراتی اور مولانا غلام اللہ خان صاحبؒ نے اعتراض کیا کہ یہ اجماع کہنا دنیوی حیات پر محل کلام ہے جس کی وجہ سے قاری محمد طیبؒ نے اجماع کے لفظ کو ختم کر کے اس کی جگہ جمہور علمائے دیوبند لکھ دیا۔ چنانچہ حضرت قاری محمد طیب صاحبؒ تحریر فرماتے ہیں: "اور مولانا غلام اللہ خان صاحب کو وہ استثنائی عبارت لکھ بھیجی جس کا حاصل یہ تھا کہ جمہور دیوبند کا مسلک یہی ہے کہ برزخ میں حیات انبیاء

ماہنامہ تعلیم القرآن راولپنڈی

سکھر کا اجتماع

محترم حاجی محمد ابراہیم صاحب سکھر والے [illegible] مولانا محمد علی صاحب جالندھری [illegible] مولانا محمد علی صاحب کو [illegible]
مسئلہ پر گفتگو کرنے کا [illegible] چنانچہ ان کی دعوت پر مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب بخاری، مولانا غلام اللہ
خان صاحب اور مولانا محمد علی صاحب جالندھری سکھر تشریف لے گئے [illegible] وغیرہ تصفیہ ہوا۔ سید
عنایت اللہ شاہ صاحب بخاری نے مولانا محمد علی صاحب کی طرف لکھ کر بھیجا: سلف تو سارے کے سارے حیات برزخی کے قائل تھے بعد میں علماء کے دو گروہ ہو گئے
ایک تو حیات برزخی ہی کے قائل رہے اور بعض حیات دنیوی کے قائل ہو گئے لیکن ہم دونوں کو اہل سنت ہی سمجھتے ہیں۔
مولانا محمد علی صاحب نے تحریر فرمایا کہ دیوبندی مسلک کے تمام علماء کرام حیات دنیوی ہی کے قائل ہیں۔ اس کے جواب میں حضرت شاہ صاحب نے [illegible] لکھ کر بھیجا
کہ بزرگان دیوبند میں سے کئی حضرات حیات برزخی کے قائل ہیں۔ چنانچہ یہی چیز [illegible] قرار پائی۔
شاہ صاحب نے فرمایا کہ ہم بزرگان دیوبند ہی کی عبارتوں سے ثابت کر دیں گے کہ ان میں کئی حضرات حیات برزخی کے قائل تھے چنانچہ [illegible]
[illegible] فیصلہ کرنے کے لئے [illegible] مولانا احتشام الحق صاحب
تھانوی اور مولانا ظفر احمد صاحب عثمانی کو ثالث تسلیم کیا گیا۔
[illegible] معلوم ہوا کہ مذکورہ اجتماع منعقد نہیں ہو سکا۔ اس کی وجہ شاید یہ ہے کہ مولانا محمد علی صاحب [illegible]
[illegible] چنانچہ مولانا غلام اللہ خان صاحب اور مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب [illegible]
احتشام الحق صاحب کی اجازت سے واپس [illegible] تشریف لے آئے ہیں۔

(۱/۱/۶۲)

حیات دنیوی ہے۔ (ماہنامہ تعلیم القرآن ستمبر ۱۹۶۲ء ص: ۴۴)

اب اس عبارت پر ان حضرات (ع۔غ) کا کوئی اعتراض نہ تھا۔ بلکہ حضرت شاہ صاحب نے اپنی ایک تحریر میں حیات دنیوی کے قائلین کو اہل سنت شمار کیا ہے۔ چنانچہ ماہنامہ تعلیم القرآن بابت ماہ فروری ۱۹۶۱ء ص: ۶ میں ہے: "مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب بخاری نے مولانا محمد علی صاحب کی طرف لکھ بھیجا کہ "سلف تو سارے کے سارے حیات برزخی کے قائل تھے، بعد میں

علماء کے دو مسلک ہو گئے ، اکثر تو حیات برزخی کے قائل رہے اور بعض حیات دنیوی کے قائل ہو گئے مگر ہم دونوں کو اہل سنت ہی سمجھتے ہیں"۔ مولانا محمد علی صاحب نے تحریر فرمایا کہ" دیوبندی مسلک کے تمام علماء کرام حیات دنیوی ہی کے قائل ہیں"۔ اس کے جواب میں حضرت شاہ صاحب موصوف نے لکھ بھیجا کہ" بزرگان دیوبند میں سے کئی حضرات حیات برزخی کے قائل ہیں"۔ چنانچہ یہی چیز موضوع مناظرہ قرار پائی۔ شاہ صاحب نے فرمایا کہ" ہم بزرگان دیوبند ہی کی عبارتوں سے ثابت کریں گے کہ ان میں کئی حضرات حیات برزخی کے قائل تھے"۔ الخ

معلوم ہوا حضرت شاہ صاحب گجراتی کا" یہ صریح جھوٹ ہے" کہنا ہی صریح جھوٹ ہے۔ بلکہ شاہ صاحب کی مثال اس دیہاتی شخص کی طرح ہے جس نے کسی واعظ کی تقریر سنی تھی، اور کسی مولوی صاحب کو آ کر بتایا کہ" میں نے ایک مولوی صاحب کی تقریر سنی ہے، جو قرآن بیان کر رہا تھا اور ایک مولوی کا واقعہ بیان کر رہا تھا کہ اس کی لڑکی کو کتوں نے کاٹ کھایا تھا" مولوی صاحب سن کر حیران ہو گئے اور کہنے لگے" ایسا واقعہ کسی مولوی کا قرآن مجید میں نہیں ہے"۔ دیہاتی کہنے لگا کہ "اس مولوی کا نام بھی واعظ صاحب بار بار لیتے تھے، شاید اس مولوی کا نام یعقوب ہے"۔ تو مولوی صاحب نے کہا" بے وقوف! وہ تو اللہ کے نبی تھے، پھر ان کی لڑکی نہ تھی جس کا واقعہ قرآن مجید میں ہے بلکہ اس کا لڑکا تھا یوسف علیہ السلام، پھر کتے نہ تھے بلکہ بھیڑیا تھا، پھر کھایا نہ تھا، یہ سب جھوٹ ہے"۔

کمال نمبر:3

حضرت شاہ صاحب فرماتے ہیں: "حضرت تھانویؒ نے مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ کی کتاب "المہند" کو پڑھے بغیر محض اعتماد کی بناء پر اس کی تائید میں دستخط کر دیئے۔ جب خود یہ لکھا تو مسئلہ خوب واضح کیا۔ "اشرف الجواب" میں آپ لکھتے ہیں: "مگر یہ یاد رہے کہ وہ ناسوتی (دنیوی) زندگی نہیں ہے بلکہ وہ دوسری قسم کی حیات ہے جسے" حیات برزخیہ" کہتے ہیں"۔

(نغمہ توحید ص:۵۲ ربیع الثانی ۱۴۱۰ھ)

الجواب:

''المہند'' کی عبارت کی وضاحت ہم آگے تفصیل سے بیان کریں گے جس میں حیات دنیویہ کی مراد بیان کی جائے گی، جس سے ثابت ہوگا کہ'' حیات دنیویہ اور حیات برزخیہ میں کوئی تضاد نہیں''۔ نیز حضرت تھانویؒ کے بارے میں یہ گمان کرنا کہ انہوں نے پڑھے بغیر محض اعتماد کی بناء پر دستخط کردیئے، یہ ظن کاذب ہے۔ نیز ''اشرف الجواب'' کو حضرت تھانویؒ کی تصنیف قرار دینا کذب صریح ہے۔'' یہ آپ کے کسی مرید نے ان کے مضامین کو آگے پیچھے سے کاٹ کر ایک مجموعہ ''اشرف الجواب'' کے نام سے شائع کیا ہے، جس کی بعض عبارات میں ابہام ہے، جس سے غلط مطلب اخذ کیا جاسکتا ہے''۔ حضرت تھانویؒ کی اپنی تصانیف'' المصالح العقلیہ''، ''نشر الطیب''، ''تفسیر بیان القرآن'' اور'' امداد الفتاوی'' میں عبارات حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم وحیات الشہداء وسماع موتی میں واضح ہیں۔ ان میں کوئی ابہام نہیں ہے، ان کتابوں کے حوالے بعد میں ذکر کئے جائیں گے۔ ان شاء اللہ تعالی۔

کمال نمبر:5

حضرت شاہ صاحب گجراتی فرماتے ہیں: ''خیر! شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خان رحمہ اللہ نے اس خیال سے کہ میں نے دیوبند کے چھاتی سے دودھ پیا ہے، حضرت قاری محمد طیب صاحبؒ کے مجبور کرنے پر دستخط کردیئے''۔ (نغمہ توحید ص:۵۲ مذکور)

الجواب:

اس عبارت کا تعلق بھی کمال کمال نمبر:۲ والی عبارت کے ساتھ معلوم ہوتا ہے جس کے کذب صریح ہونے میں شک نہیں۔

۱۹۲

نغمۂ توحید

جلد نمبر : ۱ ، شمارہ نمبر : ۴

ربیع الثانی ۱۴۱۰ھ ، مطابق نومبر ۱۹۸۹ء

مجلسِ ادارت :

مولانا سید ضیاء اللہ شاہ بخاری (مدیر اعلیٰ)

مولانا قاری عطاء الرحمٰن ، محمد الفضاد

اکاؤنٹس مینجر :۔ صوبیدار (ریٹائرڈ) اللہ رکھا

سرکولیشن مینجر :۔ چودھری طارق قیوم

رابطہ آفس :

۱۲/۲۳۵ مرکز اشاعت التوحید والسنت لالہ موسیٰ

ترسیلِ زر کے لیے :۔

قاری محمد گل شیر اعوان . جامع مسجد شاہ فیصل گیٹ گجرات

ایڈیٹر و پبلشر : سید ضیاء اللہ شاہ بخاری ، مطبع : پنجاب الیکٹرک پریس گجرات

مقام اشاعت : جامع مسجد شاہ فیصل گیٹ گجرات ، فون : ۳۴۷۹

بدلِ اشتراک :

اندرون ملک فی شمارہ ۶/ روپے

، ، سالانہ ۶۰/ ، ،

یورپ میں فی شمارہ ۱/ پونڈ

، ، سالانہ ۱۰/ ، ،

۱۹۳

۵۱

نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ قُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا۔ یُّصْلِحْ لَكُمْ
اَعْمَالَكُمْ وَ یَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَ مَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ
فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا۔ صَدَقَ اللّٰهُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ۔

الحمدللہ! آج کا یہ اجلاس بخیر و خوبی انجام پاگیا ہے جیسا کہ حضرت الامیر مولانا محمد طیب صاحب جو حضرت شیخ القرآن مولانا محمد طاہر رحمۃ اللہ تعالیٰ رحمۃ واسعۃ کے سچے جانشین ہیں نے فرمایا ہے کہ جب ہم اشاعت توحید و سنت کے لیے ایک پلیٹ فارم پر جمع ہوئے ہیں تو ہمیں چاہیئے کہ تجاویز پیش کرتے وقت اپنا نقطۂ نظر پیش کرتے وقت جماعتی احباب کے مقام و مرتبے کو ملحوظ رکھیں اور کوئی ایسی بات نہ کریں بلکہ کوئی ایسا لفظ زبان و قلم پر نہ لائیں جو دوسروں کی دلآزاری کا سبب بنتا ہو۔ آپ میں سے کئی حضرات کو معلوم ہوگا کہ تحریک دفاع صحابہؓ نے ایک خط لکھا ہے جس کی کاپیاں علماء کرام میں تقسیم کی ہیں اس میں انھوں نے کچھ پند و نصائح کیے ہیں اور طعن و تشنیع سے بھی کام لیا ہے۔ ان کے پند و نصائح تو ہمارے سر آنکھوں پر، رہا طعن و تشنیع کا معاملہ، اس بار ہم انہیں معاف کرتے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ جب کچھ لوگوں نے الگ جماعت بنالی ہے تو انھیں اشاعت التوحید والسنت پر اعتراض کا کوئی حق حاصل نہیں۔ اگر وہ حضرات ہمارے ساتھ اتنے مخلص ہوتے تو الگ جماعت نہ بناتے بلکہ ہمارے ساتھ مل کر کام کرتے۔ پھر جماعتی احباب بھی اگر کوئی تجویز پیش کرنا چاہیں تو اس کا یہ طریقہ نہیں ہوتا جو تحریک دفاع صحابہؓ والوں نے اپنایا ہے۔ آپس میں بیٹھ کر ایک دوسرے کو مشورہ دیا جاسکتا ہے لیکن خطوط لکھنے اور ان کی کاپیاں بذریعہ ڈاک ارسال کرنے کا مقصد سوائے جماعت کو ملعون کرنے اور جماعتی قائدین کو بدنام کرنے کے اور کیا ہو سکتا ہے؟

میری اپنی ذات کا معاملہ ہو تو میں برداشت کرلیتا ہوں لیکن اپنے اکابرین اور جماعتی احباب کی توہین برداشت نہیں کرسکتا۔ حضرت مولانا قاری محمد طیبؒ مہتمم دارالعلوم دیوبند نے راولپنڈی میں شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خانؒ کو بہت زیادہ مجبور کرکے ایک عبارت پر دستخط کروالیے جس میں یہ بھی لکھا تھا کہ جمہور کا مسلک یہ ہے کہ موت کے بعد انبیاء کرام کی حیات دنیوی ہے حالانکہ یہ صریح جھوٹ ہے۔ اکثر کتب متقدمین میں انبیاء کرام کی زندگی کے بارے میں لکھا ہے۔ لَا یُشْبِهُ بِحَیٰوةِ الدُّنْیَا۔ یعنی وہ دنیوی زندگی سے

۱۹۴

۵۲

مشابہت نہیں رکھتی۔ علامہ ابن حجرؒ نے بھی اس کی تائید کی ہے اور متاخرین میں سے حضرت شاہ اسحٰقؒ، جو اکابرین دیوبند کے اساتذہ کے استاد ہیں، نے لکھا ہے:

"حیات آں جا مماثل حیات دنیا نیست۔" (مائۃ مسائل)

حضرت گنگوہیؒ، حضرت شیخ الہندؒ، علامہ سید انور شاہ کشمیریؒ اور مولانا اشرف علی تھانویؒ بھی حیات برزخی کے قائل ہیں۔ حضرت تھانویؒ نے مولانا خلیل احمد سہارنپوری کی کتاب "المہند" کو پڑھے بغیر محض اعتماد کی بنا پر اس کی تائید میں دستخط کر دیئے جب خود لکھا تو مسئلہ خوب واضح کیا۔ "اشرف الجواب" میں آپ لکھتے ہیں:

"مگر یہ یاد رہے کہ وہ ناسوتی (دنیوی) زندگی نہیں ہے بلکہ وہ دوسری قسم کی حیات ہے۔ جسے حیات برزخیہ کہتے ہیں۔"

آگے چل کر لکھتے ہیں:

رہا یہ کہ انبیاء اور دوسروں میں کیا فرق ہے؟ برزخی حیات تو سب کو حاصل ہے۔ سو جواب یہ ہے کہ فرق مراتب میں ہے یعنی جس طرح دنیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ طیب اور طاہر تھی لیکن ابوجہل اور ابولہب کی خبیث اور گندی۔"

خیر شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خاں رحمۃ اللہ تعالیٰ نے اس خیال سے کہ میں نے دیوبند کی چھاتی سے دودھ پیا ہے، حضرت قاری محمد طیب صاحبؒ کے مجبور کرنے پر دستخط کر دیئے۔ چند دنوں کے بعد قاری محمد طیبؒ لاہور پہنچے تو میں بھی مولانا محمد امیر بندیالویؒ، حضرت مولانا قاضی شمس الدین صاحبؒ اور شیخ القرآن حضرت مولانا غلام اللہ خانؒ کو ساتھ لے کر لاہور پہنچ گیا۔ حضرت قاری صاحبؒ اپنے مرید محمد شفیع زرگر کی کوٹھی میں ٹھہرے ہوئے تھے، اتفاق سے مولانا خیر محمد، مولانا محمد علی جالندھری اور شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی بھی وہاں تشریف فرما تھے۔ میں نے ذرا سخت لہجے میں حضرت قاری صاحبؒ سے بات کی کہ آپ نے مولانا غلام اللہ خانؒ سے غلط تحریر پر کیوں دستخط کرائے ہیں؟ مولانا محمد علی جالندھری مجھ سے مخاطب ہو کر بولے:

"تمہاری جماعت یہودیوں کی طرح قرآن پاک میں تحریف کرتی ہے اور حضرت مولانا حسین علی کا بھی یہی کام تھا۔"

۱۹۵

۵۳

مجھے سخت غصہ آیا میں نے مولانا محمد علی جالندھری کے منہ پر زناٹے کا تھپڑ رسید کر دیا اور کہا؟ میں ایسی صلح پر لعنت بھیجتا ہوں جس سے میری جماعت اور میرے اکابرین بدنام ہوں" مولانا خیر محمد نے انصاف کی بات کی۔ انھوں نے مولانا محمد علی جالندھری سے کہا؟ ـــــ اٹھو! شاہ صاحب سے معافی مانگو۔ تم نے بہت بڑی غلطی کی ہے "

مجھے تو یہ بھی برداشت نہیں کہ میری جماعت کے کسی ادنیٰ سے ادنیٰ رکن کو بھی کوئی برا بھلا کہے، کجا یہ کہ سند المحدثین، رئیس المفسرین حضرت مولانا حسین علی رحمۃ اللہ رحمۃً واسعۃ یا شیخ القرآن حضرت مولانا محمد طاہرؒ کے بارے میں کوئی سخت لفظ کہے۔ اس لیے میں گزارش کرتا ہوں آئندہ ایسا مخبر ذمہ دار انہ خط نہ کوئی مجھے لکھے نہ کسی اور کو۔ وہ لوگ جنھوں نے الگ جماعت بنالی ہے۔ اِرْتَدُّوْا عَلٰى اَدْبَارِهِمْ۔ یا تو وہ حضرات اپنی جماعت توڑ کر ہماری جماعت میں شامل ہوں پھر ہم سے بات کریں۔ ورنہ ہم جانیں اور ہمارا کام۔

میں نے دارالعلوم تعلیم القرآن راولپنڈی میں اشاعت التوحید والسنۃ کی مرکزی مجلس شوریٰ کے اجلاس میں شیخ القرآن حضرت مولانا محمد طاہرؒ کی موجودگی میں اپنا مسلک واضح کر دیا تھا۔ جماعت کی بنیاد حضرت مولانا حسین علیؒ کے مسلک پر ہے۔ حضرت نے بیت اللہ شریف میں خواب میں دیکھا کہ مختصر سی قرآن پاک کی تفسیر لکھی ہے۔ پھر انھوں نے تفسیر بے نظیر (التبیان) لکھی اور اپنی زندگی میں دو دفعہ چھپوا کر خود علماء اور تلامذہ میں تقسیم کی۔ مولانا حسین علی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے تفسیر چھپوانے کا کام کسی مولوی کے سپرد محض اس لیے نہ کیا کہ کہیں کوئی ادخال نہ کر دے۔ قرآن پاک کے خلاف جو عبارات مولانا حسین علیؒ سے نقل کی جاتی ہیں، وہ سب سنی سنائی ہیں۔ ان کی کوئی حقیقت نہیں۔ اس کے مقابلہ میں تفسیر بے نظیر حضرت نے خود لکھی، چھپوائی اور خود تقسیم فرمائی۔

مولانا حسین علیؒ کوئی عام آدمی نہ تھے۔ صحیح مسلم کا مقدمہ جتنی تفصیل سے حضرت پڑھاتے تھے۔ میں قسم کھا کر کہتا ہوں کسی اور کو اس میں اتنی گہرائی نہ تھی، وہ مرد مومن جس سے ہم نے ایمان سیکھا، قرآن سیکھا، یعنی حضرت مولانا حسین علی رحمہ اللہ رحمۃً واسعۃً۔ ان کے بارے میں علامہ سید انور شاہ کشمیریؒ فرماتے تھے "! اس وقت ہندوستان میں نسبتِ مجددیہ، نسبت قرآن اور فہم قرآن میں وہ واحد ہیں "

مجلس منتظمہ اشاعت التوحید والسنۃ پاکستان کا آخری فیصلہ، جس پر حضرت شیخ القرآن

۱۹۶

۵۴

مولانا محمد طاہر کے دستخط بھی ہیں۔ ہمارے مسلک کی صحیح ترجمانی کرتا ہے۔ جن حضرات نے اس مسلک کے مطابق جماعت میں رہنا ہے، وہ بخوشی کام کریں اور جنھوں نے کانا پھوسی کر کے دوسروں کو بھی خراب کرنا ہے وہ استعفیٰ دے دیں۔ منافقانہ روش ہرگز نہیں ہونی چاہیئے آپ حضرات تحریکِ دفاعِ صحابہؓ والوں تک میرے یہ الفاظ پہنچا دیں کہ اس دفعہ تو ہم ان کی غلطی معاف کرتے ہیں۔ لیکن آئندہ ایسی کوئی حرکت ہم برداشت نہیں کریں گے۔

کمال نمبر:5

حضرت شاہ صاحب فرماتے ہیں: ''چند دنوں کے بعد قاری محمد طیب صاحبؒ لاہور پہنچے تو میں بھی......لاہور پہنچ گیا......میں نے ذرا سخت لہجے میں حضرت قاری صاحبؒ سے بات کی کہ ''آپ نے مولانا غلام اللہ خانؒ سے غلط تحریر پر کیوں دستخط کرائے ہیں''۔؟ مولانا محمد علی جالندھری مجھ سے مخاطب ہوکر بولے: ''تمھاری جماعت یہودیوں کی طرح قرآن پاک میں تحریف کرتی ہے اور حضرت مولانا حسین علی کا بھی یہی کام تھا''۔ مجھے سخت غصہ آیا۔ ''میں نے مولانا محمد علی جالندھری کے منہ پر زناٹے کا تھپڑ رسید کر دیا''۔ (نغمہ توحید ص:۵۲تا۵۳ مذکور)

الجواب:

مولانا غلام اللہ خانؒ سے غلط تحریر پر دستخط کرانے سے مراد وہی تحریر ہے جو کمال نمبر:۲ کے تحت گزر چکی ہے تو اس کا ''کذب صریح ہونا'' ثابت ہو چکا ہے۔ اصل یہ حضرات لاہور میں حضرت شاہ صاحب گجراتی کے بارے میں جو تحریر نمبر۲ لکھی گئی تھی، جس پر حضرت مولانا قاضی نور محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا غلام اللہ خانؒ نے دستخط کئے تھے، اس کے متعلق گفتگو کرنے گئے تھے، اصل معاہدہ کی عبارت پر کسی قسم کا کوئی اعتراض نہ کیا تھا۔ باقی مولانا محمد علی جالندھری رحمۃ اللہ علیہ کے منہ پر شاہ صاحب نے تھپڑ ضرور رسید کیا تھا لیکن حدیث پاک میں منہ پر مارنے سے منع کیا گیا ہے۔ شاہ صاحب نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کی مخالفت کی، اس پر خوش ہونا اور شیخی بازی کرنا کسی گھٹیا قسم کے آدمی کا وطیرہ تو ہو سکتا ہے لیکن کسی شریف انسان کی شان کے لائق نہیں۔ پھر تھپڑ مارنے کا یہ واقعہ ملتان ''خیر المدارس'' میں ۱۹۵۶ء یا ۱۹۵۷ء میں ہوا تھا نہ کہ لاہور ۱۹۶۲ء میں۔ بہر حال حضرت شاہ صاحب کے کمالات تو بہت ہیں لیکن ہم یہاں ان پر اکتفاء کرتے ہیں۔

باب اول

منکرین حیات وسماع کے دلائل اوران کا جواب

دلیل نمبر:1

قرآن مجید پارہ:۲۲ سورۂ فاطر آیت نمبر:۱۴ میں ہے:

اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ وَلَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ﴿۱۴﴾

اگر تم ان کو بلاؤ تو وہ تمھاری پکار کو نہ سنیں اور اگر سن لیں تو تمھارے کام نہ کرسکیں اور قیامت کے دن تمھارے شرک سے انکار کریں اور اللہ تعالی خبر رکھنے والے کی طرح کوئی تجھے خبر نہیں دے سکتا۔

الجواب:

(۱)......حضرت مولانا حسین علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ اس کی تفسیر میں فرماتے ہیں: ''جن ملائکہ کو تم پکارتے ہوائے کفارو! وہ تو مالک قطمیر کے بھی نہیں۔ اگر پکارو سنتے نہیں، اگر بالفرض سن لیں تو طاقت دعا قبول کرنے کی نہیں۔ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ ای بدعائکم یعنی تمھارے پکارنے کا۔ (تفسیر بے نظیر مع حاشیہ بدر منیر ص:۸۸)

(۲)......کفار ملائکہ کو غائبانہ پکارتے ہیں معبود سمجھ کر، وہ نہیں سنتے، اگر بالفرض سن بھی لیں تو بھی کچھ نہیں کر سکتے، غائبانہ سمیع بصیر اللہ تعالی کے غیر کو جاننا یہ شرک ہے۔ (تفسیر بے نظیر ص:۹۱)

(۱)......حضرت مولانا حسین علی صاحبؒ نے اس کی تفسیر میں واضح کر دیا کہ یہ آیت کفار کے بارے میں نازل ہوئی جبکہ مولانا عنایت اللہ شاہ صاحبؒ گجراتی مسلمانوں پر فٹ کرتے ہیں جیسے کہ شاہ صاحب کے کمال نمبر ا کے تحت ذکر ہو چکا ہے۔

(۲):......حضرت مولانا حسین علیؒ فرشتوں کے بارے میں اس آیت کو ذکر کرتے ہیں اور فرشتے

زندہ ہیں مگر شاہ صاحب گجراتی اس کو اصحاب القبور پر فٹ کرتے ہیں، جو فوت ہو چکے ہیں جیسا کہ شاہ صاحب کے کمال نمبرا کے تحت گزر چکی ہے۔

(۳)......حضرت مولانا حسین علی صاحبؒ اس کو غائبانہ پکار پر محمول کر رہے ہیں، جو شرک ہے جب کہ حضرت شاہ صاحب گجراتی سماع موتی عندالقبور پر فٹ کر رہے ہیں جس کو کوئی مسلمان بھی شرک نہیں کہتا۔

(۴)......حضرت مولانا حسین علی صاحبؒ فرماتے ہیں: ''غائبانہ پکارتے ہیں معبود سمجھ کر، جبکہ شاہ صاحب گجراتی کے ہاں وہ لوگ مراد ہیں جو اہل قبور کو نہ تو حاجت روا مانتے ہیں نہ مشکل کشا مانتے ہیں صرف ان کے سماع عندالقبور کے قائل ہیں۔لیکن یہ لوگ مردوں سے براہ راست کچھ بھی نہیں مانگتے، کیونکہ ان کا عقیدہ ہے کہ ''مردے بھی سائل ہیں یعنی خدا تعالی سے مانگنے والے ان کے اپنے پاس کچھ بھی نہیں ہے'' تو شاہ صاحب کے نزدیک اس آیت کا مصداق یہ لوگ ہیں اور مشرک ہیں یعنی لوئر کلاس مشرک۔

اگر شاہ صاحب گجراتی کو حضرت مولانا حسین علی صاحبؒ کی تحقیق پر اعتماد ہوتا اور خدا تعالی کا خوف ہوتا تو وہ اس آیت کو مردوں پر فٹ نہ کرتے۔مگر اس کے باوجود شاہ صاحب گجراتی کی زبانی بزرگ بھی ملاحظہ ہو۔''مولانا حسین علیؒ کوئی عام آدمی نہ تھے۔صحیح مسلم کا مقدمہ جتنی تفصیل سے حضرتؒ پڑھاتے تھے، میں قسم کھا کر کہتا ہوں کسی اور کو اس میں اتنی گہرائی نہ تھی۔وہ مرد مؤمن جس سے ہم نے ایمان سیکھا، قرآن سیکھا۔(نغمہ توحید ص:۵۳ ربیع الثانی ۱۴۱۰ھ) حضرت شاہ صاحب نے حضرت حسین علی صاحبؒ سے قرآن سیکھا ہے ماشاء اللہ بہت خوب۔(دریں چہ شک)

شاہ صاحب گجراتی کی ایک خیانت:

شاہ صاحب کے رسالہ ''الصراط المستقیم'' اور ''نغمہ توحید'' میں مسلسل ایک اشتہار شائع ہو رہا ہے وہ ملاحظہ ہو ''بانی جماعت اشاعت التوحید والسنہ رئیس المفسرین سند المحدثین قدوۃ الفقہاء

سلطان العارفین الامام العلامہ مولانا حسین علی رحمہ اللہ تعالی رحمۃ واسعۃ کی تصنیف لطیف تفسیر بے نظیر (التبیان) میں قرآن کریم کے مطابق ایک مسلمان کا صحیح عقیدہ: (کفار) کہتے ہیں (انبیاء واولیاء) اللہ تعالی سے کرادیتے ہیں.. "سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ" جو نہ سنتے ہیں اور نہ دیکھتے ہیں وہ کس طرح کرادیتے ہیں۔ (سورۂ یونس ص:۱۶،۱۷) قیامت میں کہیں گے "اِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ" یعنی تمہارے پکارنے کی ہم کو کچھ خبر نہیں (سورہ یونس ص:۱۷)

الجواب:

(۱)......مولانا حسین علیؒ کو جماعت اشاعت التوحید والسنہ کا بانی کہنا خالص جھوٹ وافتراء ہے، اس جماعت کے بانی حضرت مولانا غلام اللہ خان صاحبؒ تھے جیسا کہ اس کی بحث گزر چکی ہے۔

(۲):......تفسیر بے نظیر کے حوالہ دینے میں بھی خیانت وتحریف کا ارتکاب کیا گیا ہے، اصل حوالہ ملاحظہ ہو: ''کفار غیر اللہ کی عبادت کرتے ہیں جو نہ نفع دیتے ہیں، نہ نقصان وضرر۔ کہتے ہیں کہ یہ اللہ سے کرادیتے ہیں۔ "سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ" جو نہ سنتے ہیں اور نہ دیکھتے ہیں وہ کس طرح کرادیتے ہیں۔؟ مشرکوں کے عقل والے معبود، جو پیغمبر اور ملائکہ ہیں، قیامت میں کہیں گے کہ "اِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ" یعنی تمہارے پکارنے کی ہمیں کچھ خبر نہیں۔ (تفسیر بے نظیر مع حاشیہ بدر منیر ص:۱۴۱) مشرکوں کے عقل والے معبود الخ یہ عبارت درمیان سے کاٹ دی ہے اور ابتداء عبارت یعنی کفار کہتے ہیں. اس کے بعد اپنی طرف سے (انبیاء واولیاء) کا اضافہ کردیا ہے اور تمام عبارت کا تعلق اولیاء وانبیاء کے ساتھ کردیا جس کا مطلب یہ بن گیا کہ ''انبیاء واولیاء نہ سنتے ہیں نہ دیکھتے ہیں۔ حالانکہ پہلی عبارت کا تعلق بتوں سے تھا کہ وہ نہ دیکھتے ہیں نہ سنتے ہیں وہ کس طرح کرادیتے ہیں۔؟ پھر اس کے بعد مشرکوں کے عقل والے معبود الخ سے بیان کیا کہ پیغمبر وملائکہ قیامت والے دن کہیں گے ہم تمہاری پکار سے غافل تھے''۔ یہاں حضرت مولانا حسین علیؒ نے عبادت کو دعاء کے معنی میں کیا ہے کیونکہ انبیاء علیہم السلام کی قبروں کے جو لوگ

سجدہ کرتے تھے، ان کی تو ان کو خبر تھی۔

شاہ صاحب کی خیانت نمبر:2

اسی اشتہار مذکور میں آیت "لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ" کی تفسیر مولانا حسین علیؒ سے نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "کفار ملائکہ (وانبیاء) کو غائبانہ پکارتے ہیں معبود سمجھ کر، وہ نہیں سنتے، اگر بالفرض سن بھی لیں تو بھی کچھ نہیں کر سکتے۔ غائبانہ سمیع وبصیر اللہ تعالی کے غیر کو جاننا شرک ہے۔
(سورۂ فاطر: تفسیر بے نظیر ص: ۳۸)

الجواب:

حضرت شاہ صاحب نے انبیاء کا اضافہ اپنی طرف سے عبارت میں کر دیا۔ گویا یہ آیت انبیاء علیہم السلام پر خواہ مخواہ فٹ کرنا چاہتے ہیں یعنی جس آیت کا انبیاء علیہم السلام سے کوئی تعلق ہی نہیں، اس آیت کو پھر انبیاء علیہم السلام پر لاگو کیا جا رہا ہے۔ کیا یہودی اس سے کوئی بڑی تحریف کرتے ہوں گے۔؟ (اشتہار مذکور کا فوٹو اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں)

۲۰۲

رئیس جماعت اشاعۃ التوحید و السنۃ، رئیس المفسرین، سند المحدثین، قدوۃ الفقہاء
سلطان العارفین، الامام العلامۃ

مولانا حسین علی رحمہ اللہ تعالیٰ رحمۃً واسعۃً

کی تصنیفِ لطیف "تفسیرِ بے نظیر" (التبیان) میں قرآن کریم کے مطابق

ایک مسلمان کا صحیح عقیدہ

(کفار) کہتے ہیں (انبیاء و اولیاء) اللہ تعالیٰ سے کرا دیتے ہیں۔ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ۔ جو نہ سُنتے ہیں اور نہ دیکھتے ہیں، وہ کس طرح کرا دیتے ہیں۔ (سورۃ یونس ع۱۲، ص۱۷)

○ قیامت میں کہیں گے: اِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ، یعنی تمہارے پکارنے کی ہم کو کچھ خبر نہیں۔ (سورۃ یونس ص۱۷)

○ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ۞ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ وَلَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ۔ (فاطر)

کفار ملائکہ (وانبیاء) کو غائبانہ پکارتے ہیں معبود سمجھ کر وہ نہیں سُنتے۔ اگر بالفرض سُن بھی لیں، تو بھی کچھ نہیں کر سکتے۔ غائبانہ سمیع و بصیر اللہ تعالیٰ کے غیر کو جاننا شرک ہے۔ (سورۃ فاطر ص۳۸)

○ حالانکہ وہ تو نہ کسی چیز کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ انکو کچھ خبر ہوتی ہے لوگوں کے پکارنے کی۔ (سورۃ فاطر ص۳۸)

○ حاصل یہ ہوا دُنیا میں کفار معبودوں کو شفعاء سمجھ کر پکارتے ہیں یہ پکارنا ان کا شرک ہے انکے پکارنے کی انکے معبودوں کو خبر نہیں نہ کوئی شفاعت کرتے ہیں۔ (سورۃ فاطر ص۳۸)

○ فھٰذا النوع من خطاب الملٰئکۃ والانبیاء والصّٰلحین بعد موتھم عند قبورھم و فی مغیبھم و خطاب تماثیلھم ھو اعظم انواع الشرک الموجود فی المشرکین۔ (سورۃ الجاثیہ ص۵)

○ وہ لوگ جو انبیاء اور صالحین کو بعد موت کے نزدیک پکارتے ہیں وہ بھی مشرک ہیں۔ (جاثیہ ص۵)

○ غیر اللہ کو غائبانہ مت پکارو، کارساز غیب دان سوائے اسکے کوئی نہیں۔ (سورۃ الاحقاف ص۵)

ــ ھٰؤلاء شفعاؤنا عند اللّٰہ ... مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى۔ (زمر)

ایک وضاحت:

اس اشتہار میں ہے ''وہ لوگ جو انبیاء اور صالحین کو بعد موت کے نزدیک سے پکارتے ہیں، وہ بھی مشرک ہیں۔ (سورہ جاثیہ تفسیر بے نظیر ص:۵۲) اس عبارت کے نقل کرنے میں بھی خیانت کا ارتکاب کیا گیا ہے اصل عبارت ملاحظہ ہو۔ ''قاعدہ جلیلہ ص:۲۵ میں ہے وہ لوگ جو انبیاء اور صالحین کو بعد موت کے نزدیک سے پکارتے ہیں، وہ بھی مشرک ہیں''۔ (تفسیر بے نظیر ص:۱۱۲ تا ۱۱۳)

معلوم ہوا اصل عبارت قاعدہ جلیلہ ابن تیمیہ ؒ کی ہے جو سماع موتی کا زبردست قائل ہے۔ حضرت مولانا حسین علی صاحبؒ نے ان کی عبارت کا خلاصہ نکالا ہے، اصل عبارت بعینہ اس طرح قاعدہ جلیلہ میں نہیں ہے۔ اس عبارت سے مراد یہ ہے کہ ''جو لوگ انبیاء وصالحین کو بعد موت کے حاجت روا اور مشکل کشا سمجھتے ہوئے نزدیک سے پکارتے ہیں، وہ بھی مشرک ہیں''۔

مولانا عبدالحق حقانی:

مولانا عبدالحقؒ آیت مذکورہ کی تفسیر میں لکھتے ہیں: ''تم ان بتوں سے کیا عزت ڈھونڈتے ہو۔؟ اول تو ان کو اختیار ہی نہیں۔ دوم "اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَ كُمْ" اگر تم ان کو پکارو بھی تو وہ تمھارا پکارنا نہیں سنتے، کس لئے کہ جمادات بے حس وحرکت ہیں۔ (تفسیر حقانی ج:۶ ص:۱۲۸) مطلب یہ ہوا کہ یہ آیت کافروں کے بارے میں نازل ہوئی جو بتوں کو معبود و حاجت روا مانتے تھے۔

مولانا سید امیر علی صاحب:

فرماتے ہیں: "اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَ كُمْ" اگر تم ان کو پکارو گے تو وہ تمھاری پکار نہیں سنیں گے۔

ف: '' کیونکہ تم جن مورت کو بناتے ہو وہ تم سے زیادہ عاجز ہے کیونکہ تم میں اللہ تعالی نے سننے کی

روح رکھی ہے اوران مورتوں میں کچھ بھی نہیں ہے۔اگر فرض کرو کہ وہ سنتے ہیں تو بھی تمھارا کچھ فائدہ نہیں"۔ (تفسیر مواہب الرحمٰن ج:۲۲ ص:۲۲۰ سورۂ فاطر پارہ:۲۲)

حضرت شاہ عبدالقادر صاحب دہلویؒ:

فرماتے ہیں:"یعنی اگر دعاء مانگو بتوں سے،جن کو شریک کرتے ہو خدا تعالی کے ساتھ تو وہ نہیں سنتے تمھارے پکارنے کو کیونکہ وہ بے جان ہیں۔ (موضح القرآن)

علامہ ملا حسین الواعظ الکاشفیؒ:

فرماتے ہیں: "لا یسمعوا" نے شنوند "دعاء کم" خواندن شمارا زیرا کہ جماد اند و جماد راشنوائی نباشد۔ (تفسیر حسینی مع ترجمہ شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ ص:۹۸۱) (ترجمہ):وہ تمھاری پکار کو نہیں سنتے کیونکہ جماد محض ہیں اور جماد کی ساعت نہیں ہوتی۔

تفسیر جواہر القرآن:

"باقی رہے تمھارے خود ساختہ کارساز،جن کو تم حاجات و بلیات میں غائبانہ پکارتے ہو وہ تو ایک چھلکے کا اختیار بھی نہیں رکھتے،(الی ان قال) اور قیامت کے دن تمھارے خود ساختہ معبود ،جن کو تم دنیا میں پکارتے ہو،تمھارے اس شرک غائبانہ پکار کا انکار کریں گے"۔(تفسیر جواہر القرآن ج:۴ ص:۹۷۲)

یعنی یہ آیت کفار کے بارے میں نازل ہوئی ہے جو خدا تعالی کے سوا دوسرے خود ساختہ معبود بنا رکھے تھے جن کو عالم الغیب،حاجت روا و مشکل کشا مانتے تھے۔

تفسیر بلغۃ الحیران:

جو شخص غائبانہ نداء کرتا ہے کسی چیز کو اس اعتقاد سے کہ وہ حاجات روا کنندہ ہے یا خواہ مخواہ کروا دے گا،بایں اعتقاد کہ میرے لئے حق تعالی سے دعاء مانگے گا،لیکن اس کا یہ اعتقاد ہے کہ جس کو میں پکارتا ہوں ہر وقت سننے جاننے والا ہے،یہ نداء شرک ہے اور عبادت ہے............

وقال تعالی فی سورة فاطر :"اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَ كُمْ وَلَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ"۔(بلغة الحيران ص:۵۱ تا ۵۲) یعنی یہ آیت اس مشرک وکافر کے بارے میں نازل ہوئی ہے جو غائبانہ طور پر کسی کو حاجت روا ومشکل کشا سمجھتے ہوئے پکارے یا اس اعتقاد سے پکارے کہ وہ خود تو حاجت روا نہیں لیکن خدا تعالی سے مانگ کر خواہ مخواہ (خدا تعالی چاہے یا نہ چاہے) کروالے گا اور یہ خواہ مخواہ کروانے والا غائبانہ پکار کو ہر وقت سننے والا ہے اور عالم الغیب بھی ہے، تو ایسی نداء یقیناً شرک ہے، کیونکہ یہ نداء تو خدا تعالی کے ساتھ خاص ہے اور اس کی عبادت ہے۔

تفسیر جلالین:

تفسیر جلالین میں ہے: والذین تدعون تعبدون من دونه ای غیره وهم الاصنام (جلالین :ص ۳٦۵) اور جن کی تم عبادت کرتے ہو خدا تعالی کے سواوہ بت ہیں۔

تفسیر جمل:

تفسیر جمل میں ہے: بانه جماد لیس من شانه السماع الخ ابوالسعود (جمل علی الجلالین ج: ۳ ص: ۴۹۰) کیونکہ یہ بت جماد محض ہیں وہ سننے کی اہلیت ہی نہیں رکھتے۔

تفسیر ابن کثیر:

تفسیر ابن کثیر میں ہے: والذین تدعون من دونه ای من الاصنام والانداد التی هی علی صورة من تزعمون من الملائکة المقربین۔ یعنی جن کو تم پکارتے ہو خدا تعالی کے سوا، وہ بت ہیں جو مقرب فرشتوں کی شکل وصورت پر تم نے اپنے گمان میں بنا رکھے ہیں، وہ چھلکے برابر کے مالک نہیں۔ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَ كُمْ یعنی الالهة التی تدعونها من دون الله لا تسمع دعاء کم لانها جماد لاروح فیها (تفسیر ابن کثیر ج:۲ ص: ۵۵۱) اگر تم ان کو بلاؤ تو وہ تمھاری پکار نہیں سنتے، وہ معبود جن کو تم اللہ تعالی کے سوا پکارتے ہو وہ

نہیں سنتے کیونکہ وہ محض جماد ہیں جن میں روح نہیں ہیں۔

تفسیر روح المعانی:

بانه جماد ليس من شانه السماع هذا اذا كان الكلام مع عبدة الاصنام ويحتمل ان يكون مع عبدتها و عبدة الملائكة وعيسى وغيرهم من المقربين وعدم السماع حينئذ اما لان المعبود ليس من شانه ذلك كالاصنام واما لانه في شغل شاغل وبعد بعيد عن عابده كعيسى عليه السلام وروى هذا عن البلخي او لان الله عزوجل حفظ سمعه من ان يصل اليه مثل هذا الدعاء لغاية قبحه وثقله على من سمع من هو في غاية العبودية لله سبحانه۔ (روح المعاني ج:۲۲ ص:۱۸۲)

کیونکہ جماد محض ہیں ان میں سننے کی صلاحیت ہی نہیں، یہ اس وقت ہے جب بات بت پرستوں سے اور یہ بھی احتمال ہے کہ گفتگو ان لوگوں سے ہو جو بت پرست بھی ہوں اور ساتھ ساتھ فرشتوں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور دیگر مقربین کی عبادت کرنے والے ہوں، اس وقت نہ سننا یا تو اس بناء پر ہے کہ اس میں سننے کی صلاحیت ہی نہیں جیسے بت ہیں یا نہ سننا اس بناء پر ہے کہ وہ اپنے شغل میں مصروف ہیں اور عبادت کرنے والے سے دور ہیں جیسے عیسیٰ علیہ السلام اور یہی بات بلخیؒ سے منقول ہے یا نہ سننا اس وجہ سے ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے کانوں کو اس قبیح پکار سے محفوظ رکھا تاکہ ان کے کانوں میں یہ گندی بات پہنچے ہی نہیں کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے لئے بہت عاجزی کرنے والے ہیں اور یہ بات ان کے لئے تکلیف دہ ثابت ہوگی۔

یعنی یہ آیت کفار کے بارے میں نازل ہوئی ہے جو بتوں کی عبادت کرتے ہیں یا فرشتوں اور عیسیٰ علیہ السلام و مقربین کی عبادت کرتے ہیں۔ بت تو نہیں سنتے لیکن فرشتے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام وغیرہ دور ہونے کی وجہ سے نہیں سنتے یا خدا تعالیٰ ان کو اچھی باتیں سناتا ہے تاکہ خوش رہیں اور بری باتیں نہیں سناتا تاکہ غمگین نہ ہوں۔

تفسیر قرطبی:

تفسیر قرطبی میں ہے:

ای ان تستغیثوا بھم فی النوائب لا یسمعوا دعائکم لانھا جمادات لا تبصر ولا تسمع (ولو سمعوا ما استجابوا لکم اذلیس کل سامع ناطقا وقال قتادة المعنی لو سمعوا لم ینفعوکم وقیل ای لو جعلنا لھم عقولا وحیلة فسمعوا دعاءکم لکانوا اطوع للہ منکم ولما استجابوا لکم علی الکفر (ویوم القیمة یکفرون بشرککم) ای یجحدون انکم عبدتموھم ویتبرؤن منکم ثم یجوز ان یرجع ھذا الی المعبودین مما یعقل کالملائکة والجن والانبیاء والشیطین ای یجحدون ان یکون مافعلتموہ حقا وانھم امروکم بعبادتھم کما اخبر عن عیسی بقولہ ما یکون لی ان اقول مالیس لی بحق ۔ویجوز ان یندرج فیہ الاصنام ایضا

اگر تم مصیبتوں میں ان سے فریاد کرو تو وہ تمھاری پکار کو نہیں سنتے کیونکہ وہ محض جماد ہیں نہ دیکھتے ہیں نہ سنتے ہیں (اور بالفرض سن بھی لیں تو نفع نہیں پہنچا سکتے) کیونکہ ہر سننے والا بولنے والا نہیں ہوتا اور قتادہؒ نے فرمایا کہ معنی یہ ہے کہ اگر سن لیں تو نفع نہیں دے سکتے اور کہا گیا ہے کہ اگر ہم ان بتوں کو عقل والا زندہ بنادیں پس وہ تمھاری پکار سن لیں تو وہ تم سے زیادہ اللہ تعالی کے فرمانبردار ہوں گے اور تمھیں کفر پر رہنا پسند نہ کریں (اور قیامت کے دن تمھارے شرک کا انکار کریں گے) یعنی تمھاری عبادت کا انکار کریں گے اور اپنی براءت کا اظہار کریں گے پھر یہ انکار کرنا جائز ہے کہ عقل والے معبودوں کی طرف لوٹے جن کو کفار نے معبود بنایا تھا جیسے جن، انبیاء اور شیاطین جیسے عیسی علیہ السلام کا قول قرآن مجید میں ہے (میرے لئے یہ حق نہ تھا کہ میں ان کو ناحق بات کا حکم کرتا) اور یہ بھی جائز ہے کہ ان انکار کرنے والوں میں بت بھی مندرج ہوں

ای یحیها الله حتی تخبر انها لیست اهلا للعبادة ۔ (تفسیر قرطبی ج:١٤ ص:٣٣٦)

کہ ان میں اللہ تعالی حیات پیدا کردے اور وہ خود بتائیں کہ وہ عبادت کے اہل نہیں ہیں۔

علامہ قرطبیؒ "اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَاءَ كُمْ" کو بتوں کے ساتھ خاص کرتے ہیں۔یعنی اس میں دوسرا کوئی احتمال نہیں۔البتہ "وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ" کے متعلق "ثم یجوز" سے اس کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اس سے مراد صرف ذوی العقول ہیں جو قیامت والے دن اس شرک سے انکار کریں گے اور "ویجوز ان یندرج" سے دوسرا احتمال یہ بیان کرتے ہیں کہ انکار کرنے والوں میں جائز ہے کہ بت بھی مندرج ہوں کہ اللہ تعالی ان میں حیات پیدا کردے اور وہ اپنی عبادت کے اہل ہونے کا انکار کرسکیں۔

نیلوی صاحب کا دھوکہ:

نیلوی صاحب لکھتے ہیں: کہ مطلب یہ ہے کہ "اَلَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ" سے مراد صرف عقلمند معبود بھی لے سکتے ہیں۔جیسے فرشتے،جن،ولی،شیطان الخ (ندائے حق ج:۲ص:۵۵)
حالانکہ "ثم یجوز" کا تعلق صرف "وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ" سے ہے کیونکہ "ویجوز ان یندرج" الخ سے بتوں کو شامل کرنا چہ معنی دارد......! جب کہ پہلے "اِنْ تَدْعُوْهُمْ" کے تحت ان کا ذکر آچکا ہے۔راقم الحروف نے نیلوی صاحب پر "قہر حق" ج:۱ص:۱۳۵و۱۳۶ میں گرفت کی تھی لیکن اس میں کچھ خامی ہے اسی لئے اس عبارت کو اس ترجمہ وتشریح کے مطابق بنایا جائے اور اسی طرح سمجھا جائے۔

تفسیر فتح القدیر:

قاضی شوکانی غیر مقلد اس آیت کی تشریح میں لکھتے ہیں کہ: وہ اس لئے نہیں سنتے "لکونها جمادات" (کیونکہ وہ جماد ہیں)۔(تفسیر فتح القدیر ج:۴ ص:۳۴۳)

تفسیر مظہری:

تفسیر مظہری میں ہے:"وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ ای الذين تعبدونها من الاصنام و غيرها كائنة مِنْ دُوْنِهٖ تعالى (الى ان قال) لَا يَسْمَعُوْا دُعَاءَكُمْ لانها جمادات" (مظہری ج:۸ ص:۵۰) اور جن کو تم پکارتے ہو یعنی جن کی تم عبادت کرتے ہو، بت وغیرہ جو خدا تعالی کے سوا ہیں، ان کو پکارو تو نہیں سنتے کیونکہ وہ جماد محض ہیں۔

تفسیر بیضاوی:

تفسیر بیضاوی میں ہے:"اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَاءَكُم لانهم جماد" (بیضاوی ج:۲ ص:۲۷۰) اگر تم ان کو بلاؤ تو وہ تمھاری پکار کو نہیں سنتے کیونکہ وہ جماد محض ہیں۔

تفسیر خازن:

تفسیر خازن میں ہے:"اِنْ تَدْعُوْهُمْ يعنى الاصنام لَا يَسْمَعُوْا دُعَاءَكُم يعنى انهم جماد" (خازن ج:۴ ص:۳۰۰) اگر تم ان کو بلاؤ یعنی بتوں کو تو وہ تمھاری پکار نہیں سنتے کیونکہ وہ جماد ہیں۔

تفسیر بغوی:

تفسیر بغوی میں ہے:"اِنْ تَدْعُوْهُمْ يعنى ان تدعو االاصنام لَا يَسْمَعُوْا دُعَاءَكُمْ" (معالم التنزيل للبغوى على هامش الخازن ج:٤ ص:٤٠٠) اگر تم ان کو پکارو یعنی بتوں کو بلاؤ تو وہ تمھاری پکار نہیں سنتے۔

تفسیر ترجمان القرآن:

تفسیر ترجمان القرآن میں ہے:ان تدعوهم الاية۔ اگر تم ان سے فریادرسی چاہو حوادث میں وہ نہ سنیں تمھاری پکار کو کیونکہ وہ تو جمادات ہیں، مدرکات میں سے کسی شی کا ادراک نہیں کرتے۔(ترجمان القرآن نواب صدیق حسن خان ج:۱۲ ص:۱۱۲)

خلاصہ کلام یہ ہے کہ اس آیت کی تفسیر کسی مسلمان مفسر نے یہ نہیں کی کہ اس سے مراد مردوں کا سماع عندالقبور اور انبیاء علیہم السلام کا سماع عندالقبور مراد ہے۔ ان لوگوں نے مرزائیوں کی طرح قرآنی آیات میں تفسیر وتشریح اپنی اختراع کے مطابق کر کے مسلمانوں پر کفر کے فتوے لگائے ہیں۔ (العیاذ باللہ) مرزائی لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات بھی قرآن مجید کی آیات سے ثابت کرنے کی ناکام کوشش کر کے مسلمانوں کو قرآن کے نام سے دھوکہ دیتے ہیں۔ بے چارے کم فہم طالب علم بھی ان آیات کو جو کفار کے بارے میں نازل ہوئی ہیں، رقاصہ کی طرح جھوم جھوم کر مسلمانوں پر فٹ کرتے ہوئے ان تکفیر سے باز نہیں آتے۔

ع آگ لگا کر خوش ہونا ہے کام جمالو بی بی کا

دلیل نمبر:2

اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا	اللہ تعالیٰ قبض کرتا ہے جانوں کو موت کے وقت اور
وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا فَيُمْسِكُ	ان کو بھی جو نیند میں ہیں مری نہیں ہیں پس روک
الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ	لیتا ہے اس کو جس پر موت کا فیصلہ کرتا ہے اور
الْاُخْرٰى اِلٰى اَجَلٍ مُّسَمًّى۔	دوسرے کو چھوڑ دیتا ہے ایک وقت مقرر تک۔

اس آیت سے منکرین حیات یوں استدلال کرتے ہیں کہ بعض تفسیروں میں ہے کہ جس پر اللہ تعالیٰ موت کو واقع کرنا چاہتے ہیں اس کے روح کو روک لیتے ہیں اور واپس بدن کی طرف نہیں آنے دیتے۔ اور تفسیر مظہری ج:۸ ص:۲۱۸ میں ہے "ولا یردھا الی البدن حتی ینفخ نفخة البعث"۔ (اور نہیں لوٹاتا اس روح کو بدن کی طرف یہاں تک کہ قیامت قائم ہو جائے۔

الجواب نمبر:1

حضرت قاضی صاحبؒ کا مقصد یہ ہے کہ روح کا لوٹانا پھر اس طرح نہ ہوگا کہ اس کی حیات ہمیں نظر آسکے اور ہمارے شعور میں آسکے بلکہ ایسی حیات تو قیامت والے دن ہوگی۔ قاضی صاحبؒ کی اس عبارت سے یہ کیسے لازم آتا ہے کہ روح کا جسم کے ساتھ کوئی تعلق ہی باقی نہیں

رہتا۔؟ بلکہ حضرت قاضی صاحبؒ تو ''حیات انبیاء علیھم السلام و سماع انبیاء علیھم السلام عند القبور " کے صرف قائل ہی نہیں بلکہ وہ اس پر زبردست دلائل بھی قائم کرتے ہیں بلکہ حضرت قاضی صاحبؒ تو عام مردوں کے سماع عندالقبور کے بھی زبردست قائل ہیں۔ چنانچہ حضرت قاضی محمد ثناء اللہ صاحب پانی پتیؒ (المتوفی ۱۲۲۵ھ) اس سوال کا جواب کہ '' جب ارواح علیین اور سجین میں ہیں اور بدن قبروں میں ہیں تو پھر ان کا آپس میں جوڑ کیسے ہے''۔؟ جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں:

قلنا وجه التطبيق ان مقر ارواح المومنين فى عليين اوفى السماء السابعة و نحو ذلك كما مر ومقر ارواح الكفار فى سجين ومع ذلك لكل روح منها اتصال بجسده فى قبره لا يدرك كنهه الا الله تعالى وبذلك الاتصال يصح ان يعرض على الانسان المجموع المركب من الجسد والروح مقعده من الجنة اوالنار ويحس اللذة او الالم ويسمع سلام الزائر ويجيب المنكر والنكير ونحو ذلك مما ثبت بالكتاب والسنة۔ (تفسير مظهرى ج:۱۰ ص:۱۲٤ تا ۱۲٥)	ہم کہتے ہیں کہ تطبیق یوں ہے کہ مؤمنوں کے ارواح کا مستقر علیین یا ساتواں آسمان اور اس کی مانند کوئی اور جگہ ہے جیسا کہ گزر چکا ہے اور کفار کی ارواح کا مستقر سجین ہے لیکن بایں ہمہ ہر روح کا قبر میں اپنے جسم کے ساتھ تعلق ہے اس تعلق کی حقیقت اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا اور اس اتصال کے بناء پر صحیح ہے کہ انسان پر جو جسم اور روح دونوں کا مجموعہ اور مرکب کا نام ہے اس کا ٹھکانہ جنت کا یا دوزخ کا پیش کیا جائے اور وہ لذت یا دکھ محسوس کرے اور زیارت کرنے والے کا سلام سنے اور منکر ونکیر کا جواب دے اور مثل اس کے دوسری چیزیں جو کتاب اللہ اور سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہیں۔

نیلوی صاحب کی پریشانی:

نیلوی صاحب نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں:"وقیل توضع فیه الحیوة من کل الوجوه "یعنی ایک قول یہ ہے کہ اس میت میں من کل الوجوہ جان ڈالی جاتی ہے جس سے میت میں سب حواس باقاعدہ کام کرتے ہیں۔مگر یہ قول ضعیف ہےاور مسائل فقہ حنفی اس سے آبی ہیں۔

تنبیہ:......صاحب الکافی ابوالبرکات نسفیؒ کے اس قول سے معلوم ہوگیا کہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمہ اللہ کی تفسیر مظہری میں جو "ویسمع سلام الزائر"(کہ میت زیارت کرنے والے کا سلام سنتا ہے) کا اضافہ ہےاس کا منشا یہی قول ضعیف ہے یا تو وہ قاضی صاحب کا اپنا خیال ہے یا بعد میں کسی ناسخ کا اضافہ ہے۔ (ندائے حق جزءاول طبع اول ص:۴۸ وطبع دوم ص:۴۹)

معلوم ہوا کہ حضرت قاضی صاحبؒ کی اس عبارت سے نیلوی صاحب اتنے پریشان ہیں کہ کوئی جواب بھی ان سے تسلی بخش نہیں بن پڑا۔مزید حضرت قاضی صاحبؒ کا عقیدہ آگے بیان ہوگا ان شاءاللہ تعالی۔بہرحال تمام مفسرین جن سے اس آیت کی تفسیر بیان کی جاتی ہے وہ حیات انبیاء علیہم السلام کے علاوہ عام مردوں کی حیات کے بھی زبردست قائل ہیں اور آیت "یُثَبِّتُ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَۃِ" کے تحت عذاب قبر اور حیات فی القبر کا اثبات کرتے ہیں اور کفار کے لئے بھی حیات کو ضروری تسلیم کرتے ہیں،وہ انبیاء علیہم السلام کی شان میں حیات کا انکار کرتے ہوئے گستاخی کا ارتکاب کریں، یہ ناممکن ہے۔دراصل یہ مفسرین حضرات موت کے وقوع کا ذکر کررہے ہیں کہ روح کا تعلق بدن سے اس وقت ختم ہو جاتا ہے،باقی اس موت کے بعد حیات فی القبر پر تمام مفسرین کا اتفاق ہے۔

چنانچہ مولانا حسین علی صاحبؒ فرماتے ہیں:''اللہ نفسوں کو قبض کرتا ہے دو وقتوں میں ایک تو موت کے وقت میں دوسرا نیند میں،اور قبض کر کے دو طریقے کرتا ہے بعضوں کو تو اپنے پاس رکھتا ہے یعنی بالکل ماردیتا ہے اور بعضوں کو نیند کے وقت قبض کر کے چھوڑ دیتا ہے۔ (بلغۃ الحیران ص:۲۸۹)

مفسرین کی بات کو ان کے نظریہ کے خلاف فٹ کرنا یہ "توجیہ القائل بمالا یرضی بہ قائلہ" کے درجے میں ہے جو قطعاً قابل قبول نہیں۔ نیلوی صاحب ایک مقام پر لکھتے ہیں:''پس مسئلہ نزاعیہ میں تصریحات کو نظر انداز کرنا اور ادھر ادھر کے رطب و یابس اقوال یا تاویلات سے کام چلانا سخت غلطی ہے''۔(ندائے حق جلد ثانی ص:۳۷۷)

نیز لکھتے ہیں:''حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''جو شخص اپنی رائے سے قرآن پاک کی تفسیر کرے تو اسے چاہیے کہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے''۔(مشکوۃ ص:۳۵) (ندائے حق جلد ثانی ص:۲۶۳)

جواب نمبر:2

اللہ تعالیٰ نفسوں کو قبض کرتا ہے۔ نفس اور چیز ہے اور روح اور چیز ہے۔ روحوں کے قبض کرنے کے لئے فرشتے اللہ تعالیٰ نے مقرر کر دیئے ہیں جب تک روح قبض نہ کئے جائیں موت واقع نہیں ہوتی۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

(۱):...... قُلْ يَتَوَفّٰكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِىْ وُكِّلَ بِكُمْ (سورۃ السجدۃ ایت:۱۱ پارہ ۲۱) آپ فرما دیجئے کہ اے لوگو! تمھارا روح قبض کرے گا موت کا فرشتہ (عزرائیل علیہ السلام) جو تمھارے لئے مقرر کیا گیا ہے۔

(۲):...... حَتّٰى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا (سورۃ الانعام ایت:۶۱ پارہ: ۷) یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی ایک کی موت کا وقت مقرر آجاتا ہے تو اس کا روح فرشتے ہمارے قبض کرتے ہیں۔

(۳):...... حَتّٰى اِذَا جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُم (سورۃ الاعراف ایت:۳۷ پارہ :۸) یہاں تک کہ ان کے پاس ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے آجاتے ہیں اور ان کا روح قبض کرتے ہیں۔

(۴):...... وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ۔(سورۃ الانفال ایت : ۵۰ پارہ : ۱۰) اور جب تو دیکھے اے مخاطب! جس وقت

کافروں کے روح قبض کرتے ہیں فرشتے تو مارتے ہیں ان کے منہ اور پیٹھ پر۔

(۵):......فَكَيْفَ إِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُم(سورة محمد ایت:۲۷ پاره : ۲٦) پس کیسی حالت ہوگی جب ان کفار کے روح قبض کرتے ہوئے فرشتے ان کے منہ اور پیٹھ پر ماریں گے۔

احادیث نبویہ سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ فرشتے روح قبض کرنے کے لئے آتے ہیں، نیک روح کے اعزاز کے لئے ریشمی رومال لاتے ہیں اور اس میں لپیٹ کر لے جاتے ہیں اور برے روح کے لئے ٹاٹ کی طرح کپڑے کا ٹکڑا لاتے ہیں، کافر کی روح جسم میں بھاگتی ہے تو فرشتے اسے مار مار کر نکالتے ہیں۔لیکن فرشتوں کی اس مار کو کوئی نہ دیکھ سکتا ہے نہ سن سکتا ہے تو عذاب قبر کا یہ بدبخت انسان کیونکر انکار کرتا ہے۔مولانا سجاد بخاری صاحب لکھتے ہیں:اس آیت کی تفسیر میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں:بیضاوی ج:۲ص ۲۵۸)

ان فی ابن آدم نفسا وروحا بینهما مثل شعاع الشمس فالنفس التی بها العقل والتمییز والروح التی بها النفس والحیوة فتتوفیان عند الموت وتتوفی النفس وحدها عند النوم (اقامة البرهان ص:١٥٦)	ابن آدم میں ایک نفس ہے اور ایک روح دونوں کے درمیان سورج کا سا تعلق ہے نفس پر عقل وتمیز کا مدار ہے اور روح سے نفس اور حیات قائم ہے موت کے وقت دونوں کو اٹھا لیا جاتا ہے اور نیند کے وقت صرف نفس کو۔

تو نفس کے قبض ہو جانے کے باوجود موت واقع نہیں ہوتی جیسے نیند کی حالت میں لیکن جب روح بھی قبض ہو جائے تو موت واقع ہو جاتی ہے۔تفسیر جواہر القرآن ج:۳ ص:۹۰۵ میں سماع موتی کی بحث میں نفس اور روح کا فرق بیان کیا گیا ہے۔اور اسی طرح موضح القرآن کے اندر بھی حضرت شاہ عبدالقادرؒ دو روح کا ذکر کرتے ہیں۔دیکھئے (موضح القرآن بحوالہ جواہر القرآن ج:۴ ص:۱۰۳۲) بہرحال آیت کا مطلب واضح ہے اس آیت سے موت کے بعد حیات کا

بالکل انکار کم عقلی یا ہٹ دھرمی ہے۔ خدا تعالیٰ ہدایت کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

دلیل نمبر:3

نیلوی صاحب لکھتے ہیں: ''دلیل نمبر؛۹ اللہ تعالیٰ نے حضرت عزیر علیہ السلام کا واقعہ بیان فرمایا: او کالذی مر علی قریة الخ (یعنی اے نبی!) آیا آپ نے اس بزرگ (عزیرؑ) کے حال پر غور نہیں فرمایا جو ایک بستی (بیت المقدس) پر سے ہو کر گزرے الخ (ندائے حق جلد ثانی ص:۲۱)

اس دلیل سے عدم حیات وعدم سماع پر اس طرح استدلال کیا گیا ہے کہ حضرت عزیر سو سال فوت رہے بعد میں زندہ ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے پوچھا تو کتنا ٹھہرا رہا۔؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ ایک دن یا آدھا دن۔

الجواب الاول:

قرآن مجید کے اندر اس واقعہ میں حضرت عزیر کا ذکر نہیں ہے بلکہ قرآن مجید کے الفاظ "او کالذی مر الخ" سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کسی شخص کا واقعہ ہے جو ایک بستی سے گزرا۔ حدیث پاک میں بھی اس شخص کی تعیین مذکور نہیں کہ یہ شخص کون تھا۔؟ بعض صحابہ کرامؓ کے اقوال سے اس شخص کی تعیین معلوم ہوتی ہے کہ یہ شخص حضرت عزیر تھے لیکن ان اقوال کی سند صحیح نہیں ہے اس لئے اس شخص کی تعیین میں مفسرین کے اقوال مختلف ہیں۔ بعض حضرات نے کہا کہ یہ نبی تھے جس کا نام ارمیا تھا، بعض نے کہا یہ حزقیل تھے، بعض نے کہا کوئی اسرائیلی شخص تھا اور بھی اقوال نقل کئے گئے ہیں لیکن مشہور قول یہ ہے کہ یہ شخص حضرت عزیر تھے لیکن قرآن وحدیث میں تعیین نہ ہونے کی وجہ سے یقین سے نہیں کہا جا سکتا یہ شخص حضرت عزیر تھے اس لئے اس واقعہ کی بناء پر حیات انبیاء علیہم السلام کا انکار کرنا یا سماع عند القبور کا انکار کرنا درست نہیں ہے۔

الجواب الثانی:

حضرت عزیر کے بارے میں قرآن وحدیث میں یہ وضاحت نہیں ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے

نبی تھے البتہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے نیک بندے تھے، یہودیوں نے ان کو اللہ تعالیٰ کا بیٹا کہہ دیا بلکہ ابوداؤد شریف میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "وما أدری اعزیر نبی ام لا "۔ (ابو داؤد ج: ۲ ص: ۲۸۶ باب فی التخییر بین الانبیاء علیهم السلام) اور میں نہیں جانتا کہ عزیر نبی تھے یا نہیں۔؟ یہ حدیث موضوعات کبیر لملاعلی ص:۱۲۷ تہذیب تاریخ ابن عساکر ج:۳ ص:۳۲۵ و جامع بیان العلم لابن عبدالبرج:۲ ص:۷۷ میں بھی ہے، البتہ حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ حضرت عزیر اللہ تعالیٰ کے نبی تھے اور اس روایت کو امام حاکمؒ و علامہ ذہبیؒ نے بخاری ومسلم کی شرط پر صحیح کہا ہے۔ دیکھئے (مستدرک ج:۲ ص:۲۸۲) لیکن راقم الحروف کے نزدیک یہ روایت جھوٹی ومن گھڑت ہے کیونکہ حضرت عزیر اگر اللہ کے نبی تھے تو پھر ان کا جسم صحیح سلامت رہتا (جیسا کہ نیلوی صاحب نے بھی لکھا ہے کہ ان کا جسم سو سال تک صحیح سلامت رہا دیکھئے ندائے حق جلد ثانی ص:۲۲) حالانکہ روایت میں ہے کہ سب سے پہلے ان کی آنکھیں پیدا کی گئیں اور اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے تھے کہ ان کی ہڈیاں آپس میں جڑنے لگ گئیں پھر ان کو گوشت و پوشت پہنایا گیا۔

بہر حال اس آیت سے انبیاء علیہم السلام کی حیات فی القبور اور سماع عند القبور کے انکار پر استدلال کرنا قطعاً درست نہیں ہے۔

الجواب الثالث:

حضرت عزیر علیہ السلام جس مقام پر تھے وہاں نہ کوئی آدمی گیا نہ جانور گیا یہی وجہ ہے کہ پانی اور روٹی تر و تازہ وہاں موجود رہیں۔ حضرت شیخ الہندؒ لکھتے ہیں: ''سو برس تک اسی حال میں رہے اور کسی نے نہ ان کو وہاں آکر دیکھا نہ ان کو خبر ہوئی''۔ (حاشیہ شیخ الہند مع تفسیر عثمانی پارہ:۳) تو کسی کے آواز سننے یا اس کے پہچاننے کا یہاں سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ اس واقعہ سے خواہ مخواہ مسئلہ عدم سماع کا کشید کر لیا جائے اور نہ مفسرین کرامؒ کے ذہن میں ایسی کوئی بات کھٹکی ہے۔

الجواب الرابع:

لَبِثْتُ يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ (کہ میں ایک دن پورا یا کچھ دن ٹھہرا رہا) سے عدم حیات یا عدم سماع پر استدلال کرنا درست نہیں ورنہ اصحاب کہف جو سوئے رہے انہوں نے بھی "لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ" پارہ:۱۵ (کہ ہم ایک دن یا کچھ دن ٹھہرے رہے) بیداری کے بعد کہا تھا اصحاب کہف میں حیات نہ تھی۔ اور کافروں سے جب قیامت کے دن اللہ تعالی پوچھیں گے۔ "كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْئَلِ الْعَآدِّيْنَ ﴿۱۱۳﴾ قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا" (کہ تم زمین میں (دنیا کی حیات میں) کتنی مدت ٹھہرے رہے تو وہ کہیں گے ایک دن یا آدھا دن پس اللہ تعالی آپ حساب کرنے والوں سے پوچھ لیں اللہ تعالی فرمائیں گے تم نہیں ٹھہرے مگر اس سے بھی کم)۔

کافر تو دنیا میں زندہ تھے ساٹھ سال یا کم وبیش اس دنیا میں گزار گئے تھے، حیات بھی تھے، جانتے بھی تھے، تو وہ بھی "لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ" سے جواب دیں گے جس سے واضح طور پر ثابت ہوا کہ حضرت عزیر کے بھی "لَبِثْتُ يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ" سے عدم حیات یا عدم سماع پر استدلال کرنا التفات کے قابل نہیں۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ کافر شدت احوال قیامت سے گھبرا کر "لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ" کہیں گے۔

جواب:...... اگر یہ بات ان کی غلط تھی تو اللہ تعالی نے کیوں تصدیق کی ہے کہ تم تو اس سے کم ٹھہرے ہو۔؟ معلوم ہوتا ہے دراصل بات اور ہے وہ یہ ہے کہ قرآن مجید کہتا ہے کہ "وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ" (پارہ:۱۷ سورہ حج آیت:۴۷) اور تیرے رب کے ہاں ایک دن ہزار سال کے برابر ہے جس کو تم شمار کرتے ہو۔ معلوم ہوا کہ برزخ کا ایک دن دنیا کے ہزار سال کے برابر ہے اس لئے حضرت عزیر نے اس کا حساب درست بتایا اور اصحاب کہف بھی نیند کی حالت میں برزخ کا نظارہ کر رہے تھے، انہوں نے بھی درست کہا اور کفار چونکہ ایک طویل زمانہ عالم برزخ میں گزار کر خدا تعالی کے حضور موجود ہیں، اس لحاظ سے وہ بھی برزخ کے حساب

سے اپنی دنیا کی زندگی بتارہے ہیں اور خدا تعالی ان کی تصدیق کررہا ہے۔

دلیل نمبر:4

نیلوی صاحب دلیل نمبر ۱ کے تحت لکھتے ہیں "اِنَّمَا یَسْتَجِیْبُ الَّذِیْنَ یَسْمَعُوْنَ ط وَالْمَوْتٰی یَبْعَثُهُمُ اللّٰه "۔ تیری پکار وہ ڈراوے کو وہی قبول کریں گے جو کلام کو سنتے اور سمجھتے ہیں اور مردوں یعنی کافروں کو تو اللہ تعالی قبروں سے اٹھاوے گا۔ جامع البیان میں ہے "الکفار الذین کالموتی لا یسمعون "یعنی کافران مردوں کی طرح ہیں جو نہیں سنتے الخ (ندائے حق جلد ثانی ص:۲)

الجواب:

سماع کا ایک معنی تو سننا ہے ظاہری کانوں سے، دوسرا معنی قبول کرنا ہے دل کے کانوں سے، جب تک دل کے کانوں سے نہ سنا جائے، فائدہ نہیں ہوتا۔ اور قرآن مجید میں یہ دوسرا معنی بھی بکثرت مستعمل ہے اس کی چند مثالیں ملاحظہ ہوں۔

(۱) سورہ ملک پارہ:۲۹ آیت:۱۰ میں ہے:

"وَقَالُوْا لَوْ کُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا کُنَّا فِیْٓ اَصْحٰبِ السَّعِیْرِ"۔

''اور کہیں گے (کافر) اگر ہم سنتے اور سمجھتے ہوتے تو نہ ہوتے آج دوزخیوں میں''۔ یہاں سننے اور سمجھنے سے مراد قبول کرنا ہے ورنہ ظاہر کانوں سے تو وہ سنتے بھی تھے اور سمجھتے بھی تھے۔

(۲) سورہ اعراف پارہ:۹ آیت:۱۰۰ میں ہے:

" وَنَطْبَعُ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا یَسْمَعُوْنَ "۔

''اور ہم ان کے دلوں پر مہر لگاتے ہیں پس وہ (کافر) نہیں سنتے''۔

(۳) سورہ انفال پارہ:۹ آیت:۲۱ میں ہے:

"وَلَا تَکُوْنُوْا کَالَّذِیْنَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا یَسْمَعُوْنَ "۔

''اور تم ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جو کہتے ہیں کہ ہم نے سن لیا حالانکہ وہ نہیں سنتے''۔

حالانکہ ظاہری کانوں سے وہ یقیناً سنتے تھے لیکن دل کے کانوں سے نہیں سنتے تھے یعنی قبول نہ کرتے تھے۔اس قسم کی مثالوں سے قرآن مجید پر ہے اس قسم کی مزید آیات کی نشاندہی کے لئے سماع موتی ص:۲۷۰ تا ۲۷۷ کا مطالعہ کریں۔کافروں کو اللہ تعالی نے " صــم " (بہرا) کہا ہے۔ "عـمی " (اندھا) کہا ہے،"بـکم " (گنگا) کہا ہے۔"مـوتی "(مردے) کہا ہے حالانکہ ظاہری کانوں سے وہ بہرے نہ تھے اس لئے پیغمبروں کی بات کو جب وہ سننے کے لئے تیار نہ ہوتے تو انگلیوں کو کانوں میں دبا دیتے۔ظاہری آنکھوں کے اندھے نہ تھے بلکہ بصیرت کے اندھے تھے۔ ظاہری زبان بند نہ تھی لیکن حق کی بات کرنے سے زبان بند تھی۔حقیقۃ مردے نہ تھے لیکن ان کی دل مردہ تھی۔یعنی ان چیزوں سے فائدہ نہ اٹھا سکتے تھے اس لئے کافروں کو مردوں سے تشبیہ عدم سماع میں نہیں بلکہ سماع نافع کے عدم میں ہے۔اس کی مزید وضاحت ان شاء اللہ تعالی آگے آئے گی۔ اب مفسرین حضرات کی تفسیر نقل کی جاتی ہے۔

امام قرطبیؒ فرماتے ہیں:

قولـه تـعـالـی اِنَّمَا یَسْتَجِیْبُ الَّذِیْنَ یَسْمَعُوْنَ ای سماع اصغاء و تفهم وارادة الحق وهم المؤمنون الذین یقبلون ما یسمعون فینتفعون به ویعلمون قال معناه الحسن ومجاهد وتم الكلام ثم قال وَالْمَوْتٰی یَبْعَثُهُمُ اللّٰه وهـم الـكـفـار عن الحسن ومجاهد ای هم بمنزلة الموتی فی انهم لا یقبلون ولا یصغون الی حجة ـ (قرطبی ج: ٦ ص:٤١٨)

اللہ تعالی کا فرمان کہ قبول وہ کرتے ہیں جو سنتے ہیں، سے مراد توجہ سے سننا اور سمجھنا اور حق قبول کرنا ہے اور ایسے لوگ مؤمن ہیں جو سنتے ہیں، اسے قبول کرتے ہیں، پھر اس سے نفع اٹھاتے ہیں اور اس پر عمل کرتے ہیں۔یہ کلام پوری ہوگئی ہے۔پھر اللہ تعالی نے فرمایا اور مردوں کو اللہ تعالی قیامت کے دن اٹھائے گا اور یہ لوگ کافر ہیں۔ حسن بصریؒ اور مجاہدؒ سے روایت ہے کہ کفار لوگ بمنزلہ مردوں کے ہیں اس بات میں کہ نہ قبول کرتے اور نہ دلیل کو توجہ سے سنتے ہیں۔

حضرت قاضی ثناءاللہ صاحب پانی پتیؒ فرماتے ہیں:

والموتی یعنی الکافر عبر الله تعالی الکافر بالموتی لان الله تعالی لما طبع علی قلوبهم وعلی ابصارهم فلا یخلق فی قلوبهم العلم بحقیة ماهو حق وبطلان ما هو باطل فلا ینتفعون بالاسماع والابصار کانوا کالموتی۔ مظهری ج:۳ ص:۲٦۱

اور مردے یعنی مراد کافر ہے اللہ تعالی نے کافر کو مردہ سے تعبیر کیا ہے کیونکہ جب اللہ تعالی نے ان کے دلوں اور آنکھوں پر مہر کردی ہے تو پس نہیں پیدا کرتا ان کے دلوں میں اللہ تعالی علم جو حق کو حق اور باطل کو باطل جان سکے پس کفار نہ کانوں سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور نہ آنکھوں سے تو یہ مردوں کی طرح ہو گئے۔

اسی طرح تفسیر خازن ج:۲ ص:۱۳۱ و معالم التنزیل علی الخازن ج:۲ ص:۱۳۱ میں مذکور ہے: ’’یہ گمراہ ازلی ہیں ان کی حیات روحانی جاتی رہی، اس کو انما یستجیب الخ کے ساتھ تعبیر فرماتا ہے کہ ان میں سننے کی اور ماننے کی لیاقت ہی نہ رہی جیسا کہ مردوں میں یہ طاقت نہیں رہی‘‘۔

تفسیر حقانی ص:۴۰۷ کے حاشیہ میں ہے: ’’یعنی جو دل سے سن سکتے ہیں وہی ایمان لاتے ہیں اور یہ زندہ دلوں کا کام ہے اور منکر مردہ دل ہیں پھر مردوں کو دنیا میں کیا ہدایت ہوگی‘‘۔

علامہ سید محمود آلوسیؒ فرماتے ہیں:

والمراد بالسماع الفرد الکامل وهو سماع الفهم والتدبر بجعل ماعداه کلا سماع ای انما یجیب دعوتك الی الایمان الذین یسمعون مایلقی الیهم سماع فهم و تدبر دون الموتی الذین هولاء منهم کقوله

اور مراد سماع سے کامل سماع ہے جس میں تدبر و تفکر ہو اور اس کے ماسوا جو سماع ناقص ہے وہ عدم سماع کی طرح ہے یعنی اے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کی دعوت ایمان کو وہ لوگ سنیں گے جن کو سمجھ و فکر کے ساتھ سننے کی توفیق دی گئی ہے سوا مردوں کے جن میں یہ لوگ کفار بھی شامل ہیں مثل قول

تعالی انك لاتسمع الموتی ۔ (روح المعانی ج:۷ ص:۱۴۱) اللہ تعالی کے اے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم !تو مردوں کو(یعنی کافروں کو) نہیں سنواسکتا۔

حضرت مولانا حسین علی صاحب فرماتے ہیں: اِنَّمَا یَسْتَجِیْبُ الَّذِیْنَ یَسْمَعُوْنَ ای ینیبون اس کی تائید وَمَا یَتَذَکَّرُ اِلَّا اُولُوا الْاَلْبَابِ قوله وَالْمَوْتٰی یَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ۔یعنی جنہوں کے دل مردہ ہیں۔(بلغۃ الحیر ان ص:۱۳۱)

حافظ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں:

وقوله تعالی " اِنَّمَا یَسْتَجِیْبُ الَّذِیْنَ یَسْمَعُوْنَ) ای انما یستجیب لدعائك یا محمد من یسمع الکلام ویعیه و یفهمه کقوله (لینذر من کان حیا و یحق القول علی الکافرین) وقوله(والموتی یبعثهم الله ثم الیه یرجعون) یعنی بذلك الکفار لانهم موتی القلب فشبههم الله باموات الاجساد (ابن کثیر ج:۲ ص:۱۳۰)

اور اللہ تعالی کا یہ قول انما الخ سے مراد یہ ہے کہ آپ کی دعوت کو اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم !وہ شخص قبول کریگا جو سنے اور اس کو دل ودماغ میں جگہ دے مثل قول اللہ تعالی کے تا کہ ڈرائے اس کو جو زندہ ہے (یعنی مؤمن)اور کافروں پر عذاب کا فیصلہ پختہ ہوجائے ۔اور اللہ تعالی کا یہ قول والموتی الخ سے مراد کفار ہیں کیونکہ ان کے دل مردہ ہیں ان کو اللہ تعالی نے مردہ جسموں سے تشبیہ دی ہے(تبلیغ کے قبول نہ کرنے میں)

بہر حال کافروں کو مردہ کہا گیا ہے کہ دل کے مردہ ہیں یعنی تبلیغ کرنے کا ان کو فائدہ نہیں جیسے مردہ کو تبلیغ کرنے کا کوئی فائدہ نہیں کیونکہ اسلام قبول کرنے کا وقت دنیا میں تھا نہ کہ عالم برزخ میں ۔جن مفسرین نے کفار کو مردوں کے ساتھ عدم سماع میں تشبیہ دی ہے ان کی مراد بھی سماع نافع ہے۔ چنانچہ تفسیر جلالین کا حوالہ نیلوی صاحب نے اس آیت کی تفسیر میں یوں پیش کیا ہے۔جلالین میں ہے:والموتی ای الکفار شبههم بهم فی عدم السماع (ندائے حق جلد ثانی ص:۲) کہ مردوں سے مراد یہ کفار ہیں ان کو اللہ تعالی نے تشبیہ عدم سماع میں دی ہے۔علامہ سیوطیؒ

کا مسلک سماع موتی میں مشہور ہے۔

مؤلف کے کلام کی ایسی توجیہ کرنا جو اس کے مشہور عقیدہ کے خلاف ہو "توجیہ القائل بمالا یرضی به قائله" کے قبیل سے ہے اور خیانت و بددیانتی ہے۔

نیلوی صاحب لکھتے ہیں:

''پھر علامہ سیوطیؒ نے جو بات فرمائی ہے کہ مردوں کا ساری مخلوق کے کلام کو سننا بلاشبہ صحیح ہے''۔ (سماع الموتی ص:۱۷۴) کیا آپ کو تسلیم ہے۔؟ اگر تسلیم ہے تو آپ میں اور بریلوی میں کیا فرق ہے۔؟ (الی) اور حضرت شاہ صاحب کا حوالہ دے کر فرماتے ہیں کہ شیخ سیوطیؒ نے اس میں مطلب اور گُر کی بات کی ہے۔ پھر بتایئے کہ شرک اور کس بلا کا نام ہے۔؟ ساری مخلوق کا کلام سننا تو خاصہ اللہ کا ہے۔ پھر یہ شرک حضرت شاہ صاحب کے ذمے لگا دیا۔ (ندائے حق جلد ثانی ص:۳۲۴)

نیز نیلوی صاحب لکھتے ہیں:

''مولوی بدر عالم کے علم سے مرعوب ہو کر بے چارے جمیل احمد تھانوی صاحب لکھ گئے سیوطیؒ کی کتاب الحاوی ج:۲ص:۱۷۴ کا حوالہ دے کر شرک کو مزید منور کر دیا۔

سماع موتی کلام الخلق معتقد جاء ت به عندنا الآثار فی الکتب

یعنی ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ مردے تمام خلقت کی بات سنتے ہیں اس عقیدہ کے حقانیت ثابت کرنے کے لئے ہمارے پاس کتابوں میں لکھے آثار اور احادیث آئی ہیں۔

(ندائے حق جلد ثانی ص:۳۲۵)

نیلوی صاحب کو یہ بات تسلیم ہے کہ علامہ سیوطیؒ سماع موتی کے عقیدہ میں شرکیہ عقیدہ رکھتے ہیں۔ اور مولوی بدر عالم پر بھی ناراض ہیں کہ اس نے ''فیض الباری'' میں حضرت علامہ سید محمد انور شاہ کشمیری صاحبؒ سے سیوطیؒ کے اس عقیدہ کی تائید و تصویب نقل کر کے حضرت شاہ صاحبؒ کے ذمے شرکیہ عقیدہ لگا کر ان کو شرک کی دلدل میں پھنسا دیا ہے۔ حضرت مفتی جمیل احمد مدظلہ پر بھی

ناراض ہیں کہ انہوں نے سیوطیؒ کی کتاب الحاوی ج:۲ ص:۱۷۴ کے حوالے سے اس بات کو نقل کر کے شرک کو مزید منور کیا۔ پس علامہ سیوطیؒ کی مراد جلالین میں بھی عدم سماع سے مراد سماع نافع ہے نہ کہ مطلقاً عدم سماع، جیسا کہ نیلوی صاحب نے اس مقام پر دھوکہ دیا ہے۔

ایک سوال:

نیلوی صاحب سے ہم پوچھتے ہیں کہ اگر معاذ اللہ علامہ سیوطیؒ مشرک ہیں تو آپ نے ندائے حق اور دیگر اپنی کتابوں میں علامہ سیوطیؒ کی کتابوں کے حوالے کیوں دیئے ہیں۔؟ پھر ان کو علامہ اور رحمۃ اللہ علیہ کیوں لکھا ہے۔؟ کیا مشرک بھی آپ کے نزدیک ولی اللہ ہوتا ہے۔؟

شرم تم کو مگر نہیں آتی۔

مثلاً چند حوالے ملاحظہ ہوں:

علامہ سیوطیؒ نے در منثور میں (ندائے حق جلد ثانی ص:۲۲) علامہ سیوطیؒ جیسے وسیع النظر عالم (ندائے حق جزء ثانی از جلد اول ص:۱۸۷) الحاوی للفتاوی ج:۱ ص:۳۸۱ میں علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے مسند احمد وسنن ابی داؤد کے حوالے سے حدیث نقل فرمائی ہے (ندائے حق جزء اول از جلد اول طبع دوم ص:۱۸) فرمان سیوطیؒ (ندائے حق جزء اول ص:۱۸۵ طبع دوم)۔ امام جلال الدین سیوطیؒ (ندائے حق جزء اول طبع دوم ص:۱۰۹)

کیا مردے پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتے ہیں یا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مردوں کی ہدایت کے لئے بھیجے گئے تھے کہ قبرستان میں جا کر ان کو تبلیغ کریں ایسا قطعاً نہیں ہوسکتا۔

قرآن مجید کی اصطلاح:

قرآن مجید کا اصول ہے کہ دو متضاد چیزوں کو بیان کرتا ہے، کیونکہ مشہور ہے کہ "وبضدها تتبین الاشیاء" (کہ مختلف متضاد چیزوں کے بیان کرنے سے حقیقت واضح ہوتی ہے) جہاں قرآن مجید جنت اور اس کی نعمتوں کو بیان کرتا ہے وہاں جہنم اور اس کی تکالیف کا بھی ضرور بیان

کرتا ہے۔ جہاں "اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا" (یعنی مؤمنوں کا ذکر ہے) وہاں "وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْا" (یعنی کفار) کا ذکر بھی ضرور ہوگا۔ جہاں "اُولٰٓـئِكَ اَصْـحٰـبُ الْـجَـنَّةِ" (جنتیوں کا ذکر ہے) وہاں "اُولٰٓـئِكَ اَصْـحٰـبُ النَّارِ" (دوزخیوں کا) ذکر بھی ضرور ملے گا۔ جہاں آسمان کا ذکر ہوگا اس کے ساتھ زمین کا ذکر بھی ضرور ملے گا۔ چنانچہ اس مذکورہ بالا آیت میں کافروں کو مردہ، بہرا اور پھر ان کو اندھا کہا گیا ہے۔ اور اس کے مدمقابل فرمایا "اِنْ تُسْـمِـعُ اِلَّا مَـنْ یُّـؤْمِنُ بِـاٰیٰتِـنَـا فَهُـمْ مُّسْلِمُوْنَ" (تو نہیں سنا سکتا مگر ان کو جو ہماری آیات پر ایمان لائیں اور اس کو دل سے تسلیم کرنے والے ہوں) یعنی ہدایت کی بات مسلمان قبول کرتے ہیں۔ اور سورۂ یسین میں "لِّیُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَیًّا وَّیَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِیْنَ" (تاکہ ڈرائے اس کو جو زندہ ہو اور کافروں پر خدا تعالیٰ کے عذاب کا فیصلہ پختہ ہو جائے) اس آیت میں زندہ سے مراد مؤمن ہے اس کے مدمقابل کافروں کا ذکر ہے۔

نیلوی صاحب جب علامہ سیوطیؒ کو امام بھی تسلیم کرتا ہے اور رحمۃ اللہ علیہ بھی ان کے نام کے ساتھ لکھتا ہے تو نیلوی صاحب ان کا مقتدی ثابت ہوا۔

بے حیا باش، و ہر آنچہ خواہی، کن

پھر مولانا بدر عالم رحمۃ اللہ علیہ پر ناراض ہونا کہ انہوں نے "فیض الباری" میں علامہ محمد انور شاہ کشمیری صاحبؒ کے ذمے شرک کی بات لگادی ہے۔ (معاذ اللہ) حالانکہ یہ اشعار اور عقیدہ خود علامہ سید محمد انور شاہ صاحبؒ اپنی کتاب "مشکلات القرآن" میں تحریر فرماتے ہیں۔ چنانچہ حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: وقال شیخنا انور المشائخ فی مشکلات القرآن نظماً

ع سماع موتی کلام الخلق قاطبة قد صح فیہ لنا الآثار فی الکتب

(احکام القرآن الحزب الخامس ص:۲۹ و ص:۱۰۴)

(اور ہمارے شیخ علامہ محمد انور شاہ صاحبؒ "مشکلات القرآن" میں ایک نظم پیش کرتے ہیں کہ

مردوں کا سننا تمام مخلوق کی باتوں کو صحیح احادیث سے ثابت ہے، جو کتابوں میں لکھی ہوئی موجود ہیں) نیلوی صاحب بے چارہ مخبوط الحواس ہے اور مخبوط الحواسی کی حالت میں وہ اکابر علمائے اسلام کو مشرک اور کافر بھی کہہ دیتا ہے۔

علامہ سیوطیؒ کی عبارت کی وضاحت:

علامہ سیوطیؒ کی عبارت "سماع موتی کلام الخلق قاطبة" سے مراد عند القبر سننا ہے، جو قبر کے پاس جائے نہ کہ دور سے سننا جیسا کہ نیلوی مخبوط الحواس نے سمجھا ہے اور بے ہوشی کی حالت میں مشرک ہونے کا فتوی بھی لگا دیا (معاذ اللہ) گویا نیلوی صاحب یوں کہہ رہے ہیں۔

بک رہا ہوں جنون میں کیا کچھ — خدا کرے کہ کچھ نہ سمجھے کوئی

تفسیر جواہر القرآن:

یَسْمَعُوْنَ کے معنی ینیبون کے ہیں یعنی صرف وہی لوگ حق کو قبول کرتے ہیں جن کے دلوں میں اللہ کی طرف رغبت ہو بقرینة وَمَا یَتَذَکَّرُ اِلَّا مَنْ یُّنِیْبُ (مؤمن رکوع:۲) اور موتی (مردے) سے یہاں کفار و مشرکین مراد ہیں کیونکہ ان کے دل ایمان و توحید سے خالی ہونے کی وجہ سے مردہ اور بے جان ہیں۔ والموتی ای الکفار کما قال الحسن ورواه عنه غیر واحد ......و فی اطلاق الموتی علی الکفار استعارة تبعیة مبنیة علی تشبیه کفرهم و جهلهم بالموت (روح ج:۷ ص:۱٤۲) جواهر القرآن ص:۳۱٦ سورة انعام۔

دلیل نمبر:5

سورۂ نمل آیت نمبر:۸۰ پارہ:۲۰ میں ہے "اِنَّکَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی" (اے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم! تو مردوں کو نہیں سنا سکتا) اور سورۃ روم آیت نمبر:۵۲ پارہ:۲۱ میں "فَاِنَّکَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی" (پس تو مردوں کو نہیں سنا سکتا) حضرت عائشہؓ نے بھی اس آیت سے مردوں کے عدم سماع پر استدلال کیا ہے۔

الجواب:

اس آیت سے عدم سماع پر جو حضرات استدلال کرتے ہیں، درست نہیں۔ کیونکہ موتی سے مراد کفار ہیں جو زندہ تھے لیکن ان کا دل مردہ تھا یعنی حق بات کو دل کے کانوں سے نہ سنتے تھے۔ اسی طرح "صُـــمٌّ" (بہرے کا لفظ) بھی اس آیت میں واقع ہے اس سے مراد بھی کفار ہیں، اور "اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِیْنَ" (جب پیٹھ پھیر کر چلے جائیں)۔

سوال:

"اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِیْنَ" کا تعلق "صم" سے ہے "الموتی" سے نہیں، ترجمہ یوں بنے گا کہ آپ بہروں کو نہیں سنا سکتے جب وہ پیٹھ پھیر کر چلے جائیں۔

الجواب:

"اِنَّکَ لَا تُسْـمِـعُ الْـمَـوْتٰـی وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ" کی پہلے آپ نحوی قانون کے مطابق ترکیب دیکھ لیں۔ "ان" حرف از حروف مشبہ بالفعل "ك" ضمیر "ان" کا اسم ہے "لَا تُسْمِعُ" فعل نفی معلوم از باب افعال۔ "انت" ضمیر در و مستتر اس کا فاعل ہے اور "الموتی" مفعول بہ اول ہے۔ "لَا تُسْـمِـعُ" فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اول سے مل کر معطوف علیہ واو حرف عاطفہ "لَا تُسْمِعُ" ثانی فعل بافاعل "الصم" مفعول بہ اول، "الـدعـاء" میں تنازع فعلان ہے اور "لَا تُسْـمِـعُ" چاہتا ہے کہ میرا مفعول بہ ثانی بنے، دوسرا "وَلَا تُسْـمِـعُ" چاہتا ہے کہ میرا مفعول بہ ثانی بنے، بہر حال فیصلہ بصریین یا کوفیین کے مذہب پر ہوگا، ایک کا مفعول بہ حذف مان لیں گے اور ایک کو یہ دے دیں گے تو دوسرا "وَلَا تُسْـــمِـــعُ" یہ اپنے فاعل اور مفعول بہ دونوں کے ساتھ مل کر معطوف ہوگا اور اول "لَا تُسْمِعُ" معطوف علیہ اپنے حرف عطف اور معطوف سے مل کر خبر بنیں گے "ان" کی، "ان" اپنے اسم اور خبر سے مل کر دال بر جزاء مقدم اور "اِذَا وَلَّـوْا مُدْبِرِیْنَ" یہ شرط ہوگی تو پہلی کلام "اِنَّکَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی" معطوف علیہ ہے اور دوسری "وَلَا تُسْمِعُ الصُّم" معطوف

ہے،تو معطوف، حکم معطوف علیہ میں ہوتا ہے،فلہٰذا "اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ" کا تعلق دونوں سے ہوگا۔ اور" وَلَا تُسْمِعُ الصُّم "کوالگ نہیں کر سکتے۔اب معنی یہ بنے گا آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بے شک نہ مردوں کو اپنی پکار سنا سکتے ہیں اور نہ بہروں کو اپنی پکار سنا سکتے ہیں جبکہ وہ پیٹھ دے کر پھر جائیں۔

اس قید سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مردے اور بہرے اگر پیٹھ نہ پھیریں تو آپ ان کو سنا سکتے ہیں،وہ بیٹھے رہیں یا لیٹے رہیں یا منہ کر کے کھڑے رہیں۔ان سب صورتوں میں آپ ان کو سنا سکتے ہیں،صرف ایک صورت میں جب کہ وہ پیٹھ پھیر کر چلے جائیں، پھر نہیں سنا سکتے۔اس آیت سے معلوم ہوا کہ مردے ہر وقت سنتے ہیں مگر اس وقت آپ نہیں سنا سکتے جب پیٹھ دے کر چلے جائیں۔اس سے معلوم ہوا کہ اس وقت بھی سن تو سکتے ہیں لیکن وہ خود سننا نہیں چاہتے،اس لئے پیٹھ دے کر بھاگنے کی کوشش کرتے ہیں۔پس معلوم ہوا یہ آیت دراصل سماع موتی کی زبردست دلیل ہے۔

سوال نمبر:2

سماع نافع سے جو آپ نے تفسیر کی ہے کیا مفسرین کرام بھی یہ تفسیر کرتے ہیں۔؟

الجواب:

قاضی بیضاویؒ لکھتے ہیں:

وانما شبهوا بالموتى لعدم انتفاعهم بسماع ما يتلى عليهم كما شبهوا بالصم فى قوله (ولا تسمع الصم الدعاء اذا ولو مدبرين) فان اسماعهم فى هذه الحال ابعد۔ (تفسير بيضاوى ج: ٢ ص: ١٨٣)

اور کفار کو تشبیہ مردوں کے ساتھ صرف عدم نفع میں ہے کہ جو آیات قرآنیہ ان پر پڑھی جاتی ہیں سننے کے باوجود نفع نہیں اٹھاتے جیسا کہ ان کافروں کو بہروں کے ساتھ تشبیہ بھی عدم نفع میں ہے کیونکہ پیٹھ پھیرنے کی حالت میں ان کو سنانا بہت دور کی بات ہے۔

حافظ ابن کثیرؒ فرماتے ہیں:

"(انك لاتسمع الموتی) ای تسمعهم شیئا ینفعهم فکذلك هولاء علی قلوبهم غشاوة وفی اذانهم وقر الکفر ـ(تفسیر ابن کثیر ج:۳ ص: ۳۷٤)

یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان مردوں کو ایسی چیز نہیں سنا سکتے جو ان کو نفع دے اسی طرح یہ کافر بھی ہیں کہ ان کے دلوں پر پردے ہیں اور کانوں میں کفر کا بوجھ ہے۔

حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں:

اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی فقالوا معناها لا تسمع سماعا ینفعهم۔ (فتح الباری ج:۳ ص:٤۷۷)

آیت انک لاتسمع الموتی کے متعلق جمہور علمائے کرامؒ نے کہا ہے کہ اس کا معنی یہ ہے کہ تو ان کو اس طرح نہیں سنا سکتا جس سے ان کو نفع ہو۔

حافظ ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں:

اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی انما اراد به السماع المعتاد الذی ینفع صاحبه فان هذا مثل ضرب الکفار والکفار تسمع الصوت لکن لاتسمع سماع قبول بفقه واتباع ـ (فتاوی ابن تیمیه ج: ٤ ص: ۲۹۸)

نفی سماع موتی کی جو اس آیت میں کی گئی ہے اس سے مراد صرف وہ معتاد سماع ہے جو سامع کو نفع دے بلاشبہ یہ ایک مثال ہے جو اللہ تعالی نے کافروں کے لئے بیان کی ہے اور کفار آواز سنتے ہیں لیکن قبولیت واتباع کی حالت سے نہیں سنتے۔

حضرت مفتی محمد شفیع صاحبؒ مفتی اعظم پاکستان فرماتے ہیں

فعلم ان المراد بالسماع فی الآیة السماع النافع اعنی سماع قبول لا مطلق السماع کیف وصرح به فی خاتمة الآیة قوله تعالی ان تسمع الا

پس معلوم ہو گیا کہ آیت میں جو نفی سماع موتی کی ہے اس سے مراد سماع نفع دینے والا ہے یعنی وہ سماع کو سن کر قبول کرے مطلق سماع کی نفی نہیں (کہ سماع بالکل نہ ہو) اس کی نفی

من یؤمن بایتنا فهم مسلمون فانه صریح فی ان المراد من السماع سماع قبول و حینئذ فلا استدلال فی الآیة لمن ینفی السماع عن الموتی و تاویل حدیث قلیب بدر عندالبخاری فی المغازی وقال شیخنا انور المشائخ فی مشکلات القران نظماً

ع

سماع موتی کلام الخلق قاطبة
قدصح فیه لنا الآثار فی الکتب

واية النفی فی نفی انتفاعهم
لایسمعون ولا یصغون للادب۔
(احکام القران حزب خامس ص:۳۹)

کیسے ہوسکتی ہے جب کہ آیت کے آخر میں صراحت ہے کہ اے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نہیں سنا سکتے مگران لوگوں کو جو ہماری آیات کو دل سے مانے۔ پس یہ صریح ہے اس بات میں کہ نفی سماع سے مراد سماع قبولیت ہے اور اب اس کی وضاحت کے بعد تو اس آیت سے نفی سماع موتی پر استدلال کرنا ہی درست نہیں اسی طرح حدیث قلیب بدر جو بخاری شریف کتاب المغازی میں مروی ہے اس میں بھی تاویل کی ضرورت باقی نہیں رہتی اور ہمارے شیخ انور المشائخ (یعنی علامہ سید محمد انور شاہ صاحبؒ) نے اپنی کتاب" مشکلات القرآن" میں ایک نظم پیش کی ہے جس کا معنی یہ ہے کہ مردے تمام مخلوق کی بات کو سنتے ہیں اور بے شک صحیح حدیثیں کتابوں میں ہمیں دستیاب ہو چکی ہیں۔اور آیت میں نفی سماع موتی سے مراد سماع نفع دینے والا ہے کہ وہ ادب کرتے ہوئے توجہ سے نہیں سنتے۔

حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانویؒ فرماتے ہیں:

ف:......اس آیت سے بعض علماء نے استدلال کیا ہے کہ مردے نہیں سنا کرتے ہر چند کہ مردوں

سے مراد یہاں کفار ہیں مگر تشبیہ جب ہی درست ہو سکے گی جب مردے نہ سنتے ہوں لیکن چونکہ بعض احادیث میں مردوں کا سننا قریب جگہ نہ کہ بعید سے وارد ہے اس لئے بعض علماء نے آیت (کی تفسیر) میں کہا ہے کہ مراد سماع منفی سے سماع نافع ہے، اور قرینہ اس کا علاوہ دفع تعارض حدیث کے یہ بھی ہے کہ کفار سے مطلق سماع کا منفی ہونا مشاہدہ کے خلاف ہے البتہ سماع نافع ضرور منفی تھا، پس مردوں سے بھی یہی منفی ہے۔ چنانچہ ظاہر ہے کہ اگر کوئی مردوں کو نصیحت کرے، بیکار ہے۔ کیونکہ وہ دار العمل نہیں، اور ثواب سے نفع ہونا یا تلاوت قرآن سے انس ہونا، یہ دوسری بات ہے، مقصود مواعظ کا نافع نہ ہونا ہے۔ (تفسیر بیان القرآن ج:۸ ص:۹۸)

اور مولانا عبد الحق حقانی دہلویؒ فرماتے ہیں:

''اس آیت سے یہ ثابت کرنا کہ مردے زندوں کی بات سن سکتے ہیں یا نہیں، تکلف ہے، اس کو اس مسئلہ سے کچھ بھی علاقہ نہیں، کیونکہ سماع موتی سے مراد یہاں کفار ہیں''۔ (تفسیر حقانی سورۃ نمل ج:۵ ص:۲۶۱)

نیز فرماتے ہیں: ''ان آیات سے بعض علماء نے استدلال کیا ہے کہ مردہ نہیں سنتا اور اس کی سند میں کچھ احادیث اور اقوال بھی پیش کرتے ہیں، آج کل یہ مسئلہ سماع موتی باہمی قیل وقال کا بڑا میدان ہو رہا ہے اگرچہ اس کی پوری تفصیل کا یہ موقع نہیں ہے مگر مختصراً کچھ بیان کرتا ہوں، ان آیات میں تو عدم سماع موتی کا اشارہ تک بھی نہیں، اس سے استدلال کرنا بے فائدہ بات ہے۔ رہے احادیث واقوال ان سے بھی صاف نہیں معلوم ہوتا کہ میت سن نہیں سکتی۔ بلکہ بہت سی احادیث اس بات پر دلالت کر رہی ہیں کہ مردے زندوں کی آواز سنتے ہیں''۔ (تفسیر حقانی ج:۶ ص:۴۱)

علامہ شیخ معین الدینؒ المتوفی ۸۸۹ھ فرماتے ہیں:

اِنَّکَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی ای الکفار فانهم کالموتی فی عدم الانتفاع بما یستمعون۔	کہ آیت اِنَّکَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی میں موتی سے مراد کفار ہیں وہ مردوں

(تفسیر جامع البیان ص:۳۲٤) کی طرح ہیں نہ نفع اٹھانے میں۔

ملاعلی القاریؒ فرماتے ہیں:

المراد من الموتی الکفار والنفی منصب علی نفی النفع لا علی مطلق السمع کقوله تعالی صم بکم عمی فهم لا یعقلون (مرقاة شرح مشکوة ج:۸ ص:۱۱)

مراد موتی سے کافر ہیں اور نفی سماع موتی کی محمول ہے عدم نفع پر نہ مطلق سماع پر مثل فرمان اللہ تعالی کہ وہ کافر بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں پس وہ عقل نہیں رکھتے۔

نیلوی صاحب لکھتے ہیں:

سوال:......حلبی نے لکھا ہے "واجیب ایضاً من طرف المثبت ...... والسماع المنفی فی هذه الایة ونحوها هو النافع وقد اشار الی ذلك الجلال السیوطیؒ فقال سماع الموتی کلام الخلق حق الخ

جواب:......یہ کلام کسی شافعی مذہب والے کا ہے، سیوطی بھی شافعی ہے۔(ندائے حق جلد ثانی ص:۱۰۴)

نیلوی صاحب نے حلبی شافعیؒ وعلامہ سیوطیؒ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ"اس آیت اور مثل اس کے دوسری آیت میں سماع جس کی نفی کی گئی وہ سماع نافع کی نفی ہے مطلق سماع کی نفی نہیں"۔نیلوی صاحب اس کا جواب نہیں دے سکے۔

روح البیان میں ہے:

وانما شبهوا بالموتی لعدم انتفاعهم بما یتلی علیهم من الایات۔ (بحوالہ ندائے حق جلد ثانی ص:۱۰۵)

کہ کافروں کو مردوں کے ساتھ تشبیہ صرف عدم نفع میں ہے کیونکہ جو ان پر آیات پڑھی جاتی ہیں اس سے نفع نہیں اٹھاتے۔

مطلب یہ کہ مطلق سماع کی نفی نہیں ہے بلکہ صرف اور صرف نفع اٹھانے کی نفی ہے۔

تفسیر مدارک میں ہے:

شبہ الکفار بالموتی حیث لا ینتفعون بمسموعھم۔

اللہ تعالیٰ نے کافروں کو مردوں کے ساتھ تشبیہ اس وجہ سے دی ہے کہ کافر اپنی سنی ہوئی بات سے نفع نہیں اٹھا سکتے۔

علامہ بدرالدین عینیؒ فرماتے ہیں:

وقولہ تعالی فانک لاتسمع الموتی۔المراد السماع المعتاد الذی یتضمن القبول و الانتفاع کما فی حق الکفار والسماع النافع۔ (مختصر الفتاوی المصریہ ص:۱۸۹)

اور اللہ تعالیٰ کے اس فرمان اِنَّکَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی سے مراد نفی اس سماع معتاد کی ہے جو قبولیت اور نفع پر مشتمل ہو جیسے کہ کفار کے بارے میں سماع نافع کی نفی ہے۔

علامہ داؤد بن سلیمان الحنفی البغدادیؒ فرماتے ہیں:

لان السماع المنفی فی الایتین ھو سماع القبول والاذعان لایمان وقد شبہ الکفار الاحیاء الذین لھم اسماع وابصار وعقول بالاموات لا من حیث انعدام الادراکات والحراس بل من حیث عدم قبولھم الھدی والایمان۔ (المنحۃ الوھبیۃ فی ردالوھابیۃ ص:۸)

ان دونوں آیات (یعنی اِنَّکَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی اور وَمَا اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِی الْقُبُوْرِ) میں جس سماع کی نفی کی گئی ہے وہ سماع قبول اور ایمان کو یقین کے ساتھ سننے کی نفی ہے اور یقیناً اللہ تعالیٰ نے ان کفار کو جو زندہ ہیں اور جن کے کان، آنکھیں اور عقل سب کے سب موجود ہیں مردوں کے ساتھ تشبیہ دی ہے لیکن اس وجہ سے نہیں کہ ان کے علوم اور حواس معدوم ہیں بلکہ اس لئے کہ وہ ہدایت اور ایمان قبول نہیں کر سکتے۔

امام ابن جریر طبریؒ فرماتے ہیں:

والثانی ان یکون معناہ فانک لا تسمع الموتی اسماعا ینتفعون بہ لانھم قد

اور دوسری توجیہ اس آیت کی یہ ہے کہ اے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم! آپ مردوں کو

انقطعت عنهم الاعمال و خرجوا من دار الاعـــمـــال الـــى دار الـــجـــزاء فـــلا ينفعهم دعـائك ايـاهم الى الايمان بالله والـعـمـل بـطاعته فكذلك هؤلاء الذين كتـب ربك عـليهـم انهـم لا يـؤمنون لا تـسـمـعهـم دعـائك الـى الـحـق اسماعا يـنتفعون به لان الله تعالى ذكره قد ختم عـليهـم ان لا يؤمنوا كما ختم على اهل الـقبور من اهل الكفر انهم لاينفعهم بعد خـروجهـم عـن دار الدنيا الى مسـاكنهم مـن الـقبـور ايـمان ولا عمل لان الآخرة ليـسـت بـدار الامتـحـان وانـمـا هـي دارمجازاة ـ (تهذيب الآثار طبری ج:۱ ص:۲٦۱ مسـنـد امير المؤمنين عمر بن الـخـطـابؓ الـقسـم الاول تاليف الامام مـحـمـد بـن جـريـر الـطبـری الـمتوفی ۳۱۰ھ)

ایسی بات نہیں سنا سکتے جو ان کو نفع پہنچا سکے کیونکہ اعمال کرنا ان سے ختم ہو چکا ہے وہ دارالعمل سے نکل کر دارالجزاء کی طرف چلے گئے ہیں پس ایمان کی طرف ان کو بلانا آپ کا فائدہ نہیں پہنچا سکتا پس اسی طرح یہ کفار ہیں جن پر ایمان نہ لانے کا فیصلہ تیرے رب کی طرف سے لکھ دیا گیا ہے آپ کا حق کی طرف ان کو بلانا فائدہ مند نہیں ہوسکتا کیونکہ اللہ تعالی کا فیصلہ پختہ ہو چکا ہے کہ کافر ایمان نہیں لائیں گے پس ٹھیک اسی طرح قبر والے کافروں کے بارے میں فیصلہ ہو چکا ہے کہ ان کو قبروں میں ایمان لانا یا نیک عمل کرنا نفع نہیں پہنچا سکتا کیونکہ دارالامتحان نہیں بلکہ وہ دارالجزاء ہے۔

حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ لکھتے ہیں:

اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى اى الكفـار شبههـم بـالـمـوتـى لـعدم الانتفـاع بتسامع ما يتلى كما شبهوا بالاصم

آیت میں موتی سے مراد کفار ہیں اللہ تعالی نے ان کو مردوں کے ساتھ تشبیہ عدم نفع میں دی ہے کیونکہ جو آیات ان پر پڑھی جاتی ہیں

(تفسیر مظھری ج:۷ ص:۱۳۰) ان سے نفع نہیں اٹھاتے جیسا کہ ان کفار کو بہرے کے ساتھ تشبیہ بھی عدم نفع میں ہے۔

سوال نمبر:3

کافروں کو جو مردوں کے ساتھ تشبیہ عدم نفع میں دی گئی ہے، یہ تو سمجھ آ گئی ہے، لیکن یہ تشبیہ "صم" (بہرے) میں تو نہیں پائی جاتی کیونکہ بہرہ تو وہ ہوتا ہے جو بالکل نہ سنے فلہٰذا مردوں اور بہروں میں وجہ تشبیہ ایک ہونی چاہئے اور وہ ہے عدم سماع مطلقاً۔ نیلوی صاحب لکھتے ہیں: "خدا تعالیٰ نے آگے " وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ " بھی فرمادیا ہے کیا یہاں بھی کہو گے جو بہرا (اصم) ہو وہ خود سنتا تو ہے مگر ہم اسے سنا نہیں سکتے یہ تو بالبداہت غلط ہے"۔ (ندائے حق ج:۲ ص:۱۳۳)

جواب:

مطلق عدم سماع وجہ تشبیہ نہیں بن سکتی کیونکہ کافر سنتے ہیں اس میں تو اتفاق ہے۔ اور آپ کے خیال کے مطابق مردے نہیں سنتے ،تو تشبیہ کیسے بن سکتی ہے۔؟ حالانکہ تشبیہ کی تعریف ہے "تشریك الشيئين فی الوصف" (دونوں چیزوں کو ایک وصف میں شریک کرنا) مثلاً شیر میں جرأت ہے، بہادری ہے، اور ممانی خان میں بھی جرأت و بہادری ہو تو کہہ سکتے ہیں کہ ممانی خان شیر کی طرح ہے، اگر ممانی خان میں جرأت و بہادری نہ ہو اور وہ اول درجے کا بزدل اور بے غیرت ہو تو کیسے کہہ سکتے ہیں کہ ممانی خان شیر کی طرح ہے۔؟ باقی رہی یہ بات کہ " صم "بہروں میں تو قوت سماعت بالکل مفقود ہے، تو اس کا جواب یہ ہے کہ "اصم " کلی مشکک ہے اس میں کئی درجے ہیں مثلاً بہرا درمیان درجے کا بہرا اور آخری درجے کا بہرا۔ چنانچہ کئی بہرے ایسے ہوتے ہیں کہ تھوڑے آواز سے بات نہیں سنتے لیکن جب آواز بلند کر کے بات کی جائے تو سن لیتے ہیں۔ صحابہ کرامؓ جب زور زور سے ذکر اللہ کرنے لگے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "انکم لا تدعون اصم ولا غائبا" (بخاری شریف وغیرہ) تم کسی بہرے اور غیر حاضر کو تو نہیں بلا رہے، بلکہ تم تو اس کو بلا رہے ہو جو سمیع اور بصیر ہے، اس لئے زیادہ زور زور سے نہ پکارو۔ معلوم ہوا کہ بہرا

بلند آواز کو سن لیتا ہے۔ تو یہاں بھی "اصـــــم" سے مراد وہ بہرا ہے کہ بات کو تو سنتا ہے لیکن سمجھتا نہیں۔ اسی طرح یہ کافر سنتے تو ہیں لیکن سمجھتے نہیں۔ چنانچہ " کَاَنْ لَّمْ یَسْمَعْهَا کَاَنَّ فِیْۤ اُذُنَیْهِ وَقْـــــرًا"(سورۃ لقمان آیت: ۷ پارہ: ۲۱) گویا کہ اس کافر نے سنا ہی نہیں گویا کہ اس کے کان بہرے ہیں۔

دوسری واضح مثال:

اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں:

وَمَثَلُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا کَمَثَلِ الَّذِیْ یَنْعِقُ بِمَا لَا یَسْمَعُ اِلَّا دُعَآءً وَّنِدَآءً صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ ﴿سورۃ البقرۃ پارہ: ۲ ایت: ۱۷۱﴾

اور مثال ان کافروں کی اس شخص جیسی ہے جو بلائے کسی چیز کو جو نہیں سنتی مگر پکار اور آواز یہ کافر بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں پس وہ کچھ عقل نہیں رکھتے۔

حضرت مولانا حسین علی صاحبؒ فرماتے ہیں: ''حاصل یہ ہے کہ مثال کفار کی ایسی ہے جیسا کہ ایک شخص حیوان کو بلائے اور حیوان تو محض آواز ہی سنتا ہے اور مطلب کچھ نہیں سنتا اور سمجھتا، اسی طرح یہ بھی ہیں کہ سمجھتے کچھ نہیں''۔ (بلغۃ الحیران ص: ۳۰)

قرآن پاک کی اس نص قطعی سے ثابت ہو گیا کہ کافروں کو تشبیہ ان بہروں کے ساتھ دی گئی جو سنتے تو ہیں لیکن مطلب اخذ کر کے فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔

اس لئے اس آیت سے متعدد مفسرین حضرات نے عدم سماع کو سماع نافع سے مقید کیا ہے اور متعدد علمائے کرام نے اس آیت کی تفسیر یوں کی ہے کہ ''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مردوں کو ہدایت نہیں کر سکتے یعنی جس طرح مردے ہدایت قبول نہیں کر سکتے، یہ کافر بھی ہدایت قبول نہیں کر سکتے۔ مردوں میں ہدایت قبول نہ کرنا علی وجہ الاتم ہے کیونکہ وہ عالم ہدایت قبول کرنے کا نہیں کافر باوجود یہ کہ دارالامتحان اور دارالعمل میں ہیں پھر بھی ان کی قسمت میں ہدایت نہیں ہے۔ اس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دی گئی ہے کیونکہ آپ غمگین ہو جاتے تھے کہ یہ کافر معجزات بھی

دیکھتے ہیں پھر ایمان قبول نہیں کرتے جیسے ابوجہل اور ابولہب وغیرہما۔تو بتایا گیا ان کی قسمت میں ہدایت نہیں، آپ بشیر ونذیر ہیں، آپ تبلیغ کریں اس پر ثواب ملے گا لیکن ہدایت خدا تعالی کے اختیار میں ہے۔یہ تفسیر اور سماع نافع والی تفسیر مفہوم میں قریب ہیں''۔موتی سے مراد جب کفار ہیں اور ان کفار کو تشبیہ بھی ان مردوں سے دی گئی ہے جو کفار ہیں جو بغیر ایمان لانے کے مر گئے تھے۔ پس مسلمان موتی اس کے مفہوم سے خارج ہیں کیونکہ وہ ایمان کی حالت میں مر گئے تھے، ان کو سنانا فائدہ مند ہے۔قرآن مجید کی تلاوت جب ان کی قبور کے پاس کی جائے تو وہ اس سے مانوس ہوتے ہیں، خوش ہوتے ہیں اور تلقین کرنے کا بھی ان کو فائدہ پہنچتا ہے۔اسی طرح ایصال ثواب کا بھی ان کو فائدہ پہنچتا ہے، اسی طرح ان کی نیک اولاد اچھے کام کرتی ہے تو اس کا ثواب پہاڑوں کے برابر ان کو پہنچتا ہے پس یہاں مسلمان مردوں پر کافروں والی آیت فٹ کرنا درست نہیں ہے خصوصاً ابوجہل وابولہب وغیرہما کے بارے میں نازل ہونے والی آیات کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر انبیاء علیہم السلام پر فٹ کرنا بہت بڑی گستاخی ہے۔کافروں اور بتوں کے بارے میں نازل ہوئی یہ آیت "اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ" (تم اور جن کی تم عبادت کرتے ہو جہنم کا ایندھن ہیں) تو کافروں نے کہا کہ چلو ہمارے معبود جہنم میں جائیں گے تو حضرت عیسی علیہ السلام اور حضرت عزیر علیہ السلام بھی تو معبود بنائے گئے تھے وہ بھی جہنم میں جائیں گے تو اللہ تعالی نے اس کا استثناء کیا" اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰى اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ" (بے شک جن کے لئے ہماری طرف سے بھلائی کا فیصلہ ہو چکا ہے وہ جہنم سے دور رہیں گے)۔

معلوم ہوا بتوں اور کافروں کے بارے میں نازل ہونے والی آیات کو انبیاء علیہم السلام پر فٹ کرنا کفار کا پرانا دستور ہے۔

سوال نمبر:4

حضرت عائشہؓ نے آیت "اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى" اور آیت "وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ

فِیْ الْقُبُوْرِ" سے مردوں کے عدم سماع پر استدلال کیا ہے اور وہ صحابہ کرامؓ سے زیادہ علم رکھتی تھیں۔

جواب:

حضرت عائشہؓ کا یہ اپنا اجتہاد ہے، جو درست نہیں ہے۔ کیونکہ جس ذات مقدسہ پر قرآن نازل ہوا ہے وہ قرآن مجید کو بہتر سمجھتے ہیں۔ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان پر چلنے اور اتباع کرنے کا حکم ہے لیکن ام المؤمنین عائشہؓ کے اجتہاد وقیاس پر چلنے کا حکم نہیں ہے۔ حضرت عبد اللہ بن عمرؓ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث بیان کی ہے کہ "نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے کنویں میں کفار کی پڑی ہوئی لاشوں کی طرف دیکھا اور فرمایا کیا تم نے اپنے رب کا وعدہ سچا پالیا۔؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا گیا کہ آپ مردوں کو بلاتے ہیں۔؟ آپ نے فرمایا: "میرے صحابہؓ! تم مردوں سے زیادہ سننے والے نہیں"۔ اس پر حضرت عائشہؓ نے اعتراض کیا کہ اصل لفظ "لیعلمون الآن" (کہ اب وہ عذاب کو محسوس کر کے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کو سچا جان رہے ہیں) کے ہیں اور سماع کے لفظ درست نہیں، کیونکہ یہ آیت "اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى" کے خلاف ہے دیکھئے بخاری شریف ج:۱ص:۱۸۳ و ج:۲ ص:۵۶۷۔

حالانکہ ابن عمرؓ کی اس حدیث کے نقل کرنے میں کوئی غلطی نہیں ہے کیونکہ متعدد صحابہ کرامؓ یہ حدیث بعینہ اسی طرح نقل کرتے ہیں جس طرح ابن عمرؓ نے نقل فرمائی ہے اور ابن عمرؓ کی یہ حدیث بخاری ج:۲ ص:۵۶۷ میں بھی ہے۔

(۱):......حضرت عمرؓ سے یہ حدیث صحیح مسلم ج:۲ ص:۳۸۷ ونسائی ج:۱ ص:۲۹۳ وابوداؤد طیالسی ص:۹ وتہذیب الآثار طبری (مسند امیر المؤمنین عمر بن الخطابؓ) القسم الاول ج:۱ ص:۲۳۹ ومسند احمد ج:۱ ص:۲۷،۱ ابن ابی شیبہ ج:۱۴ ص:۳۷۹ میں یہ حدیث موجود ہے۔

(۲):......حضرت انسؓ سے بھی یہ حدیث انہی الفاظ سے مروی ہے دیکھئے صحیح مسلم ج:۲ص:۳۸۶ ومسند احمد ج:۳ص:۱۰۴ و ج:۳ص:۱۸۲ و ج:۳ص:۲۲۰ و ج:۳ص:۲۶۳ و نسائی

ج:۱ ص:۲۹۳۔

(۳):.....حضرت ابوطلحہؓ سے بھی یہ حدیث انہی الفاظ سے مروی ہے دیکھئے صحیح بخاری ج:۲ ص:۵۶۶ و مسلم ج:۲ ص:۳۸۷ و مسند احمد ج:۴ ص:۲۹۔

(۴):.....حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے بھی انہی الفاظ سے مروی ہے دیکھئے طبرانی کبیر ج:۱۰ ص:۱۹۸ (رواہ الطبرانی ورجالہ رجال الصحیح مجمع الزوائد ج:۶ ص:۹۱)

ابن حجرؒ فرماتے ہیں: "وللطبرانی من حدیث ابن مسعودؓ مثلہ باسناد صحیح" (فتح الباری ج:۸ ص:۳۰۵) یعنی طبرانی میں حضرت ابن مسعودؓ سے ان الفاظ کے ساتھ صحیح سند کے ساتھ حدیث مروی ہے۔

(۵):.....حضرت سیدانؓ سے اس حدیث کے الفاظ یوں مروی ہیں: "وھل یسمعون؟ قال یسمعون کما تسمعون ولکن لا یجیبون" (طبرانی کبیر ج:۷ ص:۱۹۷) اور کیا مردے سنتے ہیں۔؟ آپ نے فرمایا: اسی طرح سنتے ہیں جس طرح تم سنتے ہو لیکن جواب نہیں دیتے۔ حضرت سیدانؓ کے بیٹے عبداللہ بن سیدان جو اس حدیث کے راوی ہیں، کے بارے میں علامہ ہیثمیؒ فرماتے ہیں: "مجھول" (مجمع الزوائد ج:۶ ص:۹۱) جبکہ علامہ ابن سعدؒ اس کو طبقات صحابہ میں شمار کرتے ہیں۔ دیکھئے طبقات ابن سعد ج:۷ ص:۴۳۸ اور مجہول صحابیؓ کی حدیث بھی صحیح شمار کی جاتی ہے۔

بہر حال یہ حدیث ابن عمرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت ابوطلحہؓ اور حضرت انسؓ کی سندوں سے اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے جبکہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ اور حضرت سیدانؓ کی حدیث کی سندیں صحت کے درجہ کے قابل ہیں۔ ان چھ صحابہ کرامؓ کی یہ حدیث مشہور حدیث کے درجہ میں یقیناً شمار ہوگی، جس سے کتاب اللہ پر زیادتی کرنا بھی جائز ہوتا ہے۔ ان میں حضرت عمرؓ، حضرت ابن مسعودؓ اور حضرت ابو طلحہؓ بدری صحابی ہیں، جو بدر کے مقام پر خود موجود تھے جب کہ حضرت عائشہؓ بدر کے مقام پر موجود

نہ تھیں۔ اور اللہ تعالیٰ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم قرآن مجید کی مخالفت نہیں کرتے تھے، چنانچہ نیلوی صاحب حضرت عائشہ صدیقہؓ سے نقل کرتے ہیں: ''یعنی قرآن پاک کا حرف حرف آپ کا خلق تھا اور قرآن پاک کا لفظ لفظ آپ کی عادت مبارک تھی۔ آپ کبھی بھی قرآن پاک کے ایک حرف کا بھی خلاف نہ کرتے تھے''۔ (ندائے حق جلد ثانی ص:۱۶۰)

جس سے معلوم ہوا کہ مردوں کے سماع کی حدیثیں قرآن مجید کے خلاف نہیں ہیں اور قرآن مجید میں عدم سماع موتی کا کوئی ذکر نہیں ہے بلکہ "اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى" سے مراد کفار ہیں جو اس وقت زندہ موجود تھے۔

مولانا عبدالعزیز رحیم آبادی لکھتے ہیں:

''حضرت عائشہؓ نے آیت قرآنی کی بناء پر مضمون روایت کی یوں تاویل کی کہ 'رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں نہیں کہا ہوگا'' مگر یہ تاویل بنتی نہیں ہے کیونکہ صرف ایک لفظ کا پھیر پھار ہوتا تو ہو سکتا تھا، اس روایت میں تو یوں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سرداروں کا نام لے لے کر پکارا''۔ (حسن البیان ص:۷۳)

علامہ سندھیؒ فرماتے ہیں:

وایضاً الایة فی الکفرة والمراد انك لاتجعلهم منتفعین بما یسمعون منك کالموتی والحدیث لا یخالفه ولا یثبت الانتفاع للمیت وبالجملة فالحدیث صحیح وقد جاء بطریق فتخطئته غیر متجهة والله اعلم۔ (حاشیه سندهی علی

اور آیت قرآنیہ کفار کے بارے میں ہے اور مراد اس سے یہ ہے کہ اے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم! آپ ان کفار کو اس بات سے جو آپ سے سنتے ہیں نفع اٹھانے والا نہیں بنا سکتے مردوں کی طرح اور حدیث قرآن مجید کے خلاف نہیں ہے کیونکہ مردہ کے لئے نفع ثابت نہیں ہے خلاصہ یہ کہ حدیث ابن عمرؓ کی صحیح ہے اور دوسرے صحابہ سے بھی مروی ہے پس حضرت عائشہؓ کا حضرت ابن عمرؓ کا خطاء کار ٹھہرانا کسی وجہ

النسائی ج:۱ ص:۲۹۳) سے درست نہیں۔

مفسر محمد علی الصابونی ؒ لکھتے ہیں:

ثم نبّه تعالى الى ان هؤلاء الكفار كالاموات لا ينفع معهم نصح ولا تذكير فقال فانك لا تسمع الموتى الخ (صفوة التفاسير ج:۲ ص:۴۸۳)

پھر اللہ تعالیٰ نے متنبہ کیا کہ یہ کفار مردوں کی طرح ہیں ان کو کوئی وعظ ونصیحت نفع نہیں دیتا پس فرمایا بے شک آپ ان مردوں کو حق کی بات نہیں سنا سکتے (یعنی قبول نہیں کروا سکتے)

مولانا قاضی شمس الدین صاحب لکھتے ہیں:

اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى ای الكفار موتى القلوب۔(انوار التبیان ص:۲۹۹)

اس آیت "اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى" سے مراد کفار ہیں جن کے دل مردہ ہیں۔

مولانا وحید الزمان لکھتے ہیں:

"اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى" تو مردوں کو (یعنی کافروں کو) اسلام قبول نہیں کرا سکتا۔ اس آیت سماع موتی کی نفی نہیں نکلتی جیسے حضرت عائشہؓ نے خیال کیا کیونکہ اسماع سے یہاں سماع اجابت مراد ہے جیسے" وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ " میں اور متعدد احادیث سے سماع موتی ثابت ہے۔......مجمع البحار میں ہے:"اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى" کا معنی یہ ہے کہ تو ان جاہلوں کو نہیں سمجھا سکتا جن کو اللہ تعالیٰ نے جاہل بنایا ہے تو یہ آیت اس حدیث کے خلاف نہ ہوگی۔ (لغات الحدیث ج:۳ ص:۱۶۳م)

حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں:

وقد خالفها الجمهور فی ذلك وقبلوا حديث ابن عمرؓ لموافقته من رواه غيره عليه۔ (فتح الباری ج:۳ ص:۴۷۷)

اور بے شک جمہور علمائے کرام نے حضرت عائشہؓ کی مخالفت کی ہے اور انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی حدیث کو قبول کیا ہے کیونکہ دوسرے صحابہ کرامؓ کی حدیثیں ان کی موافق ہیں۔

حافظ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں:

والصحیح عند العلماء روایة عبد الله بن عمرؓ لما لها من الشواهد علی صحتها من وجوه کثیرة۔ (تفسیر ابن کثیر ج: ۳ ص: ۴۳۸)

اور صحیح بات علمائے اسلام کے نزدیک یہ ہے کہ عبد اللہ بن عمرؓ کی حدیث صحیح ہے کیونکہ اس کی صحت کے بہت سے دلائل موجود ہیں۔

مفسر قرطبیؒ لکھتے ہیں:

وقد احتجت عائشة رضی الله عنها فی انکارها ان النبی صلی الله علیه وسلم اسمع موتی ببدر بهذه الآیة فنظرت فی الامر بقیاس عقلی ووقفت مع هذه الآیة وقد صح عن النبی صلی الله علیه وسلم انه قال "ما انتم باسمع منهم" (تفسیر قرطبی ج: ۱۳ ص: ۲۳۲)

اور حضرت عائشہؓ نے مسئلہ سماع موتی کے انکار میں اس آیت سے دلیل پکڑی ہے پس ان کا یہ نظریہ عقلی قیاس پر مبنی ہے کیونکہ صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان مردوں سے زیادہ سننے والے نہیں ہیں۔

علامہ داؤد بن سلیمان البغدادی الحنفیؒ لکھتے ہیں:

قال ابن تیمیة فی کتاب الانتصار للامام احمدؒ وانکار عائشةؓ سماع اهل القلیب الکفار معذورة فیه لعدم بلوغها النص وغیرها لا یکون معذوراً۔ (المنحة الوهبیة ص: ۱۲)

امام ابن تیمیہؒ نے اپنی کتاب الانتصار للامام احمدؒ میں کہا ہے کہ حضرت عائشہؓ کا قلیب بدر کے مردوں کے بارے میں سماع کا انکار کرنا عذر کی بناء پر تھا وہ اس میں معذور تھیں کیونکہ ان کو نص حدیث نہیں پہنچی تھی لیکن ان کے علاوہ کوئی اور معذور شمار نہیں کیا جا سکتا۔

نیلوی صاحب لکھتے ہیں:

''حضرت عائشہ صدیقہؓ موقعہ پر حاضر نہ تھیں اس لئے ان کو اس واقعہ کا علم ہی نہیں تھا''۔

(ندائے حق جلد ثانی ص:۱۹۵)

علامہ سید محمود آلوسیؒ لکھتے ہیں:

وتعقب ذلك السهيلي فقال عائشة رضي الله تعالى عنها لم تحضر قولا النبي صلى الله عليه وسلم فغيرها ممن حضر احفظ للفظه عليه الصلوة والسلام وقد قالوا له يا رسول الله! اتخاطب قوما جيفوا فقال ما انتم باسمع لما اقول منهم ۔ (روح المعاني ج:۲۱ ص:۵۷)

اور علامہ سہیلیؒ نے حضرت عائشہؓ کے قول پر گرفت کی ہے کیونکہ حضرت عائشہؓ موقعہ پر موجود نہ تھیں حضرت عائشہؓ کے سوا دوسرے صحابہ کرامؓ جو موقعہ پر موجود تھے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لفظ کو زیادہ یاد رکھنے والے ہیں جبکہ ان صحابہ کرامؓ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا: کیا آپ ایسی قوم کو خطاب کر رہے ہیں جو مردار ہو چکے ہیں تو آپ نے فرمایا: تم ان سے زیادہ سننے والے نہیں۔

جواب نمبر:2

حضرت عائشہؓ نے اپنے اس قول سے رجوع کر لیا تھا چنانچہ اس رجوع کے دلائل ملاحظہ ہوں۔

دلیل نمبر:1

حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں:

ومن الغريب ان في المغازي لابن اسحق رواية يونس بن بكير باسناد جيد عن عائشةؓ مثل حديث ابي طلحة وفيه ما انتم

اور عجیب بات یہ ہے کہ ابن اسحٰق کی کتاب مغازی میں یونس بن بکیر کے طریق سے جید سند کے ساتھ حضرت عائشہؓ سے اسی طرح روایت مروی ہے جس طرح ابو طلحہؓ سے مروی ہے اور اس میں

بـاسـمـع لـما اقول منهم واخرجه احـمـد بـاسـنـاد حسن فان كان مـحـفـوظـا فـكـانها رجعت عن الانـكـار لـمـا ثبـت عندهـا من روايـات هـؤلاء الصحابة لكونها لـم تشهـد الـقصة۔ (فتح البـارى ج:۸ ص:۳۰٦)

"مـاانتم باسمع لما اقول" کے الفاظ موجود ہیں اور امام احمدؒ نے بھی حسن سند کے اس کی تخریج کی ہے اگر یہ الفاظ محفوظ ہوں تو گویا کہ یہ دلیل ہے اس بات کی کہ حضرت عائشہؓ نے سماع موتی کے انکار سے رجوع کرلیا ہے کیونکہ ان کے نزدیک ان اکابر صحابہ کرامؓ کی روایتیں ثابت ہوگئی ہیں (جو موقعہ پر حاضر تھے) کیونکہ حضرت عائشہؓ حاضر نہ تھیں۔

لیکن اس روایت کی سند میں ''ابن اسحٰق'' راوی واقع ہیں، جو سخت قسم کا ضعیف ہے، اس لئے دوسرے دلائل ملاحظہ ہوں۔

دلیل نمبر:2

عـن ابراهيم عن عائشةؓ انها قالت لـمـا مـر النبى صلى الله عليه وسلم يـوم بـدر بـاولئك الرهط فالقوا فى الـطـوى عتبة وابـو جهل واصحابه وقف عـليهم فقال جزاكم الله شرا مـن قـوم نبـى مـا كان اسوء الطرد واشـد الكذيب قالوا يارسول الله ! كيف تـكـلـم قـوما جيفوا فقال ما انـتـم بافهم لقولى منهم اولهم افهم لـقـولـى منكم۔ (مسنداحمد ص:۱۷۰ ج:٦ و تهذيب الآثار طبرى

حضرت ابراہیم نخعیؒ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بدر کے دن ان مردہ لاشوں کے پاس سے گزرے، جو کنویں میں ڈالی گئی تھیں، جن میں عتبہ اور ابوجہل اور اس کے ساتھی تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں ٹھہرے پس فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہیں برا بدلہ دے نبی کے قبیلہ کے لوگو! کیا ہی بری طرح تم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کو ہٹانے اور سخت جھٹلانے والے تھے صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یارسول اللہ! آپ کس طرح ایسی قوم سے باتیں کررہے ہیں جو مردار ہوچکے ہیں پس

ج:۱ ص:۲۵۹ مسند عمر بن الخطاب القسم الاول)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان مردوں سے میری بات کو زیادہ سمجھنے والے نہیں یا وہ میری بات کو تم سے زیادہ سمجھتے ہیں۔

بات کو سمجھنا موقوف ہے سننے پر جیسے: استاد شاگرد کو کہتا ہے کہ آپ نے میری بات کو سمجھ لیا ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے اور حضرت ابراہیم نخعیؒ کا سماع بھی حضرت عائشہؓ سے ثابت ہے چنانچہ ''مسند احمد'' ج:۶ ص:۱۲۷ میں ہے کہ: ''حضرت ابراہیم نخعیؒ فرماتے ہیں: "سالت عائشةؓ" (میں نے حضرت عائشہؓ سے ایک حدیث کے بارے میں سوال کیا)۔

دلیل نمبر:3

عن عائشةؓ قالت کنت ادخل بیتی الذی دفن فیه رسول الله صلی الله علیه وسلم وابی فاضع ثوبی فاقول انما هو زوجی وابی فلما دفن عمرؓ معهم فوالله مادخلت الا انا مشدودة علی ثیابی حیاء من عمرؓ۔

(مسند احمد ج:٦ ص:٢٠٣ مشکوة ج:١ ص:١٥٤ وقال الهیثمی رواه احمد ورجاله رجال الصحیح مجمع الزوائد ج:٩ ص:٣٧)

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ میں اپنے اس گھر جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور میرے باپ ابوبکر صدیقؓ دفن ہوئے ہیں داخل ہوا کرتی تھی اور اپنا کپڑا پردے کا الگ رکھ دیتی تھی پس کہتی تھی کہ میرے خاوند اور والد ہیں جب ان کے ساتھ حضرت عمرؓ دفن کئے گئے تو قسم بخدا میں نہیں داخل ہوا کرتی تھی مگر یہ کہ میرے کپڑے اوپر بند ہوتے حضرت عمرؓ سے حیاء کی وجہ سے۔

اس صحیح روایت سے معلوم ہوا کہ مردے زیارت کرنے والے کو پہچان لیتے ہیں، اور مولانا عنایت اللہ شاہ صاحب گجراتی کے استاد علامہ سید محمد انور شاہؒ کے عقیدہ میں ہم نے "العرف الشذی" کے حوالہ سے اس مسئلہ کو پہلے بیان کر دیا ہے۔ مزید وضاحت کے لئے راقم الحروف کی کتاب

''قہرحق'' ص:۲۵۳، ۲۵۹، ۲۶۰ کا مطالعہ کریں۔

سوال:

حضرت عمرؓ جو قبر میں مدفون تھے، وہ کئی من مٹی، جو ان کے اوپر تھی، اس کے اندر سے تو دیکھ سکتے تھے لیکن کپڑا جو معمولی قسم کا پردہ ہے، اس میں وہ نہیں دیکھ سکتے تھے۔

جواب:

آپ کا یہ عقلی ڈھکوسلہ نص کے خلاف ہے، صحابہ کرامؓ کے نظریہ کے خلاف ہے، فقہاء احناف ؒکی عبارات کے خلاف ہے۔ حضرت ابن عباسؓ کی مرفوع حدیث میں ہے کہ مردہ سلام کرنے والے کو پہچانتا ہے اور سلام کا جواب دیتا ہے (اس حدیث کی تحقیق آگے آرہی ہے ان شاء اللہ تعالیٰ)

پھلوی صاحب ایک سوال کے جواب میں لکھتے ہیں: ''جواباً عرض ہے کہ یہ قیاس ہے، نص کے مقابلہ میں جو مردود ہوتا ہے۔ (ردمنکرات ص:۳۷)

حضرت عمرو بن العاصؓ کی وصیت:

فاذا دفنتمونی فسنوا علی التراب سنا ثم اقیموا حول قبری قدر ما تنحر جزور ویقسم لحمها حتی استانس بکم وانظر ماذا اراجع به رسل ربی (صحیح مسلم ج:۱ ص:۷۶ صحیح ابو عوانہ ج:۱ ص:۷۱ فیض الباری ج:۱ مسند احمد ج:۴ ص:۱۹۹ طبقات ابن سعد ج:۴ ص:۱۵۹ مشکوٰۃ ص:۱۴۹)

حضرت عمرو بن العاصؓ فرماتے ہیں ''پس جب تم مجھے دفن کر چکو تو میرے اوپر مٹی ڈالو پھر میری قبر کے پاس اتنی مدت ٹھہرے رہو جس میں اونٹ ذبح کر کے اس کا گوشت تقسیم کیا جا سکے تا کہ میں تمہاری وجہ سے انس حاصل کروں اور سوچ لوں کہ اپنے رب کے فرشتوں کو کیا جواب دوں۔''

معلوم ہوا کہ حضرت عمرو بن العاصؓ کا یہ نظریہ تھا کہ میں تمھاری بات بھی سنوں گا اور اپنی قبر کے پاس دیکھ کر مانوس بھی ہوں گا۔ اس حدیث کی شرح میں محمد بن علان الصدیقی الشافعی الاشعری المکی (المتوفی ۱۰۵۷ھ) فرماتے ہیں:

فیه ان المیت یسمع حینئذ من حول القبر۔ (دلیل الفالحین شرح ریاض الصالحین ج:۳ ص:۱۹۶)

اس حدیث میں دلیل ہے کہ مردہ قبر کے آس پاس سنتا ہے۔

علامہ طحطاوی حنفیؒ لکھتے ہیں:

اذا فرغوا من دفنه یستحب الجلوس عند قبره بقدر ما ینحر جزور و یقسم لحمه یتلون القرآن ویدعون للمیت فقد ورد انه یستأنس بهم وینتفع به ۔(طحطاوی حاشیه مراقی الفلاح ص:۳۳۸)

اور جب مردہ کے دفن سے فارغ ہو جائیں تو اس کی قبر کے پاس بیٹھنا مستحب ہے اتنا وقت کہ اونٹ ذبح کیا جائے اور اس کا گوشت تقسیم کیا جائے قرآن مجید کی تلاوت کرتے رہیں اور میت کے لئے دعا مانگتے رہیں پس اس کا ثبوت حدیث میں مذکور ہے کہ مردہ ان سے مانوس ہوتا ہے اور اس بیٹھنے سے اس کو نفع ہوتا ہے۔

نیز لکھتے ہیں:

وقال ابن القیم الاحادیث والآثار تدل علی ان الزائر متی جآء علم به المزور وسمع سلامه وانس به ورد علیه وهذا عام فی حق الشهداء وغیرهم انه لا توقیت فی ذلك ۔ (طحطاوی ص:۳۴۰)

اور علامہ ابن قیمؒ نے فرمایا کہ احادیث اور آثار دلالت کرتے ہیں اس بات پر کہ زیارت کرنے والا جب بھی قبر کے پاس آئے تو مردہ جانتا ہے اور اس کا سلام سنتا ہے اور اس سے مانوس ہوتا ہے اور اس کے سلام کا جواب دیتا ہے اور یہ شہداء وغیرہم سب کے حق میں عام ہے اور وقت کی قید بھی نہیں ہے۔

علامہ طحطاویؒ نے تلقین کو مفید قرار دیا ہے اور حضرت عمرو بن العاصؓ کا حوالہ صحیح مسلم سے ذکر کیا ہے۔ دیکھئے (حاشیہ طحطاوی ص:۳۰٦)

دلیل نمبر:3

حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

فاما فتنة القبر فبي تفتنون وعني	پس قبر کا امتحان میرے سبب سے ہوگا اور میرے
تسألون فاذا كان الرجل الصالح	بارے میں تم سے سوال ہوگا پس نیک شخص کو اپنی
اجلس في قبره غير فزع ولا	قبر میں بٹھایا جائے گا دراں حالیکہ وہ پریشان نہ
مشعوف ثم يقال له فيم كنت	ہوگا پھر اس سے کہا جائے گا تو کس حالت میں
فيقول في الاسلام فيقال ماهذا	تھا۔؟ وہ جواب دے گا کہ اسلام کی حالت میں
الرجل الذي كان فيكم فيقول	پھر پوچھا جائے گا وہ شخص کون ہیں جو تمہارے
محمد رسول الله صلى الله عليه	اندر رہتا تھا۔؟ پس وہ جواب دے گا کہ وہ محمد صلی
وسلم جاء نا بالبينات من عند الله	اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں وہ معجزات لے
فصدقناه فيفرج له فرجة قبل النار	کر آئے ہم نے ان کی تصدیق کی پس اس شخص
فينظر اليها يحطم بعضها بعضا	کے لئے جہنم کی طرف سے ایک دریچہ کھولا جائے
فيقال له انظر الى ما وقاك الله عزو	گا پس اس کو دیکھے گا کہ بعض بعض کو کاٹ رہا ہے
جل ثم يفرج له فرجة الى الجنة	پس اس کو کہا جائے گا اس کو دیکھ لے اللہ تعالی نے
فينظر الى زهرتها وما فيها فيقال له	تمہیں اس سے بچالیا ہے پھر اس کے لئے جنت
هذا مقعدك منها ويقال على اليقين	کی طرف ایک دریچہ کھولا جائے گا پس اس کی
كنت وعليه مت وعليه تبعث ان	رونق اور جو چیزیں جنت میں ہیں ان کو دیکھے گا
شاء الله تعالى واذا كان الرجل	پس اس کو کہا جائے گا یہ تیرا ٹھکانا ہے یقین پر تو
السوء اجلس في قبره فزعا مشعوفا	نے زندگی گزاری اور اسی پر موت واقع ہوئی اور

فیقال له فیم کنت فیقول لا أدری فیقال ماهذا الرجل الذی کان فیکم فیقول سمعت الناس یقولون قولا فقلت کما قالوا فتفرج له فرجة قبل الجنة فینظر الی زهرتها ومافیها فیقال له انظر الی ماصرف الله عزو جل عنك ثم یفرج له فرجة قبل النار فینظر الیها یحطم بعضها بعضا ویقال له هذا مقعدك منها کنت علی الشك وعلیه مت وعلیه تبعث ان شاء الله ثم یعذب۔
(مسند احمد ج:٦ ص:١٤٠)

اسی پر ان شاء اللہ اٹھایا جائے گا۔اور برا شخص قبر میں بٹھایا جائے گا پریشان وحیران پس اس کو کہا جائے گا تو کس حالت میں تھا۔؟ وہ جواب دے گا میں کچھ نہیں جانتا پھر پوچھا جائے گا وہ شخص کون ہے جو تمھارے اندر رہا کرتے تھے۔؟ پس وہ کہے گا لوگوں سے میں بات سنا کرتا تھا پس میں بھی ویسے ہی کہتا ہوں اس کے لئے جنت کی جانب سے دریچہ کھولا جائے گا پس اس کی رونق اور جو چیزیں جنت میں ہیں ان کو دیکھے گا پس اس کو کہا جائے گا دیکھ لے اللہ عزوجل نے اس کو تجھ سے ہٹالیا ہے پھر اس کے لئے جہنم کی جانب سے ایک دریچہ کھولا جائے گا بعض بعض کو کاٹ رہی ہے اور اس کو کہا جائے گا یہ تیرا ٹھکانہ ہے جس کے بارے میں تو شک پر تھا اسی پر تیری موت واقع ہوئی اور اسی پر تجھے اٹھایا جائے گا ان شاء اللہ تعالی پھر عذاب دیا جائے گا۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مردہ قبر میں زندہ کیا جاتا ہے وہ منکر نکیر کا سوال سنتا ہے اور جواب بھی دیتا ہے چاہے وہ مردہ مسلمان ہو یا کافر وہ جنت وجہنم کو بھی اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہے۔

دلیل نمبر:4

حضرت عائشہ صدیقہؓ اپنے بھائی عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ کی قبر پر حاضر ہوئیں تو فرمایا:

والله لو حضرتك مادفنت الا حیث

خدا کی قسم اگر میں تیری موت کے وقت

مت ولو شهد تك مازرتك ۔ (ترمذی ج:۱ ص:۱۲۵ وقال الهيثمی رواه الطبرانی ورجاله رجال الصحيح ۔ (مجمع الزوائد ج:۳ ص:۶۰)

تیرے پاس موجود ہوتی تو آپ کو دفن نہ کیا جاتا مگر جہاں تو فوت ہوا ہے اگر میں تیرے پاس موجود ہوتی (تو آج) تیری زیارت کے لئے نہ آتی۔

حضرت عائشہؓ کا اپنی بھائی کی قبر پر آ کر بھائی کو خطاب کرنا سماع موتی کی دلیل ہے۔اس روایت پر یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ اس کی سند میں ابن جریج ہے،تو اس کا جواب یہ ہے کہ ابن جریج کی سند کے علاوہ بھی حضرت عائشہ صدیقہؓ کا بھائی کی قبر پر جانا ثابت ہے۔ (دیکھئے مصنف ابن ابی شیبہ ج:۳ ص:۳۶۱ و مصنف عبدالرزاق ج:۳ ص:۵۱۸ ومستدرک حاکم ج:۱ ص:۳۷۶ وقال الذهبی صحیح)

دلیل نمبر:5

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے آخری حصہ کو مدینہ منورہ کے قبرستان جنت البقیع کی طرف نکلتے تھے وہاں سلام کرتے تھے۔

السلام عليكم دار قوم مؤمنين واتاكم ما توعدون غداً مؤجلون انا ان شاء الله بكم لاحقون ۔ (صحيح مسلم ج:۱ ص:۳۱۳)

اے مؤمن قوم! حویلی میں رہنے والے تمھارے اوپر سلامتی ہو کل تاخیر والے دن کا جو وعدہ تمھیں دیا جاتا تھا وہ تمھارے پاس آچکا ہے اور ان شاء اللہ ہم بھی آپ سے ملنے والے ہیں۔

اس حدیث میں بھی خطاب کے صیغے ہیں اور اس حدیث کے تحت حافظ ابن کثیرؒ تفسیر ابن کثیر ج:۳ ص:۴۳۸ میں ،حافظ ابن قیمؒ ''کتاب الروح'' ص:۴ میں فرماتے ہیں: یہ خطاب اس کو ہے جو سنتا ہے اور سمجھتا ہے،اگر ان کو یہ خطاب نہ ہوتا تو وہ بمنزلہ معدوم و جماد کے ہوتے، حالانکہ سلف صالحین کا اس پر اتفاق ہے اور تواتر کے ساتھ ان سے یہ خبریں منقول ہیں کہ مردہ زیارت کرنے والے کو پہچانتا ہے اور اس سے اس کو خوشی حاصل ہوتی ہے۔

حضرت مولانا نانوتویؒ فرماتے ہیں: ”یہی وجہ معلوم ہوتی ہے کہ خدا نے تو ”اِنَّکَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی“ فرمایا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے باوجود اس کے سلام اہل قبور مسنون کر دیا، اگر استماع ممکن نہیں تو پھر یہ بے ہودہ حرکت یعنی سلام اہل قبور ملحدوں کی زبان درازی کے لئے کافی ہے۔ (جمال قاسمی ص:۸)

رجوع کی دلیل نمبر:5

عن عائشةؓ ان رسول لله صلى الله عليه وسلم قال كسر عظم الميت ككسره حيا رواه مالك وابو داؤد وابن ماجة۔ (مشكوة ج:١ ص:١٤٩)	حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میت (مردہ) کی ہڈی توڑنا ایسے ہے جیسے زندہ کی ہڈی توڑنا۔

نیز یہ حدیث ”مسند احمد“ ج:۶ ص:۱۰۵ اور ج:۶ ص:۵۸ اور ”موارد الظمآن“ ص:۹۶ وغیرہ میں بھی مذکور ہے، مشکوۃ کے حاشیہ میں ہے:

قوله ككسره حيا يعني في الاثم كما في الرواية قال الطيبي اشارة الى ان لا يهان الميت كما لا يهان الحي وقال ابن الملك والى ان الميت يتألم قال ابن حجر ومن لازمه ان يستلذ بما يستلذ به الحي انتهى وقد اخرجه ابن ابي شيبة عن ابن مسعودؓ اذى المؤمن في موته كأذاه في حياته ذكره في	کہ ہڈی توڑنا زندہ کی طرح ہے یعنی گناہ میں جیسا کہ ایک روایت میں مذکور ہے علامہ طیبیؒ نے فرمایا کہ اس حدیث میں اشارہ ہے کہ میت کی توہین زندہ کی توہین کی طرح ہے اور علامہ ابن الملک حنفیؒ فرماتے ہیں کہ یہ اشارہ بھی ہے کہ میت کو درد ہوتا ہے حافظ ابن حجرؒ نے فرمایا کہ اس کے لوازمات میں سے یہ بھی ہے کہ مردہ کو ان چیزوں سے لذت حاصل ہو جن سے زندہ کو لذت حاصل ہوتی ہے۔ اور ابن ابی شیبہؒ نے ابن مسعودؓ سے یہ روایت تخریج کی ہے کہ مؤمن کو موت کی حالت میں تکلیف پہنچانا زندہ کی طرح

المرقاۃ۔ ہے مرقاہ شرح مشکوۃ میں اسی طرح مذکور ہے۔

علامہ سخاویؒ لکھتے ہیں:

حدیث: ان المیت یؤذیه فی قبره ما کان یؤذیه فی بیته الدیلمی بلا سند عن عائشة رضی اللہ عنہا مرفوعا ویشهد له ما اخرجه ابو داؤد وابن ماجة وغیرهما مرفوعا کسر عظم المیت ککسر عظمه حیا۔ (المقاصد الحسنة ص:٦٢)

کہ یہ حدیث ''بے شک مردہ کو قبر میں وہ چیزیں تکلیف پہنچاتی ہیں جو اس کو اپنے گھر میں پہنچاتی تھیں۔محدث دیلمیؒ نے اس حدیث کو حضرت عائشہؓ سے مرفوعا بغیر سند کے روایت کیا ہے لیکن اس حدیث کی تائید حضرت عائشہؓ کی اس حدیث سے ہوتی ہے جس کو ابوداؤد اور ابن ماجہ وغیرہ نے مرفوعا روایت کیا ہے کہ مردہ کی ہڈی توڑنا زندہ کی ہڈی توڑنے کی طرح ہے۔

محدث دیلمیؒ کی طرح محدث ابن ابی حاتمؒ نے بھی اس حدیث کو روایت کیا ہے لیکن سند کے ساتھ اور جرح بھی کی ہے دیکھئے علل لابن ابی حاتم ج:اص:۳۷۰

اور شامی میں ہے "لان المیت یتأذی بما یتأذی به الحی" (بحوالہ فتاوی مظہری ص:۴۲۶) میت کو بھی یقیناً تکلیف ہوتی ہے ان چیزوں سے جن سے زندہ کو تکلیف ہوتی ہے اور ہڈی توڑنے والی حدیث "موارد الظمان" ص:۱۹۶ میں باب کا عنوان یوں ہے "باب فی من آذی میتا" (باب ان چیزوں کے بارے میں جو میت کو تکلیف پہنچاتی ہیں)۔

علامہ شمس الحق عظیم آبادی صاحب غیر مقلد فرماتے ہیں کہ علامہ امیر یمانیؒ "سبل السلام" میں فرماتے ہیں:

وهو یحتمل ان المیت یتألم کما یتألم الحی وقد ورد الحدیث انتهی (التعلیق المغنی علی سنن الدار قطنی ج:۳

اور یہ بھی احتمال ہے کہ اس سے مراد یہ ہو کہ مردہ کو درد و تکلیف ہوتی ہے جیسا کہ زندہ کو ہوتی ہے اور اس سلسلے میں ایک حدیث بھی

ص:۱۸۸) مروی ہے۔

ان دلائل سے معلوم ہوا کہ حضرت عائشہ صدیقہؓ اپنے قیاسی نظریہ عدم سماع موتی سے رجوع کر چکی تھیں۔"انك لا تسمع الموتی" میں لفظ موتی سے دھوکہ لگ جاتا ہے لیکن جب پوری آیت پڑھ کر غور وفکر کیا جائے تو مسئلہ خود بخود حل ہو جاتا ہے، اور بھی کئی حضرات کو لفظ موتی سے دھوکہ لگا ہے۔ چنانچہ حضرت عمرؓ بھی ان حضرات میں شامل ہیں لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان سے تسلی ہوگئی اور حدیث "ما انتم باسمع" کی خود روایت کرتے رہے کما مر۔ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبر میں منکر نکیر کے سوال کا ذکر کیا۔

فقال عمرؓ اترد علینا عقولنا یا رسول الله ! فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم نعم کهیئتکم الیوم فقال بفیه الحجر (مسند احمد ج:۲ ص: ۱۷۲ و موارد الظمان ص:۱۹۷)	تو حضرت عمرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! اللہ ہمارے عقل اس وقت واپس لوٹائیں گے آپ نے فرمایا ہاں آج کے دن کی طرح عقل کام کریں گے پس حضرت عمرؓ نے کہا صحیح جواب نہ دے سکنے والے کے منہ پر پتھر پڑیں۔

مسند احمد کی سند میں ابن لہیعہ راوی واقع ہیں گرچہ اس نے تحدیث کے ساتھ روایت بیان کی ہے مگر ابن لہیعہ سخت ضعیف ہے لیکن موارد الظمان کی سند میں یہ راوی نہیں ہے۔ علامہ منذریؒ فرماتے ہیں:

رواه احمد من طریق ابن لهیعة والطبرانی فی الکبیر باسناد جید۔ (الترغیب والترهیب للمنذری ج:۵ ص: ۳۲۳)	کہ اس حدیث کو امام احمدؒ نے ابن لہیعہ کی سند سے روایت کیا ہے لیکن امام طبرانیؒ نے معجم کبیر میں جید (کھری) سند سے روایت کیا ہے۔

چنانچہ موت کے بعد عقل وغیرہ سب کامل ہوتی ہے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ حضرت عمرؓ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ اے عمر! اس وقت تمھارا کیا حال ہوگا جب کہ قبر میں

تمہارے پاس دو فرشتے گرجتے کڑکتے آئیں گے اور تم کو ہلا ڈالیں گے اور حاکمانہ گفتگو کریں گے۔؟ حضرت عمرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! اس وقت ہماری عقل بھی درست ہوگی یا نہیں۔؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''نعم کھیئتکم الیوم'' یعنی اس وقت ایسی عقل ہوگی جو آج ہے۔ انہوں نے عرض کیا کہ بس کام چلالوں گا۔ (اخرجہ احمد و الطبرانی) ندائے حق جزء اول طبع اول ص: ۵۴۴ و طبع دوم ص: ۵۶۵۔ نیلوی صاحب زندہ باد۔

حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن کا رجوع:

حضرت مفتی صاحبؒ نے اپنے فتاوی میں امام اعظمؒ کو بھی منکرین سماع موتی میں شمار کیا تھا لیکن بعد میں اپنی ایک تحریر میں واضح کرتے ہیں۔ ''سماع موتی میں اختلاف ہے۔ اور یہ اختلاف صحابہ رضی اللہ عنہم کے زمانہ سے ہے، بہت سے ائمہ سماع موتی کے قائل ہیں اور حنفیہ کی کتب میں بعض مسائل ایسے مذکور ہیں جن سے عدم سماع معلوم ہوتا ہے مگر امام صاحبؒ سے کوئی تصریح اس بارہ میں نقل نہیں کرتے۔ الخ فتاوی دار العلوم دیوبند مفتی عزیز الرحمٰن صاحبؒ ج: ۵ ص: ۴۶۱۔

ایمان (قسم کے مسئلہ ۔۔ بعض حضرات کو دھوکہ لگا ہے کہ مردے نہیں سنتے حالانکہ قسموں کا دار و مدار عرف پر ہے اور اسی دھوکہ میں حضرت مفتی صاحب بھی مبتلا رہے بار بار لکھتے رہے کہ حضرت امام اعظمؒ سماع موتی کے قائل نہیں۔ (انا للہ و انا الیہ راجعون)

حضرت مولانا محمد منظور نعمانی کا رجوع:

مولانا منظور نعمانی مدظلہ العالی (اب رحمہ اللہ) نے بھی ''ستہ ضروریہ'' ص: ۳۶ وغیرہ میں لکھا کہ حضرت امام ابوحنیفہؒ سماع اموات کے منکر ہیں۔ لیکن بعد میں حضرت اس سے رجوع کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ''لیکن اصل بات یہ ہے کہ یہ شہرت ہی ایک غلط فہمی پر مبنی ہے کہ ائمہ حنفیہ سماع موتی کے منکر ہیں، محققین علماء احناف نے دعویٰ کیا ہے کہ فقہ حنفی کے ائمہ واساطین میں سے کسی سے بھی یہ انکار ثابت نہیں۔ (ماہنامہ الفرقان لکھنؤ جمادی الاول ۱۳۸۶ء ص: ۳۲) مولانا

موصوف اس کے حاشیہ میں لکھتے ہیں ''اس موقع پر یہ عاجز اس کا اظہار ضروری سمجھتا ہے کہ اب سے ۳۳-۳۲ سال پہلے الفرقان کے پہلے یا دوسرے سال کے کسی شمارہ میں سماع اموات کے بارہ میں اس عاجز نے بھی وہی لکھا تھا جس کی نسبت حنفیہ کی طرف مشہور ہوگئی ہے یعنی سماع موتی کا انکار، بعد میں وہ معلوم ہوا جو ''فیض الباری'' سے یہاں نقل کیا جا رہا ہے اور اب یہ عاجز اسی کو تحقیقی بات سمجھتا ہے۔ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِى السَّبِيْلَ "۔

مولانا محمد منظور نعمانی مدظلہ العالی کو مسئلہ سماع موتی کے بارے میں مولانا شیر محمد مہاجر مدنیؒ (المتوفی ذوالحجہ ۱۳۸۶ھ) کا ایک خط بھی موصول ہوا تھا جس سے مولانا نعمانی مدظلہ نے بہت اچھا اثر لیا۔ مولانا موصوف کے اپنے الفاظ میں اس خط کا ذکر ملاحظہ ہو: ''اب سے ۳۳ سال پہلے جب الفرقان بریلی سے جاری ہوا تو کچھ دنوں تک یہ عاجز خود ہی اس کا ایڈیٹر تھا اور خود ہی اس کا محرر۔ اس ابتدائی دور میں گھونکی ضلع سکھر (سندھ) سے الفرقان جاری کرانے کے لئے سالانہ چندہ کا ایک منی آرڈر آیا، مرسل کا نام صرف ''شیر محمد'' لکھا ہوا تھا، اور تحریر کی سادگی سے اس کا شبہ بھی نہیں ہوا کہ یہ کوئی صاحب علم ہو سکتے ہیں۔ چنانچہ خریداروں کے رجسٹر میں، میں نے ان کا نام صرف ''شیر محمد صاحب'' لکھ دیا۔ عرصہ کے بعد الفرقان کے ایک مضمون کے بارہ میں جو غالباً مسئلہ سماع اموات سے متعلق تھا، ان صاحب کا ایک خط آیا جس میں ''امداد الفتاوی'' کے حوالہ سے اس مسئلہ کے متعلق حضرت تھانویؒ کی ایک خالص تحقیق کا ذکر کیا گیا تھا، جس سے میں اس وقت تک واقف نہیں تھا، اس خط سے پہلی دفعہ یہ معلوم ہوا کہ یہ کوئی عالم دین ہیں''۔ (ماہنامہ الفرقان لکھنؤ ماہ ربیع الاول ص:۵۱ تا ۵۲ ۱۳۸۶ھ)

۲۶۵

ماہنامہ الفرقان لکھنؤ

سالانہ چندہ
ہندوستان سے ۶/۰
پاکستان سے ۶/۰
ششماہی
ہندوستان سے ۳/۵۰
پاکستان سے ۳/۰

سالانہ چندہ
غیر ممالک سے
۱۲ شلنگ
ہوائی ڈاک کے لیے مزید محصول ڈاک کا اضافہ

فی کاپی ...... ۶۰ پیسے

جلد ۳۴ | بابت ماہ جمادی الاولیٰ ۱۳۸۶ھ مطابق ستمبر ۱۹۶۶ء | شمارہ (۵)

اگر اس دائرہ میں ◯ سرخ نشان ہے تو

اس کا مطلب ہے کہ آپ کی مدت خریداری ختم ہو گئی ہے۔ براہ کرم آئندہ کیلئے چندہ ارسال فرمائیں یا خریداری کا ارادہ نہ ہو تو مطلع فرمائیں۔ چندہ یا کوئی دوسری اطلاع ۲۰ ستمبر تک آجائے ورنہ اگلا شمارہ بصیغہ وی۔ پی ارسال ہوگا۔

پاکستان کے خریدار:۔ اپنا چندہ ادارہ اصلاح و تبلیغ آسٹریلین بلڈنگ لاہور کو بھیجیں اور صرف ایک سادہ کارڈ کے ذریعہ ہم کو اطلاع دیدیں ڈاکخانہ کی رسید بھیجنے کی ضرورت نہیں۔

نمبر خریداری:۔ براہ کرم خط و کتابت اور منی آرڈر کوپن پر اپنا نمبر خریداری ضرور لکھ دیا کیجئے۔

تاریخ اشاعت:۔ الفرقان ہر انگریزی مہینہ کے پہلے ہفتہ میں روانہ کر دیا جاتا ہے، اگر ۱۵ تاریخ تک کسی صاحب کو نہ ملے تو فوراً مطلع کریں۔ اس کی اطلاع ۲۰ تاریخ تک آجانی چاہیے اس کے بعد رسالہ بھیجنے کی ذمہ داری دفتر پر نہ ہوگی۔

دفتر الفرقان، کچہری روڈ، لکھنؤ

بعض اصحابِ قبور کا تکلّم

—— محمد منظور نعمانی

کئی مہینے سے الفرقان میں حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے حالات شائع ہو رہے ہیں، اس سلسلہ کی بعض قسطوں میں چند واقعات ایسے بھی مذکور ہوئے ہیں جن میں بعض خواص اصحاب قبور سے شاہ صاحبؒ کے مکالمات کا ذکر ہے۔ ناظرین الفرقان میں سے بعض حضرات نے ان واقعات سے اپنے سخت توحش و اضطراب کا اظہار کیا ہے۔ لیکن انھوں نے وضاحت کے ساتھ اس کا سبب نہیں لکھا ہے ۔۔ ہم نے بہتر سمجھا کہ اس بارہ میں الفرقان ہی میں کچھ لکھ دیا جائے تاکہ اگر کسی اور کو بھی اس طرح کا خلجان ہو تو وہ بھی رفع ہو جائے۔

جو حضرات حضرت شاہ ولی اللہؒ اور ان کے والد ماجد حضرت شاہ عبدالرحیمؒ کی شخصیت اور ان کے علو مقام سے واقف ہیں اُن کی خدمت میں تو سب سے پہلی بات اس سلسلہ میں یہ عرض کرنی ہے کہ یہ سب واقعات حضرت شاہ ولی اللہؒ کی "انفاس العارفین" سے ماخوذ ہیں یعنی ان کے اصل راوی حضرت شاہ ولی اللہؒ ہیں۔ اور انھوں نے بلا واسطہ حضرت شاہ عبدالرحیم صاحبؒ سے سُن کر یہ واقعات اپنی کتاب میں محفوظ کیے ہیں ۔۔۔ اس لیے جہاں تک ان کی نقل و روایت کا تعلق ہے اس میں کسی شک و شبہ یا کسی غلط فہمی کی گنجائش نہیں ہے۔

اس کے بعد گزارش ہے کہ ان واقعات کے بارہ میں ذہنی خلجان اور توحش کی وجہ ایک تو یہ ہو سکتی ہے کہ اصحاب قبور سے اس طرح کے مکالمے کی کوئی مثال اور سند قرآن مجید

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات میں ہمیں نہیں ملتی ۔ یہ بات بلاشبہ صحیح ہے ۔لیکن یہ بھی واقعہ ہے کہ کوئی آیت یا حدیث ایسی بھی ہمارے علم میں نہیں ہے جس سے اس کی قطعا نفی ہوتی ہو ۔ (اِنَّکَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتیٰ ۔ اور ۔ وَمَا اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِی الْقُبُوْرِ کے بارہ میں جو کچھ لکھا جا چکا ہے وہ اہل علم کی نظر میں ہوگا اور ان دونوں آیتوں کا سیاق و سباق خود ہی ان کے معنی متعین کر دیتا ہے ۔ تفصیل تفاسیر میں دیکھی جا سکتی ہے) بہر کیف صورت حال یہ ہے کہ شریعت کے اصل ماخذ قرآن و حدیث اس بارہ میں ساکت ہیں ۔ اور یہ ہرگز ضروری نہیں کہ جو بات قرآن و حدیث میں بیان نہ کی گئی ہو وہ لازمی طور پر قابل انکار ہی ہو ۔ بلکہ ہو سکتا ہے کہ ایک حقیقت بجائے خود صحیح ہو اور وہ خواص امت کے تجربہ اور ادراک میں آئے اور قرآن و حدیث میں اس کو اس لیے بیان نہ فرمایا گیا ہو کہ امت کے عوام اور جمہور کے لحاظ سے وہ نازک اور دقیق ہو اور اس سے ان کے لیے کسی ابتلاء کا خطرہ ہو یا اس طرح کی کسی اور مصلحت سے اس کو قرآن و حدیث میں بیان نہ فرمایا گیا ہو ۔ ۔ خود حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں حقیقت روح پر کلام کرتے ہوئے اس نکتہ کو ان الفاظ میں بیان فرمایا ہے ۔

ولیس کل ما سکت عنہ الشرع لا یمکن معرفتہ البشر بل کثیر اً ما یسکت عنہ لاجل انہ معرفۃ دقیقۃ لا یصلح لتعاطیہا جمہور الامۃ وان امکن لبعضہم ۔	اور یہ بات نہیں ہے کہ شریعت میں جس چیز کے بیان سے سکوت کیا گیا ہو اس کی معرفت اور اس کا ادراک کسی کے لیے ممکن ہی نہ ہو بلکہ بکثرت ایسا ہوتا ہے کہ کسی حقیقت کو شریعت میں اس لیے بیان نہیں کیا جاتا کہ وہ ایک دقیق ادراک حقیقت ہوتی ہے جس کے لینے دینے (افادہ و تعلم) کی صلاحیت جمہور امت میں نہیں ہوتی (اگرچہ خواص میں اس کی اہلیت ہوتی ہو اور وہ اس سے مستفید ہو سکتے ہیں)
(حجۃ اللہ ص ۱۶ ج ۱)	

صوفیائے کرام کے بہت سے عبادات اور بہت سے تجربے اسی قبیل سے ہیں۔ ہاں اگر خدانخواستہ ان میں سے کوئی ایسی بات کہے اور ایسی معرفت یا واردات بیان کرے جو قرآن، حدیث اور اُصولِ شریعت کے خلاف ہو تو بلاشبہ اس کا رد و انکار واجب ہوگا لیکن اگر وہ بات ایسی ہے کہ قرآن و حدیث اس سے صرف ساکت ہیں تو پھر اس کے انکار و ابطال پر زور دینا غلو ہوگا ــــ زیادہ سے زیادہ یہ کہ دوسرے لوگ اس کے تسلیم کرنے کے مکلف نہ ہوں گے ــ حضرت شاہ عبدالرحیمؒ کے حالات میں بعض خواص اصحاب قبور سے مکالمہ، یا بیداری میں حضرت سعدی علیہ الرحمہ سے ملاقات، یا منطق الطیر کے ادراک وغیرہ کے جو واقعات بیان ہوئے ہیں اُن سب کی نوعیت دراصل یہی ہے ــ اس لیے صرف اس بنا پر ان کا انکار اور ان سے توحش صحیح نہیں کہ قرآن و حدیث میں ان کی کوئی مثال نہیں ملتی۔

اموات کے مکالمے سے انکار کی ایک علمی وجہ خاص کر احناف کے لیے یہ بھی ہو سکتی ہے کہ یہ بات اچھی خاصی شہرت پا گئی ہے کہ حنفیہ سماع موتیٰ کے قائل نہیں ہیں اور ظاہر ہے کہ اموات سے مکالمے کا اس وقت تک تصور بھی نہیں کیا جا سکتا جب تک کہ ان کے لیے سماع بلکہ مزید برآں تکلم بھی نہ تسلیم کر لیا جائے۔

اس بارہ میں پہلی بات تو یہ ہے کہ جن حنفی علماء و مصنفین نے سماع موتیٰ سے انکار کیا ہے ان کو بھی سماع سے مطلق انکار نہیں ہے بلکہ وہ اس میں استثنا کے قائل ہیں، مثلاً وہ مانتے ہیں کہ جب کوئی زائر قبر پر سلام کرتا ہے تو صاحب قبر اس کا سلام سنتا ہے اور اس کا جواب بھی دیتا ہے، اسی طرح احادیث نبویہ کی روشنی میں انھوں نے اور بھی بعض استثناءات کیے ہیں ــــ لیکن اصل بات یہ ہے کہ یہ شہرت ہی ایک غلط فہمی پر مبنی ہے کہ ائمہ حنفیہ سماع موتیٰ کے منکر ہیں ــــ محققین علماء احناف نے دعویٰ کیا ہے کہ فقہ حنفی کے ائمہ و اساطین میں سے کسی سے بھی یہ انکار ثابت نہیں ہے"[1] ــــ امام العصر حضرت مولانا سید انور شاہ کشمیریؒ کے

(۱) اس موقع پر یہ عاجز اس کا اظہار ضروری سمجھتا ہے کہ اب سے ۲۲-۲۳ سال پہلے الفرقان کے پہلے یا دوسرے سال کے کسی شمارہ میں سماع اموات کے بارہ میں اس عاجز نے بھی وہی لکھا تھا جس کی نسبت حنفیہ کی طرف مشہور ہو گئی ہے۔ یعنی سماع موتیٰ کا انکار، بعد میں وہ معلوم ہوا جو فیض الباری" سے یہاں نقل کیا جا رہا ہے۔ اور اب یہ عاجز اسی کو تحقیقی بات سمجھتا ہے۔ واللہ یقول الحق و ھو یھدی السبیل۔

امالی "فیض الباری علی صحیح بخاری" میں ہے۔

وفی رسالۃ غیر مطبوعۃ لعلی القاری ان احداً من ائمتنا لم یذھب الی انکارہا اے انکار مسئلۃ سماع الاموات) وانما استنبطوھا من مسئلۃ فی باب الایمان ... الخ ۲۶۵/۲۲	ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کے ایک غیر مطبوعہ رسالہ میں ہے کہ سماع موتیٰ سے انکار ائمہ حنفیہ میں سے کسی کا بھی مسلک نہیں ہے بلکہ بعض مصنفین نے باب ایمان کے ایک جزئی مسئلہ سے ایسا سمجھا ہے۔ (اور یہ استنباط اس وجہ سے صحیح نہیں ہے ۱۰۴/۲۲)

اس کے بعد صاحب فتح القدیر ابن ہمام کے رد پر گفتگو فرمانے کے بعد شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

اقول: والاحادیث فی سمع الاموات قد بلغت مبلغ التواتر۔	اور میں کہتا ہوں کہ مسئلہ سماع موتیٰ کے بارہ میں حدیثیں تواتر کی حد تک پہونچی ہوئی ہیں۔ (اس لیے اس کے انکار کی کوئی گنجائش ہی نہیں ہے)

اسی طرح فتح الملہم شرح صحیح مسلم میں ہے

ان سماع الموتیٰ ثابت فی الجملۃ بالاحادیث الکثیرۃ الصحیحۃ (فتح الملہم ۲۹/۲۲)	بلاشبہ اموات کا فی الجملہ سماع بہت سی صحیح احادیث سے پایۂ ثبوت کو پہونچ چکا ہے۔

نیز فتح الملہم میں اس موقع پر علامہ آلوسی بغدادی حنفی کا کلام نقل کیا گیا ہے جس سے مسئلہ کے مختلف پہلوؤں پر اچھی روشنی پڑتی ہے۔ خاص کر اس شبہ کا جواب بھی مل جاتا ہے کہ قبر میں تو صرف بے جان اور بے روح لاشہ دفن ہوتا ہے اور وہ بھی عام طور سے زیادہ مدت تک صحیح سلامت نہیں رہتا اس سے سماع کا کیا امکان ہے۔ ذیل میں علامہ آلوسی کے اس کلام کا صرف حاصل اور خلاصہ درج کیا جاتا ہے۔ فرماتے ہیں

حضرت گنگوہیؒ کا رجوع:

حضرت گنگوہیؒ سے بھی ''لطائف رشیدیہ'' اور ''الکوکب الدری'' سے یہی نقل کیا گیا ہے کہ حضرت امام اعظمؒ سماع موتی کے منکر ہیں لیکن بعد میں حضرت نے اس سے رجوع کرلیا ہے۔

ملاحظہ ہو:

جواب:...... مسئلہ سماع میں حنفیہ باہم مختلف ہیں اور روایات سے ہر دو مذہب کی تائید ہوتی ہے پس تلقین اسی مذہب پر مبنی ہے، کیونکہ اول زمانہ قریب دفن کے بہت سی روایات اثبات سماع کرتی ہیں اور حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے اس باب میں کچھ منصوص نہیں اور روایات جو کچھ امام صاحب سے آئی ہیں، شاذ ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (فتاوی رشیدیہ ص:۵۴۰)

حضرت نیلوی کا رجوع:

حضرت نیلوی صاحب مولانا نورالحسن شاہ صاحب بخاریؒ کو جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں: ''رہا آپ جیسے قائلین کا فرمانا، کہ امام ابوحنیفہؒ کا مسلک عدم سماع موتی نہیں ہے، سو یہ غلط ہے، تواتر سے ثابت ہے کہ امام ابوحنیفہؒ کا مسلک عدم سماع موتی ہے۔ (ردمنکرات ص:۳۸)

لیکن حضرت نیلوی نے بعد میں اپنے اس جھوٹ سے رجوع کرلیا ہے، چنانچہ خود فرماتے ہیں: ''اور حضرت امام اعظمؒ سے صراحۃ کوئی روایت نہیں ملتی، نہ سماع کی اور نہ عدم سماع کی۔ (ندائے حق جلد ثانی ص:۱۳۳)

نیز لکھتے ہیں:

اب یہ مسئلہ ہم بھی تسلیم کرتے ہیں کہ صراحۃ تنصیص نہیں ہے ظاہرالروایات کی کتب میں۔ ہاں ان کتب میں بہت سے مؤیدات وشواہدات ملتے ہیں جن سے یہ مسئلہ بلاشبہ اور بہ آسانی نکلتا ہے اور حضرت گنگوہیؒ کے فرمان کے مطابق حضرت امام اعظمؒ سے اس باب میں کچھ منصوص نہیں اور روایات جو کچھ امام صاحب سے آئی ہے، شاذ ہیں۔ (فتاوی رشیدیہ ج:۲ ص:۱۰ تا ۱۱)

(ندائے حق جلد ثانی ص:۱۴)

معلوم ہوا کہ اس مسئلہ میں بعض حضرات کو دھوکہ لگا ہے اور بغیر تحقیق کے بات لکھ ماری، جب پتہ چلا تو رجوع کرنا پڑا۔ایک جھوٹی روایت فتاوی غرائب کے حوالہ سے بھی پیش کی جاتی ہے اور امام اعظمؒ کے مسلک کی بنیاد اس پر رکھی جاتی ہے اور اس کا ناقل غیر مقلد عالم بشیر الدین قنوجی ہے۔جس کی تردید راقم الحروف نے قہر حق ج:۱ص:۲۳۵ میں کردی ہے۔

جواب:3

حضرت عائشہ صدیقہؓ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے بالمقابل جب قرآنی آیات پیش کرتیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کو سمجھا دیتے تھے اور آپ سمجھ جاتی تھیں مثلاً:

(۱):......حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص ایسا نہیں کہ اس کا قیامت والے دن حساب لیا جائے مگر وہ ہلاک ہوجائے گا۔حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں میں نے عرض کیا یارسول اللہ! میں آپ پر قربان ہوجاؤں کیا اللہ تعالی نہیں فرماتے کہ "فَاَمَّامَنْ اُوْتِیَ کِتٰبَهٗ بِیَمِیْنِهٖ ﴿۷﴾ فَسَوْفَ یُحَاسَبُ حِسَابًا یَّسِیْرًا" (پس جس کو اعمالنامہ دائیں ہاتھ میں دیا جائے پس عنقریب اس کا حساب آسان لیا جائے گا) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواباً فرمایا: "ذاك العرض ومن نوقش الحساب هلك" (آیت میں جس حساب کا ذکر ہے، اس سے مراد صرف پیشی ہے اور جس شخص کا پورا حساب لیا جائے گا وہ ہلاک ہوجائے گا) صحیح بخاری ج:۲ص:۷۳۶، ترمذی ج:۲ص:۱۷۱، صحیح مسلم ج:۲ص:۳۸۷ اور ابوداؤد ج:۲ ص:۸۵۔

(۲):......حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرما رہے تھے: "دن رات ختم نہ ہوں گے یعنی قیامت قائم نہ ہوگی جب تک لات اور عزی (بتوں) کی عبادت نہ کی جائے گی، پس میں (عائشہ صدیقہؓ) نے کہا میرا گمان یہ تھا کہ آیت "هُوَالَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی" (جس میں تمام ادیان پر غلبہ کا ذکر ہے) تام اور کامل ہے

(یعنی بتوں کی عبادت پھر کبھی نہ ہوگی) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "یہ غلبہ رہے گا، پھر اللہ تعالی ایک پاکیزہ ہوا چلا دیں گے، مؤمن فوت ہو جائیں گے، پس وہ لوگ باقی رہ جائیں گے جن میں کوئی خیر و بھلائی نہ ہوگی پس یہ اپنے باپ دادا کے دین کی طرف لوٹ جائیں گے"۔ (صحیح مسلم ج:۲ ص:۳۹۴)

اسی طرح حضرت عائشہ صدیقہؓ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے یہ آیت "اِنَّکَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی" پڑھتیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یقیناً ان کو سمجھا دیتے، اس لئے اب ہمارے لئے یہ امتحان ہے کہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کو مانتے ہیں یا ان کے بالمقابل حضرت عائشہؓ کے اجتہاد اور قیاس کو مانتے ہیں جیسا کہ حضرت عمار بن یاسرؓ نے فرمایا تھا:

قام عمار علی منبر الکوفة فذکر عائشةؓ ومسیرها وقال انها زوجة نبیکم صلی الله علیه وسلم فی الدنیا والاخرة ولکنها مما ابتلیتم۔ (صحیح بخاری ج:۲ ص:۱۰۵۲)

حضرت عمارؓ کوفہ کے منبر پر کھڑے ہوئے حضرت عائشہؓ اور ان کے آنے کا بصرہ کی طرف ذکر کیا اور کہا کہ وہ یقیناً تمھارے نبی آکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ ہیں دنیا اور آخرت میں لیکن تم امتحان میں ڈالے گئے ہو (اس کی اطاعت کرتے ہو یا امیر المؤمنین حضرت علیؓ کی)

جواب نمبر:4

حضرت عائشہؓ اگر عبداللہ بن عمرؓ کی روایت کو ان کی غلطی قرار دے رہی تھیں تو یہ بات حضرت عبداللہ بن عمرؓ یا کسی دوسرے صحابیؓ کے سامنے کرتیں تو وہ صحابیؓ ان کو حقیقت حال سے خبر کر دیتے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ حضرت ابن عمرؓ کی روایت حضرت عائشہؓ کے سامنے ایک نامعلوم شخص نے آکر ذکر کی اور اس کے سامنے حضرت عائشہؓ نے آیت پڑھ کر اس حدیث کی تاویل اپنے قیاس کے مطابق کر ڈالی۔ چنانچہ صحیح بخاری ج:۲ص:۵۶۷ میں "ذکر عند عائشةؓ" (مجہول کے صیغے کے ساتھ) حضرت عائشہؓ کے پاس حضرت ابن عمرؓ کی حدیث کا ذکر کیا گیا۔ نیلوی

صاحب لکھتے ہیں: ''اب اس سے معلوم ہوا ہے کہ حضرت ام المؤمنین کے پاس یہ حدیث کسی واسطہ سے ملی ہے اور واسطہ صحابی کا ہوگا یا تابعی کا''۔ (ندائے حق جلد ثانی ص:۱۸۲)

جناب عالی! اب تک آپ لوگ جھوٹ کیوں بولتے رہے ہیں کہ صحابہ کرامؓ کا مجمع تھا اور اس میں ابن عمرؓ نے حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث پیش کی تو حضرت عائشہؓ نے ابن عمرؓ کی حدیث کو قرآن مجید کی آیت سے استدلال کرتے ہوئے رد کر دیا۔ ابن عمرؓ خاموش رہے، دوسرے صحابہ کرامؓ بھی خاموش رہے تو یہ اجماع سکوتی ہوگیا۔ جناب من! یہ کس شیطان نے آپ کو ایسی پٹی پڑھائی تھی۔؟ اس اجماع سکوتی کی مزید وضاحت کے لئے'' قہر حق '' ج:۱ ص:۸۶ تا ۸۷ ملاحظہ کریں۔

تنبیہ:...... حضرت ابن عمرؓ سے بعض غلطیاں واقع ہوئی ہیں اور ان کی تردید ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہؓ نے کی ہے مثلاً حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ ایک عمرہ حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رجب میں کیا ہے تو اس کی حضرت عائشہؓ نے تردید کی۔ دیکھئے (صحیح بخاری ج:۱ص:۲۳۱ اور ج:۲ص:۶۱۰)

اور حضرت ابن عمرؓ فرمایا کرتے تھے کہ میں اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ رات کو خوشبو لگائی جائے اور صبح کو اسی حالت میں احرام باندھا جائے، اس لئے حضرت ابن عمرؓ خوشبو کے بجائے زیتون کا تیل لگایا کرتے تھے۔ دیکھئے بخاری ج:۱ص ۱۴۱ اور ص:۲۰۸ تو حضرت عائشہؓ نے تردید کی۔ دیکھئے بخاری ج: ج ۱ص:۱۴۱، ج:۱ص:۲۰۸ اور ج:۲ص:۸۷۷ اور ۸۷۸۔ اور ام المؤمنینؓ کی یہ تردید درست بھی تھی تو اس مقام پر بھی ام المؤمنینؓ نے یہی سمجھا ہوگا کہ قلیب بدر کے مردوں کے بارے میں حضرت ابن عمرؓ سے غلطی ہوگئی ہے حالانکہ ابن عمرؓ ان الفاظ کے ساتھ حدیث بیان کرنے ۔ ۔ را ۔ کیلے نہیں ہیں بلکہ صحابہ کرامؓ کی ایک معتبر جماعت اس کو بیان کرتی ہے۔

جواب نمبر:5

نیلوی صاحب ایک تام پر حضرت عائشہؓ کے ایک فرمان کو رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''پھر حدیث موقوف ہے جس کی حجیت میں اختلاف ہے''۔(ندائے حق جزء ثانی ص:۳۲۶)

نیز نیلوی صاحب لکھتے ہیں:''جب صحابی کی بات کا خلاف دوسرا صحابی کرے تو ایک صحابی کا قول حجت نہیں بنتا''۔(شفاء الصدور مترجم اردو ص:۹۰)

اب سوال یہ ہے کہ حضرت عائشہؓ کا موقوف قول اور اجتہاد کیسے حجت بن گیا۔؟ جب کہ ان کی مخالفت صرف ابن عمرؓ نہیں بلکہ جلیل القدر صحابہ کی ایک جماعت کرتی ہے وہ بھی اپنے اقوال سے نہیں بلکہ نبی اکرم صلی اللہ کے فرمان اور حدیث سے۔

حضرت ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں:

أقول و الحديث المتفق عليه لا يصح ان يكون مردودا لا سيما و لا منافاة بينه و بين القرآن فان المراد من الموتى الكفار (مرقاة شرح مشكوة ج:٨ ص:١١)

میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں کہ حدیث جو بالاتفاق صحیح ہو وہ (حضرت عائشہؓ کے) رد کرنے کی وجہ سے رد نہیں ہو سکتی خاص کر جب کہ قرآن مجید اور حدیث میں کوئی منافات نہیں کیونکہ موتی سے مراد کفار ہیں۔

ایک لطیف اشارہ:

حضرت امام بخاریؒ نے حضرت عائشہؓ کی اس روایت، جس میں انہوں نے حضرت ابن عمرؓ کی تردید کی ہے، کے بعد متصلاً یہ حدیث ذکر کی ہے کہ حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ ان کے پاس ایک یہودیہ عورت آئی اور عذاب قبر کا ذکر کیا اور حضرت عائشہؓ کو کہا کہ اللہ تعالی تمھیں عذاب قبر سے بچائے۔حضرت عائشہؓ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عذاب قبر کے بارے میں پوچھا تو اپ نے فرمایا:''عذاب قبر حق ہے''۔(بخاری ج:۱ص:۱۸۳)

یعنی جس طرح حضرت عائشہؓ کو عذاب قبر کا علم نہیں تھا اسی طرح ابن عمرؓ کی مرفوع حدیث کا علم بھی نہیں تھا۔

سوال نمبر:5

چلو ہم مان لیتے ہیں کہ قلیب بدر کے مردوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کو سن لیا تھا لیکن یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ تھا جو اس وقت کے ساتھ خاص تھا چنانچہ "الآن یسمعون ما أقول لهم "(بخاری ج:۲ ص:۵۶۷)'' کہ اب وہ سن رہے ہیں جو میں ان کو کہہ رہا ہوں'' کے الفاظ بھی خصوصیت پر دلالت کرتے ہیں۔

جواب:

معجزہ اور خصوصیت والا قول صحیح حدیثوں کے خلاف ہے، صحابہ کرامؓ کے نظریہ کے خلاف ہے، جمہور علمائے اہل السنت کے خلاف ہے۔

چنانچہ قاضی عیاض مالکیؒ فرماتے ہیں:

وقال یحمل سماعهم علی ما یحمل علیه سماع الموتی ۔(نووی شرح مسلم ج:۲ ص:۳۸۷ و مرقاۃ شرح مشکوۃ ج:۸ ص:۱۱)	کہ قلیب بدر والوں کا سماع عام سماع موتی کے مسئلہ پر محمول کیا جائے گا۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں:

وهو خلاف قول الجمهور (مرقاۃ ج:۸ ص:۱۱)	اختصاص اور معجزہ کا قول جمہور کے نظریہ کے خلاف ہے۔

امام نوویؒ قاضی عیاضؒ کی عبارت نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

وهو الظاهر المختار الذی تقتضیه احادیث السلام علی القبور والله اعلم ۔(نووی شرح مسلم ج:۲ ص:۳۸۷)	ان قلیب بدر کے مردوں کے سماع سے مطلق سماع موتی مراد ہے اور یہی ظاہر اور پسندیدہ ہے قبروں پر سلام کرنے والی حدیثوں کا تقاضا بھی یہی ہے۔

چنانچہ مختلف صحابہ کرامؓ سے یہ حدیث مروی ہے کہ جب مردہ کو دفن کر کے لوگ چلتے ہیں تو وہ مردہ ان کی جوتیوں کی آواز سنتا ہے۔

(۱)......حضرت انسؓ سے یہ حدیث مختلف کتب حدیث میں موجود ہے۔ بخاری ج:۱ ص:۱۷۸ اور ج:۱ص:۱۸۳ مسلم ج:۲ص:۳۸۶ نسائی ج:۱ ص:۲۸۸ ابو داؤد ج:۲ص:۳۰۶ مسند احمد ج:۳ص:۱۲۶ اور ج:۳ص:۲۳۳۔

اس حدیث کی سند پر نیلوی صاحب اعتراض کرتے ہیں کہ اس میں ایک راوی ''عبدالاعلیٰ'' ہے اور دوسرا ''سعید بن ابی عروبہ'' ہے۔ (ندائے حق جلد ثانی ص:۲۰۲ اور ۲۰۳)

جواب:

مفصل جواب کا تو یہ وقت نہیں البتہ مختصر جواب یہ ہے کہ بے چارہ قسمت کا مارا نیلوی صاحب اندھوں کی طرح اعتراض کرنے کا بڑا شوقین ہے حالانکہ بعض سندوں میں نہ ''عبدالاعلیٰ'' ہے اور نہ ہی ''سعید بن ابی عروبہ'' ہے۔ مثلاً صحیح مسلم ج:۲ص ۳۸۶ کی ایک سند یوں ہے۔ ''حدثنا عبد بن حميد نا يونس بن محمد ناشيبان بن عبدالرحمن عن قتادة نا انس بن مالك'' ۔ اسی طرح مسند احمد ج:۳ص:۱۲۶ میں ڈبل سند ہے دوسری سند یوں ہے:"ويونس ثناشيبان ثنا قتادة ثنا انس بن مالك"۔ اسی طرح نسائی ج:۱ص:۲۸۸ میں یہ سند موجود ہے۔

(۲):......حضرت براء بن عازبؓ سے بھی یہ حدیث ان الفاظ سے مروی ہے:"وقال انه يسمع خفق نعالهم"۔ (ابوداؤد ج:۲ص:۳۰۶) اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ مردہ ان کے جوتوں کی آواز سنتا ہے جب وہ واپس جاتے ہیں۔ سند یوں ہے:"عثمان بن ابی شيبة نا جرير ح وحدثنا هناد بن السرى قال نا ابو معاوية وهذا لفظ هناد عن الاعمش عن المنهال عن زاذان عن البراء بن عازب"۔ اور یہ روایت مسند احمد ج:۴ص:۲۹۵ تا ۲۹۶، مصنف عبد الرزاق ج:۳ص:۵۸۰ تا ۵۸۲ میں بھی ہے اس کی سند یوں ہے:"عبد الرزاق عن معمر عن يونس بن خباب عن المنهال بن عمرو عن زاذان عن البراء"۔ یہ روایت تہذیب الآثار طبری ج:۱ص:۲۴۶ تا ۲۴۷ مسند عمر بن الخطاب میں بھی ہے اس کی سند یوں ہے:"محمد بن حميد الرازى حدثنا الحكم بن بشير حدثنا عمرو بن قيس الملائى عن يونس بن

خباب عن المنهال بن عمرو"۔

(۳)......حضرت ابوہریرہؓ سے بھی یہ حدیث ان الفاظ کے ساتھ مختلف سندوں سے مروی ہے۔ دو سندیں مستدرک حاکم ج:۱ص ۳۷۹ و ج:۱ ص:۳۸۰ تا ۳۸۱ میں ہیں۔ حاکم اور ذہبیؒ فرماتے ہیں:"صحیح علی شرط مسلم" (کہ مسلم کی شرط پر صحیح ہے)۔ ایک سند "حدثنا وكيع عن سفيان عن السدى عن ابيه عن ابى هريرةؓ رفعه قال انه يسمع خفق نعالهم اذا ولو ا مدبرين"۔(ابن ابى شيبة ج:۳ ص:۳۷۸ تهذيب الآثار طبري ج:۱ ص:٤٤٥ كشف الاستار عن زوائد البزار ج:۱ ص:٤١٣ مسند احمد ج:۲ ص:٤٤٥ موارد الظمان ص:١٩٦)۔

ایک اور سند سے بھی مروی ہے اور وہ بہترین سند ہے "حدثنا عبد الله حدثنى ابى حدثنا عفان حدثنا حماد بن سلمة حدثنا محمد بن عمرو عن ابى سلمة عن ابى هريرةؓ قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم انه يسمع خفق نعالهم اذا ولوا" (مسند احمد ج:۲ ص:٣٤٧)

اور موارد الظمان نمبر:۷۸۱ ص:۱۹۷ کی سند یوں ہے :"اخبرنا الحسن بن سفيان حدثنا عبد الواحد بن غياث حدثنا معتمر بن سليمان قال سمعت محمدبن عمرو يحدث عن ابى سلمة عن ابى هريرةؓ عن النبى صلى الله عليه وسلم "۔ فلہٰذا یہ اعلیٰ درجہ کی صحیح حدیث ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ کا موقوف اثر بھی بہترین سند سے مروی ہے:"حدثنا يزيد بن هارون اخبرنا محمد بن عمرو عن ابى سلمة عن ابى هريرةؓ قال ان الميت يسمع خفق نعالهم حين يولون عنه مدبرين"۔ (ابن ابى شيبة ج:۳ ص:۳۸۳ و تهذيب الآثار طبرى ج:۱ ص:۲۵۲ اور ۲۵۳ و بمثله عبد الرزاق ج:۳ ص:٦٥٧) حضرت ابوہریرہؓ کا اپنا فتویٰ بھی سماع موتیٰ کا ہے نیز طحاوی ج:۱ص:۳۴۳ ملاحظہ کریں۔

(۴)......حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے بھی یہ حدیث ان الفاظ سے مروی ہے: "عن ابن عباسؓ قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا دفن الميت سمع خفق نعالهم اذا ولوا عنه منصرفين رواه الطبراني في الكبير ورجاله ثقات"۔ (مجمع الزوائد ج:۳ ص:٥٤) اورعلامہ سیوطیؒ فرماتے ہیں: "واخرج البيهقي بسند حسن عن ابن عباسؓ عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ان الميت يسمع خفق تعالهم حين يولون "(شرح الصدور ص:٥٠) یعنی بیہقی میں "حسن سند" سے یہ حدیث حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ کا اپنا نظریہ:

حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ قیامت سے پہلے نداء دینے والا اعلان کرے گا "يا ايها الناس اتتكم الساعة فيسمعها الاحياء والاموات" (اے لوگو! قیامت آگئی ہے پس اس آواز کو زندہ مردہ سب سنیں گے)۔ یہ روایت حافظ ابن کثیرؒ نے تفسیر ابن کثیر ج:۴ ص:۴۷ میں ابن ابی حاتم کی سند سے ذکر کی ہے یہ روایت مستدرک حاکم ج:۲ ص:۴۳۷ میں بھی ہے امام حاکمؒ اورعلامہ ذہبیؒ فرماتے ہیں: "صحيح على شرط مسلم "(کہ مسلم کی شرط پر صحیح ہے)۔

علامہ سیوطیؒ فرماتے ہیں: "اخرج عبد بن حميد في زوائد الزهد وابن ابي حاتم والحاكم وصححه وابو نعيم في الحلية عن ابن عباسؓ "۔(در منثور ج:٥ ص:٣٤٨) کہ حضرت ابن عباسؓ کے اس فرمان کو امام عبد بن حمید نے زوائد الزہد میں، ابن ابی حاتم نے (اپنی تفسیر میں) اور حاکمؒ نے (مستدرک میں) روایت کیا ہے اور حاکمؒ نے اس کو صحیح بھی قرار دیا ہے اور محدث ابونعیمؒ نے "حلیۃ الاولیاء" میں اس کو روایت کیا ہے۔ بلکہ علامہ سیوطیؒ تو اس روایت کو حضرت ابوسعید خدریؓ کے واسطے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نقل کرتے ہیں چنانچہ فرماتے ہیں: "واخرج ابن ابي الدنيا في البعث والديلمي عن ابي سعيد رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم ۔ (الحديث) کہ اس حدیث کا اخراج محدث ابن ابی

الدنیاؒ نے کتاب البعث میں اور محدث دیلمیؒ نے کتاب الفردوس میں کیا ہے۔

(۵):......حضرت جابرؓ سے بھی یہ حدیث "فیسمع خفق نعالھم حین یولون مدبرین" (تھذیب الآثار طبری ج:۱ ص:۲۵۴) پس مردہ واپس جانے والے کے جوتوں کا آواز سنتا ہے، کے الفاظ سے مروی ہے اور سند اس کی حسن درجہ کی ہے۔ پس یہ حدیث خبر واحد نہ رہی بلکہ حدیث مشہور کے درجہ کو پہنچ گئی ہے جس سے کتاب اللہ پر زیادتی کرنا بھی جائز ہے۔ اور یہ ضابطہ خبر مشہور والا نیلوی صاحب بھی بیان کرتے ہیں۔ دیکھئے ندائے حق جلد ثانی ص:۳۲۹ اور شفاء الصدور مترجم اردو ص:۱۱۹ میں نمبر:۴۴ کے تحت (الحدیث صحیح مشھور یجوز به الزیادة علی کتاب الله) لیکن شفاء الصدور عربی ص:۲۱۴ میں "الحدیث صحیح مشھور" کے بعد والی عبارت کاٹ دی ہے۔

ان حدیثوں سے اور صحابہ کرام کے اقوال سے معلوم ہوا کہ مردوں کا سننا ثابت ہے پس حدیث قلیب بدر کے مردوں میں معجزہ اور خصوصیت ثابت کرنا بے فائدہ ہے کیا حضرت عائشہؓ نے معجزہ کا انکار کیا تھا۔؟

الآن کا جواب:

الآن (اب) سے یہ لازم نہیں آتا کہ اب سن رہے ہیں بعد میں نہیں سنیں گے چنانچہ اس کی چند مثالیں ملاحظہ کریں۔

(۱):......حضرت عمرؓ نے ایک موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عرض کیا کہ یارسول اللہ! آپ مجھے ہر چیز سے زیادہ محبوب ہیں سوا اپنی جان کے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قسم بخدا! اتنے تک کامل مؤمن نہیں ہو سکتے جب تک اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز و محبوب مجھے نہ سمجھو۔ تو حضرت عمرؓ نے عرض کیا: "فانه الآن والله لانت احب الی من نفسی، فقال النبی صلی الله علیه وسلم الآن یا عمر" (صحیح بخاری ج:۲ ص:۹۸۱ ومسند احمد ج:۴ ص:۳۳۶) پس اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اپنی ذات سے بھی زیادہ عزیز ہیں۔ پس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے

فرمایا: اب بس کامل مؤمن ہے۔ کیا اس روایت کا یہ مطلب لیا جاسکتا ہے کہ حضرت عمرؓ اس خاص وقت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی جان سے زیادہ عزیز جانتے تھے، بعد میں نہیں جانتے تھے یا اس وقت وہ کامل مؤمن تھے بعد میں نہیں تھے۔؟ (نعوذ باللہ)

(۲):...... نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ مکہ مکرمہ میں ایک پتھر ہے وہ ہجرت سے پہلے مجھے سلام کیا کرتا تھا جب میں اس کے پاس سے گزرتا تھا "انی لأعرفه الآن "(ترمذی ج:۲ ص:۲۰۳ ابواب المناقب) میں اس کو اب بھی پہچانتا ہوں۔ اس کا کیا یہ مطلب لیا جاسکتا ہے کہ اس خاص وقت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جانتے تھے بعد میں نہیں جانتے تھے۔؟

(۳):...... مسند احمد ج:۲ ص۳۱ میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک قبر کے پاس سے گزرے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ان هذا لیعذب الآن " (اس کو اب عذاب قبر دیا جارہا ہے) تو کیا اس کا یہ مطلب لیا جاسکتا ہے کہ بعد میں عذاب نہ ہوگا۔ باقی یہ اعتراض کرنا کہ حدیث "ماانتم باسمع " کو صاحب مشکوۃ نے معجزات میں ذکر کیا ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ معجزہ ہے، اس کا آسان سا جواب یہ ہے کہ اس حدیث میں یہ بھی بیان ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوجہل، عتبہ وغیرہما کفار کے لئے زمین میں لکیریں کھینچی تھیں کہ اس جگہ پر مریں گے۔ چنانچہ اس جگہ پر ہی مردار ہوئے جہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لکیریں کھینچی تھیں۔ اس لحاظ سے یقیناً یہ معجزہ ہے اور یہی وجہ ہے معجزات میں داخل کرنے کی، نہ کہ سماع موتی معجزہ ہے جیسا کہ دوسری حدیثیں سماع موتی کی اس معجزہ والی تاویل کو رد کرتی ہیں۔

بعض حضرات نے "یسمع قرع نعالهم " والی حدیث کو اول وضع یعنی منکر نکیر کے سوال کے وقت خاص کیا ہے لیکن اپنے عقل سے تخصیص کرنا جائز نہیں ہے۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: "سلام اهل قبور یرد علی التخصیص "(مرقاۃ ج:۸ ص:۱۱) اس تخصیص کو رد کرتا ہے۔

حضرت عمرو بن العاصؓ کی وصیت، حضرت عبداللہ بن عباسؓ کا فرمان، حضرت ابوسعید خدریؓ کی مرفوع حدیث کہ قیامت سے پہلے منادی کے اعلان کو زندہ مردہ سب سنیں گے، بھی اس

تخصیص والے قیاس کو مردود بتاتے ہیں۔

دلیل نمبر:6اور اس کا جواب:

اس آیت کی کچھ وضاحت دلیل نمبر:5 میں گزر چکی ہے مزید وضاحت کے لیے مفسرین حضراتؒ کے اقوال ملاحظہ ہوں:

(۱):......حضرت مولانا حسین علیؒ فرماتے ہیں:"وَمَـا اَنْـتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِیْ الْقُبُوْرِ "یعنی بسبب مہر جباریت کے مردے ہوگئے ہیں،قبول کرنے ایمان کے سے ان کو سنانا فائدہ نہیں دیتا۔ (بلغة الحیر ان ص:۲۷۹)اس سے ثابت ہوا کہ اس سے مراد سماع نافع ہے،یعنی فائدہ دینے والا مطلق سماع کی نفی نہیں۔نیز فرماتے ہیں:"ہدایت اللہ کے ہاتھ میں ہے تمھارے کسی کے ہاتھ میں نہیں ہے،تم تو فقط بشیر اور نذیر ہو۔الخ (بلغة الحیر ان ص:۲۷۷)

(۲):......مولانا عبدالحق حقانی دہلویؒ فرماتے ہیں:" اِنَّ اللّٰـهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ" الخ کہ یہ ہدایت اور گمراہی اللہ کی طرف سے ہے اللہ جس کو چاہے سنادے یعنی ہدایت دے اور اے نبی! تو مردوں کو نہیں سنا سکتا یعنی کفار بمنزلہ مردوں کے ہیں ان میں ہدایت کا مادہ ہی نہیں۔ (تفسیر حقانی ج:۶ص:۱۱۲)

(۳):......حضرت مولانا قاضی شمس الدین صاحبؒ فرماتے ہیں:

ومـا يستـوی الاحيـاء الـمؤمنون ولا الاموات الكفار اِنَّ اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآء يهـدی مـن يشـاء وَمَا اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِىْ الْـقُبُوْر ای الـكفار۔ (انوار التبيان ص:٤٤٥)	زندہ (مؤمنین) اور مردے (کفار) برابر نہیں بے شک اللہ تعالی سناتے ہیں (ہدایت دیتے ہیں) جسے چاہیں اور آپ جو قبروں میں ہیں انہیں سنانے والے نہیں ہیں (کفار کو)

اس میں صاف طور پر حضرت قاضی صاحب "الاحیاء" سے مراد مؤمنین اور مردوں سے مراد کفار اور "یسمع" سے مراد ہدایت اور "من فی القبور" سے کفار مراد لے رہے ہیں۔

گویا کہ اس آیت کا سماع موتی یا عدم سماع موتی سے کوئی تعلق ہی نہیں۔اور یہ آیت "اِنَّکَ لَا تَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰهَ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ" (بے شک آپ جس سے محبت رکھیں ہدایت نہیں دے سکتے اور لیکن اللہ تعالی جسے چاہے ہدایت دیتا ہے) کی طرح ہے۔

(۴):......حضرت علامہ حافظ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں:

وقوله تعالى (ان الله يسمع من يشاء) اى يهديهم الى سماع الحجة وقبولها والانقياد لها (وما انت بمسمع من فى القبور) اى كما لا ينتفع الاموات بعد موتهم و صيرورتهم الى قبورهم وهم كفار بالهداية والدعوة اليها كذلك هؤلاء المشركون الذين كتب عليهم الشقاوة لاحيلة لك فيهم ولا تستطيع هدايتهم۔ (تفسير ابن كثير ج:۳ ص: ۵۵۲)

ارشاد باری تعالی بے شک اللہ تعالی جسے چاہتے ہیں سنا دیتے ہیں یعنی حجت قبول کرنے کی راہ دکھاتے ہیں اور اتباع کی توفیق دیتے ہیں۔اور جو قبروں میں ہیں انہیں آپ سنانے والے نہیں یعنی جیسے مردے مرنے کے بعد اور قبر میں جانے کے بعد (ہدایت سے) فائدہ نہیں اٹھاتے اور وہ ہدایت اور اس کی دعوت قبول کرنے کے منکر ہیں۔اسی طرح یہ شرک جن پر بدبختی لکھ دی گئی ہے آپ ان کو ہدایت دینے کی کوئی حیلہ اور طاقت نہیں رکھتے۔

(۵):......علامہ قرطبیؒ "وَمَا اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِی الْقُبُوْرِ" کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

اى هم بمنزلة اهل القبور فى انهم لا ينتفعون بما يسمعونه ولا يقبلونه۔ (تفسير قرطبى ج: ۱۴ ص: ۳۴۰)

یعنی وہ بمنزلہ اہل قبور ہیں اس معنی میں کہ وہ سنی ہوئی چیز سے نفع نہیں اٹھاتے اور نہ اسے قبول کرتے ہیں۔

(۶):......تفسیر جواہر القرآن ج:۳ ص:۹۷۳ میں ہے: "اور ان کے دلوں سے قبول حق کی صلاحیت سلب کرلی گئی ہے اس لئے تبلیغ وانذار سے کوئی فائدہ نہ ہوگا"۔

(۷):...... علامہ سلیمان بن عمر العجیلی الشافعی صاحبؒ لکھتے ہیں:

والمراد من قوله یسمع الخ ای یهدی ویوصل من یشاء وصوله کما اشار له بقوله فیحییه بالایمان اه شیخنا (قوله شبههم بالموتی) ای فی عدم التأثر بدعوته)

اور یسمع سے مراد ہدایت اور ہدایت کی بات دل کے کانوں تک پہنچانا ہے جیسے صاحب جلالین نے اپنے اس قول سے یعنی وہ اس بات کو قبول کر کے ایمان لے آئے صاحب جلالین نے کہا کہ موتی کو تشبیہ یعنی اس بات میں ہے کہ وہ اس کی دعوت کا اثر قبول نہیں کرتے۔

(۸):......امام محمد بن جریر الطبری ؒ "اِنَّ اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ" کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

کما لا یقدر ان یسمع من فی القبور کتاب الله فیهدیهم به الی سبیل الرشاد فکذلك لا یقدر ان ینفع بمواعظ الله و بیان حججه من کان میت القلب من احیاء عباده عن معرفة الله وفهم کتابه و تنزیله و واضح حججه اه ـ (تفسیر ابن جریر ج:۲۲ ص:۱۲۹)

جس طرح اہل قبور کو اللہ تعالی کی کتاب سنا کر ان کو راہ راست پر لانے کی قدرت کسی کو نہیں اسی طرح یہ قدرت بھی کسی کو نہیں کہ اللہ تعالی کی نصیحتیں اور واضح دلیلیں بیان کر کے ان مردہ دلوں کو نفع پہنچائے اور اس کی دلیلیں بتائے اس شخص کو جو مردہ دل ہے زندوں میں سے اللہ تعالی کی معرفت کی اور کتاب اللہ کے سمجھنے کی اور اس کے اترنے کی واضح دلیلوں سے۔

(۹):......علامہ ابن قیم ؒ لکھتے ہیں:

اما قوله تعالی (وَمَا اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِی الْقُبُوْرِ) فسیاق الآیة یدل علی ان المراد منها ان الکافر المیت القلب لا تقدر علی اسماعه اسماعا ینتفع به، کما ان من فی القبور لا تقدر علی

ارشاد باری تعالی وَمَا اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِی الْقُبُوْرِ آیت کا سیاق اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ مراد یہ ہے کہ کافر مردہ دل کو آپ سنانے کی جس سے اس کو نفع پہنچے طاقت نہیں رکھتے جیسے قبر والوں کو آپ سنانے کی طاقت

اسماعه اسماعا ينتفعون به ، ولم يرد سبحانه ان اصحاب القبور لا يسمعون شيئا البتة ۔ (كتاب الروح ص:۵۷)

نہیں رکھتے جس سے ان کو فائدہ پہنچے اور اللہ تعالی نے اس آیت سے یہ مراد نہیں لیا کہ مردے قبر والے بالکل نہیں سنتے۔

(۱۰):......علامہ جلال الدین محلیؒ "اِنَّ اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ" کی تفسیر کرتے ہیں:

اِنَّ اللّٰـهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ هدايته فيجيبه بالايمان وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ اى الكفار شبههم بالموتى فلا يجيبون ۔

یعنی اللہ تعالی ہدایت دیتے ہیں جسے چاہتے ہیں وہ شخص ایمان کی بات قبول کر لیتا ہے اور آپ قبر والوں کو سنانے والے نہیں یعنی کافر مراد ہیں کافروں کو مردوں کے ساتھ تشبیہ دی نہ قبول کرنے میں پس کافر حق بات قبول نہیں کرتے۔

(۱۱):......نواب صدیق حسن خان صاحب غیر مقلد لکھتے ہیں: "اِنَّ اللّٰـهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ" کا مطلب ہے کہ بے شک اللہ جس کو چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے اس کو حجت کے سننے کی اور اس کے قبول کی اور اس کے مطیع ومنقاد ہونے کی۔ "وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ" کے یہ معنی ہیں کہ جس طرح مردے بعد موت کے اور قبروں کی طرف پہنچ جانے کے نفع نہیں پاتے ہیں ہدایت سے اور اس کی طرف بلانے سے یہ لوگ کفار ہیں اسی طرح یہ مشرک ہیں جن پر شقاوت لکھا چکی ہے تیرے واسطے ان کے حق میں کوئی حیلہ وتدبیر نہیں ہے نہ تو ان کی ہدایت کی طاقت رکھتا ہے"۔

(تفسیر ترجمان القرآن بلطائف البیان ج:۱۲ ص: ۱۱۷)

(۱۲):......علامہ سیوطیؒ لکھتے ہیں کہ: "ابن ابی حاتمؒ نے اپنی سند سے سدیؒ سے اس آیت کی تفسیر نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ: "الاحياء" سے مراد مؤمن " الاموات " سے مراد کافر " اِنَّ اللّٰـهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ قال يهدى من يشاء" (یعنی اللہ تعالی جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے) دیکھئے تفسیر درمنثور ج:۵ ص:۲۴۹)

(۱۳):......علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ لکھتے ہیں:

اِنَّ اللّٰہَ یُسْمِعُ مَنْ یَّشَآءُ ان یھدیه فیوفقه لفھم ایاته والاتعاط بعظاته وَمَا اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِی الْقُبُوْرِ ترشیح لتمثیل المصرین علی الکفر بالاموات ومبالغة فی الاقناط عنھم (تفسیر مظھری ج:۸ ص:۵۲)

اللہ تعالیٰ جسے چاہے سنائے یعنی ہدایت کی توفیق نصیب کرے اپنی آیات کی سمجھنے اور نصیحت حاصل کرنے کی۔ اور آپ قبر والوں کو سنانے والے نہیں۔ یہ استعارہ ترشیحہ ہے کفر پر پختہ ہو جانے والوں کو مردوں کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے اور ان کے ایمان لانے سے مایوسی بطور مبالغہ کے ذکر کی گئی ہے۔

ایک عجیب واقعہ:

آج سے تقریباً گیارہ سال پہلے کا واقعہ ہے کہ راقم الحروف مولانا قاضی عصمت اللہ صاحب کو قلعہ دیدار سنگھ ضلع گوجرانوالہ (فی الحال صدر اشاعت التوحید والسنہ پنجاب) کو ملنے کے لئے ان کی مسجد میں گیا، اس زمانہ میں ڈیرہ اسماعیل خان میں مسئلہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا چلا ہوا تھا، مجھے حضرت مولانا مفتی محمد عیسیٰ صاحب مدظلہ نے بتایا تھا کہ حضرت قاضی صاحب موصوف احمد سعید خان ملتانی کے سخت مخالف ہیں۔ آپ ڈیرہ اسماعیل خان میں احمد سعید خان کے خلاف تقریر کرانے حضرت قاضی صاحب موصوف کو لے جائیں۔ میں نے کہا: ''پہلے میں قاضی صاحب موصوف کا عقیدہ معلوم کروں گا بعد میں ان کو دعوت دوں گا''۔ چنانچہ راقم الحروف نے ان سے ملاقات کر کے احمد سعید خان کا ذکر چھیڑ دیا۔ قاضی صاحب نے فرمایا کہ'': ہم نے ان کو دعوت دینی چھوڑ دی ہے۔ باقی میرا مسلک وہی ہے جو میرے اباجی حضرت مولانا قاضی نور محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا تھا کہ ''حضرات انبیاء کرام علیہم السلام قبروں میں زندہ ہیں اور درود وسلام سنتے ہیں البتہ میں عام سماع موتی کا قائل نہیں ہوں''۔ راقم الحروف نے پوچھا کہ:'' حضرت! کس بناء پر آپ سماع موتی کے قائل نہیں''۔؟ حضرت قاضی صاحب موصوف نے فرمایا:'' اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: "اِنَّکَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی" آپ صلی اللہ علیہ وسلم بے شک مردوں کو نہیں سنا سکتے۔ راقم الحروف

نے عرض کیا: ''قاضی صاحب! آیت پوری پڑھو۔ کیا نہیں سنا سکتے۔؟ اس کی وضاحت کرو''۔ قاضی صاحب کہنے لگے: ''پکار''۔ راقم الحروف نے پھر پوچھا: ''کس وقت نہیں سنا سکتے آگے "اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِیْنَ" بھی پڑھو (جب پیٹھ پھیر کر چلے جائیں) کیا قاضی صاحب! مردے بھاگ رہے ہیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان کو اپنی پکار سنانا چاہتا ہے''۔؟ قاضی صاحب نے کہا: ''چلو یہ آیت کفار کے بارے میں ہے لیکن "وَمَا اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِی الْقُبُوْرِ" تو قبر والے مردوں کے بارے میں ہے۔ اس میں صاف طور پر اللہ تعالی نے فرمایا کہ آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قبر والوں کو سنانے والے نہیں''۔ راقم الحروف نے پوچھا: ''حضرت قاضی صاحب! ساتھ "اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِیْرٌ" بھی ہے۔ آپ صرف ڈرانے والے ہیں۔ تو کیا دیوار کو ڈرایا جاسکتا ہے، کسی پتھر کو ڈرایا جاسکتا ہے۔؟ تو یہ معنی کیسے درست ہوگا کہ'' آپ قبر والوں کو سنانے والے نہیں آپ تو صرف ڈرانے والے ہیں''۔ حضرت قاضی صاحب موصوف غصہ ہوگئے کہنے لگے: ''سارے قرآن میں مردے مراد ہیں''۔؟ راقم الحروف نے کہا کہ: ''سارے قرآن مجید میں تو مردے مراد نہیں لیکن جہاں آپ مردوں کا ذکر کر رہے ہیں تو ساتھ متصل "اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِیْرٌ" کا ربط بھی تو جوڑنا پڑے گا کیونکہ اللہ تعالی کی پاکیزہ کلام بے ربط تو نہیں ہوسکتی''۔ قاضی صاحب نے شور مچانا شروع کر دیا کہ ''سارے قرآن میں مردے مراد ہیں''۔؟ راقم الحروف نے سوچا کہ'' قاضی صاحب اب لڑنے کے لئے تیار ہوگئے ہیں اور ان کے پاس جواب نہیں ہے اس لئے خاموش ہوجانا چاہئے''۔ وَاللّٰہُ عَلٰی مَا نَقُوْلُ وَکِیْلٌ۔ قاضی صاحب موصوف سے راقم الحروف نے عرض کیا کہ'' حضرت جو عقیدہ آپ اپنا اور اپنے والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا بیان کر رہے ہیں یہ ذرا تحریر کر دیں''۔ تو قاضی صاحب نے تحریر کر دینے سے انکار کر دیا۔ دوسرے بے شمار لوگوں کے سامنے بھی قاضی صاحب یہی بیان کرتے تھے کہ'' میرے ابا حضرت قاضی صاحب مرحوم سماع صلوۃ وسلام عند قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قائل تھے، میں بھی قائل ہوں''۔ لیکن جب حضرت مولانا عنایت اللہ شاہ صاحب گجراتی نے ملتان میں ۲ ربیع الاول ۱۴۰۲ھ کو ایک اجلاس بلایا اور اپنے عقیدہ کی وضاحت کی

اوراس میں سماع صلوۃ وسلام عند قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار کیا تو حضرت قاضی عصمت اللہ صاحب نے چھٹے نمبر پراس تحریر پر دستخط کر دیے اور پھر وہ تعلیم القرآن راولپنڈی میں شائع کر دیا گیا تو بعض حضرات نے حضرت قاضی صاحب موصوف سے اس کا ذکر کیا تو قاضی صاحب کہنے لگے" مجھے شاہ صاحب نے دستخط کرنے پر مجبور کیا لیکن میرا اب بھی وہی عقیدہ ہے جو میرے ابا جی کا عقیدہ تھا"۔ (انا للہ و انا الیہ راجعون)

ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالی ہر مسلمان کو پکا عقیدہ نصیب فرمائے کچا عقیدہ رکھنا بہت گھٹیا ذہنیت ہے۔

نوٹ:...... بقیہ دلائل اوران کا جواب حصہ دوم میں ذکر کیا جائے گا۔ ان شاء اللہ تعالی

باب دوم

مولوی میرانی صاحب نے علماء دیوبندؒ کے مصدقہ رسالہ "المہند" (عقائد علمائے دیوبند) کی تردید میں قلم اٹھایا ہے اور اپنے رسالہ کا نام "القول المسند" (بے کار بات) رکھا ہے۔ واقعی یہ رسالہ اسم بامسمی ہے۔ اکابر علمائے دیوبندؒ کے اجماعی عقیدہ کی تردید کرنا بے شک فضول سعی اور بے کار بات ہے۔ مولوی میرانی صاحب سے پہلے اس کے آقا اور راہنما مولوی نعیم الدین مرادآبادی (المتوفی ۱۳۶۷ھ/۱۹۴۸ء) بھی "المہند" کے خلاف بے کار سعی کا ارتکاب کر چکے ہیں۔ چنانچہ مرادآبادی کے رسالہ کا نام ہے "التحقیقات لدفع التلبیسات"۔ مرادآبادی کو "المہند" کے رد لکھنے کی اس لئے ضرورت پیش آئی تھی کہ اس کے آقا اعلیٰ حضرت بریلوی (المتوفی ۱۳۴۰ھ/۱۹۲۱ء) نے علمائے دیوبندؒ کو وہابی قرار دیتے ہوئے عقیدہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا منکر قرار دیا تھا جس کی بناء پر حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ (المتوفی ۱۳۴۶ھ) کو یہ رسالہ "التصدیقات لرفع التلبیسات" (المعروف به المهند علی المفند) لکھنا پڑا جس پر تمام اکابر علمائے دیوبندؒ جو اس وقت موجود تھے، سب نے بالاتفاق اس رسالہ میں مندرجہ عقائد پر دستخط کر کے اعلیٰ حضرت بریلوی کے کذب بیانی و افتراء پردازی کی خوب تردید فرمائی۔ اس لیے مرادآبادی کے پیٹ میں مروڑ اور درد تھا جس کی بناء پر اس نے "المہند" کی تردید میں رسالہ لکھا ہے۔ یہی کچھ مولوی میرانی صاحب نے کیا ہے۔ مولوی میرانی کے نزدیک علمائے دیوبند کا یہ عقیدہ جو رسالہ "المہند" میں ہے مصلحت اور تقیہ کی بناء پر ہے اور گویا اعلیٰ حضرت بریلوی کا الزام صحیح تھا۔ (لا حول ولا قوۃ الا باللہ) لیکن اس بے شرمی و بے حیائی کا ارتکاب کرنے کے باوجود ڈھیٹ بھی اتنے ہیں کہ اپنے آپ کو خالص دیوبندی کہتے ہیں اور جو غلامان علمائے دیوبند ہیں اور علمائے دیوبند کے عقائد و نظریات کے حامل ہیں ان کو متورثین دیوبند (زبردستی دیوبندی بننے والا) لکھا ہے۔ دیکھئے القول المسند ص:۳ و ص:۵ و ص:۱۱ و ص:۲۸۔

مولوی میرانی صاحب لکھتے ہیں: ’’اسی طریقہ کی ایک نظیر رسالہ "المهند على المفند" ہے کہ جسے مبلغین و متورشین دیوبند سفر و حضر میں ساتھ رکھتے ہیں کہ وہ کونسا وقت ہے کہ اصول ایمان کی بحث چھڑے تو بجائے کتاب اللہ وسنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ اسے پیش کریں‘‘۔؟ (القول المسند)

میرانی صاحب کے نزدیک رسالہ "المهند" قرآن وسنت کے خلاف لکھا گیا ہے تو پھر علمائے دیوبند اس کے نزدیک کافر ہوئے اور یہی مقصد اور مدعا تھا خان صاحب بریلوی کا...... ! تو پھر مولوی میرانی صاحب کو دیوبندی بننے کا کیوں شوق ہے، کیا کفر کو وہ پسند کرتے ہیں۔؟ مولوی میرانی کو جہالت کی بناء پر "المهند" رسالہ قرآن وسنت کے خلاف نظر آتا ہے ورنہ خلاف نہیں ہے۔

قرآنی آیت میں تحریف:

مولوی میرانی جب قرآن پاک کے الفاظ صحیح نہیں لکھ سکتا اور نہ پڑھ سکتا ہے تو ترجمہ سے کس طرح واقف ہوگا۔؟ یہی وجہ ہے کہ علمائے دیوبندؒ کے عقائد اس کو قرآن وحدیث کے خلاف نظر آتے ہیں۔ قرآن مجید کی آیت سے ابتداء کرتے ہوئے مولوی میرانی نے اپنے رسالہ کا آغاز کیا ہے اور آیت میں تحریف کا ارتکاب کیا ہے جو اہل کتاب کا شیوہ تھا۔ محرف شدہ آیت ملاحظہ ہو: "فان تنازعتم فی شیٔ فردوہ الی اللہ ورسولہ ان کنتم تومنون باللہ والیوم الآخر "۔ (القول المسند ص:۳)

قرآن مجید میں " ورسولہ" نہیں ہے بلکہ یوں ہے " والرسول "

کس درجہ ہوئے فقیہان حرم بے توفیق ‌ ‌ ‌ خود بدلتے نہیں قرآن کو بدل دیتے ہیں

مولوی صاحب کی ہرزہ سرائی:

مولوی صاحب لکھتے ہیں: ’’حضرت مولانا خلیل احمد انبوٹھوی نے ایمان سوز کتاب ’’حسام الحرمین‘‘ کا جواب من حیث الجواب لکھا نہ کہ علمائے دیوبند کا اعتقاد لکھا کیونکہ مجاہدین ہند علمائے

دیوبند کے عقائد تو ان کی کتب معروفہ میں کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے موافق رسالہ مذکورہ کی تصنیف سے پہلے صاف صریح مرقوم تھے، اور وہ کیسے کتاب وسنت فقہ حنفیہ اور اپنی تصانیف کردہ کتب سابقہ کا خلاف کر کے رسالہ کو اصول ایمان اور معیار حق تصور کراتے۔؟ عنقریب آپ دیکھ لیں گے کہ '' رسالہ مذکورہ کسی صورت کتاب وسنت اور علمائے دیوبند کی تصانیف سے مطابقت نہیں رکھتا۔ تو کس طرح معیار حق اور نظریہ علمائے دیوبند ہوسکتا ہے''۔ (القول المسند ص:۴)

الجواب:

مولوی میرانی صاحب کا یہ نظریہ کہ رسالہ "المہند" میں مندرجہ عقیدہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم قرآن وحدیث اور علمائے دیوبند کی تصنیفات کے خلاف ہے، تو سوال پیدا ہوتا ہے کہ اکابر علمائے دیوبند نے یہ غلط نظریہ آخر کیوں لکھا، اور باقی حضرات نے اس پر کیوں دستخط کر دیئے۔؟ حتیٰ کہ حرمین شریفین کے علمائے کرام نے بھی ان حضرات کی تصدیق کی کہ تمھارے عقائد درست ہیں، قرآن وسنت کے مطابق ہیں۔ کیا اکابر علمائے دیوبندؒ کے متعلق اس قسم کی رائے قائم کرنا جو میرانی نے قائم کی ہے، ان کی شان میں گستاخی اور ان کی نیت پر حملہ نہیں۔؟ یقیناً میرانی نے اکابر علمائے دیوبندؒ کی شان میں گستاخی کی ہے۔ اور اعلیٰ حضرت بریلوی کے مشن سے موافقت کی ہے۔ تشابہت قلوبہم۔

باقی رہا میرانی صاحب کا یہ دعویٰ کہ یہ رسالہ "المہند" علمائے دیوبندؒ کی تصنیفات کے خلاف ہے، تو یہ خالص جھوٹ وافتراء ہے۔ راقم الحروف اکابر علمائے دیوبندؒ کا مسلک ان کی کتابوں سے نقل کر کے انصاف پسند حضرات سے انصاف کی اپیل کرتا ہے کہ وہ حضرات ان عبارات کو پڑھ کر فیصلہ دیں کہ آیا میرانی صاحب کا یہ دعویٰ صحیح ہے یا سراسر جھوٹ ہے۔؟

حضرت سہارنپوریؒ کا عقیدہ:

"المہند" کے مصنف حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ نے یہ رسالہ ۱۳۲۵ھ میں لکھا تھا

جب کہ اس سے قبل کی تصنیف "البراهين القاطعه" جو ۱۳۰۴ھ میں مطبع ہاشمی میرٹھ میں طبع ہوئی اس پتہ سے کہ یہ کتاب حسب الامر مولوی رشید احمد گنگوہیؒ مطبوع ہوئی اور ختم کتاب پر مولوی رشید احمد صاحب موصوف کی تقریظ واسطے تصدیق جواب وتائید وتحسین کتاب کی زین ارقام ہے۔
(انوار ساطعہ طبع دوم ص:۱۰ احتبائی دہلی)

اب قارئین حضرات "البراهين القاطعة" کے ص:۲۰۳ اور ص:۲۰۴ کو ملاحظہ فرمائیں۔

حضرت اقدس سہارنپوری صاحبؒ لکھتے ہیں:

''اقول اس بات کو خوب یاد کر لینا ضروری ہے کہ یہ عقیدہ سب کا ہے کہ انبیاء علیہم السلام اپنی قبور میں زندہ ہیں اور عالم غیب میں اور جنت میں جہاں چاہیں، باذنہ تعالی چلتے پھرتے ہیں اور اس عالم میں بھی حکم ہو، تو آسکتے ہیں اور صلوۃ وسلام ملائکہ پہنچاتے ہیں اور اعمال امت آپ ﷺ پر پیش ہوتے ہیں اور جس وقت حق تعالی چاہے دنیا کے احوال کشف ہو جاتے ہیں، اس میں کوئی مخالف نہیں''۔

نیز صفحہ ۳۰۸ میں فرماتے ہیں:

''اگر چہ انبیاء علیہم السلام اپنی قبور میں زندہ ہیں اور سنتے ہیں مگر ہر وقت یہ بات (کہ ان کی روحیں حاضر ہوں ہر مجلس میں) ضروری نہیں''۔

حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ کا عقیدہ:

یہ بات یادر ہے کہ حضرت گنگوہیؒ کی وفات رسالہ "المهند" کی تصنیف سے قبل ۱۳۲۳ھ میں ہو چکی تھی، مولانا عاشق علی مرحوم لکھتے ہیں:

احقر نے وفات حضرت قدس سرہ سے کچھ پہلے غالباً اسی مرتبہ جب کہ درود شریف موصوف حضرت سے سنا، یہ عرض کیا کہ ''انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام کی حیات خصوصا سرور انبیاء خاتم الرسل صلوات اللہ وسلامہ علیہ کا حیات النبی ہونا مسلم ہے اور آیت ۔ یہ۔ "اِنَّكَ مَيِّتٌ وَاِنَّهُمْ مَيِّتُوْنَ" سے سب کا میت ہونا معلوم ہوتا ہے''۔ اس کے جواب میں ایسی پر تاثیر تقریر فرمائی کہ جو

کمال نمبر:1

حضرت شاہ صاحب کی تقریر نشر کی گئی ہے۔ مشرکین کی قسمیں :(۱) اپر کلاس مشرک: کچھ لوگوں نے کہا اللہ تعالیٰ نے خود انبیاء واولیاء کو اختیارات دے رکھے ہیں، وہ جسے چاہے نفع دیں، جسے چاہیں نقصان دیں، یہ اپر کلاس مشرک ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو قول کی تردید یوں فرمائی: "مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ" (ترجمہ) وہ اختیار نہیں رکھتے۔

لوئر کلاس: دوسرے درجے کے مشرک کہتے ہیں کہ انبیاء واولیاء حاجت روا اور مشکل کشا نہیں، ہم انہیں حاجت روا اور مشکل کشا سمجھ کر ان کی قبروں پر نہیں جاتے، بلکہ ہم ان سے درخواست کرتے ہیں، وہ ہماری درخواست سن کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں۔ یہ لوئر کلاس مشرک ہیں، یہ مشرکین مکہ کی طرح کہتے ہیں:"هٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ" (ترجمہ) وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں ہمارے شفارشی ہیں۔ (نغمہ توحید ص:۱۸ رجب ۱۴۱۱ھ)

الجواب:

حضرت شاہ صاحب گجراتی کے نزدیک جو شخص انبیاء علیہم السلام اور اولیاء کرام کو حاجت روا اور مشکل کشا نہیں مانتا، مگر وہ سماع عند القبور کا قائل ہے کہ وہ حضرات اس کی درخواست سن کر اللہ تعالیٰ سے اس کے لئے دعا مانگیں گے، تو شاہ صاحب کے نزدیک ایسا شخص لوئر کلاس مشرک ہے۔ مثلاً علمائے دیوبند نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ اطہر پر حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرات شیخین سے درخواست کرتے ہیں کہ ''آپ ہمارے لئے اپنے رب سے دعا کریں''۔ یہ بات حضرت گنگوہیؒ نے ''زبدۃ المناسک'' میں لکھی ہے اور ''فتاوی رشیدیہ'' میں ''عرض شفاعت'' کا ذکر کیا ہے۔ علامہ محمد ہاشم سندھیؒ نے ''حیات القلوب'' میں شفاعت کا ذکر کیا ہے۔ (قہر حق دیکھئے) صاحب نور الایضاح وعلامہ طحطاویؒ وصاحب فتح القدیر وصاحبان فتاوی عالمگیریہ وغیرہم فقہائے احنافؒ، جو شفاعت کے قائل ہیں، سب شاہ صاحب گجراتی کے ہاں لوئر مشرک ہیں۔ (معاذ اللہ) اور پھر ان حضرات کو، جن کا نام ذکر کیا گیا ہے، شاہ صاحب گجراتی اولیاء اللہ بھی شمار

کرتے ہیں، گویا گجراتی اصول کے مطابق اولیاء اللہ مشرک ہوتے ہیں۔ (لاحول ولا قوۃ الا باللہ) پھر شاہ صاحب گجراتی بڑے عجیب آدمی ہیں کہ فرماتے ہیں: ''یہ لوئر کلاس مشرک ہیں، یہ مشرکین مکہ کی طرح کہتے ہیں'' کیا مشرکین مکہ حضرت گجراتی کے ہاں لوئر کلاس مشرک ہیں۔؟ کیا ان کی شفاعت اور مسلمانوں کی شفاعت میں کوئی فرق نہیں۔؟ حالانکہ زمین وآسمان کا فرق ہے۔ مسلمان اولیاء اللہ اور انبیاء علیہم السلام کو نہ حاجت روا مانتے ہیں نہ مشکل کشا مانتے ہیں اور نہ ان کی شفاعت کو ''شفاعت قہری'' کی مد میں داخل کرتے ہیں یعنی خدا تعالی چاہے تو ان کی بات مان لے، نہ چاہے تو نہ مانے۔ جب کہ مشرکین مکہ ''شفاعت قہری'' کے قائل تھے یعنی خدا تعالی سے زبردستی منوالیتے ہیں۔ خدا تعالی ان کی بات کو رد نہیں کرسکتا۔ دیکھو! مسلمانوں کو مشرک بنانے کے شوق میں ہوش وحواس بھی معطل ہوگئے۔

حضرت گنگوہیؒ لکھتے ہیں: ''دوسرے یہ کہ کہے اے فلاں! خدائے تعالی سے دعا کر، کہ فلاں کام میرا ہوجائے، یہ مبنی اوپر مسئلہ سماع کے ہے، جو سماع موتی کے قائل ہیں ان کے نزدیک درست ہے دوسروں کے نزدیک ناجائز''۔ (فتاوی رشیدیہ ص: ۱۳۴۰ یچ ایم سعید کمپنی کراچی)

حضرت شاہ عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ کے ''فتاوی عزیزی'' مترجم اردو ص: ۱۵۰ ج: ۱ میں ہے: سوال:

انبیاء، اولیاء اور صلحاء سے بعد وفات کے اس طور سے استمداد درست ہے یا نہیں کہ ''اے فلاں بزرگ! حق تعالی سے میری حاجت روائی کے لئے آپ عرض کریں اور میری سفارش کریں اور میرے لئے دعا کریں''۔؟

الجواب:

(الی ان قال) اگر استمداد اس طریقہ پر کیا جائے گا جو سوال میں مذکور ہے، تو ظاہرا جائز ہے اس واسطے کہ اس صورت میں شرک لازم نہیں آتا۔ نیز حضرت شاہ صاحب موصوف لکھتے ہیں: ''اور عوام الناس ایسا ہی اولیاء اللہ سے یہ چاہتے ہیں کہ اللہ تعالی کی درگاہ میں آپ دعا کریں کہ اللہ

الله صلی الله علیه و سلم و رفیقبه و وزیربه جزا کما الله احسن الجزاء جئنا کما نتوسل بکما الی رسول الله صلی الله علیه و سلم یشفع لنا و یدعو لنا ربنا ان یحیینا علی ملته و سنته و یحشرنا فی زمرته و جمیع المسلمین۔
(زبدة المناسك ص:١٥٦)

کے ساتھ لیٹنے والوں اور اس کے ساتھی اور وزیر! اللہ تعالیٰ تمھیں اچھی جزاء دے ہم تمھارے پاس آئے ہیں تمھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہم وسیلہ بناتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے لئے سفارش کرے اور ہمارے لئے ہمارے رب سے دعا مانگے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں ان کی ملت اور سنت پر زندہ رکھے اور ہمیں اور تمام مسلمانوں کو ان کی جماعت میں اٹھائے۔

یہ حضرت قطب عالم گنگوہیؒ کا عقیدہ ہے کتنا صاف اور واضح۔ ہے مگر شپرہ چشم کہے گا مجھے تو کہیں بھی نظر نہیں آیا۔

؎ گر نبیند بروز شپرۂ چشم — چشمہ آفتاب راچہ گناہ

یہ عقیدہ شاہ صاحب گجراتی اور نیلوی صاحب کے ہاں نری یہودیت اور کفر وشرک ہے۔ (معاذ اللہ)

؎ گل گئے گلشن گئے جنگل دھتورے رہ گئے — اڑ گئے دانا جہاں سے، بے شعورے رہ گئے

حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ المتوفی ۱۲۲۵ھ کا عقیدہ:

حضرت قاضی صاحبؒ تحت آیت "وَلَا اَنْ تَنْكِحُوْا اَزْوَاجَهٗ مِنْ بَعْدِهٖ اَبَدًا" (اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کبھی بھی ان کی ازواج مطہرات کے ساتھ نکاح نہ کرنا)۔

قلت و جاز ان یکون ذلك لاجل ان النبی صلی الله علیه و سلم حی فی قبره ولذلك لم یورث ولم یتئم ازواجه عن ابی هریرةؓ قال قال

میں کہتا ہوں اور جائز ہے کہ ازواج مطہرات کے ساتھ نکاح نہ کرنے کی یہ وجہ بیان کی جائے کہ چونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر میں زندہ ہیں اس لئے نہ ان کی میراث تقسیم کی گئی

رسول الله صلى الله عليه وسلم من صلى عند قبری سمعته ومن صلی علی نائیا ابلغته رواه البیهقی فی شعب الایمان ۔ (تفسیر مظهری ج:۷ ص:۴۰۸ پاره:۲۲)	ہے اور نہ ان کی ازواج مطہرات بیوہ ہوئی ہیں۔ حضرت ابو ہریرۃ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص میری قبر کے پاس مجھ پر درود پڑھے میں خود سنتا ہوں اور جو دور سے پڑھے وہ مجھے پہنچادیا جاتا ہے۔

(۲):......نیز حضرت قاضی صاحبؒ مکتوب چہل وسوم میں لکھتے ہیں:

مخدوما فقیر را بیش از مرده تصور نباید نمود و مرده بر سلام سبقت نمی تواند کرد مگر موافق خبر صحیح جواب سلام تواند داد بشوند یا نہ۔ (کلمات طیبات حضرت قاضی ثناء اللہؒ ص:۴۹)	اے مخدوم فقیر کو مردہ سے زیادہ تصور نہیں کرنا چاہیے۔اور مردہ سلام کرنے میں سبقت نہیں کرسکتا لیکن صحیح حدیث کے موافق مردہ سلام کا جواب دے سکتا ہے۔ اے مخدوم آپ نے میری بات کو سن لیا یا نہیں۔

(۳):......نیز حضرت قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں:

ويسمع سلام الزائر و يجيب المنكر والنكير ونحو ذلك مما ثبت بالكتاب والسنة۔ (تفسیر مظهری ج:۱۰ ص:۱۲۵)	اور مردو زیارت کرنے والے کا سلام سنتا ہے اور منکر ونکیر کو جواب دیتا ہے۔یہ باتیں صحیح ہیں اور مثل اس کے جو کتاب اللہ اور سنت سے ثابت ہیں۔

قارئین کرام! حضرت لاہوریؒ ، حضرت مفتی مہدی حسنؒ ، حضرت علامہ انور شاہ کشمیریؒ یہ سب حضرات مولانا عنایت اللہ شاہ گجراتی کے استاد ہیں۔ان کا عقیدہ مقدمۃ الکتاب میں گزر چکا ہے باقی دیگر اکابر علمائے دیوبندؒ کا عقیدہ اسی کتاب میں اپنے اپنے مقام میں بیان ہوگا۔ان شاء الله تعالی ۔

"المہند" کی عبارت:

مولوی میرانی صاحب نے "المہند" کی عبارت نقل کر کے پھر اس کے خلاف متضاد عبارتیں بزعم خویش نقل کی ہیں، ملاحظہ ہوں:

"ہمارے نزدیک اور ہمارے مشائخ کے نزدیک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر مبارک میں زندہ ہیں، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات دنیا کی سی ہے بلا مکلف ہونے کے، اور یہ حیات مخصوص ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام انبیاء علیہم السلام اور شہداء کے ساتھ، برزخی نہیں جو حاصل ہے تمام مسلمانوں، بلکہ سب آدمیوں کو"۔ ("المہند" ص:۲۱) پھر میرانی صاحب نے اس عبارت کو قرآن وحدیث وخطبہ صدیق اکبرؓ کے خلاف قرار دیا ہے، پھر لکھتے ہیں:

پہلے تضاد کی نظیر:

ذرا توجہ فرمائیں کہ رسالہ مذکورہ کی عبارت والانظریہ نصوص قطعیہ سنن صریحہ واجماع امت محمدیہ کے مقابلہ میں بڑے شور وغل سے اچھالا جاتا ہے کہ اسے علمائے امت خیر الانام صلی اللہ علیہ وسلم کے مفسرین، محدثین اور خصوصاً فقہائے احناف کے متبعین علمائے دیوبند کی توضیحات کے آئینہ میں دیکھیں کہ کون "یَوْمَ تَبْیَضُّ وُجُوْہٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْہٌ" کا مصداق ہے۔ انبیاء علیہ السلام کی حیات، شہداء کی حیات سے بھی اقوی واتم ہے اور مراد اس سے حیات دنیوی ظاہری نہیں کہ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: "اِنَّکَ مَیِّتٌ وَّاِنَّھُمْ مَّیِّتُوْنَ" لہٰذا احکام موت ظاہریہ سب پر جاری ہوتے ہیں۔ فتویٰ دار العلوم دیوبند ج:۵ ص:۳۹۷۔ ذرا غور فرمائیں کہ عبارت رسالہ اور فتویٰ میں تباعد ہے یا تقارب۔؟ بہر حال نفی اور اثبات میں تباین ہی ہوتا ہے۔ کیا راز ہے کہ رسالہ کی تو آئے دن تشہیر فرماتے ہو اور فتویٰ دار العلوم دیوبند کی عبارت سے منہ چھپاتے ہو۔؟

قَرَاطِیْسَ تُبْدُوْنَھَا وَتُخْفُوْنَ کَثِیْراً (القول المسند ص:۵)

الجواب:

بے چارے میرانی کے دماغ میں تضاد بھرا ہوا ہے حالانکہ "المہند" اور ''فتاوی دارالعلوم دیوبند'' کے عبارت میں کوئی تضاد ہی نہیں۔ میرانی کا قصور ہی نہیں ہے کیونکہ جس بے چارے کو فتاوی لکھنا بھی نہ آئے اور وہ یوں لکھے: ''فتوی اور انبیاء علیہ السلام (مفرد کی ضمیر سے لکھے)'' تو اس کو تضاد نظر نہ آئے تو کیا نظر آئے۔؟ پھر اس بے چارے نے عورتوں کی طرح یہ طعنہ بھی دے دیا کہ رسالہ کی عبارت کی تشہیر کرتے ہو اور فتاوی دارالعلوم دیوبند کی عبارت سے منہ چھپاتے ہو۔

اب بھلا میرانی صاحب سے کوئی پوچھے کہ جناب فتاوی دارالعلوم دیوبند کئی مرتبہ شائع ہو چکا ہے کیا اس کو شائع کرنے والے مسلک حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تعلق رکھنے والے علمائے دیوبند اہل السنّت والجماعت ہیں یا اس کی اشاعت کرنے والے منکرین حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم اہل بدعت ہیں۔؟ "المہند" کی عبارت میں ''دنیا کی سی ہے'' کے الفاظ بتارہے ہیں کہ انبیاء علیہم السلام کی حیات برزخ میں دنیاوی حقیقی نہیں بلکہ دنیاوی کے مثل اور مشابہ ہے جیسا کہ کہا جاتا ہے "زید کالاسد" (زید شیر کی طرح ہے) یعنی زید شیر تو نہیں لیکن بہادری میں شیر کے مثل ہے۔ اب یہاں نفی و اثبات دونوں ہو سکتے ہیں، یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ ''زید شیر ہے'' یہ مجازاً ہے اور یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ ''زید شیر نہیں ہے'' یہ حقیقت کے لحاظ سے ہے۔ اسی طرح یوں کہنا بھی صحیح ہے کہ حیات دنیویہ ہے مجاز کے طور پر، یعنی دنیا کی سی ہے اور یوں کہنا بھی صحیح ہے کہ حیات دنیویہ نہیں ہے یعنی حقیقت کے لحاظ سے۔ چنانچہ مولانا سجاد بخاری صاحب لکھتے ہیں:

> ''الحمد للہ! ترمذی صاحب نے تسلیم کر لیا ہے کہ "المہند" کے مؤلف مولانا خلیل احمدؒ اور اس کی تائید و تصدیق کرنے والے چوبیس/۲۴ اکابر علمائے دیوبند عالم برزخ میں انبیاء علیہم السلام کے لئے دنیوی حیات کے قائل نہیں تھے، بلکہ دنیا کی سی یعنی دنیوی حیات سے مشابہ حیات کے قائل تھے''۔ (اقامۃ البرہان ص: ۲۰۳)

اس لئے جمعیۃ اشاعت التوحید والسنہ کے بعض افراد کا یہ جھوٹا پروپیگنڈہ کہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قائلین علمائے دیوبند حیات دنیویہ حقیقیہ کے قائل ہیں مبنی پر انصاف نہیں ہے اور جہاں

اکابر علمائے دیوبندؒ کی عبارت میں حیات دنیویہ کا ذکر ہے تو اس سے مراد بعض چیزوں میں مشابہت کے بناء پر حیات دنیویہ کہا گیا ہے من کل الوجوہ دنیویہ مراد نہیں۔

(۱):.....حضرت مولانا محمد منظور نعمانی صاحبؒ لکھتے ہیں:

''اسی طرح ہمارے بعض بزرگوں کی تحریروں میں مثلاً "التصدیقات"(یعنی المهند) میں انبیاء علیہم السلام کی قبر والی حیات کو جو حیات دنیویہ کہا گیا ہے تو اس کا بھی ہرگز یہ مطلب نہیں ہے، اس کا مطلب تو صرف یہ ہے کہ وہ حیات دنیا کی سی ہے یعنی مع الجسد ہے، صرف برزخی روحانی نہیں ہے جو تمام مؤمنین کو بھی حاصل ہے، جن کے اجسام مٹی ہو چکے ہیں۔ " التصدیقات " کے اردو ترجمہ ہی میں غور کرنے سے یہ مطلب خود واضح ہو جاتا ہے، علاوہ ازیں ان بزرگوں کی ایسی عبارتوں کا یہ مطلب بیان کرنا اوران کا یہ مسلک بتانا کہ انبیاء کرام علیہم السلام پر موت وارد ہی نہیں ہوئی اور قبروں میں وہ بعینہ دنیا والی ناسوتی حیات کے ساتھ موجود ہیں، صریحاً ان پر یہ الزام لگانا ہے کہ اس مسئلہ میں ان کی رائے قرآن وحدیث کے صریح نصوص و بینات اور اجماع صحابہ اور اجماع امت کے خلاف ہے۔ میں نہیں یقین کرتا کہ ہمارے علماء میں سے کسی نے ایسی لغویات کہی ہو، (سبحانك هذا بهتان عظيم)''۔

(ماہنامہ تعلیم القرآن راولپنڈی نومبر دسمبر ۱۹۵۸ء ص:۳۹)

(۲):.....نیز مولانا نعمانی صاحبؒ تحریر فرماتے ہیں:

''پھر بعد کے دور میں جن اکابر علماء نے اس مسئلہ پر خاص توجہ کی ہے ان میں ایک جلیل القدر شخصیت علامہ تقی الدین سبکیؒ ہیں۔ آپ نے اپنی مشہور کتاب ''شفاء السقام'' میں حیات انبیاء پر ایک مستقل باب لکھا ہے جس میں پوری قوت کے ساتھ مسئلے کا ثبوت دینے کے بعد خود ہی یہ شبہ وارد کیا ہے کہ قرآن عزیز صاف حضور کی موت کا اعلان کر رہا ہے " اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ " اور خود حضور علیہ الصلوۃ والسلام فرماتے ہیں: "انی مقبوض " (میں قبض کیا جاؤں گا) اور حضرت ابوبکر صدیقؓ فرماتے ہیں: "ان محمد اقد مات " (یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم وفات پاگئے)

اور ساری امت کا اجم[illegible] آپ کے متعلق موت [illegible] بولا جا سکتا ہے، پھر خود ہی جواب دیتے ہیں:

یقال انه موت غیر مستمر و انه احیی بعد الموت ۔ (شفاء السقام ص:۱٤۲)

جواب میں کہا جائے گا کہ یہ موت غیر مستمر (کا ذکر) ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس موت کے بعد اللہ تعالی نے حیات عطاء فرمائی ہے۔

بہر حال حیات انبیاء کا یہ مطلب کسی کے نزدیک بھی نہیں ہے کہ ان پر ''موت'' قطعاً طاری ہی نہیں ہوتی بلکہ اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ وفات کے بعد ان حضرات کو پھر حیات (مع الجسد) بخش دی جاتی ہے اور وہ صحیح و سالم قبر میں محفوظ رہتے ہیں جیسا کہ احادیث میں وارد ہے ۔ (تعلیم القرآن راولپنڈی مئی ۱۹۵۹ء ص:۳۱ تا ۳۲)

پس اس تفصیل کے بعد مسئلہ میں کوئی اشتباہ باقی نہیں رہتا ۔موت کی آیات اور خطبۂ صدیق اکبرؓ سے مسلمانوں کو دھوکہ میں ڈالنا کسی شریف انسان سے متوقع نہیں البتہ رذیلوں کا معاملہ جدا ہے۔خدا تعالی ہدایت نصیب کرے۔

سوال:

حضرت نانوتویؒ موت کے قائل نہیں کیونکہ موت کا معنی ہے" انقطاع الروح عن الجسد" (روح کا جسم سے الگ ہونا) جبکہ حضرت نانوتویؒ فرماتے ہیں: کہ انبیاء علیہم السلام کا روح جسم سے الگ نہیں ہوتا بلکہ دل کے اندر سمٹ جاتا ہے۔

الجواب:

حیات و موت کی کئی انواع ہیں ایک قسم موت کی یہی ہے جس کی آپ نے" انقطاع الروح عن الجسد" سے تعریف کی ہے۔علامہ ابن عبدالہادیؒ فرماتے ہیں:

والحیاة جنس تحتها انواع و کذلك الموت۔ (الصارم المنکی ص:۲۹٤)

اور حیات جنس ہے اس کے تحت کئی انواع ہیں اور اسی طرح موت جنس ہے اس کے

تحت کئی انواع ہیں۔

حضرت نانوتویؒ اس بات کے قائل ہیں کہ روح کا تعلق جسم کے تمام اعضاء سے بالکل منقطع ہوجاتا ہے سوائے قلب (دل) کے کہ اس میں روح آکر بند ہوجاتا ہے، انبیاء علیہم السلام کی موت اسی طرح واقع ہوتی ہے۔ حضرت نانوتویؒ کی یہ بات عقل ونقل کے خلاف نہیں ہے کیونکہ انبیاء علیہم السلام کا نیند کی حالت میں بھی قلب بیدار رہتا ہے، اس پر نیند کے اثرات غالب نہیں ہوتے اور نیند مشابہ موت کے ہے۔ فلہٰذا موت کے وقت تمام جسم بے حس ہوجاتا ہے مگر قلب مردہ نہیں ہوتا گویا انبیاء علیہم السلام کے دل کا کنکشن رحمت خداوندی سے کبھی منقطع نہیں ہوا۔ یہی وجہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کا خواب وحی من اللہ شمار کیا جاتا ہے۔ حضرت نانوتویؒ نے اپنے اس نظریہ پر نہ تو کسی کو ماننے کے لئے مجبور کیا ہے اور نہ اس کو ضروریات دین سے شمار کیا ہے۔

فلہٰذا ہم بھی کسی کو ماننے پر مجبور نہیں کرتے نہ اس کو مدار دیوبندیت قرار دیتے ہیں۔ البتہ علمائے دیوبند کے ایک گروہ نے اس نظریہ کو قبول کرتے ہوئے اپنایا ہے اور اس کو پسند کیا ہے۔

(باقی بحث ان شاء اللہ تعالیٰ حصہ دوم میں آئے گی۔)

الاستفتاء

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

مکرمی ومحترمی حضرت مولانا مفتی محمد عیسیٰ صاحب دام مجدہم

سلام مسنون اسلام!

مسئلہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور مسئلہ سماع موتی کے بارہ میں اہل سنت کے مسلک کی وضاحت فرمائیں، کیونکہ بعض حضرات آپ کے بعض فتوؤں اور عبارات سے ایسے مطالب اخذ کر کے بیان کرتے ہیں جن کی نسبت آپ کی طرف ہمارے خیال میں درست نہیں ہے۔

(۱):......فقہائے احناف کے نزدیک سماع موتی ثابت ہے یا نہیں۔؟ اور یہ مسئلہ مطلقاً ہے یا اس میں تفصیل ہے، مثلاً حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ودیگر انبیاء کرام علیہم السلام کا عند القبر سماع صلوۃ وسلام صرف صوفیائے کرام کا مسلک ہے یا فقہائے احناف بھی اس کے قائل ہیں۔؟

(۲):......حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ودیگر انبیاء کرام علیہم السلام کے عند القبر سماع صلوۃ وسلام کا منکر اہل السنت والجماعت اور علمائے دیوبند کثر اللہ جماعتہم میں شامل ہے یا نہیں۔؟

(۳):......مفتی مہدی حسن صاحب مفتی دارالعلوم دیوبند کا فتوی کہ ''عند القبر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سماع صلوۃ وسلام کے منکر امام کے پیچھے نماز مکروہ ہے'' کیا صحیح ہے۔؟

(۴):......انبیاء کرام اور عام موتی کا سماع اگر ثابت ہے تو یہ سماع روحانی ہے یا جسمانی۔؟ جو شخص صرف سماع روحانی یا حیات روحانی کا قائل ہے کیا ایسا شخص اہل السنت اور دیوبندی ہے۔؟

(۵):......ملا علی قاریؒ، علامہ عینیؒ، حضرت نانوتویؒ، شاہ محمد اسحٰقؒ، حضرت تھانویؒ احناف میں شامل ہیں یا نہیں۔؟

(۶):......مفتی کفایت اللہ صاحبؒ کا فتوی جو کہ کفایت المفتی ج:۱ص:۱۶۰ پر موجود ہے جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک کی جسد اطہر سے مفارقت ماننے کو باعث توہین قرار دیا

ہے، درست ہے یا نہیں۔؟

(۷):.....ثواب وعذاب قبر صرف روحانی ہے یا جسمانی بھی، اور اہل سنت کا اس میں کیا مسلک ہے۔؟ بینوا و توجروا

فقط

محمد عبداللہ گرجاکھ گوجرانوالہ

۸۸ - ۷ - ۲۰

بسم الله الرحمن الرحیم

الجواب

بعض سوالات کے جواب میں

راقم الحروف نے سماع موتی کے مسئلہ میں مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب کے فتوی پر اکتفاء کیا۔ مستفتی نے اس جواب کی مجمل عبارت سے مطلق سماع کی نفی پر استدلال کیا حالانکہ اس جواب کی آخری عبارت مطلق سماع کی نفی کا رد کرتی ہے۔ آخری عبارت یہ ہے" تاہم کسی فریق کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ دوسرے فریق کی تضلیل یا تفسیق یا تجہیل کر سکے۔ کیونکہ اس صورت میں کہ مسئلہ قرون اولی میں مختلف فیہ تھا اس تضلیل یا تفسیق یا تجہیل کا اثر صحابہ تک پہنچے گا۔ ولا شک فی فسادہ۔ (کفایۃ المفتی ج:۱ص:۱۹۶)

(۱):......البتہ حضرت مفتی صاحبؒ کا شروع میں یہ فرمانا:"لیکن علمائے حنفیہ کے نزدیک سماع موتی ثابت نہیں"، محل نظر ہے۔ سماع موتی کے قائلین کی فہرست میں فقہائے احناف اور محققین امت کی جم غفیر آتی ہے۔ ان کی تصانیف اور تالیفات اس کا بین ثبوت ہیں، جس سے انکار ممکن نہیں ہے۔

(۲):......روضہ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوۃ وسلام کے سماع کا انکار کرنے والا شخص اہل السنت اور دیوبندی نہیں ہوسکتا۔ اور پھر اس مسلک کی دعوت دینا دور جدید کا میرے نزدیک بڑا فتنہ ہے۔ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ نے انبیاء علیہم السلام کے سماع پر اجماع لکھا ہے۔

(۳):......راقم الحروف نے اپنے متعدد فتاوی میں مولانا مہدی حسن مفتی دار العلوم دیو بند کا فتوی متعلق حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم نقل کیا ہے۔ اور اس کی اپنے دستخط اور مہر سے تصدیق کی ہے۔

(۴):......محض روحانی سماع اور روحانی حیات کو ماننا اور بدنی حیات کا انکار کرنا گمراہی ہے۔ ایسے اعتقاد والا اہل السنت سے نہیں ہے۔

(۵):......ان ھؤلاء الاکابر من جھابذة العلماء الحنفیة و محققیھم بلا شك ولا ارتیاب۔

(۶):......حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ صاحبؒ کا فتوی جس میں آپ نے روح مبارک صلی اللہ علیہ وسلم کے حاضر وناظر ماننے والے پر رد کیا ہے اور کہا ہے کہ اس سے جسد اطہر سے روح مبارک کی مفارقت لازم آتی ہے اور یہ موجب توہین ہے، بعبارتہ ومنطوقہ درست ہے۔

(۷):......موت کے بعد جزا اور سزا میں روح اور بدن دونوں مشترک اور متحد ہیں۔یہی اہل السنّت والجماعت کا مذہب ہے۔

ا......خاتم المحققین حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ ایک سوال کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں:

"انسان را بعد موت ادراک باقی میماند بریں معنی شرع شریف و قواعد فلسفی اجماع دارند اما شرع شریف پس عذاب قبر و تنعیم قبر بتواتر ثابت است وتفصیل آں دفتر طویل میخوابد و در کتب کلامیه اثبات عذاب القبر مینمایند حتی که بعض اہل کلام منکر آنرا کافر میدانند۔وعذاب و تنعیم بغیر ادراک و شعور نمیتواند شد پس ظاہر ... که بدن دائما در تحلل است و روح در شعور و ادراک دائما در ترقی است الخ"

ص:۸۸ فتاوی عزیزی۔

علامہ ابن حجر عسقلانیؒ اپنے ایک جواب میں تحریر فرماتے ہیں:

"ان ارواح المؤمنین فی علیین و ارواح الکفار فی سجین ولکل روح ... وھو اتصال معنوی لا یشبه الاتصال فی الحیاة الدنیا بل اشبه شیٔ به حال النائم انفصالا و شبهه بعضھم بالشمس ای بشعاع الشمس وھذا مجمع ما افترق من الاخبار ان محل الارواح فی علیین و فی سجین ومن

کونه افنية الارواح عند افنية قبورهم كما نقله ابن عبد البر عن الجمهور ۔

(فتاوى ابن حجر العسقلانی ص: ٤٠)

جب عام اموات کی حیات بھی محض روحانی اور برزخی نہیں ہے۔اس کے لئے تنعیم اور تعذیب کا ہونا لازمی ہے۔تو انبیاء علیہم السلام کی حیات جسد عنصری میں کیا شک وشبہ باقی رہ جاتا ہے۔

اس حیات کو علمائے دیوبندؒ نے حیات دنیوی اور برزخی سے تعبیر کیا ہے، برزخی بایں معنی کہ آپ عالم برزخ میں ہیں۔اور دنیوی بایں معنی کہ آپ کی روح مبارک کا جسد اطہر سے تعلق ہے، جس سے آپ روضہ اطہر پر صلوۃ وسلام پڑھنے والوں کا سلام سنتے ہیں۔روضہ اطہر پر حاضری کے وقت راقم الحروف بایں اعتقاد صلوۃ وسلام پڑھتا رہا کہ آپ میرا سلام سماعت فرمارہے ہیں۔اسی کو میں اپنے لئے وسیلہ نجات سمجھتا ہوں۔بعض علمائے کرام جسد اطہر سے آپ کی روح مبارک کا تعلق تسلیم کرتے ہیں اور صلوۃ وسلام کے سماع کے بھی قائل ہیں بایں ہمہ حیات دنیوی کی بجائے آپ کی حیات کو حیات برزخی سے تعبیر کرتے ہیں۔اس صورت میں صرف عنوان کا فرق ہے۔مطالب اور معنوں میں فرق نہیں۔یہ بھی اہل السنت میں سے ہیں۔

عذاب قبر کے اثبات میں عامہ علماء اہل السنت قبر میں حیات کے ڈالے جانے کے قائل ہیں۔قال فی الهداية ومن يعذب فی القبر يوضع فيه الحيوة فی قول العامة ۔ (الهداية ج:٣ ص: ٥٠٤)

فقط والله تعالى اعلم وعلمه اتم واحكم

محمد عیسیٰ عفی عنہ

نصرت العلوم گوجرانوالہ ۱۳ ذی الحجہ ۱۴۰۸ھ

نعمان آلوسی کے رسالہ "الآیات البینات" کی حقیقت

ملاحظہ ہو:

رسالہ "الآیات البینات فی عدم سماع الاموات علی مذھب الحنفیۃ السادات"
تالیف علامہ نعمان آلوسی بن مفسر علامہ محمود آلوسیؒ (متولد ۱۲۵۲ھ متوفی ۱۳۱۷ھ) پہلے مصر میں علامہ ناصر الدین البانی غیر مقلد کی تعلیقات اور تخریج سے شائع ہوا پھر پاکستان میں فیصل کتاب گھر سرگودھا کی وساطت سے شائع کیا گیا۔ مؤلف کی وفات ۱۳۱۷ھ میں ہے جبکہ رسالہ مکمل ہونے کی تاریخ ۸ ربیع الثانی ۱۳۲۹ھ ہے یعنی مؤلف کی وفات کے بارہ سال بعد کوئی شاگرد اس رسالہ کو اپنے استاذ علامہ نعمانی آلوسیؒ کی طرف منسوب کرتے ہوئے ۸ ربیع الثانی ۱۳۲۹ھ میں مکمل کر رہا ہے، دیکھئے الآیات البینات ص:۶۱ و ص:۱۵۸۔

اس رسالہ میں حوالوں کے اندر خیانت وتحریف کا ارتکاب کیا گیا ہے۔ فتح القدیر، مراقی الفلاح اور حاشیہ طحطاوی سے عدم سماع موتی نقل کیا ہے۔ دیکھئے ص:۳۷۔ حالانکہ ان کتابوں میں سماع موتی ثابت کیا گیا ہے۔ علامہ ابن ملک حنفیؒ المتوفی ز۸۰۱ھ کے حوالہ نقل کرنے میں خیانت کا ارتکاب کیا گیا ہے۔ انہوں نے جو حدیث "انہ لیسمع قرع نعالھم اذا انصرفوا" کا معنی وتشریح کی ہے اس کو نظر انداز کرتے ہوئے چھوڑ دیا ہے اور پورا حوالہ نقل نہیں کیا۔ چنانچہ نیلوی صاحب حوالہ نقل کرتے ہوئے اس کا ترجمہ اس طرح تحریر کرتے ہیں: ''یہی مسئلہ سمجھانے کے لئے کہ دفن کرکے واپس جانے والوں کے جوتوں کی آواز میت قبر کے اندر سے سچ مچ سنتا ہے، اس میں کسی تاویل کی ضرورت نہیں جیسے بعض نے تاویل کی ہے، ابن ملکؒ کا قول (ملا علی قاریؒ نے) اپنی تائید میں پیش کیا ہے کہ ابن ملکؒ "قرع نعالھم" سے مراد "ای صوت دقھا" (جوتوں کے دب دب کی آواز) بتا کر فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں قبر کے اندر جوتوں کی آواز کا احساس ہوتا ہے تو بغیر حیات کے احساس نہیں ہو سکتا کیونکہ عادۃ اللہ اسی طرح جاری ہے''۔

(ندائے حق جزء اول طبع دوم ص:۲۵۱ تا ۲۵۲)

بہر حال اس رسالہ میں حوالوں کے اندر تحریف و خیانت کا خاصہ ارتکاب کیا گیا ہے اسی طرح روح المعانی کے حوالہ نقل کرنے میں زبردست بددیانتی کا مظاہرہ کیا گیا ہے۔ "و قیل فی حدیث ابن عبد البر (روح المعانی ج:۲۱ ص: ۵۷) کو ''واحتجوا ایضاً بحدیث" (الآیات البینات ص: ۹۲) کے الفاظ سے بدل دیا ہے کیونکہ "قیل" مجہول کا صیغہ تمریض اور ضعف پر دلالت کرتا ہے، اس میں اشارہ تھا کہ ''ابن رجب حنبلیؒ کی جرح حدیث سماع سلام عند القبر پر درست نہیں ہے'' اس لئے اس لفظ کو تبدیل کر دیا گیا۔ الغرض یہ رسالہ کذب و بددیانتی و خیانت سے پر ہے، معلوم ہوتا ہے مؤلف نعمان آلوسیؒ اس سے بری ہے۔

جواب نمبر:2

بالفرض یہ رسالہ علامہ نعمان آلوسی کا اپنا بھی ہو تب بھی قابل اعتماد نہیں ہے کیونکہ نعمان آلوسی غیر مقلد تھا، حنفی نہ تھا، اس کو کیا حق پہنچتا ہے کہ وہ ہمارے مذہب کی ترجمانی کرے۔؟ ناصر الدین البانی غیر مقلد لکھتے ہیں :"فجاهد فريق الجمود و التقليد " (الآيات البينات ص:۵۹) کہ فرقہ مقلدین کے ساتھ نعمان آلوسی کا جہاد جاری رہا۔

نیز لکھتے ہیں:'' کہ ان کی کتاب" جلاء العينين فی محاكمة الاحمدين" کی نواب صدیق حسن خان نے ان الفاظ سے تعریف کی ہے :"وهو كتاب جليل المقدار (مفيد الأحرار) "۔

نیز لکھتے ہیں:" و كانت بينه و بين السيد صديق مراسلات و مفاوضات وله منه اجازة ۔ (مقدمه الآيات ص: ۵۹) نعمان آلوسی اور سید نواب صدیق حسن خان صاحب کے درمیان خط و کتابت کا سلسلہ جاری رہتا تھا اور نواب صاحب نے اس کو شاگردی کی سند و اجازت بھی دی تھی۔ اور نعمان آلوسی، نواب صدیق حسن خان صاحب کو مجتہد امام کے درجہ پر شمار کرتا تھا۔ چنانچہ مولانا عطاء اللہ حنیف غیر مقلد مرحوم کی نگرانی میں مکتبہ سلفیہ لاہور سے جو کتاب ظفر الملاضی

نواب صدیق حسن خان صاحب مرحوم کی شائع کی گئی ہے اس کی ابتداء میں مصنف کے حالات میں یوں مرقوم ہے: "یقول فیه السید نعمان خیر الدین الآلوسی و یحق له الاجتهاد لاجتماع شروطه فیه"۔ (ص:۵) اور نواب صاحب کی تعریف میں سید نعمان آلوسی فرماتے ہیں کہ ان کو اجتہاد کرنے کا پورا حق حاصل ہے کیونکہ اجتہاد کی شرائط ان میں پائی جاتی ہیں۔ حالانکہ خود غیر مقلدین حضرات اس بات کو نہیں مانتے۔ چنانچہ مولانا محمد اسمٰعیل سلفی لکھتے ہیں: "نہ ہی ہم انہیں ائمہ اجتہاد کی طرح امام مانتے ہیں"۔ (تحریک آزادی فکر ص:۲۹۶)

نواب صدیق حسن خان صاحب ایک مقام پر ان کے ایک مسئلہ کی تحسین ان الفاظ میں تحریر کرتے ہیں: "وما احسن المسلك الذی یسلکه صاحبنا صاحب کتاب جلاء العینین فی محاکمة الاحمدین"۔ (نزل الابرار ص:۲۲۶) اس مسئلہ میں کیا ہی بہترین طریقہ اختیار کیا ہے ہمارے ساتھی صاحب کتاب "جلاء العینین فی محاکمة الاحمدین" نے۔

شیخ محمد یاسین خطیب جامع مسجد دریا خان ضلع بھکر

اور

مولوی محمد یونس نعمانی کا عقیدہ ملاحظہ فرمائیں

۲۱۷

صنیمہ ماہنامہ تعلیم القرآن راولپنڈی بابت ماہ اگست ۱۹۶۲ء

مسئلہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر صلح کی تکمیل

بمقام مدرسہ خیر المدارس ملتان بتاریخ ۳۱ جولائی ۱۹۶۲ء

مسئلہ حیات النبی صلے اللہ علیہ وسلم میں مدت سے نزاع چلا آرہا تھا۔ حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب نے کوشش کی کہ یہ بھی صلح ہو جائے۔ اسلئے قرار پایا کہ مسئلہ کی نسبت حسب ذیل قدر مشترک میں صلح ہو جائے۔ اور بوقت ضرورت اتنا ہی بیان کیا جائے۔ وہ عبارت یہ ہے۔

۱۔ وفات کے بعد نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے جسد اطہر کو برزخ (قبر شریف) میں تعلق روح حیات حاصل ہے۔ اور اس حیات کی وجہ سے روضہ اقدس پہ حاضر ہونے والوں کا آپ صلوٰۃ وسلام سنتے ہیں۔

چونکہ مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب موجود نہ تھے۔ اسلئے ایک عبارت ۲ تحریر ہو کر فریقین میں دستخط ہو گئے۔ (عبارت ۲) ہم اسکی پوری کوشش کریں گے کہ سید عنایت اللہ شاہ صاحب سے بھی اس تحریر پر دستخط کرائیں جس پر ہم نے دستخط کئے ہیں۔ اگر ممدوح اس پر دستخط نہ کریں گے تو ہم مسئلہ حیات النبی میں اس تحریر کی حد تک ان سے برأت کا اعلان کر دیں گے۔ نیز اپنے جلسوں میں ان سے مسئلہ حیات النبی پر تقریر نہ کرائیں گے۔ اور اگر اس مسئلہ میں وہ کوئی مناظرہ وغیرہ کریں گے۔ تو ہم اس بارہ میں ان کی مدد نہ دیں گے۔

۲۔ اس فیصلہ کے بعد سید عنایت اللہ شاہ صاحب نے عبارت جسمیں نفس مسئلہ حیات تحریر کیا گیا تھا۔ دستخط کرنے سے انکار کر دیا۔ اور قاری صاحب سے روانگی کے ایک دن قبل ملاقات کی۔ اسوقت قاضی شمس الدین صاحب نے مع احباب کے عبارت ۲ کی تنسیخ کی نسبت درخواست کی اس پر قاری صاحب نے میرے نام حسب ذیل خط تحریر فرمایا۔

ملاحظہ گرامی حضرت المخدوم مولانا خیر محمد صاحب۔ دام فیضہم

بعد سلام مسنون معروض ہے کہ مسئلہ حیات النبی صلے اللہ علیہ وسلم کے سلسلہ میں راولپنڈی میں مصالحت ہوئی۔ تو آخر دو تحریریں مرتب ہوئی تھیں۔ جس پر فریقین کے ذمہ داروں کے دستخط ہوئے تھے۔ ایک تحریر نفس مسئلہ اور اس کے قدر مشترک کے بارہ میں تھی۔ اور دوسری مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب کے بارہ میں۔ اس دوسری تحریر کے سلسلہ میں کچھ پیچیدگیاں پیدا ہو گئی ہیں۔ اور خطرہ یہ کیا جا رہا ہے کہ اسمیں توازن باقی نہیں رہتا اور بہت ممکن ہے۔ کہ عملی میدان میں اسکی پابندی دشوار ہو جائے۔ اور اس سے معاہدہ شکنی کا کسی فریق پر

۳۱۷ .

ضمیمہ ماہنامہ تعلیم القرآن راولپنڈی بابت ماہ اگست ۱۹۶۲ء

مسئلہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر صلح کی تکمیل

بمقام مدرسہ خیر المدارس ملتان بتاریخ ۳۱ جولائی ۱۹۶۲ء

مسئلہ حیات النبی صلے اللہ علیہ وسلم میں مدت سے نزاع چلا آرہا تھا۔ حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب نے کوشش کی کہ باہمی صلح ہو جائے۔ اسلئے قرار پایا کہ مسئلہ کی نسبت حسب ذیل قدر مشترک میں صلح ہو جائے۔ اور بوقت ضرورت اتنا ہی بیان کیا جائے۔ وہ عبارت یہ ہے۔

۱۔ وفات کے بعد نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے جسد اطہر کو برزخ (قبر شریف) میں تعلق روح حیات حاصل ہے۔ اور اس حیات کی وجہ سے روضہ اقدس پر حاضر ہونے والوں کا آپ صلوٰۃ وسلام سنتے ہیں۔

چونکہ مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب موجود نہ تھے۔ اسلئے ایک عبارت ۲ تحریر ہو کر فریقین میں دستخط ہوئے۔ (عبارت ۲) ہم اسکی پوری کوشش کریں گے کہ سید عنایت اللہ شاہ صاحب بھی اس تحریر پر دستخط کرائیں جس پر ہم نے دستخط کئے ہیں۔ اگر مدوح اسپر دستخط نہ کریں گے تو ہم مسئلہ حیات النبی میں اس تحریر کی حد تک ان سے برأت کا اعلان کر دیں گے۔ نیز اپنے جلسوں میں ان سے مسئلہ حیات النبی پر تقریر نہ کرائیں گے۔ اور اگر اس مسئلہ میں وہ کوئی مناظرہ وغیرہ کریں گے تو ہم اسبارہ میں ان کی مدد نہ دیں گے۔

۲۔ اس فیصلہ کے بعد سید عنایت اللہ شاہ صاحب نے عبارت جسمیں نفس مسئلہ حیات تحریر کیا گیا تھا دستخط کرنے سے انکار کر دیا۔ اور قاری صاحب سے روانگی کے ایک دن قبل ملاقات کی۔ اسوقت قاضی شمس الدین صاحب نے مولانا قاری صاحب کے عبارت ۲ کی تنسیخ کی نسبت درخواست کی اس پر قاری صاحب نے میرے نام حسب ذیل خط تحریر فرمایا۔

بملاحظہ گرامی حضرت المخدوم مولانا خیر محمد صاحب مد فیوضہم

بعد سلام مسنون عرض ہے مسئلہ حیات النبی صلے اللہ علیہ وسلم کے سلسلہ میں راولپنڈی میں مصالحت ہوئی۔ تو ہمیر دو تحریریں مرتب ہوئی تھیں۔ جنپر فریقین کے ذمہ داروں کے دستخط ہوئے تھے۔ ایک تحریر نفس مسئلہ اور اس کے قدر مشترک کے بارہ میں تھی۔ اور دوسری مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب کے بارہ میں۔ اس دوسری تحریر کے سلسلہ میں کچھ پیچیدگیاں پیدا ہو گئی ہیں۔ اور خطرہ یہ کیا جا رہا ہے کہ اسمیں توازن باقی نہیں رہتا اور بہت ممکن ہے کہ عملی میدان میں اسکی پابندی دشوار ہو جائے۔ اور اس سے معاہدہ شکنی کا کسی فریق پر

۲۱۹

سید عنایت اللہ شاہ صاحب مع اپنی جماعت کے اور مولانا محمد علی صاحب اور مولانا لال حسین صاحب مع اپنی جماعت کے کسی تیسرے پر مسئلہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بیان کریں گے اور دوسرے کے جلسہ کے مجمع میں اس سلسلہ پر مفصل تقریریں کرائیں گے۔

خیر محمد عفا اللہ عنہ بمقام خیر المدارس ملتان
۳۱ جولائی ۱۹۶۲ء

دوسرے فریق کے دستخط	ایک فریق کے دستخط
محمد علی جالندھری بقلم خود	غلام اللہ خان لاسٹے
بقلم لال حسین اختر	عنایت اللہ
عبدالرحمان میانوی	احقر شمس الدین عفی عنہ
محمد عبداللہ بقلم خود	احقر احمد حسین سجاد بخاری
منظور حسین صدیقی بقلم خود	محمد یار عفی عنہ

تعلیم القرآن راولپنڈی ۳۲ مارچ ۱۹۸۳ء

ضروری وضاحت

تقریباً عرصہ بیس سال سے ایک فریق کی طرف سے یہ بے بنیاد پروپیگنڈا کیا جارہا ہے کہ جمعیت اشاعت توحید وسنت والے حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے منکر ہیں۔ اس لیے ہم واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ ہم پر یہ سراسر افترا ہے، خالص بہتان اور صریح جھوٹا الزام ہے۔ ہم بحمد اللہ تعالیٰ کتاب وسنت، ارشادات صحابہؓ اور تصریحات سلف کے مطابق حیاۃ النبیؐ کے قائل ہیں۔ اور وہ حیات برزخی ہے جو دنیوی حیات سے بدرجہا بہتر وبرتر اور افضل واعلیٰ ہے۔

عام موتی کے سماع میں ہمارا مسلک وہی ہے جو اکابر علماء دیوبند کا ہے کہ مُردے نہیں سُنتے اگر کوئی یہ دعویٰ کرے کہ حضرات اکابر علماء دیوبند سماع موتی کے قائل تھے تو ہم صاف صاف کہتے ہیں کہ یہ دعویٰ حقیقت پر مبنی نہیں، بلکہ سراسر خلاف واقع ہے۔ اس لیے جو حضرات سماع موتی کے قائل ہیں بیشک وہ اپنی تحقیق کی روشنی میں اس کے قائل رہیں لیکن اس کو اکابر علماء دیوبند کی طرف منسوب نہ کریں، نہ اس کو حضرات اکابر کی تحقیق اور ان کا فتویٰ قرار دیں۔

نوٹ: مماتی حضرات کہتے ہیں کہ ہم ''حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم'' کے قائل ہیں۔ حالانکہ یہ خالص ان کا صریح جھوٹ ہے۔ جس طرح مرزائی کہتے ہیں کہ ہم ختم نبوت کے قائل ہیں حالانکہ وہ بھی ان کی طرح جھوٹ بولتے ہیں۔